شو ونشتی نظام کے مطابق **پلونگ نام کا نیا بکرمی سمت ۲۰۷۱** چیت شدی یکم تتھی یعنی ۳۱ مارچ سن عیسوی ۲۰۱۴ء مطابق پریشٹہ ۱۸ چیت سوموار سے شروع ہوا۔ نئے سمت کا داخلہ ۳۰ مارچ ۲۰۱۴ اتوار کی رات کے ۱۲ بج کر ۱۵ منٹ پر اترا بھادر پد نچھتر کے وقت برشچک لگن میں داخل ہوگا۔

۳۱ مارچ سوموار کو ریوتی نچھتر اور مین کے چندرماں کے وقت نیپلونگ نام کا سمت سر برشچک لگن میں داخل ہوگا۔ لگن کا مالک منگل گیارہویں خانہ میں کنیا راشی کا ہوکر بیٹھا ہے۔ اس پر سورج چندرماں کی ساتویں نظر پڑ رہی ہے۔ دھن دولت کا مالک برہسپت ۸ ویں خانہ میں دشمن کی راشی میں ہے۔ گرہ چال کے مطابق ملک میں عام لوگوں کے سماجی و مالی (اقتصادی) حالات بہت غیر یقینی اور کشمکش کن ہونگے۔ دھرم کرم کی طرف رجحان کم ہوگا۔

چیت نوراترے کی یکم تتھی یعنی ۳۱ مارچ سے ہی چیت نوراترہ کا آغاز ہوگا۔ اس روز سمت سر پوجن کے ساتھ ساتھ شری گنیش پوجن، شری وشنو، مہیش (شو) اور بھگوتی درگا دیوی کی پوجا کرنے کی خاص اہمیت ہے۔ اس روز سے لے کر نومی تتھی تک ماتا کے مندر میں روزانہ دیا جلانا اور شری درگا سپتشتی کا پاٹھ کرنا مبارک ہوگا۔

دوسرے یکم تتھی (۳۱ مارچ) سے لے کر سارا سال ۲۰۱۴ء کے دوران برت ہون وغیرہ مبارک کاموں کے آغاز میں پلونگ نام کا نیا سمت سر کا استعمال کرنا ہوگا۔

پلونگ نام کے سمستر کا پھل (اثر)

प्लवंगाब्दे मध्य वृष्टी रोग चौराकुल घरा।

अन्योडन्य समरे भूफा : शत्रुभिः हत भूमयः।।

یعنی پلونگ نام کا سمت سر آنے پر سال میں بارش درمیانہ ہو۔ لوگوں میں مختلف قسم کی بیماریاں زیادہ ہوں، چوری، ڈکیتی، چھینا جھپٹی، لوٹ مار اور بھرشٹار کی وارداتیں زیادہ ہوں۔ عام لوگوں میں بے چینی اور خوف بڑھیگا۔ لیڈروں میں آپسی مختلف اور ٹکراؤ بڑھیگا۔ اونچے عہدہ کے لوگ دوسروں کے حقوق ہڑپنے کی کوششوں میں لگیں گے۔ حکمران میں مطلب پرستی میں زیادہ مصروف ہونگے۔

کنڈلی داخلہ نیا سمت

- ۷ راہو سنیچر
- ۶ منگل
- ۸
- ۹
- ۱۰ شکر
- ۱۱ بدھ
- ۵
- ۴
- ۱۲ سورج چندر
- ۲
- ۳ برہسپت
- ۱ کیتو

رہنی کا واس: سمت ۲۰۷۱ میں رہنی کا واس سندھی پر ہوگا۔ جس کے زیر اثر سال میں کھنڈ بارش یعنی ملک میں کہیں بہت زیادہ بارش اور کہیں بہت کم بارش ہوگی۔ کچھ علاقوں میں بہت زیادہ بارش کی وجہ سے سیلاب، زمین کا ٹوٹنے سے فصلوں یا دھن دولت اور جانی نقصانات ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ کچھ علاقوں میں موافق بارش کی قلت سے فصلوں اور اناج کی کمی ہوگی۔ گندم چنے، چاول دھان وغیرہ کے نرخوں میں خاص تیزی ہوگا ی۔

سمت کا واس ویشیہ (بنیا) کے گھر

نئے سمت کا واس ویشیہ (بنیا) کے گھر میں ہونے سے نئے سال میں دھن دولت کا پھیلاؤ زیادہ ہوگا۔ سب طرح کے اناج، دھان وغیرہ کے نرخ اور زیاہ تیز ہونگے۔ بیوپار اور سیاسی اداروں میں لالچ اور مطلب پرستی بڑھے گی۔ اناج وغیرہ کے کاروبار میں لگے ہوئے بیوپاری خاص طور پر فائدہ میں ہونگے۔ عام لوگوں کے دلوں میں گہری تشویش ہوگی۔

سمت کا واہن یعنی سواری مرگ (ہرن)

سال کا بادشاہ چندرماں ہونے سے سمت کا واہن یعنی سواری ہرن ہوگا۔ اسکا مالک اندر دیوتا تصور کیا جاتا ہے۔ اسکے زیر اثر سال میں اچھی اور بھاری بارش ہونے کے امکان ہیں۔ گندم، چاول، باجرہ دھان، گنا، موسمی پھل، گھاس وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔ سوسائٹی میں دھن دولت کا پھیلاؤ اور نئی نئی سہولتوں اور تفریح کے وسیلے اور بہتر ہونگے۔ باہری دیکھاوا اور ٹرک بھڑک بڑھے گی۔ نئے نئے دیشی اور بدیشی صنعتی اداروں کا پھیلا ہوگا۔

نئے سمت ۲۰۷۱ کے دوران باشاہ، وزیر وغیرہ کا ثمرہ

(۱) بادشاہ سال قمر یعنی چندرماں

चन्द्रे नृपे मंगल शोभनानि प्रभूत वृष्टि: प्रचुए च धान्यम्
सौख्यं जनानामुदयो नृपाणां प्रशाम्याति व्याधि जरानराणम ।।

جس برس سال کا بادشاہ قمر یعنی چندرماں ہوتو اس برس دھن دولت سکھ سادھن اور تفریح کے ذریعات بڑھیں گے۔ ملک میں کسی نئے اہم لیڈر کا طلوع ہوگا۔ بارش اچھی ہو۔ گندم، چاول، گھاس، پھل، پھول، درخت اور رسدار جڑی بوٹیوں کی پیداوار بکثرت ہو۔ مویشیگان کی پیداوار میں اضافہ ہو۔ دودھ وغیرہ مفید چیزوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ امراض کھانسی، بلغم، سانس، شکر، اور دماغی قسم کے امراض میں اضافہ ہوگا۔ سوسائٹی میں عورتوں کی شمولیت اضافہ ہوگا۔

(۲) وزیر سال قمر یعنی چندرماں

शशिनि मन्त्रिगते वहु सस्यवत्यापि धरा रमते सुखमण्डिता।
वियति वारधिरा बहुवर्षिणो जनपदा: सुखराशि सुशोभिता: ।।

جس برس میں چندرماں وزیر ہوتو اس برس ملک میں بارش زیادہ ہوگا۔ ملک میں گندم، دھان سرسوں مکۂ، چنے وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔ روئی، کپاہ، گنا، گڑ، شکر، چینی، وغیرہ سفید چیزوں کی پیداوار اچھی ہوگی۔ اناج کے متعلق اور سفید جنسوں کے بیوپار سے فائدہ ہو۔ ملک میں سکھ، سادھنوں اور تفریح کے ذریعات میں اضافہ ہوگا۔ گندم، سرسوں اور توریہ وغیرہ کی پیداوار اچھی رہے گی۔

خصوصی ہدایت:۔ برس کے راجا اور منتری دونوں اہم عہدہ ایک ہی گرہ چندرماں کو حاصل ہوئے ہیں، جس کے زیر اثر سماج میں چوری، ٹھگی، بے ایمانی لوٹ مار بھرشٹاچار، آگزنی اور دہشت گردی کی وارداتیں زیادہ ہونگے۔ سیاسی لیڈر ایک دوسرے پر تہمت اور ٹکراؤ پیدا کریں گے۔ سماج میں خوف اور بد امنی کا ماحول پیدا ہوگا۔ اگر کسی کی کنڈلی میں چندرماں ناقص حالات میں ہوتو ایسے شخص کو دماغی بیماریاں، سانس کے مرض، شکر کی بیماری، تناؤ وغیرہ کا اندیشہ ہوگا۔

(۳) زراعت یعنی فصلوں کا مالک عطارد یعنی بدھ

زراعت یعنی فصلوں کا مالک بدھ ہونے ملک میں بارچ اچھی ہو۔ لوگوں میں خوشحالی بڑھے گی۔ لیکن اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ پنڈت اور براہمن لوگ دھرم کرم ہون وغیرہ نیک کاموں میں مصروف ہونگے۔ گیہوں کی فصل اچھی ہوگی۔ گڑ، شکر، کھانڈ، چاول، ارڈ، مونگ، مرچ، ہلدی کے نرخوں میں تیزی ہوگی۔ علم و ہنر اہل قلم لوگ مرتبہ پائیں گے۔

(۴) غلہ (دھان) کا مالک مریخ یعنی منگل

فصلوں کا مالک منگل ہونے سے گرمیوں کے موسم کی فصلیں جیسے گیہوں (گندم) چنے، سرسوں، باجرا، گھی، سورج مکھی، سونا چاندی، تانبہ پیتل، تیل، گھی، دودھ وغیرہ کے نرخ تیز ہونگے۔ چوری ڈکیتی، بدامنی اور دہشت گری کی وارداتیں زیادہ ہونگے۔

(۵) بادلوں (بارش) کا مالک شمش یعنی سوروج

بادلوں کا مالک سورج ہوتو گندم، چنے، یکھ، باجرا، چاول، مونگ کی پیداوار اچھی ہو۔ گڑ، شکر، چاول، اکیھ، گنا دودھ وغیرہ کی پیداوار کم ہو۔ کچھ مقام پر ندی نالوں میں پانی کی سطح کم ہوجائیگا۔

(۶) رسوں کا مالک زہرہ یعنی شکر

رسوں کا مالک شکر ہوتو لوگ بھجن کیرتن اور دھرم کی طرف زیادہ خیال کریں گے۔ بارش اچھی ہوگی۔ زمین پر سکھوں کے ذریعات اور خوشحالی کے وسیلوں میں اضافہ ہوگا۔ موسمی میوہ جات، پھل اور فصلوں کی پیداوار اچھی ہوگی۔ حکمران لوگوں کی بہتری کے لئے مختلف منصوبے بنانے میں متفق ہونگے۔

(۷) دھاتوں کا مالک عطارد یعنی بدھ

دھاتوں کا مالک بدھ ہونے سے اس برس مختلف قسم کے کپڑے، سنکھ،

چندن وغیرہ جواہرات، سونا چاندی، تانبہ، پیتل لوہا وغیرہ دھاتوں کا نرخ تیز ہونگے۔

(۸) پھلوں کا مالک زحل یعنی سنیچر

پھلوں کا مالک سنیچر ہونے سے اس برس پھلدار درختوں پر پھلوں اور پھولوں کی پیداوار میں کمی ہو۔ پہاڑ علاقوں میں بے موسمی بارش اور سیلاب کی وجہ سے مزید نقصانات ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ چوری ٹھگی، بے ایمانی اور بدامنی کے واقعات ہونگے۔ ہوائی (خلائی) پولوشن، سانس کے متعلق بیماری، دغامی بیماریوں کی وجہ سے لوگ پریشان۔

(۹) دولت کا مالک مریخ یعنی منگل

دھن دولت کا مالک منگل ہوتو اس برس تھوک تجارتی جنسوں کے نرخوں میں خاص اتار چڑھاؤ رہیں گے، شیئر اور واعدہ بازار میں غیر یقینی کا ماحول رہیگا۔ موسموں کی تبدیلی میں غیر یقینی کا ماحول رہیگا۔ گندم، جون، چنے، دھان وغیرہ کی فصلوں کا ماحول رہیگا۔ قدرتی آفات کی وجہ سے مزید نقصانات پہنچے گا۔ پہلے سٹاک کی گئی تجارتی چیزوں کو ماہ مگھر (نومبر دسمبر) کے ماہ میں فروخت کرنے سے اچھا منافعہ ہوگا۔ مطلب پرست لیڈروں کی زیادہ منصوبے عام لوگوں کے دکھوں اور انکی تکلیفوں کا باعث بنے گی۔

(۱۰) فوج کا مالک شمش یعنی سورج

جس برس فوج کا مالک سورج ہوتو اس برس زیادہ تر لیڈران اور بندوبست کرنے والے افسران رعایہ کو انصاف دلانے کی کوشش میں لگیں گے۔ سرکاری لوگ بے خوف ہو کر چلان کریں گے۔ ایماندار سے فرض کو انجام دینے کی کوشش بھی کریں گے۔ زیادہ تر ملک ظاہر یا خفیہ طور پر ایٹمی ہتھیاروں کو بنانے کی دوڑ میں شامل ہونگے۔

نوٹ اوپر لکھی آکاشی کونسل کا ثمرہ گرہوں کی بنا پر تحریر کیا گیا ہے۔ آگے سب کچھ جاننے والا تو خود پرماتما ہے۔

از پنڈت پنالال جیوتشی جالندھر شہر (پنجاب)

سورج کا داخلہ آردرا پچھتر ۲۰۱۴ء

سال ۲۰۱۴ء میں سورج آردرا پچھتر میں آساڑھ کرشن پکھ کی اکادشی تاریخ اشونی پچھتر اور اتیگنڈ یوگ میں صبح ۱۰ بجکر ۳۹ منٹ پر ۲۲ جون اتوار کو سنگھ لگن میں داخل ہوگا۔ آردرا داخل کنڈلی میں سنگھ لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن کا مالک سورج گارہویں خانہ میں ہے۔ گرہ کے مطابق بھارت کے مغرب اور پوربی حصوں میں جیسے مہاراسٹر، کرناتک، گجرات، مدھیہ پردیش، راجستھان، بنگال، اڑیسہ، اتر پردیش، آسام، ہریانہ، پنجاب وغیرہ کے زیادہ تر حصوں میں گرمی کی تپش بڑھیگی۔ ان علاقوں میں کافی گرمی اور گرم ہوائیں چلیں گی۔ مغربی اور پوربی بھارت میں مانسون وقت پر نہ ہونے سے کچھ حصوں میں معقول بارش کی کمی اور بجلی کی کمی اور کہیں قحط (سوکھا) پڑنے کے امکان ہیں۔ وہیں بھارت کے پوربی اتر حصوں جیسے بہاڑ، اڑیسہ، بنگال، اتر پردیش، مدھیہ پردیش ہریانہ پنجاب میں بھارتی بارش ہونے کے امکان ہیں۔

سورج آردرا داخل کنڈلی

آردرا کنڈلی میں برہسپت دوادشی خانہ میں کرک میں اوچ اور آبی گرہ شکر برکھ میں ہونے سے برسات کے موسم میں اتر بھارت میں مختلف حصوں میں جیسے اتر پردیش، ہماچل، جموں کشمیر، دلی، ہریانہ، پنجاب اور راجستھان کے اوپری حصوں میں کافی بارش ہونے کے آثار ہیں۔ کہیں سیلاب، زمین دھنسنا جیسے قدرتی آفات ہونے سے جان و مال کا نقصان ہوگا۔ چوپایہ اور دودھ دینے والے مویشی کی پیدائش میں کمی رہیگا۔ جسے کے زیر اثر دودھ اور دودھ سے بننے والے مٹھائی کے داموں میں خاص تیزی ہوگی

سنیچر کی ساڑھ ستی، ڈھیہ اور پایہ کا بیورہ بابت ۲۰۱۴ء

گذشتہ سال ۲۰۱۳ء سے سنیچر تلا راشی میں گردش کر رہا ہے۔ ۲ نومبر ۲۰۱۴ء تک سنیچر سارا سال تُلا راشی میں ہی گردش کریگا۔ سنیچر ۲ مارچ کو وکری ہو کر ۲۰ جولائی ۲۰۱۴ء کو مارگی ہوگا۔ اسکے بعد ۲ر نومبر کی رات ۸ بج کر ۵۵ منٹ پر برشچک راشی میں داخل ہوگا۔

خیال رہے منگل سنیچر وغیرہ کرور (ناقص) گرہ جب کسی راشی میں گوچروش وکری ہو کر گردش کرتے ہیں تو اور بھی زیادہ پاپی اور ناقص اثر دینے والے ہو جاتے ہیں۔ جب کہ برہسپت، شکر وغیرہ، شبھ گرہ اپنی راشی میں وکری ہونے پر اور بھی زیادہ مبارک اثر کرتے ہیں۔

क्रूरा वक्रा महाक्रूरा सौम्य वक्रा महाशुभा।।

کرورا وکرا مہا کرورا: سومیہ وکرا مہاشوبھایہ؛

یعنی سنیچر جب وکری حالت میں گردش کرتا ہے تو جاتک کو ذہنی اور جسمانی تکلیف، بیماری وغیرہ ہوتا ہے۔ آم زندگی میں روزانہ استعمال کی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی یعنی مہنگائی بڑھے۔ کہیں اپدرو مظاہرے، فرقہ وارانہ فساد، آگ زنی، زلزلہ، سیاسی ٹکراؤ، اقتصادی دشواریاں، راجنتک تبدیلیاں، دہشت گردی کی وارداتیں زیادہ ہونے کے ماحول بناتا ہے۔

گوچروش جب شنی کسی شخص کی جنم راشی سے دوادشی، اول اور دوئم خانہ میں ہو تو شنی کی گوچر حالات شنی ساڑھ ستی کہلاتی ہے۔ اسکے زیر اثر ذہنی مرض، جسمانی تکلیف، گھریلو الجھنیں، مالی پریشانی، آمدن کم خرچ زیادہ۔ مرض اور دشمن کا ڈر، بنتے کاموں میں رکاوٹ اولاد اور کنبہ سے متعلق پریشانی ہوتی ہے۔

☆ **شنی ساڑھ ستی اور ڈھیہ:-** جب گوچر شنی چندر راشی سے چوتھے اور آٹھویں خانہ میں گردش کرتا ہے تب شنی کی ڈھیہ کہلاتی ہے۔ یہ اڑھائی سال کی ہوتی ہے اسکا اثر بھی ناقص ہوتا ہے۔ یعنی شنی کی ڈھیہ کا اثر شخص کو س شخص کو دماغی تناؤ گھریلو اور مالی الجھنیں، جسم کو تکلیف نزدیکی رشتہ داروں کے ساتھ نااتفاقی، آمدن تھوڑی خرچ زیاہ ہونگے۔ اور مالی الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ متعلق شخص کو خوف پریشانیاں پیچیدہ بیماری کلع کلیش، دھن کا نقصان، بھائیوں میں تکرار کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اخراجات میں زیادتی ہونے کی وجہ سے دماغی تناؤ اور ذہنی سکون میں کمی رہے گی۔

تُلا راشی میں گردش کے وقت سنیچر کی ساڑھ ستی اور ڈھیہ ۲۰۱۴ء

(سال ۲۰۱۴ء کے شروع سے انو مبر تک

☆ **ساڑھ ستی:-** کنیا راشی والوں کو شنی کی ساڑھ ستی پاؤں پر اترتی ہوئی یعنی آخری مرحلہ میں ہوتی ہے۔

☆ تلا راشی والوں کو شنی ساڑھ ستی دل پر چڑھتی ہوئی یعنی درمیانی حالت میں ہوگی۔

☆ برشچک راشی والوں کو شنی ساڑھ ستی سر پر چڑھتی ہوئی یعنی کے شروعاتی حالات میں ہوگی

☆ **ڈھیہ پھل وچار:-** کرک اور مین راشی والے لوگوں کو شنی کی ڈھیہ کے ناقص اثرات حاصل ہونگے۔

سنیچر کا تلا راشی میں گردش کے دوران مختلف راشیوں پر اثرات

۱ میکھ۔ اس راشی پر سنیچر کی نیچ (ناقص) نظر انو مبر تک اور کیتو گرہ کی گردش ۱۱ جولائی تک بنی رہے گی جس سے آمدن کم اور اخراجات زیادہ رہیں گے۔ جسم کو تکلیف خفیہ فکر مندی اور کاروباری الجھنیں بڑھیں گے۔ سنیچر کا پایہ بھی سونا ہونے سے بڑی کشمکش کے بعد گذارے یوگ آمدن کے ذریعات بنیں گے۔

۲ برکھ۔ سنیچر چھٹے ہونے سے بڑی جدوجہد کے بعد گذارے لائق آمدن کے ذریعہ بنیں گے۔ پایہ تانبہ ہونے سے اچانک دھن لابھ کے چانس بھی بنیں گے۔ کوئی خوش خبری ملے گی۔ مذہبی کاموں میں رجحان بڑھیگا۔

۳ متھن۔ سنیچر پانچویں ہونے سے اونچی تعلیم اور آمدن کے متعلق بڑی مشکلات کے بعد کامیابی حاصل ہوگی۔ ۱۸ جون تک برہسپت کی گردش ہونے سے ترقی اور اقتدار میں اضافہ ہوگا۔ شنی کا پایہ چاندی رہنے سے آمدن میں اضافہ اور زمین سواری وغیرہ سہولتوں میں اضافہ ہوگا۔

۴ کرک۔ اس راشی پر سنیچر کی ڈھیہ اور پایہ لوہا ہونے سے دونوں کے اثرات ناقص رہنے کے اشارے ہیں۔ جس سے بلاوجہ دماغی تناؤ اور بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ ۲۹ جون کے بعد برہسپت اس میں اوچ حالت میں گردش کرنے سے عزت وقار میں اضافہ اولاد سکھ اور ترقی کے آثار ہیں۔

۵ سنگھ۔ سنیچر تیسرے خانہ میں اور پایا تانبہ ہونے سے بہت دھن

دولت اور سواری وغیرہ سہولتوں کی محصولی ہوگی۔ ترقی موقع ملیں گے۔ کنبہ میں مبارک کاموں میں خرچ ہوگا اور خوشی حاصل ہوگیا۔

۶۔ کنیا۔ اس پر سنیچر کا پایہ سونا ہونے سے کاروبار اور پریوار کے متعلق الجھنیں بڑھیں گی۔ من میں پریشانی اور اخراجات زیادہ ہونگے۔ گذارے یوگ آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔

۷۔ تُلا۔ اس کو شنی ساڑھ ستی چڑھتی ہوئی حالت میں ہوگی۔ کاروبار میں مالی الجھنیں اور گھریلو پریشانیوں کا سامنا رہیگا۔ اس راشی پر شنی اوچ راشی ہو کر گردش کریگا۔ اس پر چاندی کا پایا ہونے سے اچانک دھن لابھ اور ترقی کے موقعہ ملیں گے۔ لیکن خرچ بھی زیادہ ہوگا۔

۸۔ برشچک۔ راشی کو شنی دوئم ہونے سے اور اس پر پایا بھی لوہا ہونے سے آمدن کم اور خرچ زیادہ رہیں گے۔ گھریلو اور کاروبار کے متعلق پریشانیاں بڑھیں گی۔ جدوجہد اور تناؤ رہیں گے۔ تاریخ ۱۹ جون سے برہسپت کی اس راشی نظر ہونے سے دھرم کرم میں دلچسپی ہوگی۔

۹۔ دھن۔ راشی کو ۱۱ ویں (لابھ) کے مقام پر ہونے سے اور دھن راشی پر سنیچر کی نظر ہونے سے خاص مشکلات کے باوجود آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ سنیچر کا پایا تانبہ ہونے سے کسی نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔ ۱۸ جون تک برہسپت کی ساتویں خانہ میں نظر ہونے سے ترقی اور دھن لابھ کے اثرات ظاہر ہونگے۔

۱۰۔ مکر۔ راشی کا مالک سنیچر دسویں خانہ میں ہونے سے بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہوں گے۔ مبارک کاموں میں خرچ ہونگے۔

۱۱۔ کنبھ۔ سنیچر نویں خانہ (نصیب) میں ہونے سے ہر کام میں اڑچنوں کے بعد ٹھیک ہوگا۔ سنیچر کا پایا سونا ہونے مالی حالات جدوجہد کُن رہیں گے۔ گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے تناؤ رہیگا۔ بھائیوں اور نزدیکیوں میں من مٹاؤ رہیگا۔

۱۲۔ مین۔ راشی پر سنیچر آٹھویں خانہ میں ہونے سے ناقص اثر رہیگا۔ جسم کو تکلیف کنبہ میں الجھنیں اور خرچ زیادہ رہیگا۔ اس راش پر شنی کا پایا بھی لوہا ہونے سے مالی مشکلات گھریلو کلہ کلیش اور فضول کی دوڑ دھوپ زیادہ ہوگی۔ آگے لکھے مطابق سنیچر کے اپائے کرنے شبھ ہونگے۔

شنی کا برشچک راشی میں داخل پھل ۲۰۱۴ء

(۲ نومبر سے سال کے آخر تک)

۲ نومبر ۲۰۱۴ء کی رات کو ۸ بج کر ۵۳ منٹ پر سنیچر برشچک راشی میں گردش کریگا۔ اور آئندہ عرصہ میں اسی راشی میں رہیگا۔

☆ ساڑھ ستی:۔ تلا برشچک اور دھن راشی والوں کو شنی ساڑھ ستی کے ملے جلے اور ناقص اثرات ہونگے۔

☆ ڈھیہ وچار:۔ سنگھ اور میکھ راشی والے شخص کو شنی کا ڈھیہ کا ناقص اثر ہوگا۔

☆ پایہ وچار:۔ شنی ۲ نومبر ۲۰۱۴ء اتوار کو کنبھ چاند کے ساتھ برشچک راشی میں داخل ہوگا۔ جس کے زیر اثر میکھ راشی پر تانبہ پایا اس طرح ہوگا

۱۔ میکھ، کنیا اور کنبھ راشی پر سونے کا پایہ۔	جدوجہد والا
۲۔ برکھ، سنگھ، اور دھن راشیوں پر تانبہ کا پایہ۔	مبارک پھل
۳۔ متھن، تلا اور مکر راشیوں پر چاندی کا پایہ۔	مال حصولی
۴۔ کرک، برشچک اور مین راشیوں پر لوہا کا پایہ۔	گھریلو جھگڑے

(ا) سونا پایہ ہو تو اس شخص کو جدوجہد اور کشمکش کا سامنا ہوتا آمدنی کم اور خرچ زیادہ، جسمانی تکلیف، مرض، تناؤ عزیزوں سے من مٹاؤ ہو۔

(ب) تانبہ پایہ کو پھل شبھ ہوتا ہے۔ اونچے تعلیم، گاڑی، مال دولت اور شادی بیاہ، ترقی وغیرہ ہوگا۔

(ج) چاندی کا پایہ بھی شبھ پھل دینے والا ہوتا۔ عہدے میں ترقی، غیر ملکی سفر۔ اچانک مال دولت ملے، گاڑی، اولاد سکھ ملے۔

(د) لوہ کا پایہ ہو تو شخص کو گھریلو اور تجارتی الجھنیں، بنتے کاموں میں رُکاوٹ، آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہوگا۔ حادثہ ہونے کا ڈر رہیگا۔

شنی کا برشچک راشی میں گوچر پھل ۲۰۱۴ء

(۲ نومبر سے ۲۰۱۴ء سے سال کے آخر تک)

میکھ۔ شنی آٹھویں خانہ ہونے سے ڈھیہ شروع ہوگی۔ تجارتی الجھنیں بڑھیں گے۔ خرچ بھی زیادہ ہونگے۔ شنی کا پایہ بھی سونا ہونے سے ذہنی تناؤ، گھریلو الجھنیں اور زیادہ دوڑ دھوپ رہیگی۔

برکھ۔ شنی ساتویں خانہ ہو کر برکھ راشی پر نظر کریگا۔ کاروباری پریشانی آمدنی کم خرچ زیادہ ہوگا۔ لیکن اس راشی پر شنی کا پایہ تانبہ ہونے سے گذارے لائق آمدنی کے ساتھ بنتے رہیں گے۔

متھن۔ شنی چھٹے خانہ ہونے سے غیر و معقول حالات کے باوجود گذارے لائق آمدن کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ شنی کا پایہ چاندی ہونے سے کچھ بگڑے کاموں میں سدھار اور اچانک فائدہ بھی ہوگا۔

کرک۔ شنی پانچویں خانہ ہونے سے دھن لابھ، اونچے تعلیم اور کیئر میں رکاوٹ، دھن کا خرچ زیادہ۔ شنی کا پایہ لوہا ہونے سے گھریلو پریشانی اور الجھنوں کا سامنا رہیگا۔ مذہبی کاموں میں رجحان بڑھیگا۔

سنگھ۔ راشی سے شنی چوتھے خانہ ہونے سے شنی کا ڈھیہ شروع ہوگی۔

مکان اور کاروبار کے متعلق پریشانی بڑھے گی۔ لیکن شنی کا پایہ تانبہ ہونے سے اچانک دھن لابھ اور کچھ بگڑے کاموں میں سُدھار ہوگا۔

کنیا۔ تیسرے خانہ مبارک ہوگا۔ زمین جائداد، مکان، گاڑی اور آرام میں اضافہ ہوگا۔ لیکن شنی کا پایہ سونے ہونے سے آمدنی سے متعلق فکر، جسمانی تکلیف، غیر ضروری خرچ اور پریشانی ہوگی۔

تلا۔ راشی کو شنی دوسری خانہ رہیگا۔ شنی ساڑھ ستی کا اثر ابھی رہیگا۔ گھریلو اور مالی الجھنیں۔ آمدنی کم خرچ زیادہ ہوگا۔ شنی کا پایہ چاندی ہونے سے دھن لابھ کے مواقع فراہم ہونگے۔

برشچک۔ راشی کو لگن خانہ پر ہی شنی ساڑھی ہونے سے آمدنی رکاوٹ اور خرچ بڑھیں گے۔ بنتے کاموں میں اڑچنیں اور دیری ہو، کسی مرض کی وجہ سے تکلیف ہو۔ شنی کا پایہ لوہا ہونے سے بھی جدو جہد اور گھریلو تناؤ زیادہ رہیگا۔

دھن۔ راشی کو شنی دوسرے خانہ ہونے سے شنی ساڑھ ستی شروع ہوگا۔ گھریلو اور کاروباری الجھنیں بڑھیں گے۔ لیکن اس راشی کو شنی کا پایہ تانبہ ہونے سے اچانک لابھ اور کچھ بگڑے کام میں سدھار ہوگا۔

مکر۔ راشی کو شنی پہلے خانہ ہونے سے محنت کے بعد دھن لابھ اور ترقی کے راستے ہموار ہونگے۔ تیسری نظر کی وجہ سے عورت، اولا داو سواری وغیرہ کی فر بھی رہے گی۔ شنی کا چاندی ہونے سے بھی اچانک دھن لابھ اور خرچ زیادہ ہوگا۔

کنبھ۔ راشی کو دسویں خانہ ہونے سے کاروبار اور گھر سے متعلق مالی حالت کمزور۔ ارس راشی کو پایہ بھی سونا سے فائدہ کم خرچ زیادہ ہونگے۔ ذہنی تناؤ بھی بڑھیگا۔

مین۔ راشی کو شنی نویں خانہ ہونے سے قسمت کھلنے میں رکاوٹ اور دیری پیدا ہوگی۔ خرچ زیادہ، کاروبار میں فائدہ کم، نزدیکی بھائی عیزوں من مٹاؤ، شنی کا پایہ بھی لوہا ہونے سے آمدنی کم خرچ زیادہ ہونگے۔

شنی ساڑھ ستی اور ڈھیہ سے متعلق اپائے

پیداوش کنڈلی میں شنی اگر ناقص ہو یا جنم پھِتر پر شنی کا گردش ہو تو ایسے شخص کو چمڑی روگ، گیس، گھٹنوں کا درد، بلڈ پریشر وغیرہ مرض ہوتے ہیں۔

شنی زیادہ تر پیچیدہ بیماری اور دکھ دیکر بُرے عمل کرواتا ہے۔ مالی بحران اور گھریلو جھگڑے کا خوف۔ جسمانی اور ذہنی تکلیف۔ اپنے پرایوں جیسے برتاؤ کریں گے۔ آمدنی کم خرچ زیادہ ہوگا۔

اپائے۔ شاشتروں میں درج اپاؤں کو اچھے طریقہ سے کرنے سے ضرور فائدہ پہنچے گا۔

(۱) ہر سنیچر کو شنی منتر پاٹھ کریں۔

اوم پراں پرنیں پرَوں سہ شنیچرائے نمہ:

کم سے کم ۳ مالا ضروری کریں۔ اس پاٹھ کے بعد ذیل شنی ستوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

نمہ کرشنائے نیلائے شیتی کنڈھ نبھائے چہ

نمہ کالگنی روپائے کرتانتائے چہ وے نمہ:

(۲) سنیچر واری اماوس ہو تو اس دن شام، غروب آفتاب کے بعد شنی پوجن منتر جاپ کرنا خاص فائدہ مند ہوگا۔

طریقہ۔ سام کو غروب آفتاب کے بعد غسل کے بعد پچھم کی جانب منہ کر کے کالے ریشمی (کمبل وغیرہ) آسن پر بیٹھ جائیں۔ سامنے اسٹیل کی تھالی میں ۱۰۰ گرام جوں، ۱۰۰ گرام کالے تل، کالے رنگ کے پھول، امٹھی چاول، ۵ سپاری، مولی، دھوپ بتی، رولی، لال چند، کالی مٹھائی جیسے گلاب جامن رکھ لیں۔ کٹوری میں تیل سرسوں کا دیا جلا کر رکھیں۔ سٹیل کا لوٹا صاف پانی بھر کر رکھیں۔

اوم پراں پرنیں پرَوں سہ شنیچرائے نمہ:

(۳) شنیچر کو سندر کانڈ کا پاٹھ کرنا اور سننا شبھ ہوگا۔

شنی ساڑھ ستی ڈھیہ اور شنی پایہ کے ناقص پھل کی شانتی کے لئے شنی کے بیج منتر یا ویدک منتر کی ۲۳ ہزر کی تعداد میں جپ کریں۔ اسکے بعد ہون کرنا یا کروانا فائدہ مند ہوتا ہے۔ سنیچر کا برت رکھنا، اڑد، کپڑا وغیرہ دان کرنا مفید ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ شبھ مہورت میں نیلم اور شنی کا تعویز پہننا فائدہ مندر رہتا ہے۔

برہسپت کا متھن/کرک راشی میں گوچر پھل

پچھلے سال ۳۱ مئی ۲۰۱۳ء سے برہسپت متھن راشی میں گردش کر رہا ہے۔ اس سال میں بھی برہسپت ۱۸ جون ۲۰۱۴ء تک متھن راشی میں ہی گردش کریگا۔ ۱۹ جون ویروار کو شکر صبح ۸ بجکر ۴۵ منٹ پر اپنی اوچ راشی کرک میں داخل ہوگا۔

وکری مارگی۔ کرک راشی میں گردش کر رہا برہسپت ۸ دسمبر ۲۰۱۴ء کو وکری ہوکر ۱۵ مارچ ۲۰۱۵ء تک وکری رہیگا۔

کرک راشی کا برہسپت کا پھل شاشتروں میں اس طرح ہے۔

کرک راشی کا برہسپت ہونے پر بارش کم ہو اور راجاؤں کا آپس میں جنگ ہو قحط سوکھا ہو۔ عام ضروری چیزیں مہنگی ہوگی۔

گذشتہ سال ۲۰۱۳ء کی جنتری میں برہسپت کا متھن راشی میں گوچر پھل لکھ چکے ہیں۔ ناظرین کی سہولت کے لئے دوبارہ لکھ رہے ہیں۔

برہسپت کا متھن راشی میں داخل کا پھل ۲۰۱۴ء

(شروع سال سے ۱۸ جون ۲۰۱۴ء تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
آمدن کم عزیزوں سے تکرار کاموں میں رکاوٹ ہو۔ جسمانی تکلیف تناؤ رہیگا	دھرم کرم میں دلچسپی اعلی لوگوں سے رابطہ۔ دھن لابھ اور سواری وغیرہ کا سکھ ملیگا۔	بہت جدوجہد کے بعد گذارے لائق آمدن کے ذریعہ دھرم کرم میں دلچسپی بڑھیگی	بارہویں میں برہسپتی ہونے سے آمدن کم خرچ زیادہ بنتے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہونگے	دھن لابھ اور ترقی کے مواقع ملیں زمین گاڑی کا سکھ ملے گا۔ کوئی مبارک خبر ملے گی۔	کافی جدوجہد کے بعد دھن حاصل ہوگا۔ خرچ بھی زیادہ صحت خراب ہوسکتا ہے	برہسپت نویں خانہ میں ہونے سے کامیابی اور ترقی کے موقع ملیں دھرم کرم میں دلچسپی	آٹھویں برہسپتی ہونے سے پیچیدہ بیماری کا ڈر آمدن کم خرچ زیادہ گھریلو الجھنیں ہوگی	ساتویں برہسپت ہونے سے دھن لابھ اور سواری کا سکھ ملیگا لابھ کے چانس ہیں	برہسپتی چھٹے میں ہونے سے خرچ بڑھیں گے دشمنوں کا ڈر نزدیکی رشتہ داروں سے تکرار	برہسپتی پانچویں ہونے سے اعلیٰ تعلیم میں کامیابی شادی سکھ لابھ اور ترقی کے موقع ہو	چوتھے برہسپتی ہونے سے سادھنوں میں اضافہ لیکن سکھ میں کمی، حادثہ کا ڈر خرچ زیادہ

برہسپت کا کرک راشی میں داخل کا پھل ۲۰۱۴ء

(۱۹ جون ۲۰۱۴ء سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
چوتھے خانہ میں برہسپتی ہونے سے ذرائع میں اضافہ سکھ میں کمی تناؤ اور الجھن، حادثہ کا ڈر گھریلو جھگڑا ہو	تیسرے خانہ برہسپتی ہونے سے دھن لابھ ہو اچانک خرچ بڑھیگا عزیوں کو جسمانی تکلیف پریشانی ہو	اعلیٰ اور عزت دار لوگوں سے میل میلاپ ہوگا۔ لمبے سفر کے آثار۔ مال مبارک کاموں میں خرچ ہوگا۔	لگن میں برہسپت پوجیہ ہوتا ہے مگر جدوجہد بھی اوچ راشی ہونے سے دھن لابھ اور بگڑے کام بنیگے۔	بارہویں برہسپت ہونے سے آمدن کم خرچ زیاہد بنتے کاموں میں رکاوٹ دھرم کرم میں خرچ زیادہ ہوگا	مال دولت اور سواری کا سکھ، قسمت میں ترقی۔ کسی عزیز سے ملاقات ہوگی۔ کاموں میں کامیابی ہوگی۔	دشم گرو ہونے سے کاروبار میں رکاوت کے دھن ملے آمدن کم خرچ زیادہ ہوگا۔ تناؤ اور صحت بگڑیگا۔	برہسپت قسمت والا ہونے سے بگڑے کام میں کچھ سدھار، زمین جائدہ سواری سکھ عزیز سے ملن ہوگا۔	آٹھویں خانہ گرو ہونے سے آمدن کم خرچ زیاہد ہوگا۔ قرض بڑھیگا۔ بیماری اور گھریلو الجھنیں ہو	ساتویں خانہ ہونے سے رکاوٹ کے بعد کام بنیں گے۔ دھن لابھ ترقی کے چانس اور سفر پیش آئیگا۔	چھٹے خانہ ہونے سے آمدنی زیادہ ہوگا۔ قرض اور بیماری کا ڈر۔ دشمن کا خوف اور اپنوں سے جھگڑا ہونے کا اندیشہ۔	پانچویں خانہ گرو ہونے۔ سے زمین، سواری سکھ اونچے تعلیم میں کامیابی شادی کا سکھ، لابھ کے موقع

دھیان رہے جنم راشی یا نام راشی سے برہسپت ۱، ۳، ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ پو ہوتو بیماری کا ڈر، عزت میں کمی، اونچے تعلیم ناکامیابی، مال میں نقصان اور غیر ملکی سفر پیش ہو اور عزیزوں سے مخالفت پیدا ہو۔

برہسپت ناقص اثرات کی شانتی کے لئے۔ بزرگ براہمن کو بھوجن کرانا، ویروار کا برت رکھنا۔ پکھراج دھارن کرنا، پیلے کپڑے کا استعمال کرنا۔ چنے کی دال، کانسہ کا برتن، سونے، شکر اور کیلے، لڈو مذہبی کتابوں کا دان کرنا اور گرو کے بیج منتر یا گایتری منتر کا جاپ ۱۹۰۰۰ کی تعداد میں باترکیب کرنا مبارک اور اثر دینے والی ثابت ہوگی۔ ہر ویروار کو کیسر کا تلک بھی لگانا چاہیے۔ برہسپت کا بہتری کے لئے برہسپت کے بیج منتر کا پاٹھ 91 ہزار کی تعداد میں خود کریں یا کسی ماہر پنڈت جی سے باترکیب کراویں؛

اوم گرام گریم گروم سیہ گورے نمہ

راہو/کیتو کا گردش کا پھل ۲۰۱۴ء

پچھلے سال سے تلا راشی میں گردش کرر رہا ہے آئندہ برس ۲۰۱۴ء میں ۱۱ جولائی تک تلا راش میں گردش کریگا۔۱۲ جولائی ۲۰۱۴ء کو رات ۹ بجکر ۵۲ منٹ پر راہو کنیا راشی میں اور کیتو مین راشی میں داخل ہوگا۔ تلا راشی میں راہو اور میکھ راشی میں کیتو کا پھل پچھلے جنتری میں لکھ چکتے ہیں پھر بی قارئین کے سہولت کے لئے لکھ رہے ہیں۔ اسکے ساتھ ہی کنیا راشی میں راہو کا مین راشی میں کیتو کو پھل لکھا جا رہا ہے۔

راہو کا تلا راشی میں گردش کا پھل

(سال کے شروع سے ۱۱ جولائی ۲۰۱۴ء تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
لابھ کم خرچ زیادہ ہونگے کاموں میں رکاوٹ۔ پریوار میں من مٹاؤ ہونگے۔	صحت ناساز بہت محنت کے بعد بھی آمدنی میں کمی اور اخراجات میں اضافہ ہونگے۔	مالی لجھنوں کی وجہ گھریلو پریشانیاں ہو۔ قسمت میں رکاوٹ پوشیدہ چنتا فکر کا خوف لگا رہیگا	کاروبار میں جدوجہد کے بعد گذارے لائق آمدن بنیں گے۔ اخراجات زیادہ ہونگے۔	کوئی خوش خبری ملے گی دھن لابھ اور ترقی کے موقع ملے غیر ملکی سفر پر جانے کی اسکیم بنیگی	آمدنی میں رکاوٹ کا سامنا رہیگا۔ آمدن کم خرچ زیادہ تناؤ بڑھیگا۔	جسمانی تکلیف تناؤ رہیگا۔ بنتے کاموں یں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ خرچ بڑھیگا۔	معمولی آمدن کے ساتھ خرچ زیادہ ہو۔ کسی ناقص حادثہ کی وجہ سے دل بے چین رہیگا۔	دھن لابھ اور ترقی کے موقع ملے لیکن خرچ بھی بہت ہوگا۔ ودیش سفر جانے کا خیال ہوگا۔	فضول بھاگ دوڑ زیادہ ہوگی۔ بنتے کاموں میں رُکاوٹ گھریلوں الجھن۔ اشانتی ہوگی	بگڑے کاموں میں کچھ سدھار ہو۔ گاڑی کا سُکھ ملے۔ خرچ میں خاص اضافہ ہوگا۔	دھن لابھ اور ترقی کے موقع ملے۔ کسی عزیز دوست سے ملاقات۔ بگڑے کام بھی بنینگے

راہو کا کنیا راشی میں گردش کا پھل

(۱۲ جولائی ۲۰۱۴ء سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
خاص جہدوجہد کے بعد آمدنی ذرائع کم اور خرچ میں اضافہ ہوگا۔ پریشانی اور تناؤ رہیگا۔	مالی الجھنوں کی وجہ سے گھریلو پریشانی ہوگی۔ مقدر میں رکاوٹ کی وجہ دے پوشیدہ ذہنی فکر رہیگا۔	کام اور کاروبار میں رکاوٹ کے بعد کامیابی ملے گی۔ آمدنی کے ساتھ ساتھ خرچ بھی زیادہ ہونگے۔	دوردھوپ میں اضافہ دھن لابھ اور ترقی کے موقع فراہم ہونگے۔ غیر ملک میں سفر کرنا کی یوجنا بن سکتی ہے۔	گھر میں جھگڑا اور الجھنوں کی وجہ سے تناؤ۔ خرچ میں اضافہ ہوگا۔ جسمانی تکلیف بیماری کا ڈر	جسمانی تکلیف ہو تناؤ زیادہ رہیگا۔ بنتے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہونگی۔ فضول خرچ میں اضافہ ہوگا۔	آمدنی کے ساتھ ساتھ خرچ بھی بہت زیادہ ہونگے۔ کسی حادثہ ہونے کا ڈر رہیگا۔ من تناؤ اور اشانتی رہیگا۔	دھن لابھ اور ترقی کے موقع فراہم ہونگے۔ خرچ بھی بہت زیادہ ہوگا۔ غیر ملکی سفر کرنے کا پروگرام بنیگا۔	آمدن کم لیکن خرچ بہت زیادہ ہوگا۔ کاروبار میں اور گھریلو الجھنوں کی وجہ سے تناؤ رہیگا۔ کام میں رکاوٹ	بگڑے کاموں میں سدھار ہوگا۔ سواری وغیرہ کا سکھ ملے۔ بڑے جدوجہد۔ گزارے لائق آمدن	دھن لابھ اور ترقی کے موقع ملیں گے۔ مبارک کاموں پر خرچ ہوگا۔ اچھی خبر ملیں بگڑے کام بنینگے۔	بنتے کاموں میں اڑچنیں، فائدہ کم اور خرچ زیادہ ہوگا۔ پریوار اور گھر میں میں آپسی من مٹاؤ رہیگا۔

کیتو کا میکھ راشی میں گردش کا پھل ۲۰۱۴ء

(سال کے شروع سے ۱۱ جولائی ۲۰۱۴ء تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
جدوجہد کے بعد آمدن کم خرچ زیادہ ہوگا۔ غصہ زیادہ بڑھ جائیگا۔	بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہوگی۔ آمدن کم خرچ زیادہ دماغی تناؤ رہے گا۔	رکاوٹ کے باوجود گذارے لائق آمدن بنتے رہینگے خرچ بھی زیادہ ہوگا	اپنے بھی پرایوں جیسا برتاؤ کریں گے۔ خرچ میں اضافہ بیماری اور دشمن کا ڈر ہو	فائدہ تھورا ہوگا۔ اور جدوجہد زیادہ ہوگا۔ زمین، گاڑی پر خرچ ہوگا	دھن لابھ بہتر ہوگا۔ گاڑی وغیرہ کا سکھ ملے گا۔ بگڑے کام میں سدھار	دھن کم خرچ زیادہ ہونگے۔ الجھنوں کی وجہ سے تناؤ اور اشانتی رہیگا۔	رکاوٹ کے باوجود گذارے لائق آمدن بنتے رہینگے خرچ بھی زیادہ ہوگا	فائدہ تھورا ہوگا جدوجہد زیادہ ہوگا۔ مبارک کام پر خرچ ہونگے غیر ملکی سفر ہو	جدوجہد کے بعد گذارے لائق آمدنی زمین سواری کا سکھ ملیگا۔ خرچ زیادہ	کاموں میں کامیابی ہوگی۔ دھن لابھ کے موقع ملیں کوئی بگڑا کام بنیگا۔	فضول خرچ زیادہ ہو۔ آمدنی میں بھی کمی ہوگا۔ اور خرچ زیادہ ہونگے۔

کیتو کا مین راشی میں گردش کا پھل ۲۰۱۴ء

(۱۲ جولائی ۲۰۱۴ء سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
بیماری اور دشمن کا خوف۔ اپنے بھی پرایوں جیسا برتاؤ کریں خرچ زیادہ ہوگا۔	دھن لاب کے ذرائع ہونگے۔ سواری زمین جائدہ حاصل ہو جدوجہد زیادہ ہوگا	اپنے بھی پرایوں جیسا برتاؤ کریں گے خرچ میں اضافہ ہوگا بیماری کا خوف رہیگا	قسمت اور ترقی میں رُکاوٹ، فضول ک خرچ زیادہ ہوگا۔ حادثہ میں چوٹ کا ڈر رہیگا	محنت کے بعد دھن لابھ اچھا ہوگا۔ سواری وغیرہ کا سکھ ملے گا۔ بگڑے کام میں سدھار	کسی عزی سے ملاقات ہوگا۔ کسی اپنے سے من مٹاؤ خرچ زیادہ کسی سے دھوکہ ملے	اچانک مال دولت ملے بگڑے کام میں کچھ سدھار ہوگا۔ کوئی خوشخبری ملیگا۔	لابھ کم خرچ زیادہ ہو۔ گھریلو جھگڑے کی وجہ سے من میں تناؤ غیر ملکی سفر پیش آئیگا	جدوجہد جہد کے گذارے لائق آمدن ہوگی۔ زمین جائداد اور سواری کا سکھ ملیگا۔	بگڑے کام میں کچھ سدھار محنت کے بعد دھن لابھ اچھا سواری وغیرہ کا سکھ نصیب ہو	فضول کی دوڑ دھوپ زیادہ ہوگا لابھ کم خرچ زیادہ ہوگا۔ من میں تناؤ اور پریشانی رہیگا	جسمانی تکلیف اور تناؤ رہیگا۔ بنتے کام میں رکاوٹ پیدا ہوگی خرچ زیادہ ہوگی۔

ناقص راہو کی شانتی کے لئے تِل، تیل، بھورے رنگ کا کپڑا، کمبل، ناریل، سپت دھان، ستنا جا، وغیرہ کا دان کرن فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ راہو کے بیج منتر۔ اوم بھراں بھریں بھروں سیہ راہوئے نمہ: کا ۱۸ ہزار کی تعداد میں جپ کریں۔

راہو کا گایتری منتر۔ اوم شروپائے ودمہ امرتیشایہ تنوٓ راہوے پرچادیاتہ ؛

کیتو کی ناقص اثر کی شانتی کیلئے اوم سرام سریم سروم کیتو شانتی کیلئے۔ جنتر کا ۱۷ ہزار کی تعداد میں جپ کریں شری شوکر کا پاٹھ سپت ڈھانیہ لوہے کا چاقو، رنگدار تیل تانبہ کا برتن وغیرہ دان کریں۔ فائدہ مند ہوگا۔

دیگر شانتی کے لئے ہماری چھپی ہوئی کتاب انشٹ گرہوں کی چمتکاری اُپائے وٹوٹکے (ہندی میں) میں دستیاب ہے۔ قیمت -/200 روپے مع ڈاک خرچ منگوا کر فائدہ حاصل کریں۔ ہمارا پتہ: جنرل بُک ڈپو، اڈا ہوشیار پور، جالندھر شہر۔

گرہوں کی آکاشی کونسل اور چندہ پیشنگوئیاں ۲۰۱۴ء

- نیا پلوٹنگ نام کا سمت سرآنے سے زیادہ تر مسلم ممالک میں سیاسی حلقوں میں دھوکہ بازی اور چالاکی بھرے برتاؤ کریں گے۔ سرحدی علاقوں میں پاکستان، چین وغیرہ ملک ہندوستانی سرحدوں پر دراندازی (گھس پیٹھ) کرکے ہندوستانی سرحد کی خلاف ورزی کرنے کی فراق میں رہیں گے۔
- بادشاہ اور وزیر کے دونوں حقوق صرف چندرماں کو حاصل ہونے سے سماج میں بدامنی، چوری، ٹھگی، لوٹ مار اور تشدد کے واردات زیادہ ہونگے۔ ضروری اشیاء کی قیمتوں میں زبردست تیزی ہونے سے عام لوگوں میں گہری تشویش، غم اور غصہ کا عالم ہوگا۔
- جگت لگن کی کنڈلی میں گرہوں کے مطابق عالمی اور ہندوستان کا سیاسی ماحول پریشان کن اور کشمکش کن رہیگا۔ امریکہ سمیت کئی ملکوں جیسے پاکستان، بھارت، افغانستان، مصر، سیریا، عراق وغیرہ ملکوں میں دہشت گردی اور دھماکہ خیز وارداتیں ہونے کے آثار ہیں۔
- امریکہ، کنیڈا، برطانیہ، فرانس، اٹلی وغیرہ ملکوں یوروپین ممالک کے بنسبت بھارتیہ کرنسی کی گراوٹ اور کمی کی وجہ سے اقتصادی مندی کا ماحول رہیگا۔ مہنگائی اور زیادہ بڑھے گی۔
- بھارت میں پیش ہونے والے لوک سبھا انتخابات میں کسی ایک پارٹی کو اکثریت حاصل نہیں ہوگی۔ سیاسی اٹھا پٹک اور نا اتفاقی پیدا ہوگی۔ یو پی اے اور ان ڈی اے دونوں گٹھ بندھن کے ذریعہ نئے پارٹیوں کو لیکر نئے گٹھ جوڑ بنانے کی کوششیں کریں گے۔
- مہنگائی، بدامنی، بھرشٹاچار، قانون اور انتظامیہ کی بگڑتی ہوئی حالت اور یو پی اے سرکار کی بدحالی پر سرکار کی وقار کو زبردست ٹھیس پہنچے گی
- تیسرے مورچے کے گٹھ بندھن وجود میں آنے کے آثار ہیں۔ پھر سے متحد ملی جلی سرکار کی مرکزی حکومت میں آنے کے آثار ہیں۔
- الگ تلنگانا صوبہ کے اعلان کے بعد ملک کے مختلف حصوں میں الگ صوبہ بنائے جانے کی مانگ پیچیدہ شکل اختیار ہوجائے گی۔ جس میں خاص طور سے گورکھالینڈ، بوڈو لینڈ، ویدر بھ لینڈ، پوروانچل، بندیل کھنڈ وغیرہ۔ الگ صوبے کی مانگ شروع ہوگی۔ آئندہ نئے مرکزی حکومت کے لئے کڑے امتحان اور چنوتیوں بھرا وقت ہوگا۔
- (۱۵ فروری سے ۱۶ مارچ تک) پانچ سنیچر اور پانچ اتوار اور ۴ فروری سے ۲۴ مارچ کے وقفہ میں منگل شنی کا میل ہونے سے کسی بڑے لیڈر کیلئے ناقص آثار ہیں۔ مستقبل میں کہیں حکومت میں تبدیلی اور تشدد کی وارداتیں زیادہ ہونے کے امکان ہیں۔
- جون۔ جولائی میں کرک راشی میں برہسپت تیز چال سے داخل ہونے سے اور شنی پہلے سے وکری ہونے سے حکومت میں بیٹھے کسی بڑے رہنما کے لئے نقصاندہ حالات پیدا ہونگے۔ ملک کے سرحدی علاقوں میں دھماکہ خیز وارداتیں اور تبدیلیاں ہونے کے آثار ہیں۔ اتراکھنڈ، ہماچل، اتر پردیش وغیرہ میں سیلاب اور قدرتی آفات ہونگے۔ جان و مال کے نقصان ہونے کے امکان ہیں۔
- **کھپر یوگ:** ہاڑ، ساون، بھادوں (۱۴ جون سے ۹ ستمبر تک) تین مہینوں میں پانچ سنیچر، پانچ اتوار، اور پانچ منگلوار ہونے سے کھپر یوگ بنتا ہے۔ اسکے نقصاندہ اثرات کے زیر اثر ملک میں حکومت میں تبدیلی یا کسی بڑے لیڈر کے معزول ہونے کے یوگ ہیں۔
- ۶۷ ویں آزاد بھارت کی کنڈلی کے آثار آئندہ پانچ صوبوں میں بھاجپا اور کانگریس کے کانٹے کی ٹکر کے باوجود بی جے پی کے حالات بہتر ہونگے۔

پرم پتا پرماتما کی عظیم عنایت سے مفید عالم جنتری اردو۔ ہندی۔ پنجابی اور پنچانگ دواکر (ہندی) کو شائع ہوتے ہوئے آئندہ برس کی جنتری کو ایک سو انتالیس (۱۳۹) سال ہوجائیں گے۔ جو اپنے آپ میں ایک ریکارڈ ہے۔ اس جنتری / پنچانگ کے رہنما بانی مشہور عالم پنڈت دیوی دیال جیوتشی (لاہور والے) جو کہ ہمارے پوجیہ پتاماہ تھے، ان سے لیکر آج تک کے عرصہ میں ہماری جنتری اور دوسری اشاعتوں کو جو ملکی اور غیر ملکی شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی ہے وہ جنتری کے قدر دانوں سے چھپی نہیں ہے۔ اس میں کارآمد مضامین، بابت علم نجوم، مذہبی، فلسفی اور سال بھر کے تمام اہم واقعات ایسے سلیس اور عام فہم زبان میں درج ہوتے ہیں۔ جنہیں پڑھ کر ہر مذہب و ملت کے احباب استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ انہیں خوبیوں کی وجہ سے مفید عالم جنتری کے قدردان ملک ہی نہیں بلکہ بیرون ملک میں بھی زیادہ پائی جاتی ہے۔ ہم جنتری کے قارئین کو خبردار کرتے ہیں کہ جنتری کے سرورق (صفحہ ۲) پر مصنف پنڈت پنالال جیوتشی کا نام اور فوٹو ضرور دیکھ لیا کریں۔ ایشور (خدا) کی مہربانی سے گذشتہ سالوں کی بہت سی ہماری پیشین گوئیاں جو کہ پنچانگ اور مفید عالم جنتری اُردو ہندی پنجابی میں شائع ہو چکی ہیں اور ہو بہو درست ثابت ہوتی آئیں۔ گذشتہ سالوں کی پیشن گوئیاں مثال کے طور پر اگلے صفحہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

گذشتہ سالوں کی کچھ چنندہ پیشین گوئیاں

۱۹۹۴ء کی جنتری صفحہ ۲۱ پر بھارتیہ جنتا پارٹی ایک نمایاں پارٹی کے طور پر ابھر کر آنا اور مرکز میں گٹھ بدھن سرکار کو بننا۔ سال ۱۹۹۵ (صفحہ ۱۹) میں پاکستان میں بے نظیر حکومت کا ٹوٹنا وغیرہ۔ (صفحہ ۲۲۔۲۳) اور ۱۹۹۹ء کی نصف حصہ کے بعد میں بھارت اور پاکستان کی سرحدوں پر زبردست گولہ باری اور جنگ کی خبریں ملنا۔ (جیسے کشمیر کارگل میں لڑائی ہونا) پاکستانی وزیر اعظم نواز شریف کی حکومت کا گرنا وغیرہ اور ۲۰۰۱ء (صفحہ ۲۳۔۲۴) پر پڑھیں۔ اور ۲۰۰۲ء کی مفید عالم جنتری میں صفحہ (۲۰) پر صاف طور پر پڑھیں۔ امریکہ کے زیر اثر افغانستان میں طالبان سرکار کو ہرا کر نئی حکومت کا وجود میں آنا۔ (صفحہ ۲۲-۲۴) پر دیکھیں ۲۰۰۳ء کی جنتری صفحہ ۲۳ امریکہ عراق کے درمیان لڑائی جنگ کا خطرہ اور عراق پر حملے کے مُدعے پر امریکہ کو بھاری مذمت اور مخالفت کا سامنا ہونا۔ اور بھارت پاکستان کے معاملے میں دوغلی پالیسی رکھنا۔ (صفحہ ۲۳) ۲۰۰۴ء کی جنتری میں صفحہ ۲۵/ ۲۶ پر پڑھیں۔ کانگرس پارٹی ک انیا گٹھ جوڑ بنانا۔ اسی سال کی جنتری صفحہ ۲۷ پر نگریس پارٹی اور محترمہ سونیا گاندھی کی کنڈلی کے نیچے صاف طور پر پڑھیں۔ آنے والے لوک سبھا چناؤ میں شریمتی سونیا گاندھی اور ان کی پارٹی بھاجپا کی نسبت زیادہ سیٹوں پر کامیاب ہونا۔ ۲۰۰۵ء کی جنتری میں پاکستان بھارت وغیرہ میں بھونچال زمین پھٹنے وغیرہ سے ہونے والی زبردست جان و مال کے مزید نقصانات کی خبریں بد قسمتی سے سچ ثابت ہو چکی ہیں۔

۲۰۰۶ کی مفید عالم جنتری میں ۲۴ مئی سے ۲ جولائی کے درمیان منگل شنی کا یوگ ہونے سے بھارت کے کچھ صوبوں کشمیر، اتر پردیش، مہاراشٹر، گجرات، آندھر پردیش وغیرہ صوبوں میں بدامنی دہشت گردی اور دھما کہ خیز کی وارداتیں ہونا۔ صفحہ ۲۷ بد قسمتی سے یہ پیشن گوئیاں بھی صحیح ثابت ہوئی۔ صفحہ نمبر ۲۹ پر صاف طور پر دیکھیں۔ ۲۰۰۷ء کی مفید عالم جنتری میں دیکھیں پاکستان کے تانا شاہ جنرل مشرف کو اپنے ملک میں زبردست ٹکراؤ اور مخالفت کا سامنا ہونا۔ ملک کے اندر بد امنی اور دھما کہ خیز وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ بے نظیر کی زندگی کو خطرہ ہونا۔ سال ۲۰۰۸ کی جنتری میں صفحہ (۲۵) کالم II پر پاکستان میں ایمر جنسی کے حالات بنا۔ اور جنرل مشرف کا اپنے عہدے سے مسترد ہونا۔ وہاں بدامنی اور دھما کہ خیز وارداتوں کا سلسلہ ہو۔ (صفحہ ۲۷ کالم I) اور سال ۲۰۰۹ء کی جنتری میں پاکستان، افغانستان، شری لنکا، نیپال میں اندرونی حالات بگڑنا، وہاں قدرتی آفات کے ساتھ دہشت گردی وارداتوں میں اضافہ ہونا۔ صفحہ 27 کالم I، امریکہ کے نئے صدر براق اُبامہ کو کامیابی کے یوگ۔ دیکھیں صفحہ ۲۷ کالم I لوک سبھا چناؤ میں پھر ملی جلی یو پی اے سرکار کا ہی وجود میں آنا۔

۲۰۱۰ء کی جنتری میں صفحہ ۲۲ سے آگے کے صفحوں تک دیکھیں بھارت کے مشرقی حصوں میں بھاری بارش زبردست سیلاب سے کھڑی فصلوں اور قدرتی آفات سے بھاری جان و مال اور رہائشی علاقوں کے مزید نقصانات و عوام میں غصہ کے باوجود ہریانہ میں کانگریس سرکار (بھوپندر سنگھ ہڈا!) پھر سے حکومت میں آنا۔

دیکھیں صفحہ ۱۹ پر۔ جنتری ۲۰۱۱ء میں بڑے پیمانے پر گھوٹالہ اور بھرشٹا چار کو ہونا (صفحہ ۲۳)۔ اناج، تیل، گھی، تیل، سونا، چاندی، دالیں دودھ سبزیاں پٹرول وغیرہ کے نرخوں میں زبردست تیزی کا ہونا (صفحہ ۳۳ کالم I-II پر دیکھیں)

۲۰۱۲ء کی مفید عام جنتری میں صفحہ ۲۷ پر پڑھیں بادشاہ وزیر شکر ہونے سے سوسایٹی میں عورتوں اور مردوں میں باہری دکھاوہ، بناوٹی خوبصورتی، شنگار اور فیشن پرستی بڑھے گی۔ سنیما، موسیقی اداکاری ناچ گانا، راگ رنگ زیادہ ہونگے۔ اسی صفحہ کالم I مہنگائی اور بڑھے گی۔ لیکن پھر بھی عیش و آرام کی اشیاء کی خرید و فروخت بڑھے گی۔۔ لوگوں میں آپسی پیار محبت میں کمی رہے گی۔ عام استعمال میں کی جانے والی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی آجانے سے عام لوگوں میں غصہ اور تشویش ہوگی۔ سونا، چاندی، تانبہ پیتل، پکھراج وغیرہ نگینے وغیرہ جواہرات میں تیزی کا رجحان رہیگا۔ چوری، ٹھگی، بے ایمانی، ہیرا پھیری لوٹ مار وغیرہ کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ ساسی پارٹیوں میں ٹکراؤ، (صفحہ ۲۷)، عورتوں کے ظلم اور زیادتی کے جرم اضافہ ہوگا۔ سبھی طرح کے اناج، چینی، (کھانڈ) گڑ، دودھ، دوائیاں، تیل، گھی، پٹرول، ڈیزل وغیرہ اشیاء میں خاص تیزی کا ہونا۔ دیکھیں صفحہ ۲۷ کالم II پر۔

پاکستان کی ہندوستان کے ساتھ دہشت گردی گھس پیٹھ، جعلی کرنسی کے واقعات کے زیر نظر تناؤ بنا رہیگا۔ صفحہ ۲۹ کالم I پر۔ پنجاب کے عنوان سے پڑھیں کہ آخر اکالی بھاجپا گٹھ بندھن کے دوبارہ چنے جانے کے یوگ ہیں (صفحہ ۳۱ کام II)۔ یو پی اے II کانگریس سرکار کو مزید گھوٹالوں، مہنگائی، بیروزگاری اور نئے نئے ٹیکسوں وغیرہ کے مسائل کی وجہ سے اسکے مقبولیت کو گہرا دھکا پہنچے گا۔

گذشتہ ۲۰۱۳ مفید عالم جنتری صفحہ ۲۵ پر خاص پیشن گوئیں کے مطابق بھارت، پاکستان، سیریا، عراق وغیرہ ترقی پزیر ملکوں میں میں سیاسی، سماجک، اور اقتصادی حالت ہونگے۔ عرب اور مسلم مما لک میں جیسے سیریا، مصر، لیبیا، سوڈان اور انقلابی تبدیلیاں رونما ہونگے۔ ہندوستان، پاکستان سمیت یورپین مما لک جیسے سپین، فرانس، انگلینڈ، اٹلی، پرتگال، مالی مندی اور اقتصادی مشکلات کے گرفت میں آجائیں گے۔ موجودہ وزیر اعظم اور یو پی اے سرکار کے وقار کو گہر دھکا لگیگا۔ آگامی انتخابات میں بھاری نقصان اٹھانا پڑیگا۔ سونا اور چاندی میں بہت زیادہ تیزی ہوگی اور مہنگائی میں غیر معمولی اضافہ ہونے سے جینا مشکل ہو جائیگا۔ سرحدی علاقوں میں چین اور پاکستان کی جانب نقل و حرکت شروع ہونگی۔

جنتری صفحہ نمبر ۳۰ پر تیل، پیٹرول، ڈیزل وغیرہ بلڈنگ میٹریل کے کاروباری کو فائدہ پہنچے گا۔ اترا کھنڈ کے متعلق قدرتی آفات رونما ہوئے ہیں وہ بھی بد قسمتی سے واقع صحیح ہوئے ہیں۔ صفحہ ۲۹ پر قدرتی آفات، سیلاب، زلزلہ آنا۔ پاکستان اور مسلم مما لک میں دہشت گردی واردات اور انقلابی تبدیلیاں ہوئے۔ پاکستان میں حکومت میں وزیر اعظم راجا پرویز اشرف کا مقرر وقفے تک بنے رہنا تشویشناک ہے۔ اندرونی حالت الجھن بھرے ہونگے یہ پیشن گوئیاں ہو بہو صحیح ثابت ہوئی ہیں۔ یہ ہماری جنتری کی مقبولیت کو صاف ظاہر کرتی ہیں۔

۲۰۱۴ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل اور بھویکھ پھل

گرہوں کی آکاشی کونسل کے دس عہدیدار میں پانچ عہدہ شبھ گرہوں کا اور پانچ عہدہ ناقص گرہوں (غصیل) کو حاصل ہوئے ہیں۔بادشاہ اور وزیر کے دونوں اہم عہدہ نیک گرہ چندرماں کو حاصل ہوئے ہیں۔ملک میں مال و دولت اور سکھ کے ذریعات میں اور زیادہ اضافہ ہوگا۔گندم، دھان، سرسوں، مکی، چنے، روئی، کپاس، گنے وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔اتر پچھم علاقوں میں زیادہ بارش کی وجہ سے زمین دھنسا، سیلاب اور قدرتی آفات کی وجہ سے فصلوں کو کافی نقصان پہنچے گا۔کھانسی، بلغم، شکر، ذہنی مرض زیادہ ہونے کے آثار ہیں۔

بادشاہ اور وزیر کے دونوں عہدہ ایک ہی گرہ چندرماں کو حاصل ہونے سے سماج میں بدامنی، چوری ٹھگی، بے ایمانی لوٹ مار اور تشدد کے واردات زیادہ ہونگے۔نیتاؤں میں آپسی الزام لگتے رہیں گے۔کہیں دنگا فسا، چوری، آگزنی اور مار پیٹ اور فسادات کی وارداتوں کی خبریں ملیں گے۔

فصلوں اور دھاتوں کا مالک نیک گرہ بدھ ہے۔اونچی تکنیک کی جانب لوگوں کا رجحان ہوگا۔مختلف قسم کے زیورات جیسے ہیرے، پکھراج، پنا، نیلم وغیرہ سونا چاندی تانبہ، پیتل کے نرخ تیز ہونگے۔مال وزر کا مالک منگل ہونے سے گندم، چنے، چاول، دالیں وغیرہ اناج کے نرخ تیز ہونگے۔غیر وقتی بارش اور سیلاب کی وجہ سے زراعتی فصلوں کو مزید نقصان ہونگے۔موسموں میں تبدیلیاں غیر یقینی رہیگا۔پہلے چار ماہ کے درمیان اتر پچھمی علاقوں میں قدرتی آفات سے مزید نقصان ہونے کے آثار ہیں۔بادلوں اور فوجیوں کا مالک سورج ہونے سے ضروری بارش میں کمی رہیگی۔آندھی طوفان زیادہ ہونگے۔زیادہ تر ملک ایٹمی ہتھیار بنانے میں مشغول رہیں گے۔

پھلوں کا مالک سنیچر ہونے سے پہاڑی اور دوسرے علاقوں پر بے موسمی بارش سے سیلاب وغیرہ سے مزید نقصانات ہونے کے امکان ہیں۔لوگوں میں پیچیدہ بیماریاں اور ذہنی تناؤ رہیگا۔رسوں کا مالک شکر ہونے سے ملک میں عیش وعشرت کے ذرائع میں اضافہ ہوگا۔

۳۱ مارچ ۲۰۱۴ء سوموار سے پلونگ نامی نئے سمت کا آغاز ہوگا۔جسکے زیر اثر زیادہ تر مسلم ممالک میں حکمران ظالمانہ اور دھوکہ بازی کے سیاست میں مشغول رہیں گے۔سرحدی علاقوں میں پاکستان، چین

داخلہ نیا سال اور جگت لگن کنڈلی اور انکے متعلق پیشنگوئیاں بابت ۲۰۱۴ء

نیا سال داخلہ کنڈلی ۴۰/۴۴ — جگت لگن کنڈلی ۴۳/۳

وغیرہ ملک ہندوستانی سرحدی علاقوں کا خلاف ورزی کریں گے۔

پلونگ نام کا نیا سمت ۲۰۷۱ چیت اماوس کی خاتمے پر ۳۰ مارچ کی نصف شب میں ۱۲ بج کر ۱۵ منٹ پر اترا بھادر پد پچھتر، برشچک لگن میں داخل ہوگا۔لگن مالک منگل ۱۱ ویں خانہ میں دشمن راشی کنیا کا ہوکر پڑا ہے۔اس پر برہسپت کی چہارم پوشیدہ دشمنی نظر اور سورج چندرماں کی ناقص نظر پڑ رہی ہے۔غیر اقوامی تعلقات کے مالک شکر کا دشمن برہسپت کے ساتھ کھٹاشٹک یوگ بنا ہوا ہے۔جسے کے زیر اثر شروعات چار ماہ بھارت کے لئے کشمکش اور چنوتیوں سے بھرے رہیں گے۔سال کے پہلے حصہ میں خاص کر پانچ مہینوں کے دوران ملک کا ساماجک، سیاسی اور اقتصادی ماحول تشویشناک اور جدوجہد والا ہوگا۔بھارت میں آئندہ لوک سبھا انتخابات میں کسی ایک پارٹی کو اکثریت حاصل نہ ہونے کی وجہ سے سیاسی حالت غیر معین اور پریشان کن ہونگے۔یو پی اے اور ان ڈی اے دونوں نئے پارٹیوں کے ساتھ گٹھ جوڑ بنائیں گے۔ملک میں مہنگائی، بدامنی، قانوں اور حکمرانوں کی انتظامات سے لوگوں میں غم وغصہ کا عالم ہوگا۔جس سے یو پی اے سرکار کے اقتدار کو گہرا دھکا لگیگا۔کئی علاقائی پارٹیوں کو ملاکر ہی نیا حکومت جوڑ میں آپائیگا۔نئی سرکار میں علاقائی پارٹیوں کا اہم رول ہوگا۔

جنوبی ایشیا، کھاڑی ملکوں اور مسلم ممالک جیسے مصر، گریس، سیریا، پاکستان، عراق افغانستان وغیرہ ملکوں میں موجودہ تاناشاہی حکمرانوں کے خلاف عوام میں غم اور غصہ کا عالم ہوگا۔بڑے آندولن اور تشدد کی

وارداتیں ہونے کے آثار ہیں۔ کہیں حکمرانوں کو معزول کر نئی حکومت بنانئے جانے کے آثار ہیں۔ کئی جگہ سیاسی تبدیلیاں نمایاں ہونگی۔

جگت لگن کنڈلی کے مطابق دنیا کے حالات ۲۰۱۴ء

جگت لگن کنڈلی میں میکھ لگن طلوع ہوا ہے۔ برس لگن کا مالک منگل چھٹے خانہ میں کنیا راشی کا ہو کر لگن بھاؤ کو آٹھویں نظر سے دیکھ رہا ہے۔ پانچویں گھر (انتظامیہ امور کے مالک) سورج خانہ اوّل میں حالانکہ شرف (اوچ) حالت میں ہے۔ لیکن اس پر ساتویں خانہ (غیر ملکی تعلقات) میں سنیچر اور راہو کی ناقص نظریں پڑ رہی ہیں۔ موجودہ گرہوں کے مطابق دنیا کا سیاسی ماحول پریشان اور جدر بہدر رہیگا۔ سال بادشاہ اور وزیر چندر ماں ششم خانہ دشمن راشی (کنیا) میں پڑ کر بدھ کی نظر ہے۔ جس سے دنیا کے کئی ممالک جیسے اٹلی، عراق، سیریا، مصر، گریس، بھارت وغیرہ ملکوں کے مرکزی رہنماؤں میں زبردست تبدیلیاں دیکھنے کو ملیں گی۔ امریکہ، انگلینڈ یا کسی یوروپین ملک پر دہشت گردی کی واردات ہونے آثار ملتے ہیں۔ امریکہ سمیت کئی ملک جیسے پاکستان، ہندوستان، افغانستان، عراق، مصر، سیریا وغیرہ ممالک میں دہشت گرد اور دھماکہ خیز وارداتوں سے جان و مال کے نقصان ہونے کے امکان ہیں۔ امریکہ، کنیڈا، برطانیہ، سپین، فرانس، اٹلی وغیرہ یوروپین ملکوں کے کرنسی میں گراوٹ کی وجہ سے اقتصادی مندی کا ماحول رہیگا۔ زیادہ تر یوروپین ممالک بھارت، چین، جاپان، دبئی، سنگاپور، ہانگ کانگ وغیرہ ایشیائی ملکوں کے ساتھ تجارت اور کاروبار بڑھانے کے دوڑ میں شامل ہونگے۔

جگت لگن کنڈلی کے مطابق میکھ، متھن، کرک، کنیا، تلا مکر اور مین راشی والے ممالک اقتصادی، سماجک، اور سیاسی طور پر متاثر رہیں گے۔ جس سے جاپان، شری لنکا، نیپال، مصر، سیریا، امریکہ، چین، پاکستان، اٹلی، عراق، بھارت، افغانستان وغیرہ ملک خاص طور سے متاثر رہیں گے۔ ان ملکوں میں تشدد امیز اور دھماکہ خیز وارداتوں اور قدرتی آفات سمندری طوفان، سیلاب آنے سے جان مال کا مزید نقصان ہوگا۔ دنیا میں بدامنی، انقلاب، آگزنی، دہشت گردی کی وارداتیں زیادہ ہونے کے امکان ہیں۔

میکھ لگن میں جگت لگن کا طلوع ہونے سے پھل شاشتر میں اس طرح سے بیان کیا گیا ہے۔ میکھ لگن ہو تو اس سال پورب کی جانب حکومت میں ٹکراؤ اور سوکھا، اور دکھن میں بارش اور خوش حالی میں اضافہ ہوگا۔ جگت کنڈلی کے ساتویں خانہ مین سنیچر راہو وغیرہ ناقص گرہ ہونے سے قدراتی آفات سے کھڑی فصلوں اور جان و مال کے مزید نقصانات ہونے کے یوگ ہیں۔

دنیا کے کچھ مشہور ممالک

امریکہ (America)

اسکی زیر اثر راشی متھن ہے۔ جگت لگن کنڈلی میں متھن راشی پر دشمن گرہ برہسپت موجود ہے اور راشی کا مالک بدھ بارہویں خانہ میں نیچ راشی کا ہو کر پڑا ہوا ہے۔ اس پر چندر، منگل کی ناقص نظر پڑ رہی ہے۔ جس کے زیر اثر امریکہ کے موجودہ حکام اباما کو مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ ان کو یہ سال چنوتیوں سے بھرا رہیگا۔ سیریا اور مصر کے علاوہ پاکستان، افغانستان، عراق وغیرہ ملکوں میں دخل اندازی کی وجہ سے روس و چین وغیرہ ملکوں کے ساتھ سیاسی ٹکراؤ اور مخالفت کا سامنا کرنا پڑیگا۔ اقتصادی مندی کے دَوڑ سے پوری طرح نہیں ابھر پائیگا۔ دہشت گردی حملے کے مدنظر حفاظتی بندوبست کی وجہ سے کچھ کھاڑی ملکوں میں فوری طور پر اپنے سفارت خانہ کو بند کرنے پر مجبور ہو جائیگا۔ بھارت کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی اور حفاظتی معاہدے کریگا۔ اندورنی حملوں کے مدنظر بھارت کے ساتھ پوری مدد کریگا۔ پڑوسی ملک میں موجود کچھ دہشت گرد کو بھارت کو سونپنے پر پاک پر دباؤ بنائیگا۔ ہندوستان کے ساتھ بھی دوستانہ تعلقات جیسی پالیسی بنائے گا۔ امیگریشن پالیسی اور داخلہ کے اصولوں میں تبدیلی کا اعلان کریگا۔ ایٹمی سائنس اور ٹیکنولوجی کے پروگرام کو خاص بڑھاوا دیا جائیگا۔ امریکہ میں کہیں زنزلہ زاور سمندری طوفان، سنامی اور قدرتی آفات میں مزید جان و مال کا نقصان ہونے کے آثار ملتے ہیں۔

پاکستان (Pakistan)

جگت لگن کنڈلی اور برس کنڈلی میں اسکی زیر اثر راشی کنیا چھٹے خانہ میں چندر منگل کے ساتھ میل کر رہا ہے۔ راشی کا مالک بدھ بارہویں

خانہ میں ہبوط (نیچ) راشی میں ہے۔ موجودہ گرہوں کے حالات کے مطابق نئے چنندہ شریف سرکار کے آئندہ سال مزید چنوتیوں سے بھرا رہیگا۔ عام لوگوں میں مہنگائی اور بدامنی کی وجہ سے غم اور غصہ کا عالم ہوگا۔ پاک سرکار کی دہشت گردی کی دوہری پالسی رکھنے کی وجہ سے پاک کے لئے بڑے نقصاندہ ثابت ہونگے۔ خود پاکستان کے کئی شہروں میں دھماکہ خیز واردات ہونے سے جان و مال کا مزید نقصان ہوگا۔ آپسی ٹکراؤ بھی ہوگا۔ عام لوگوں کو مزید نشانہ بنایا جائیگا۔ چین کے ساتھ مل کر گہری سازش کے زیر اثر بھارت کے خلاف اپنی فوجیں اور دہشت گرد کو بھارتی سرحد میں دراندازی (گھس پیٹھ) کرانے کی کوشش میں لگا رہیگا۔ ہند و پاک میں ہونے والے امنی مذاکرات کا کوئی خاص نتائج سامنے آنے کے امکان کم ہی ہیں۔ بھارت و پاک کے درمیان سیاسی تعلقات تشویشناک اور تناؤ بھرا رہیگا۔ باہری طور پر دونوں ملک ایک دسرے کے ساتھ امنی مذاکرات کی پیش کش کرتا رہیگا۔

۲۰۱۴ء میں گوچر گرہوں کے مطابق بھارت میں رونما ہونے والی اہم پیشگوئیاں

آزاد بھارت کے ۶۷ ویں سال کی برس کنڈلی میں میکھ لگن طلوع ہو چکا ہے۔ برس لگن خانہ میں کیتو بیٹھا ہے۔ ساتویں خانہ میں شنی اوچ راشی ہو کر لگن راشی (میکھ) کو نیچ نظر سے دیکھ رہا ہے۔ آٹھویں خانہ میں منتھا کا نیچ چندر کے ساتھ ہونا اچھا نہیں ہے۔ اس کے زیر اثر سال کے شروع میں چلائے کئے ترقی کے منصوبے کچھ وجوہات کی بنا پر ادھر میں ہی لٹک جائیگا۔ مرکزی حکومت کی کئی اقتصادی اور سیاسی پالسی غیر یقینی اور ناکارہ ثابت ہوگی۔ سرحدوں میں غیر ملکی فوجوں کے بار بار دراندازی (گھس پیٹھ) ہونا، روزمرہ کے اشیاء کے قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوگا۔ قانون اور انتظامیہ کا ناکامیابی اور بگڑتی ہوئی حالات، سرکاری محکموں میں بدامنی بھرشٹاچار، بجلی پانی کی کمی، ضروری اشیاء میں کمی کی وجہ سے عام لوگوں میں غم و غصہ کا عالم ہوگا۔ عام لوگ پریشان ہو کر سڑکوں پر آندولن کریں گے۔ برس کنڈلی میں چندرماں نیچ اور آب راشی کا ہو کر اشٹم خانہ میں ہونے سے اترا کھنڈ، ہماچل، کشمیر و آسام کے وغیرہ صوبوں میں بے موسمی برسات، بادل پھٹنے، سیلاب اور زلزلہ اور دیگر قدرتی آفات سے مزید جان و مال کا نقصان ہونے کے امکان ہیں۔ میدانی علاقوں میں خوفناک سیلاب آنے کے آثار ہیں۔ لگن خانہ میں شنی کی ہبوط نظر پڑنے سے صاف اشارے ملتے ہیں کہ بھارتی سرحدوں پر دونوں پڑوسی ممالک چین اور پاکستانی افواج کی دراندازی جاری رہیگا۔ جسے ہندوستانی حکمران کو کا بھی تشویشناک اور جدو جہد والا ماحول سے دوچار ہونا پڑیگا۔ بھارتی فوج کو خاص طور چوکنا رہنے کی ضرورت ہوگی۔

آزاد بھارت کے ۶۸ ویں برس کی کنڈلی میں کرک لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن خانہ میں منتھا کا ملک برہسپت چوتھے خانہ کے مالک شکر کے ساتھ پڑا ہے۔ جس کے زیر اثر اگست ۲۰۱۴ء میں ملک کے اندرونی حصوں میں فرقہ ورانہ فساد، دنگا، مار پیٹ، آگ زنی جیسے حالات بنیں گے۔ لوگوں میں خوف کا ماحول رہیگا۔ کہیں بے موسمی بارشی ہونے کے آثار ہیں۔ روزمرہ کی چیزوں میں بے تحاشہ اضافہ ہونے سے عام لوگوں میں گہری تشویش ہوگی۔

یوم جمہوریہ (۲۶ جنوری ۲۰۱۴ء) کے ۶۵ ویں سال کی برس کنڈلی میں بھارت سنگھ لگن میں داخل ہوگا۔ لگن کا مالک سورج چھٹے خانہ میں بدھ کے ساتھ ہوکر منتھا کے زیرنظر ہے۔ جبکہ منتھا کا مالک چندر چوتھے خانہ میں نیچ راشی کا ہوکر پڑا ہے۔ گرہوں کے حالت کے زیر اثر آئندہ سال بھارتیہ حکومت کے لئے بہت مشکل بھرا اور چنوتیوں سے بھرا ہوگا۔ پڑوسی ممالک سرحد پر گھس پیٹھ کرانے کی کوشش میں مشغول رہیں گے۔ دشمن کے فوج سرحدوں پر گولہ باری کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ سرحد پر پڑوسی ممالک کے فوجوں کی نقل وحرکت بڑھ جائیگی۔ چین، پاکستان جیسے پڑوسی ملکوں کے خفیہ خطرناک چالوں، فوجی نقل و حرکت پر مستعدی نظر رکھنی ہوگی۔ مرکزی حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک کے امیرو غریب لوگ مہنگائی کے چپیٹ میں ہونگے۔ روزمرہ کی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی بجلی اور پانی کی سپلائی میں کمی، پٹرول، گیس، اناج سبزیاں ہرطرح کی دالیں، دودھ پھل، سونا چاندی، پیتل، لوہا، تانبہ، وغیرہ عام لوگوں کے پہنچ دور ہوتے نظر آئنگے۔ اسلئے آنے والے سال میں بھارت کی سیاسی وسماجی، اقتصادی حالت تشویشناک اور غیریقینی ہو جائیں گے۔ سرکار کے لئے سخت امتحان کا سال ہوگا۔

ایف ڈی آئی، فوڈ سیکورٹی بل وغیرہ عام لوگوں کے لئے فائدہ مند ثابت نہیں ہونگے۔ یہ صرف ووٹ بنک کے مدنظر کچھ خاص طبقوں کو ہی فائدہ پہنچے گا۔ ریزرویشن پالسی اور لادینیت اور بڑھتی بدامنی، قوم کے فائدہ کو نظرانداز کرنا۔ دہشت گردوں اور کٹرپنتھی گروپ پر نرمی برتنا یہ سب وجوہات کی بنا پر ملک میں پرامید ترقی نہیں ہو پائے گی۔ اور چاروں طرف بدامنی کا ماحول رہیگا۔

چوتھے خانہ میں موجود ہبوط چندر ہونے سے بہت زیادہ مہنگائی اور بڑھتا بھرشٹاچار کی وجہ سے عام لوگوں میں گہری تشویش اور غم وغصہ کا عالم ہوگا۔ پاکستان اور چین دونوں پڑوسی ممالک بھارتی سرحد پر لگاتار دراندازی اور سرحدی قانون کی خلاف ورزی کرتے رہیں گے۔ اپنی فوج بھارت سرحدوں میں بھیج کر یہاں کے علاقہ پر اپنا حق ثابت کرنے کی کوشش کریں گے۔ بھارت کو حفاظتی امور پر بے تحاشہ خرچ ہوگا۔ ٹیکسوں میں اضافہ کرنا اور تیل، پیٹرول، کی قیمتوں میں تحاشہ اضافہ ہو جانے سے روزمرہ کے اشیاء کے قیمتوں میں زبردست اضافہ ہونا۔ قانون اور انتظامیہ کا ناکامی اور بگڑتی ہوئی حالات، سرکاری محکموں میں بدامنی بھرشٹاچار، بجلی پانی کی کمی، ضروری اشیاء میں کمی کی وجہ سے عام لوگوں میں غم وغصہ کا عالم ہوگا۔ عام لوگ پریشان ہوکر سڑکوں پر آندولن کریں گے۔ ملک میں لوٹ مار، چوری، ڈکیتی، چھینا جھپٹی کی وارداتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ لوگوں کا جینا دوبھر ہو جائیگا۔ مہنگائی کی وجہ سے عام لوگ دکھی اور پریشان ہونگے۔

اوپر لکھے کچھ مسائل اور رکاوٹوں کے باوجود بھارت کچھ خاص اداروں جیسے کمپیوٹر سائنس، انجینیرنگ، آئی ٹی سیکٹر، اعلیٰ تکنیک، سڑک اور سواری، ایٹومک اور توانائی، بین الاقوامی تجارت کے فیلڈ میں غیر معمولی ترقی کریگا۔ امریکہ، جاپان، کنیڈا، جرمنی، انڈونیشا، ایران، برطانیہ، روس وغیرہ ممالک سے تجارتی اور حفاظتی معاہدہ منعقد ہونگے۔

۲۰۱۴ء میں گوچر گرہ اور بھارت

سن ۲۰۱۴ء کے شروع میں ۶ جنوری سے وکری برہسپت شکر کے درمیان سم سپتک یوگ ۲۵ فروری تک رہیگا۔ اس کے زیر اثر بھارت کے کچھ صوبوں میں جیسے اتر پردیش، مدھیہ پردیش، بہار، اڑیسہ، مہاراشٹر، گجرات، جموں کشمیر وغیر ملکوں میں فرقہ ورانہ فساد، تناؤ، سیاسی ٹکراؤ، آگ زنی، اورلوٹ مار کی وارداتیں ہونے امکان ہیں۔

چندر پھاگن ماہ (۱۵ فروری سے ۱۶ مارچ تک) پانچ سنیچر اور پانچ اتوار پڑنے سے اناج روزمرہ کی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی ہونے سے لوگوں میں غم وغصہ کا ماحول رہیگا۔ کچھ جگہ پر لوگوں پیچیدہ قسم کی بیماریاں ہونگی۔ جن آندولن، اپدرو فرقہ واران فسادا اور توڑ پھوڑ کے وارداتیں بھی ہونگی۔ سیاسی ماحول ڈواں ڈول اور غیریقینی رہیگا۔

فروری۔ مارچ (۴ فروری سے ۲۴ مارچ) میں شنی منگل کا میل ہونے سے کسی بڑے رہنما کی وفات ہونے کے ناخوشگوار اشارے ہیں۔ کہیں حکومت میں تبدیلی، تشددکی واردات ہونے کے آثار ہیں۔ کسی صوبے میں اناج کی کمی، فاقہ کشی، سوکھا اور سیلاب، آگزنی کی واردات ہونے کے امکان ہیں۔ جس سے جان و مال کا نقصان ہوگا۔ دہشت گردی اور دھماکہ خیز وارداتیں زیادہ ہونگی۔

چیت ماہ میں پانچ منگلوار ہونے سے ملک میں حکومت میں تبدیلی ہونے یا کسی بڑے لیڈر کی موت کی خبر آئیگی۔ پاک چین پڑوسی ممالک سے فوجی ٹکراؤ کے حالات پیدا ہونگے۔ مرکزی کابینہ میں تبدیلیاں ہونگی۔ کئی جگہوں فرقہ ورانہ فساد ہونے کے یوگ ہیں۔

(۱۶ اپریل سے ۱۴ مئی) میں پانچ بدھوار ہونے سے ہر اناج روز مرہ کی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی ہونے سے لوگوں غم غصہ کا ماحول رہیگا۔ کچھ جگہ پر لوگوں پیچیدہ قسم کی بیماریاں ہونگی۔

جیٹھ ماہ (۱۵ مئی سے ۱۳ جون) میں پانچ ویروار ہونے سے بھارت کے کچھ صوبوں میں جیسے اتر پردیش، مدھیہ پردیش، بہار، اڑیسہ، مہاراشٹر، گجرات، جموں کشمیر وغیر ملکوں میں فرقہ ورانہ فساد، تناؤ، سیاسی ٹکراؤ، مارکاٹ اور دہشت گردی کی وارداتیں ہونے امکان ہیں۔

ہاڑ ماہ (۱۴ جون سے ۱۲ جولائی) میں پانچ سنیچر ہونے سے ملک میں قدرتی آفات سیلاب، زلزلہ اور فرقہ ورانہ فساد، تناؤ، سیاسی ٹکراؤ، آگ زنی، اور لوٹ مار کی وارداتیں ہونیکے امکان ہیں۔ مرکزی حکومت میں خاص تبدیلیاں ہونے کے یوگ ہی۔

کھپر یوگ:۔ ہاڑ، ساون، بھادوں (۱۴ جون سے ۹ ستمبر تک) تین مہینوں میں سلسلے وار پانچ سنیچر پانچ اتوار، پانچ منگلوار ہونے سے کھپر یوگ بنتاہے۔ جس سے تیل، پیٹرول، کی قیمتوں میں تحاشہ اضافہ ہو جانے سے روزمرہ کے اشیاء کے قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوگا۔ لوگوں میں گہری تشویش ہوگی۔ کہیں سیاسی نظام میں تبدیلی ہو یا کسی اہم لیڈر کا عہدہ خالی ہونے کے اشارے ہیں۔

	ریوتی	۱-۲-۳-۴	۱۳	۱۱	۴	۱۱	۲۷	۲۲	۲۷	۲۹	۲۱	۲۰	۲۲	۲۳	۱۴	۱۷	۱۸	۳۰	۳۴	۲۸

نام راس اور نچھتر معلوم کرنے کا طریقہ

اپنی راس اور پچھتر معلوم کرنے والے کو چاہئے کہ اپنے نام کا پہلا حرف اس نقشہ میں دیکھے۔ اس حرف کے اوپر جو راس لکھی ہے وہی اس شخص کی راس ہوگی۔ اور جو پچھتر اس کی دائیں ہاتھ لکھا ہے وہی اس کا پچھتر ہوگا۔ مثلاً ایک شخص نتھو رام کی راس و پچھتر معلوم کرنا ہے۔ پہلا حرف ن، زیریں برشچک راس اور دائیں ہاتھ انورادھا پچھتر لکھا ہے۔ بس نتھو رام کی راس برشچک اور پچھتر انورادھا ہے۔ اسی طرح ہر ایک نام کی راس و پچھتر دیکھ لیں۔ پنڈت پنال جیوتشی۔

میکھ		برکھ		متھن		کرک		سنگھ		کنیا		تلا		برشچک		دھن		مکر		کنبھ		مین	
چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف	چرن	حرف
پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس	پچھتر	راس
شنی ا	چو	کرتکا۲	ای	مرگشر۳	ک	پنربسو۴	ہی	مگھا ا	م	اتراپھا۲	ٹو	چترا۲	را	بشاکھا۴	تو	مولا ا	یے	اترکھا۲	بھو	دھنشٹا۳	گو	پوبھا۴	دی
۲	چے	۳	اَو	۴	کی	پکھا	ہو	۲	ی	۳	پ	۴	ری	انورادا ا	ن	۲	یو	۳	جا	۴	گے	اتربھا ا	ڈو
۳	چو	۴	اے	آردرا ا	کو	۲	ہے	۳	مُو	۴	پی	سواتی ا	رُو	۲	نی	۳	بھ	۴	جی	ستبکھا ا	گو	۲	تھ
۴	لا	روہنی ا	او	۲	گھ	۳	ہو	۴	مے	ہستا	پو	۲	رے	۳	نو	۴	بھی	ابھجت ا	جُو	۲	س ش	۳	جھ
بھرنی ا	لی	۲	وا	۳	انگاں	۴	ڈا	پوپھا ا	مو	۲	کھ	۳	رو	۴	نے	پوکھا ا	بھُو	۲	جے	۳	سی	۴	نج
۲	لو	۳	بی	۴	چھ	اشلیکھا	ڈی	۲	ٹ	۳	ناں	۴	ت	جیشٹا ا	نو	۲	دھ	۳_۴	جوکھا	۴	سُو	ریوتی ا	دے
۳	لے	۴	بو	پنربسوا	کے	۲	ڈو	۳	ٹی	۴	ٹھ	بشاکھا ا	تی	۲	یا	۳	پھ	شرون ا	کھی	پوبھا ا	سے	۲	دو
۴	لوو	مرگشرا	بے	۲	کو	۳	ڈے	۴	ٹو	چترا ا	پے	۲	تو	۳	یی	۴	ڈھ	۲،۳،۴	کھکھو	۲	سو	۳	چا
کرتکا ا	آ	۲	بو	۳	ہا	۴	ڈو	اتراپھا ا	ٹے	۲	پو	۳	تے	۴	یُو	اترکھا ا	بھے	دھنشٹا ا	گا گی	۳	وا	۴	چی

قسمت یعنی تقدیر کے روزانہ حالات

نمبر۱				نمبر۲				نمبر۳				نمبر۴				نمبر۵			
۷	۵	۳	۱	۷	۶	۳	۲	۳۰	۲۹	۲۸	۴	۳۰	۱۰	۲۸	۸	۲۹	۳۰	۳۱	۱۶
۱۵	۱۳	۱۱	۹	۱۵	۱۴	۱۱	۱۰	۲۳	۲۱	۲۰	۲۲	۲۶	۲۵	۲۴	۳۱	۲۶	۲۵	۲۴	۲۰
۱۷	۱۹	۲۱	۲۳	۲۳	۲۲	۱۹	۱۸	۱۵	۱۳	۱۲	۱۴	۱۴	۱۳	۱۲	۲۷	۲۱	۲۲	۲۳	۲۷
۲۵	۲۷	۲۹	۳۱	۳۱	۳۰	۲۷	۲۶	۵	۶	۷	۳۱	۹	۲۹	۱۱	۱۵	۱۷	۱۸	۱۹	۲۸

یہ ایک ایسا راز ہے جسکو نجومی لوگ بڑے مشکل سے بتایا کرتے ہیں۔ آپ کسی کو کہیں کہ ۳۱ سے نیچے کوئی ہندسہ دل میں سوچے اور ہمیں بتائیں کہ وہ ہندوسہ کس کس نمبروں کی جدول میں آتا ہے جن نمبروں کی جدول میں وہ سوچا ہوا ہندسہ بتائے اُن کو اُوپر کے بائیں کوٹ کے ہندسوں کو جمع کرلو۔ پس اس کا سوچا ہوا ہندسہ نکل آئیگا۔ اس نمبر پر اُس کو قسمت کا حال بتادو۔ فرض کرو ایک شخص نے ۳۱ کا ہندسہ سوچا ہے۔ اب دیکھو کی ۳۱ کا ہندسہ کون کون سی جدولوں میں ہے۔ دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ ۳۱ کا ہندسہ جدول نمبر ۱۔۲۔۳۔۴۔۵ میں ملتا ہے۔ اب ان جدولوں کے بائیں کونوں کے ہندسے ۱۔۲۔۳۔۸۔۱۶ جمع کرلو۔ پورا ۳۱ بنتا ہے۔ سوال کرنے والے کو کہہ دو کہ تم نے ۳۱ کا ہندسہ سوچا ہے۔ اب اس کے مطابق جواب دیکھ لو جو اس نمبر کی فہرست میں تمہاری مشکل کے حل کے لکھا گیا۔ (۱) تمہاری آرزو اس وقت پوری ہوگی جب تم کو اس کا خاب خیال بھی نہ ہوگا۔ (۲) قسمت کا ستارہ چمکنے والا ہے۔ (۳) غیر متوقع جگہ سے تمہاری اُمید پوری ہوجائے گی۔ (۴) جس خواہش کے لئے پریشان ہو اُس کی کامیابی کے لئے اب انتظار نہ کرنا پڑیگا۔ (۵) تمہارے لئے مسرت کا وقت آنے والا ہے۔ تم خود دیکھ کر حیران رہ جاؤ گے۔ (۶) مستقل مزاج رہو۔ کوئی بہتری کا سلسلہ عنقریب نکلنے والا ہے۔ (۷) تمہاری مشکل جلد ہی تسلی بخش طور پر حل ہوجائیگی۔ (۸) تمہاری قسمت میں کچھ روپیہ لکھا لیکن ملیگا قدرے دیر سے (۹) تمہارے سامنے تھوڑے دِنوں تک ایک تجویز رکھی جائیگی۔ اسے منظور کرلینے سے پہلے اچھی طرح غور کرلیں۔ (۱۰) تمہاری کیفیت ترمیم و تلخ کا زمانہ گزرا گیا ہے۔ اب تم کو آرام اور خوشی محسوس ہوگی (۱۱) تمہارے ستارے گردش میں ہیں۔ ابھی پانچ مہینے کشمکش چلے گی۔ پرماتما (خدا) سے دعا کریں۔ (۱۲) تمہارا کام وقت مقررہ پر ٹھیک ہوجائیگا۔ دوسروں کی صلاح کی طرف توجہ مت کرو۔ (۱۳) تمہاری مشکل کسی ذریعہ سے حل ہوگی۔ (۱۴) جس کام کے متعلق حیران ہو اس کے حالات کی درستگی میں سخت مشکلات ہیں۔ (۱۵) تقدیر کے غیر متوقع ٹھوکر تمہارے خیالات میں تبدیلی پیدا کردیگی۔ (۱۶) تم کو صبر کرنا لازمی ہے۔ کچھ دن اور باقی ہیں۔ فلک۔ پیر کے چکر نکلنے سخت مشکل ہیں۔ تیری تقدیر کے چکر۔ (۱۷) جو حالات تم پر گزر رہے ہیں اُن کی آئندہ بہتری کی نسبت اُمید ہے۔

نوگرہوں کے جنتر

سورج			منگل			بدھ		
۶	۱	۸	۸	۳	۱۰	۹	۴	۱۱
۷	۵	۳	۹	۷	۵	۱۰	۸	۶
۲	۹	۴	۴	۱۱	۶	۵	۱۲	۷
برہسپت			**شکر**			**سنیچر**		
۱۰	۵	۱۲	۱۱	۶	۱۳	۱۲	۷	۱۴
۱۱	۹	۷	۱۲	۱۰	۸	۱۳	۱۱	۹
۶	۱۳	۸	۷	۱۴	۹	۸	۱۵	۱۰
راہو			**کیت**			**چندرماں**		
۱۳	۸	۱۵	۱۴	۹	۱۶	۷	۲	۹
۱۴	۱۲	۱۰	۱۵	۱۳	۱۱	۸	۶	۴
۹	۱۶	۱۱	۱۰	۱۷	۱۲	۳	۱۰	۷

(۱۸) پریشانی کے خیالات ترک کردو۔ اب وہ وقت آگیا ہے کہ تم کو آرام اور خوشی ملے گی۔ (۱۹) تمہیں خوشی کا مقام ہے کہ تمہارے حالت کسی وسیلہ سے بہتر صحبت اختیار کرنے والے ہیں۔ (۲۰) یہ مشکل دلالت کرتی ہے کہ تم اپنی کوشش میں مصروف ہو۔ ضرور فائدہ اٹھاؤ گے۔ (۲۱) تمہارے حالات عجیب قسم پر چکر کھا رہے ہیں۔ ان کی نسبت تمہاری رائے ایک ماہ کے عرصہ تک بدل جائے گی۔ (۲۲) تم کو جلد ہی ایک ایسی خبر ملے گی جو تمہارے حق میں ہوگی اور تمہاری خواہشات کو تیز کردیگی۔ (۲۳) تم عرصہ سے پریشان ہو۔ تمہارے کاروبار میں چند دنوں تک اضافہ ہوگا۔ جس سے تم کو فائدہ ہوگا۔ (۲۴) وقت آنے والا ہے۔ تمہاری خواہش ضروری پوری ہوگی۔ (۲۵) تم کو یقین دینے والی زمہ دار پوزین ہے۔ تم اس کو منظور کرلو۔ اس کے ذریعہ تمہار مطلب راہی پر آئیگا۔ (۲۶) غیر ضروری معاملات پر اپنا وقت اور دماغ ضائع مت کرو۔ عزت اور مسرت تمہارے ساتھ رہے گی۔ (۲۷) قسمت کے ستارہ اچھا ہے۔ جن حالات سے تم ڈرتے ہو وہ پیدا ہی نہیں ہونگے۔ (۲۸) تم اپنے کام میں مستعد رہو۔ لیکن معاملات پر تم کو دخل نہیں۔ ان کو اپنے حال پر چھوڑ دو، وہ خود بخود ٹھیک ہوجائیں گے۔ (۲۹) جب تم یہ محسوس کرتے ہو کہ تمہاری قسمت گردش میں ہے تو پھر تم اس مارگ پر کیوں چلے ہو۔ جس میں تمہیں نقصان ہوتا ہے۔ (۳۰) جب تم یہ سمجھتے ہو کہ تم راس پو ہو تو پھر اپنے وچار پر مضبوط رہو۔ گھبرانا تمہیں جائز نہیں۔ (۳۱) یہ توقع مت کرو کہ تمہاری خواہش پوری نہیں ہوگی۔ تم اپنی کوشش اس کے لئے برابر جاری رکھو۔ آثار واضح پائے جاتے ہیں کہ تمہاری خواہش ضرور پوری ہوگی۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلادیش بابت جنوری ۲۰۱۴ء

میکھ راشی (Aries)۔(چو، چے، چ، لا، لی، لو، لے، آ)

سال کے شروع سے ۱۱ جولائی تک میکھ راشی پر کیتو کی گردش رہیگا۔ اسکے علاوہ ماہ کے شروع سے یکم نومبر تک سنیچر کی ناقص نظر بھی رہیگی۔ اسکے زیر اثر سال کا پہلہ حصہ تناؤ اور الجھنوں سے بھرا ہوا رہیگا۔ ۴ فروری سے راشی کے مالک منگل کی اپنی نظر ہونے سے کچھ بگڑے کام بنیں گے۔ لیکن اقتصادی پریشانیاں برقرار رہیں گی۔ ۴ ستمبر تک منگل کی نظر ہونے سے اخراجات بڑھیں گے اور بڑی مشکل سے آمدن کے ذریعات بنیں گے۔ ۵ ستمبر سے ۲۶ نومبر تک آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے۔ ۲۷ نومبر کے بعد حالات میں بہتری ہوگی۔

برکھ (Taurus) (ی، ای، او، اے، وی، بے، بو)

سال کے شروع ۱۴ جنوری سے ۳۱ جنوری تک راشی کا مالک شکر وکری حالت میں آٹھویں خانہ میں گردش سے بنتے کاموں میں دیری اور اڑچنیں، دھن کا نقصان اور خرچوں بڑھوتری ہوگی۔ ۲۶ فروری سے ۳۱ مارچ تک شکر نویں یعنی نصیب کے خانہ میں ہونے سے گذارے یوگ آمدن کے ذریعات بنیں گے۔ ۲۷ اپریل سے شکر اوچ راشی یعنی مین راس میں گردش ہونے سے لابھ کے چانس بنیں گے۔ مختلف کاموں پر خرچوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ ۲۵ ستمبر سے ۱۸ اکتوبر کے عرصہ میں شکر کنیا راشی یعنی نیچ (ناقص) حالت میں گردش ہونے سے کشمکش کن حالات ہونگے۔ کسی سے دھوکہ ملنے کے آثار ہیں۔ اچانک خرچ بڑھینگے۔

میکھ اس راشی پر اپنی نظر پڑنے سے مبارک کاموں پر خرچ زیادہ ہونگے۔ مان عزت میں اضافہ ہوگا۔ دھرم کرم میں دلچسپی بڑھے گی۔ آمدن اور آرام کے ذریعات میں اضافہ ہوگا۔

برکھ شروع میں شکر ۸ میں ہونے سے فضول کے سفر میں پریشانی اور خرچ زیادہ ہوگا۔ بھاگ دوڑ کے بعد بھی گذارے لائق دھن ملنے میں تاخیر ہوگی۔ رکاوٹیں پیدا ہونگے۔

متھن آرام کم اور الجھنیں زیادہ رہیں گی۔ کاروبار میں بھی رکاوٹوں کا سامنا رہیگا۔ اور بھائیوں کا سکھ قلیل مدتی رہیگا۔ شروع کی ششماہی میں گذارے لائق آمدن کے ذرائع ہونگے۔

کرک نوکری میں ترقی اور تبادلہ ہوگا۔ کاروباری فائدہ ملے گا۔ کچھ نئے سرمایہ کاری کے پلان بنیں گے۔ ۱۲ سے اچانک خرچ اور فضول یاترا کے یوگ ہیں۔ دوست اور سمبندھی سے تناؤ کا خدشہ بنا رہیگا

سنگھ کاروبار میں فائدہ۔ صحت میں کچھ سدھار۔ تعلیم یا اولاد کی طرف سے کوئی خوشخبری۔ کسی نئے کام کا پلان بنے گا۔ بیچ بیچ میں صحت سے متعلق پریشانیاں رہیں گی۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ تناؤ رہیگا۔

کنیا آرام کم پریشانیاں زیادہ۔ عزیزوں سے رنجش بغض مورخانہ داری میں کچھ ایسے رنجیدہ اور نقصانات واقعات پیش آسکیں گے۔ جس کا وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔ طبیعت میں پریشانیاں ہونگی۔

تلا اس راشی پر سنیچر راہو کی گردش ہوگی۔ کافی مواقع کے باوجود مناسب فائدہ ملنے میں تاخیر ہوگی۔ امیدوں میں کامیابی اور سرکاری کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ محنت کرنے پر الجھے کام بنیں گے

برشچک اس راشی پر ساڑھ ستی کا اثر ہونے سے بھاری جدوجہد کے بعد ہی گذارے لائق آمدن کے ذرائع بنیں گے۔ منگل کی نظر رہنے سے گھریلو الجھنوں میں پریشان رہیگا۔ عیاشی کے کاموں پر خرچ ہو۔

دھن بہت زیادہ محنت کرنے پر بھی آمدن تھوڑی رہیگی۔ اولاد کے بارے میں تشویش۔ شرکت کے کاموں میں نقصان ہوگا۔ اچانک کسی بگڑے کام کے پورا ہوجانے سے خوشی کا ماحول بن جائیگا۔

مکر خاص لوگوں کے تعاون سے کسی اہم کام ہونے کے یوگ بنیں گے۔ نوکری میں ترقی ہوگی لیکن فضول کا تناؤ رہیگا۔ خرید وفروخت کرتے وقت عقلمندی اور شعور سے کام لیں۔

کنبھ پریشان کن حالات کے باوجود گذارے لائق آمدن کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ کسی نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔ مگر راس پر منگل کی گردش کی وجہ سے دماغی تناؤ اور الجھنیں اچانک خرچ بڑھیگا۔

مین ماہ کے شروع میں منگل کی زیر نظر ہے کاروبار میں اتھل پتھل رہیگا۔ کسی نئے کام کا پلان بنے گا۔ لیکن ابھی ایک دو ماہ تک عملی شکل نہیں مل پائیگی۔ کسی پیارے بھائی کو جسمانی تکلیف۔ اچانک سفر پیش ہو۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلادیش بابت فروری ۲۰۱۴ء

میکھ اس راشی پر منگل کی اپنی نظر ہونے سے ماہ کے شروع میں جوش وخلوص میں اضافہ ہوگا۔ آمدن کے ذریعات بھی بڑھیں گے۔ مگر خرچوں میں بھی اضافہ ہوگا ۱۵ کے بعد پریشانیاں وخرچ بڑھیں گے۔

برکھ شکر آٹھویں خانہ میں ہونے سے صحت خراب اور آنکھوں میں تکلیف رہیگا۔ ہوشیار رہیں۔ تا ۲۴ سے ۲۵ کو کچھ مالی تنگی اور گھریلوں پریشانیاں رہیں گی۔ ماہ کے آخر میں کاروبار میں ترقی ہوگا

متھن آمدن کی حالت برھم رہیگا اور فضول خرچی بھی بڑھے گی۔ ذراعتی مشکلات کی وجہ سے دماغی تناؤ اور فکرمندی رہے۔ ماہ کے دوسرے حصہ میں حالات کچھ بہتر ہونگے۔ تعلیم یافتہ کے لئے جدوجہد ہوگا

کرک بہت زیادہ محنت کے باجود گذارے لائق ہی دھن ملے گا۔ شنی اور منگل کی بُری طرح سے بنتے کاموں میں رکاوٹ اور تاخیر ہوگی۔ خرچ کی زیادتی سے من دکھی اور پریشان رہیگا۔

سنگھ کاروبار کی حالت مدھم رہیگا۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے۔ نااُمیدی کے خیال بڑھیں گے۔ اور صحت بھی ٹھیک نہ رہیگا۔ پیٹ میں گڑبڑ اور آنکھوں میں تکلیف کا ڈر۔

کنیا تا ۶ کو بدھ وکری ہونے سے حالات میں کچھ تبدیلی ہوگی۔ گھر میں اچھے اور دھارمک کام ہونگے۔ کرم کی طرف دلچسپی بڑھے گی۔ ترقی اور دھن کے فائدے کے مواقع ہونگے۔

تلا کاروبار میں لابھ ترقی کے چانس بنیں گے۔ مان عزت میں اضافہ ہوگا۔ کوئی خوش خبری ملے گی۔ ایک کام پر خرچ ہوگا۔ کسی عزیز کے ساتھ تعلق بنیں گے شنی ساڑھ ستی کی وجہ سے گھریلو پریشانیاں

برشچک ساڑھ ستی ہونے سے بہت زیادہ محنت کے بعد معمولی فائدہ ہوگا۔ اولاد اور والدین کی طرف سے تعاون ملے گا۔ شرکت کے کاموں میں نقصان ہوگا۔ اچانک سفر اور فضول کے کاموں میں دھن خرچ۔

دھن گذارے مطابق آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ مگر اس راشی پر سنیچر کی نظر پڑنے سے حالات جدوجہد کن رہیں گے۔ آرام کم اور دوڑ دھوپ زیادہ رہیگی۔

مکر کاروباری کاموں میں کامیابی ملے گی۔ نئے پلان بنیں گے۔ محنت کرنے سے کام پورا ہوگا۔ مہینے کے آخر میں جسمانی اور ذہنی تناؤ سے بچیں رکھیں گے۔ جسمانی تکلیف کا ڈر رہیگا۔

کنبھ کاروباری فائدے میں اضافہ ہوگا۔ نئے پلانوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ دھارمک کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ پتنی اور اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ ماہ کے آخر میں صحت خراب۔

مین دشمن مغلوب رہیں گے۔ کاروبار کی حالت بہتر۔ مایوس اُمیدوں میں کچھ کامیابی ہو سفر پیش آئے۔ بعض امورات دنیاوی کے متعلق خوش خبری کا پیغام بھی ملے گا۔ آمدنی کم عزت بڑھ جائے۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت مارچ ۲۰۱۴ء

متھن راشی (Gemini)۔(ک، کی، کو، کے، ہی، ہا)

سال کے شروع سے ۶ مارچ تک اس راشی پر برہسپت وکری حالت میں گردش کریگا۔ اُلجھنوں کے باوجود گزارے لائق دھن۔ حصولی کے ذریعات بنیں گے۔ گھر میں کوئی مبارک کام ہوگا۔ تا ۴ر سے ۱۹راپریل تک راشی کا مالک بدھ نیچ (شرف) حالت میں ہونے سے صحت میں گڑبڑ، دھن دولت کی فضول خرچی اور حادثات کا ڈر ہے۔ چوکسی برتیں۔ ۲۳ مئی سے ۲۰ ستمبر تک متھن راشی کا مالک بدھ اچھی پوزیشن میں ہونے سے بگڑے کاموں میں بہتری۔ دھن حصولی کے چانس بنیں گے۔ کہیں اونچے عہدہ کے لوگوں کے ساتھ رابطہ قائم ہوگا۔ بدیش جانے کا منصوبہ بنے گا۔

کرک راشی (Cancer) (ہی۔ ہو۔ ہے۔ ڈا۔ ڈی۔ ڈے)

سال کا نصف حصہ خاص طور پر جدوجہد اور پریشانی کن حالات والا ہوگا۔ یکم نومبر تک اس راشی پر سنیچر کی ڈھیہ کا ناقص اثر رہیگا۔ اس عرصہ میں گھریلو اُلجھنیں بڑھیں گے۔ ۱۴ جنوری سے ۱۲ فروری کے درمیان اُلجھنوں کے باوجود گذارے لائق آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ ۱۳ فروری سے ۱۴ مارچ سورج آٹھویں ہونے سے بڑی مشکل سے دھن حاصل ہوگا۔ ۱۵ مارچ سے سورج بھاگیہ مقام پر ہونے سے اونچے طبقہ کے لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے۔ ۱۹ جون سے برہسپت (نصیب کا مالک) اوچ راشی (کرک) میں ہونے سے کچھ بگڑے کام بنیں گے۔ ہر ویروار کو مقدس مقام پر پیلی مٹھائی کی خیرات بانٹیں۔

میکھ ماہ کے شروع میں اس راش پر سنیچر کی ناقص نظر ہونے سے بنتے کاموں میں رکاوٹیں ہونگی۔ اور کاموں میں دیری ہوگی۔ نوکری میں دھوکہ ملنے کے امکان ہیں۔ خرچوں میں بڑھوتری من میں پریشانی، جسمانی تکلیف

برکھ ماہ کے شروع میں اس راشی پر منگل کی ناقص نظر پڑ رہی ہے۔ جس سے گھریلو اُلجھنوں بڑھیں گی۔ آمدن کے ذریعات میں بھی رکاوٹیں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ خرچ بھی زیادہ رہیگا

متھن کاروبار کی حالت نارمل رہے گی۔ آمدن کم خرچ زیادہ رہیگا۔ عورت و اولاد کی طرف سے پریشانی۔ ششمائی میں رقم کا نقصان کسی اعلےٰ افسر سے مخالفت پیدا ہوگی۔ پریوار میں تناؤ اور اُلجھنیں رہیں گے

کرک دھن لابھ۔ معمولی۔ خرچ زیادہ۔ صحت میں خرابی۔ خون کف، پت، سردرد وغیرہ بیماریاں ہوں گی۔ برتاؤ میں تیزی بنی رہے گی۔ جس سے کئی کام بگڑیں گے۔ کسی سے دھوکہ ملنے کے آثار

سنگھ ماہ کے شروع میں زمین اور گاڑی خریدنے کا پلان بنے گا۔ ازدواجی تعلقات میں جوش تعاون اور سکھ ملے گا۔ دیر سے چل رہا کوئی مسئلہ حل ہو جائے گا۔ بدی یاتر کے یوگ ہیں۔

کنیا اس ماہ کاروباری حالت مدھم رہیگا۔ اچھے کاموں میں خرچ ہوگا۔ نئے نئے پرستاؤ زیر غور ہونگے۔ امیدوں کے مطابق کامیابی ملنے کے مواقع ہیں۔ سنی ساڑھ ستی کی وجہ سے جدوجہد رہیگا

تلا اس ماہ میں دھرم کرم میں دلچسپی بڑھے گی۔ آلسیہ میں اضافہ اور صنعت میں جزوی کامیابی۔ بنتے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہونگے۔ فضول خرچی بڑھے گی۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

برشچک راشی کا مالک منگل گردش سے مشکلات باوجود گذارے لائق آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ کسی نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔ نئے دوست کے ساتھ تعلقات بنیں گے۔ غیر ملکی کام میں بہتری۔

دھن فضول کی دوڑ دھوپ زیادہ رہیگا۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ رہیگا۔ مالی اور خاندانی اُلجھنوں کی وجہ سے من دکھی رہیگا۔ بعد کی ششماہی میں دھن ملنے کے ذرائع بنیں گے۔

مکر ماہ کے پہلے حصہ میں اچھا اثر رہیگا۔ کسی دوست کی مدد سے کوئی رُکا ہوا کام بنے گا۔ پریوار کے سکھ میں اضافہ ہوگا۔ دوئم حصہ میں بہت محنت کرنے پر بھی معقول دھن کا فائدہ نہیں ہو پائیگا۔

کنبھ کسی نئے کام کا پلان بنے گا۔ کاروبار میں ترقی اور دھن لابھ کے راستے ہموار ہونگے۔ شنی ساڑھ ستی کی وجہ سے ذہنی تناؤ اور تشویش رہیگی۔ پریوار اور کسی خاص دوست کا تعاون ملنے سے رکا کام بنیگا۔

مین اس ماہ کے کاروبار میں غیر یقینی رہیگا۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ رہیگا۔ لیکن جدوجد کی طاقت مضبوط ہوگی۔ اچانک کسی بگڑے ہوئے کام کے بن جانے سے خوشی کا ماحول رہیگا۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت اپریل ۲۰۱۴ء

میکھ عزت مان میں اضافہ ہوگا۔ مشکلات کے باوجود گذارے لائق دھن لابھ کے موقعہ حاصل ہونگے۔ دوئم حصہ میں کنبہ میں خوشی کی خبریں ملتی رہیں گے۔ گھر میں کسی مبارک کام پر خرچ ہونگے

برکھ رُکاوٹوں کے باوجود کاموں میں کامیابی ملیں گے۔ کسی سے تکرار کے حالات پیدا ہونگے۔ ماہ کے آخر میں کسی غلط آدمی سے پریشانی آسکتی ہے۔ اچانک خرچ بڑھیں گے۔

متھن راشی پر سنیچر کی نظر ہے۔ نوکری اور کاروبار میں جدوجہد کرنا پڑیگا۔ بہت زیادہ بھاگ دوڑ کرنے پر بھی آمدنی سے زیادہ خرچ ہوگا۔ کچھ اندرونی دقتیں بڑھیں گی۔ صبر سے کام کرنے پر ہی فائدہ

کرک فضول کی بھاگ دوڑ زیادہ رہے گی۔ بہت جدوجہد کے باوجود گزارے لائق آمدنی حاصل ہوگی۔ من پریشان اور بے چین رہیں گے۔ اپنے بھی بیگانے جیسا برتاؤ کریں گے۔

سنگھ کاروبار کی حالت نارمل رہیگی۔ آمدن کم خرچ زیادہ رہیگا۔ عورت و اولاد کی طرف سے پریشانی۔ ششمائی میں رقم کا نقصان کسے اعلیٰ افسر سے مخالفت پیدا ہوگی۔ پریوار میں تناؤ اور اُلجھنیں ہونگے

کنیا اس راشی پر شنی ساڑھ ستی کی وجہ سے عام طبقے کو مشکل حالات کا سامنا بہت کوشش کرنے پر گذارے لائق دھن ملے گا۔ کچھ جھگڑے ذہنی پریشانی کی وجہ بنے گی۔ شری درگا پاٹھ کرن شبھ ہوگا

تلا اس ماہ میں صحت خراب سردرد آنکھوں میں تکلفی ہوگا۔ کچھ مالی تنگی کا بھی سامنا کرنا پڑیگا۔ کنبہ میں نزدیکی رشتہ داروں سے فضول کا تناؤ ہوگا۔ ماہ کے آخر میں اچانک سفر کرنے کے آثار ہیں۔

برشچک کسی دوست کی مدد سے رُکا ہوا کام بنے گا۔ کنبہ کے خوشی میں اضافہ ہوگا۔ جدوجہد کے بعد مالی فائدہ نہیں ہوگا۔ فضول کاموں پر خرچ زیادہ ہوگا۔ آپس میں من مٹاؤ رہیگا۔

دھن سنیچر کی تیسری نظر پڑنے سے جسمانی تکلیف، پیٹ اور سر میں درد رہیگا۔ اُلجھنیں اور مسائل اُبھرتے اور سمٹتے رہیں گے۔ فضول خرچی بڑھے گی۔ فضول جھگڑے سے بچیں۔

مکر کسی دھارمک کام پر دھن خرچ ہوگا۔ زیادہ وقت تفریحی کاموں میں گذرے گا۔ من میں جوش اور خوشی ہولی۔ سوچے سمجھے پلانوں میں جزوی کامیابی ملے گی۔

کنبھ ماہ کے شروع بہت دقتوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ فضول بھاگ دوڑ زیادہ رہیگا۔ پوشیدہ فکر میں اضافہ اور فضول خرچی بڑھے گی۔ ماہ کے آخر میں کوئی بگڑ کام بنیگا۔

مین کوشش کرنے پر فائدے پہلے سے بہتر ہونگے۔ مختلف دقتوں کے حل ہونے کے موقع ملیں گے۔ کنبہ میں نزدیکی رشتہ داروں سے من مٹاؤ رہیگا۔ ماہ کے آخر میں کسی دھوکہ ملنے کے آثار ہیں۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت مئی ۲۰۱۴ء

سنگھ راشی (Leo)۔(م،می،مو۔ے۔ٹا۔ٹو۔ٹے)

سنگھ راشی کا مالک سورج پانچویں خانہ میں چندر، بدھ، گرہوں کے ساتھ بیٹھا ہے۔اس پر برہسپت گرد کی نیک نظر اور سنیچر، منگل کی ناقص نظریں پڑ رہی ہیں۔اس کے زیر اثر بہت محنت کرنے پر بھی آمدنی محدود رہیں۔۱۲ فروری سے کچھ گزارے لائق دھن کے ذریعات بنیں گے۔۱۵ مارچ سے ۱۳ اپریل کے درمیان سورج آٹھویں مقام پر گردش ہونے سے بنتے کاموں میں اڑچنیں ہونگی۔اور صحت خراب رہیگی۔۱۳ اپریل سے ۱۴ مئی کے وقفہ میں راشی کا مالک سورج اوچ حالت میں ہونے سے ترقی اور دھن حصولی کے موقعہ ملیں۔سال کے دوئم حصہ میں دھن کا نقصان گھریلو پریشانی ہوگی۔چوٹ وغیرہ لگنے کا ڈر۔سورج دیوتا کی عبادت کرنا اچھا ہوگا۔

کنیا راشی (Virgo) (پا۔پو۔پی۔کھ۔ن۔پے)

اس راشی پر سنیچر کی ساڑھ ستی کا ناقص اثر یکم نومبر تک رہیگا۔سال کے شروع ۸ جنوری سے راشی کا مالک بدھ پانچویں خانہ میں گردش کر رہا ہے جس سے مستقبل کے متعلق خاص منصوبہ بنیں گے۔۲۶ جنوری سے ۱۷ فروری تک بدھ کنبھ راشی میں ہونے سے سکھ سادھنوں میں اضافہ اور نیک کاموں میں خرچ ہونگے۔۴ اپریل سے ۱۹ اپریل کے درمیان بدھ ساتویں خانہ میں ہونے سے گھریلو پریشانیاں بڑھیں گے۔آمدن کی نسبت خرچ زیادہ۔۲۰ اپریل سے ۳ مئی تک صحت کے متعلق پریشانیاں ہونگی۔۲۲ مئی سے ۲۸ جولائی تک خاص چنوتیوں کا سامنا ۱۲ جولائی سے سال کے آخر تک راہو کنیا راشی میں گردش کریگا جس سے صحت کے مسائل پیدا ہونگے۔آنکھوں اور سردرد کی وجہ سے پریشانی۔مویشیوں کے اسپتال میں چارہ ڈالنا اور مانس میٹ سے پرہیز اچھا ہوگا۔

میکھ اس راشی پر سنیچر کی نظر ہونے سے جسمانی تکلیف اور دماغی تناؤ زیادہ رہیگا۔ اچانک دھن کے اخراجات بھی زیادہ ہونگے۔ بنتے کام میں اڑچنیں پیدا ہونگے۔

برکھ راشی کا مالک شکر اوچ ہے۔ کاروباری کاموں میں کامیابی۔ نئے پلان بنیں گے۔ محنت کرنے سے فائدہ ہوگا۔ مہینے کے آخر میں جسمانی اور ذہنی تناؤ بے چین رکھیں گے۔ خرچ زیادہ ہوگا۔

متھن شروع میں برہسپت کی گردش ہے گھر پریوار میں خوشگوار ماحول ہونگے۔ کوئی پوشیدہ فکر رہیگی۔ تاریخ ۱۰ سے منگل کی وجہ سے فضول کے جھگڑے اور تکرار سے بچیں۔ آخر میں صحت خراب کا ڈر

کرک راس راشی پر شنی کی ڈھیہ کا اثر ہونے سے پریوار کی مالی الجھنیں بڑھیں گے۔ گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے من دکھی۔ آرام کم اور بھاگ دوڑ زیادہ رہے۔ گاڑی چلاتے وقت چوٹ کا ڈر ہے۔

سنگھ بھاری جدوجہد کے بعد دھن لابھ اور کامیابی کے آثار بنیں گے۔ غیر ضروری دھن خرچ ہوگا۔ شرکت کے کاموں میں نقصان۔ کسی اپنے آدمی کے تعاون سے زمین کا جھگڑا سلجھے گا۔

کنیا ماہ کے نصف میں گزارے لائق دھن حاصل ہوگا۔ جوش میں اضافہ اور صنعت میں جزوی کامیابی حاصل ہوگی۔ منگل کی نظر کی وجہ سے بلاوجہ غصہ اور ذہنی الجھنیں رہیں گی۔ خرچ زیادہ ہوگا۔

تلا ماہ کے شروع میں ہی اس راشی پر منگل کی نظر پڑنے سے دماغی تناؤ رہے۔ دھن کا نقصان اور بنتے کاموں میں اڑچنیں۔ جسمانی تکلیف اور بلاوجہ سفر کرنا پڑیگا غیر ملکی لوگوں کے ساتھ رابطہ قائم ہوگا۔

برشچک کاروباری یا نوکری کے کاموں میں کامیابی ملے گا۔ نئے پلان بنیں گے۔ محنت کرنے سے کام پورا ہوگا۔ مہینے کے آخر میں جسمانی اور ذہنی تناؤ بے چین رکھیں گے۔ خرچ زیادہ ہوگا۔

دھن مہینے کے شروع میں کاروبار میں چیلنج کا سامنا ہوگا۔ بھرپور محنت اور خیر خواہوں کے تعاون سے ہی مطلوبہ کامیابی ممکن ہوئی۔ عورت اور اولاد کے متعلق تشویش رہیگا۔

مکر فضول کے بھاگ دوڑ زیادہ۔ گھریلو الجھنیں پیدا ہونگے۔ والدین کے تعاون سے حالات بدلیں گے۔ سفر پر خرچ ہوگا۔ عورتوں کو گھریلو فکر ہوگی۔ دھارمک کاموں دلچسپی بڑھے گی۔

کنبھ مالی حالات بہتر ہونگے۔ کاروبار میں مصروفیات بنیں گے۔ اپنے ادارے میں عزت میں اضافہ ہوگا۔ غیر ملکی کاموں کے متعلق کچھ کامیابی حاصل ہوگی۔ دوئم حصہ میں اچانک خرچ بڑھیں گے۔

مین ماہ کے شروع میں شکر اوچ کا ہونے سے رکاوٹوں کے باوجود کاموں میں کامیابی ملے گی۔ اس راشی پر سورج کی نظر ہونے سے آنکھوں میں تکلیف رہیگا۔ ذرائع میں اضافہ اور کاروبار میں کامیابی ملے گی۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت جون ۲۰۱۴ء

میکھ ماہ کے شروع میں اس راشی پر منگل کی نظر ہے جس سے رُکے ہوئے کچھ اہم کاموں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ مذہبی باتوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ منافعہ اور ترقی کے موقعہ حاصل ہونگے۔ زمین مکان پر خرچ ہو

برکھ ماہ کے شروع میں راشی کا مالک شکر بارہویں خانہ میں ہے۔ گذشتہ کی گئی کوششوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ زمین سواری وغیرہ کی خوشیاں حاصل ہونگی۔ کسی عزیز سے ملاقات ہوگی۔ خرچ زیادہ ہو

متھن ماہ کے شروع میں اس راشی پر برہسپتی کی گردش ہونے سے بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ گھریلو اور کاروباری ادارے پر اخراجات زیادہ ہونگے۔ کسی نزدیکی سے دھوکہ ملنے کے امکان ہیں۔

کرک ماہ کے شروع میں ہی اس راشی پر شنی کی ڈھیہ کا اثر ہے۔ زیادہ محنت کرنے پر بھی امید کے مطابق فائدہ نہیں ہوگا۔ کاروبار میں ترقی کے موقع ملیں گے۔ لیکن گھریلو الجھنیں ہونگے۔

سنگھ بہت زیادہ محنت کے بعد گذارے لائق آمدن کے ذریعات بنیں گے۔ دھرم کے کاموں میں رجحان بڑھے گا۔ دوئم حصہ میں آمدن کم اور خرچ زیادہ گھریلو اور کاروباری الجھنیں دماغی تناؤ ہوگا

کنیا ماہ کے شروع میں بہت محنت اور جدوجہد کے بعد دھن لابھ کے چانس بنیں گے۔ شنی ساڑھ ستی کی وجہ سے دماغی تناؤ اور گھریلو الجھنیں بڑھیں گے۔ بگڑے کام میں کچھ سدھار ہونے کے امکان

تلا اڑچنوں کے باوجود لابھ اور ترقی کی چانس ملیں گے۔ غیر ملک کے ساتھ رابطہ قائم ہوگا۔ شکر منگل کا یوگ ہونے سے بار بار اڑچنوں کا سامنا ہوگا۔ اچانک خرچ بھی زیادہ ہوگا۔

برشچک بہت دوڑ دھوپ کے بعد اور پریوار کی مدد سے خاص میں کامیابی۔ گھر پریوار میں خوشگوار ماحول ہوگا۔ دشمن اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں گے۔ دوستوں سے میل جول فائدہ مند رہیگا۔

دھن مالی حالت میں کچھ سدھار ہوگا۔ آمدنی میں اضافہ کے ساتھ خرچ بھی زیادہ ہوگا۔ گھریلو الجھنوں سے من تھوڑ پریشان رہیگا۔ نیک کاموں میں جوش پیدا ہوگا۔ سرکار کی طرف سے پریشانی ہوگی۔

مکر عزت بڑھے گی۔ محنت اور جدوجہد کے بعد مالی فائدہ ہوگا۔ نئے کام مین روپیہ لگانے کا منصوبہ بنے گا۔ صبر تحمل سے کام لیں۔ عیش عشرت پر خرچ زیادہ ہوگا۔ فضول فکر اور تناؤ رہیگا۔

کنبھ گزارے لائق آمدنی کے ذرائع بنیں گے لیکن خرچ بھی زیادہ رہیگا۔ نزدیکی رشتہ دار کے مدد سے کچھ بگڑے کاموں میں بہتری ہوگی۔ ماہ کے دوئم حصہ میں خرچ زیادہ۔ نئے کام میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔

مین کاروبار میں لین دین کرتے وقت مالی نقصان اور دھوکہ ملنے کے آثار ہیں۔ غیر ملکی کاموں میں ترقی نہیں کے برابر ہوگی۔ کنبہ میں مالی تنگی اور تناؤ کا سامنا رہیگا۔ کچھ بگڑے کام بنیں گے۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت جولائی ۲۰۱۴ء

تلا راشی (Libra) ۔(ر۔ری۔رو۔رے۔تا۔تی۔تو۔تے)

سال کے شروع سے تلا راشی پر شنی اور راہو کا گردش ہے۔ راہو کا سنچار اس راشی پر تاریخ ۱۱ جولائی تک اور شنی کا گردش انومبر تک رہیگا۔ شنی ساڑھ ستی کا اثر سال بھر رہیگا۔ ۱۸ جون تک اس راشی پر شکر کی شبھ نظر رہیگی جس سے دھن لابھ اور ترقی چانس بنیں گے۔ مگر راہو کی وجہ سے بنتے کاموں میں اڑچنیں اور خرچ بھی زیادہ ہوگا۔ کاروبار سے متعلق دوڑ دھوپ زیادہ رہیگی۔ تاریخ ۳ فروری ۲۴ مارچ تک اس راشی پر منگل بھی گردش کریگا۔ جس سے غصہ جوش زیادہ ہوگی۔ اچانک خرچ بھی زیادہ بڑھیگا۔ گاڑی وغیرہ ہوشیاری سے چلائیں۔ حادثہ میں زخمی ہونے امکان۔

برشچک راشی (Scorpio) (تو۔ن۔نی۔نو۔نے۔یا۔یو)

اس راش پر شنی ساڑھ ستی کا ناقص نظر رہی گی۔ سال کے پہلے حصہ میں آمدنی کم اور جدوجہد زیادہ۔ خرچ بھی بہت بڑھ جائیگا۔ نزدیکی لوگ پرائے جیسا برتاؤ کریں گے۔ تاریخ ۱۹ جون سے شکر کی برشچک راشی پر خاص نظر رہیگی۔ کچھ بگڑے ہوئے کام بنیں گے۔ دھرم کرم میں دلچسپی بڑھیگی۔ تاریخ ۵ ستمبر ۱۷ اکتوبر کے درمیان راشی کا مالک منگل اسی راشی میں ہر گردش کریگی۔ آمدنی کے ذرائع حاصل ہونگے۔ مگر ۱۸ اکتوبر سے ۲۶ نومبر تک منگل دوسرے دشمن راشی میں ہونے سے آمدن کم خرچ زیادہ ہونگے۔ اونچے عہدے والوں سے تعلقات بنیں گے۔

میکھ ماہ کے شروع میں اس راش پر منگل کی نظر ہوگی۔ گھر میں کوئی مبارک کام انجام ہوگا۔ دھن لابھ اور ترقی کے چانس بنیں گے۔ کسی نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔ اچانک اخراجات بڑھیں گے۔ منگلوار کا برت شبھ ہوگا

برکھ ماہ کے شروع اس راس پر شکر کی گردش ہوگی۔ خاص جدوجہد کے بعد دھن لابھ ہوگا۔ کاروبار درمیانہ رہیگا۔ گذارے لائق آمدن کے ذرائع بنیں گے۔ اچانک خرچ زیادہ ہوگا۔

متھن ماہ کے شروع میں اس راس پر سورج کی دوستانہ گردش ہونے سے گذارے لائق آمدن کے ذرائع بنیں گے۔ سواری وغیرہ کے سکھ بھی حاصل ہونگے پریوار کے متعلق کچھ فکرمندی بھی ہوگی۔

کرک اس راشی پر برہسپت اوچ حالت میں گردکر رہا ہے۔ اس ماہ کاروبار میں فائدہ اور ترقی کے موقعہ ملیں گے۔ اچھے لوگوں کے ساتھ تعلقات پیدا ہونگے۔ دھرم کرم کی جانب رجحان بڑھے گا۔

سنگھ ماہ کے پہلے حصہ میں آمدن کم اور خرچ زیادہ رہیں گے۔ گھریلو پریشانیاں بھی بڑھیں گے دوئم حصہ میں بھاگیہ کا مالک سورج اوچ راشی میں آنے سے بگڑے کام میں سدھار اور ترقی کے یوگ ہیں

کنیا سنیچر کی ساڑھ ستی کے زیر اثر جدوجہد زیادہ ہوگی۔ خرچ زیادہ اور دھن کی آمد تھوڑی ہوگی۔ بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ من بے چینی بڑھیگی۔ ماہ کے دوئم حصہ میں کاروبار میں اڑچنیں، تناؤ ہو

تلا اس راشی پر شنی کی ساڑھ ستی کا اثر چل رہا ہے۔ جس سے مالی حالت غیر یقینی ہونگے۔ گذارے لائق آمدن کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ اور اخراجات بھی بہت بڑھیں گے۔ گھریلو اور کاروباری پریشانی۔

برشچک ماہ کے شروع میں اس پر سنیچر کی تیسری نظر پڑنے سے جسمانی تکلیف، پیٹ اور سر میں درد، بہت پریشانی ہوگی۔ الجھنیں اور مسائل بڑھیں گے۔ خرچ زیادہ فضول کے جھگڑوں سے بچیں۔

دھن ماہ کے شروع میں اس راشی کے مالک برہسپت اپنی اوچ راشی میں گرد ہونے سے کچھ ادھورے کام پورے ہونگے۔ نوکری میں ترقی یا کاروار میں دھن لابھ کے موقعہ۔ ویروار کو برت رکھنا شبھ ہوگا

مکر اس ماہ کے نصف حصہ میں آمدن کم اور خرچ زیادہ ہوگا۔ بنے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہوگی۔ صحت بھی ٹھیک نہ رہے۔ دوئم حصہ میں بگڑے کاموں میں سدھار ہوگا۔ گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنیں گے۔

کنبھ کاروبار کی نظر میں اس ماہ کا اثر اچھا رہیگا۔ رکاوٹوں کے باوجود لابھ و ترقی کے موقع حاصل ہونگے۔ اس راشی کے طالب علموں کو امتحان مں اچھی کامیابی کے لئے محنت کے ساتھ گائتری منتر مبارک

مین کاروبار میں دھن کی آوا جاہی اور بہتر ہوگی۔ معاملہ میں کوئی خوش خبری کا پیغام ملے گا۔ بعض بگڑے کام ٹھیک ہو جائیں گے۔ راج دربار سے فائدہ و عزت دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت اگست ۲۰۱۴ء

میکھ منگل کی اچھی نظر ہونے سے بگڑے کاموں میں بہتری ہوگی۔ گھر میں کوئی مبارک کام انجام ہوگا۔ اونچے لوگوں کے ساتھ تعلق پیدا ہونگے۔ دھرم کرم کے کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ تناؤ رہیگا

برکھ اس راشی پر منگل ناقص نظر ہونے سے جدوجہد کے بعد گزارے لائق آمدن کے ذرائع بنیں گے۔ گھریلو الجھنوں میں من پریشان رہیگا۔ عیاشی کے کاموں پر خرچ ہوگا۔

متھن ماہ کے شروع میں شکر کی گردش ہے جدوجہد کے بعد کامیابی کے آثار بنیں گے۔ غیر وضروری دھن خرچ ہوگا۔ شرکت کے کاموں میں نقصان۔ کسی اپنے آدمی کے تعاون سے زمین کا جھگڑا سلجھے گا

کرک جوش میں اضافہ اور صنعت جزوی کامیابی حاصل ہوگی۔ جدوجہد کرنے پر گذارے لائق دھن ملے گا۔ فضول کی بھاگدوڑ اور فضول خرچی ہوگی۔ دشمن نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔

سنگھ کاروبار میں جدوجہد والے حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ کسی نزدیکی دوست سے من مٹاؤ پیدا ہوگا۔ مالی الجھنوں کی وجہ سے تشویش رہیگا۔ بنتے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہونگے۔

کنیا مالی حالات میں کچھ سدھار ہوگا۔ آمدن میں اضافہ کے ساتھ ساتھ خرچ بھی زیادہ ہوگا۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ سے من تھوڑا پریشان رہیگا۔ نیک کاموں میں جوش پیدا ہوگا۔ سرکار کی طرف سے پریشانی

تلا اس راشی پر منگل کی سنیچر کی گردش ہے۔ گھریلو الجھنوں اور کاروباری مسائل کی وجہ سے ذہنی تناؤ اور غصہ زیادہ آمدنی کے ساتھ ساتھ خرچ بھی زیادہ ہوگا۔ کسی کام میں تاخیر ہونے سے غصہ بڑھیگا۔

برشچک اس راشی پر برہسپت کی نظر پڑ رہی ہے۔ جس سے رکاوٹوں کے باوجود گزارے لائق دولت حاصل ہوتی رہے گی۔ کسی نزدیکی ساتھی کی مدد سے کوئی بگڑا کام بنیگا۔ مذہبی کام میں دلچسپی بڑھیگی

دھن پہلے نصف ماہ میں مالی فائدہ۔ زیادہ وقت فضول کے کاموں میں گزریگا۔ پیٹ و آنکھوں میں تکلیف کا ڈر۔ اچانک مالی فائدہ ہونے کے چانس ہیں۔ طالب علموں کو زیادہ محنت کرنی ہوگی۔

مکر آمدنی کے ذرائع بڑھیں گے۔ کچھ نئے دوستوں کے ساتھ رابطہ قائم ہونگے۔ لیکن آمدن کم خرچ زیادہ ہی رہیں گے۔ ۲۴ سے ۳۰ تاریخ کے درمیان فضول دوڑ دھوپ، پریشانی بڑھے گی۔

کنبھ اس ماہ میں کوشش کرنے پر اہم کاموں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ خاندانی الجھنوں کا حل نکلنے کے آثار بڑھیں گے۔ شرکت کے کاموں میں نقصان ہوگا۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔

مین اس راشی پر کیتو کی گردش رہیگا۔ کشکش کے باوجود آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ زمین سواری وغیرہ پر خرچ زیادہ ہونگے۔ گھر میں خوشیوں کا عالم بنے گا۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت ستمبر ۲۰۱۴ء

دھن راشی (Sagittarius)۔(یہ، یو، بھا، بھی، بھو، دھی، پھ، بھی)

سال کے شروع میں اس راشی سورج چندو بدھ گرہوں کا سنچار اور راشی کا مالک شکر کی تاریخ ۱۸ جنوری تک خود کی نظر پڑ رہی ہے۔ پہلے حصہ میں نوکری اور کاروبار میں فائدہ اور ترقی کے آثار ہیں۔ حالانکہ راشی پر شنی کی نظر کی وجہ سے ذہنی تناؤ اور گھریلو الجھنیں بھی رہیں گے۔ تاریخ ۱۹ جون سے سال کے آخر تک نیچ راشی شکر اور راشی کرک میں گردش کریگا۔ جس سے غیر ملک اور خاص کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ آمدن کم خرچ زیادہ ہوگا۔ تاریخ ۲ نومبر سے اس راشی پر سے شنی ساڑھ ستی کی ناقص نظر شروع ہوگا۔ جسے تناؤ اور پوشیدہ فکر بڑھ جائیگا۔

مکر راشی (Capricorn) (بھو، ج، جی، کھی، کھو، کھے، گ، گی)

سال کے شروع میں راشی کا مالک شنی دسویں خانہ میں راہو کے ساتھ ہے اس پر شکر کی خاص نظر پڑیگی۔ جس سے گزارے لائق آمدنی کے ذرائع ہونے پر بھی خرچ زیادہ رہیگا۔ تاریخ ۱۴ جنوری سے ۱۲ فروری تک مکر راشی پر سورج ہونے سے غصہ زیادہ آمدنی کم خرچ زیادہ ہوگا۔ ۴ فروری سے ۲۴ مارچ تک منگل کی اور نظر ہونے سے زمین سواری وغیرہ کا سکھ ملیگا۔ ۱۹ جون سے شکر کرک راشی میں آنے سے مکر راشی پر نیچ نظر رہیگی۔ جس سے سفر زیادہ ہوگا۔ اچانک خرچوں میں خاص بڑھوتری ہوگی۔

میکھ	برکھ	متھن	کرک
میکھ ماہ کے شروع میں اس راشی پر منگل کی اچھی نظر پڑ رہی ہے۔ جس سے آمدن کے ذرائع میں اضافہ ہوگا۔ کسی عزیز سے ملاقات ہوگی۔ عیش وعشرت یا سواری وغیرہ کاموں پر خرچ زیادہ ہوگا۔	**برکھ** شروع میں شکر سنگھ راشی میں ہے۔ جس سے دھن کے متعلق پریشانیاں اور دوڑ دھوپ ہوگی۔ ۱۹ تاریخ کے بعد شکر تلا میں آنے سے حالات میں بہتری ہوگی۔ سواری وغیرہ کا سکھ حاصل ہوگا	**متھن** ماہ کے شروع میں بدھ اوچ راش میں ہے۔ اچانک لابھ کے چانس بنیں گے۔ لیکن خرچ بھی بہت زیادہ ہوگا۔ اونچے عہدہ کے لوگوں کے ساتھ تعلق بنیں گے۔ دھرم کرم کی جانب رجحان ہوگا۔	**کرک** گھریلو الجھنوں اور کاروباری مسائل کی وجہ سے ذہن میں تناؤ اور غصہ زیادہ ہو۔ آمدن کے ساتھ خرچ بھی اُمید کے برعکس زیادہ ہوگا۔ کسی کام میں تاخیر ہونے سے غصہ اور اشتعال بڑھیگا۔

سنگھ	کنیا	تلا	برشچک
سنگھ اس راشی پر سورج اور شکر دونوں کی گردش چل رہی ہے۔ کاروبار اور گھر میں بہت جدوجہد اور کشمکش کے حالات ہونگے۔ آمدن تھوڑی مگر خرچ بہت زیادہ رہیں گے۔ دماغی تناؤ بھی بڑھیں گے	**کنیا** راشی پر بدھ اور راہو کی گردش ہے۔ کسی نئے کام کے پلان بنیگا۔ کاروبار مین ترقی اور دھن لابھ کے راستے ہموار ہونگے۔ شنی ساڑھ ستی کی وجہ سے ذہنی تناؤ رہیگا۔ دوست کا تعاون سے کام بنیں گے	**تلا** کاروبار میں کئی طرح کے اتار چڑھاؤ اور دوسری پریشانیاں رہیں گے۔ جگہ کی تبدیلی کے بھی آثار ہیں۔ عورت اور اولاد کی طرف سے خوش خبری ملے گی۔ صحت نرم رہے گی۔	**برشچک** کاروبار میں جدوجہد والے حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ کسی نزدیکی دوست سے من مٹاؤ پیدا ہوگا۔ مال الجھنوں کے وجہ سے تشویش رہیگی۔ غصہ کی وجہ سے بنتے کام میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔

دھن	مکر	کنبھ	مین
دھن کاروبار میں بہت زیادہ محنت کے بعد دھن میں اچھا فائدہ ہونے کے امکان بنیں گے۔ کسی عزیز دوست سے تکرار کا ڈر۔ عیش وعشرت کے سامان خرچ زیادہ ہونگے۔ سواری وزمین پر خرچ ہوگا۔	**مکر** کسی نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔ کاروبار میں ترقی کے موقعہ حاصل ہونگے۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ سے دماغی تناؤ اور پریشانیاں بڑھیں گی۔ آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہونگے۔	**کنبھ** ماہ کے شروع میں راس راشی پر سورج کی نظر پڑ رہی ہے۔ جس سے اس ماہ آمدن کم خرچ زیادہ رہیں گے۔ کسی عزیز سے ملاپ ہوگا۔ بیشتر وقت فضول کاموں میں گذریگا۔ آمدنی کے ذرائع بنیں گے۔	**مین** شروع میں کسی دوست کی مدد سے بگڑا کام بنے گا۔ رکاوٹوں کے باوجود گذارے لائق دھن ملے گا۔ آسیہ میں اضافہ ہوگا۔ صحت نرم رہے گی۔ گلے اور بکار کی بیماریاں ہوگی۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلا دیش بابت اکتوبر ۲۰۱۴ء

میکھ	برکھ	متھن	کرک
میکھ اس راشی پر منگل کی اچھی نظر ہے۔ جس سے کچھ بگڑے ہونے کاموں میں کامیابی ہوگی۔ غیر ملکی کاموں سے لابھ کے چانس بنیں گے۔ اونچے پرتشٹھا کے لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے۔	**برکھ** کاروباری فائدے میں اضافہ ہوگا۔ نئے پلانوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ دھارمک کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ پتنی اور اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ مہینے کے آخر میں صحت خراب	**متھن** شروع منگل کی خاص نظر ہے فضول کی بھاگ دوڑ اور گھریلو تناؤ۔ والدین کے تعاون سے حالات بدلیں گے۔ سفر پر خرچ ہوگا۔ عورتوں کو گھریلو فکر ہوگی۔ مذہبی کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔	**کرک** کاروباری فائدے میں اجافہ، نئے پلانوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ دھارمک کاموں میں سیوا کی دلچسپی بڑھے گی۔ پتنی اور اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ مہینے کی آخر میں گھریلو پریشانی بڑھیگی

سنگھ	کنیا	تلا	برشچک
سنگھ نصف حصہ میں کسی نزدیکی دوست سے دھوکہ ملنے کے چانس ہیں۔ زمین اور گاڑی کی خرید وفروخت کرتے وقت احتیاط برتیں۔ کسی عزیز سے من مٹاؤ ہو۔ صحت میں گڑ بڑ اور تناؤ بڑھیگا۔	**کنیا** نصف حصہ میں کسی نزدیکی راشتہ سے دھوکہ مل سکتا ہے۔ زمین اور گاڑی کی خرید وفروخت کرتے وقت احتیاط برتیں۔ کسی عزیز سے من مٹاؤ ہگا۔ صحت میں گڑ بڑ اور تناؤ بڑھیگا	**تلا** شروع میں کسی دوست کی مدد سے بگڑا کام بنے گا۔ رکاوٹوں کے باوجود گذارے لائق دھن ملے گا۔ دھن میں اضافہ ہوگا۔ صحت نرم رہیگی۔ گلے اور بکار کی بیماریاں ہوگی۔	**برشچک** ماہ کے شروع میں صحت کچھ خراب رہے گی۔ محنت کرنے پر بھی امید کے مطابق فائدہ نہیں ہو پائیگا۔ تاریخ ۱۲ کے بعد حالات میں کچھ بہتری ہونے کے آثار ہیں۔

دھن	مکر	کنبھ	مین
دھن کاروباری کاموں میں کامیابی ملے گی۔ نئے پلان بنیں گے۔ مہینے کے آخر میں جسمانی اور ذہن میں تناؤ اور بے چینی رہے گی۔ جسمانی تکلیف کا ڈر ہے۔ گورو کی پوجا کریں۔	**مکر** مالی تنگی کی وجہ سے مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ بڑی جدوجہد کے بعد گذارے لائق حالت بنیں گے۔ صحت میں خرابی آنکھوں میں تکلیف کے امکان ہیں۔ ہوشیار رہیں۔	**کنبھ** پہلے نصف میں کچھ رکے ہوئے کام بنیں گے۔ ملکی وغیر ملکی سفر کرنے کا پروگرام بنے گا۔ تعلیم کے لئے کسی نئے پروجیکٹ میں دلچسپی بنے گی۔ کچھ معزز لوگوں سے رابطہ قائم ہوگا۔ سنیچر کا جپ کرنا اچھا ہوگا	**مین** حوصلہ وخوش قسمتی میں اضافہ ہوگا۔ مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ گاڑی وغیرہ کا سکھ حاصل ہوگا۔ ماہ کے آخر میں خرچ بڑھے گا۔ کسی بڑے افسر سے رابطہ قائم ہوگا۔ لیکن فائدہ نہ ہوسکےگا۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلادیش بابت نومبر سنہ ۲۰۱۴ء

کنبھ راشی (Acuarius)۔(گو، گے، گ۔س۔سی، سو، سے، د)

اس راشی کا مالک شنی نویں خانہ میں اوچ ہوکر راہو کے ساتھ ہے۔ شنی کی سورج چندر اور بدھ پر خاص تیسری نظر ہے۔ جس کے اثر سے سال کے شروع میں گھریلو الجھنوں کی وجہ سے من پریشان رہیگا۔ حالانکہ گذارے لائق آمدنی کے ذرائع بنتے رہیں گے۔ تاریخ ۴ فروری سے ۲۳ مارچ کے درمیان منگل راشی کا مالک شنی و راہو کے ساتھ تعلق کریگا۔ جس سے کاروبار میں رکاوٹ اور آمدن کم ہوگی۔ حادثہ ہونے کا ڈر ہے۔ خرچ بھی بڑھیں گے۔ شکر کی نظر ہونے سے مذہبی کاموں میں مشغولیت بڑھیگی۔ کسی بڑے عہدیدار رشتہ دار کی مدد سے بگڑے کام بنیں گے۔

مین راشی (Pisces) (دی، دو، تھ، دے، دو، چا، چ)

سال کے شروع سے ۱۸ جون تک راشی کا مالک شکر چوتھے خانہ میں گردش کریگا۔ اس کے علاوہ اس راشی پر انومبر تک شنی کی ڈھیہ کا بھی اثر رہیگا۔ پہلے حصہ میں دھن لابھ کم رہیگا۔ مگر گھریلو خرچ زیادہ رہیگا۔ پریوارک الجھنوں اور کاروبار کے متعلق تناؤ رہیگا۔ فضول کی دوڑ دھوپ زیادہ رہیگا۔ تاریخ ۱۹ جون سے راشی کا مالک شکر کرک راشی مین داخل ہوگا۔ آمدن کے ذرائع میں کچھ سدھار ہوگا۔ گذارے لائق آمدنی کے ذارے بنتے رہیں گے۔ گھر میں خوشی کا ماحول ہوگا۔ تاریخ ۹ دسمبر سے شکر کرک راشی میں ہونے سے اچانک خرچ بڑھیں گے۔ جنم دن پر براہمن کو دان کرنا شبھ ہوگا

میکھ اچانک سفر پڑیگا۔ نزدیکی رشتہ داروں کے ساتھ میل ملاپ ہوگا۔ گزارے لائق آمدن کے زرائع بنیں گے۔ مگر اخراجات بھی بڑھیں گے۔ تعلیم میں خاص محنت کرنے کے بعد کامیابی ہوگی

برکھ کاروبار کی حالت مدھم اور کسی عزیز کی ملاقات سے خوش خبری کا پیغام ملے۔ کوئی بگڑے کام بھی راہ پر آجائیں گے۔ اولاد کو تکلیف، روپیہ کا خرچ زیادہ ہوگا۔ کوئی سفر درپیش ہوگا۔ کسی سے دھوکہ ملے گی۔

متھن ماہ کے شروع میں گزارے لائق آمدن کے ذرائع بنتے جائیں گے۔ ۲۲ نومبر سے اس راشی پر برہسپت کی خاص نظر ہوگی۔ دماغی تناؤ، الجھنیں اور اخراجات زیادہ۔ ماہ کے آخر میں مبارک کام ہونگے۔

کرک طبیعت متفکر۔ رشتہ داروں سے بگاڑ اولاد کو تکلیف، روپیہ پیشہ کا خرچ بڑھ جائیگا۔ امیدوں میں پوری کامیابی نہیں ہوگی۔ جس کام میں ہاتھ ڈالیں نقصان اٹھانے کا فکر لگا رہے گا۔

سنگھ ماہ کے نصف حصہ میں جسم کو تکلیف اور خرچ زیادہ ہوگا۔ آرام کے ذرائع پر خرچ زیادہ ہوگا۔ ماہ کے دوئم حصہ میں حالات میں کچھ بہتری ہوگی۔ کچھ بگڑے کام بنیں گے۔ اچھے لوگوں سے تعاقات بننگے۔

کنیا جسم کو تکلیف زیادہ۔ عزیزوں سے رنجش اور بعض امور خانہ داری میں کچھ ایسے رنجیدہ اور نقصان دہ واقعات پیش آئیں گے۔ جن کا وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔ ماہ کے آخر میں کوئی خوش خبری ملے گی۔

تلا بہت جدوجہد کے بعد دھن کا کچھ فائدہ ہوگا۔ خرچ بھی زیادہ ہونگے۔ کسی نزدیکی رشتہ دار سے دھوکہ مل سکتا ہے اور کوئی خاص فائدہ مند موقعہ ہاتھ سے جاتا رہیگا۔ اچانک خرچ زیادہ ہوگا۔

برشچک سفر پیش آئے۔ کاروبار کی حالت کچھ مدھم۔ کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی کا پیغام ملے۔ بعض بگڑے کام بھی راہ پر آجائیں گے۔ آمدن اور عزت میں اضافہ ہوگا۔

دھن کاروبار من فائدہ اور ترقی، امیدوں میں کچھ کامیابی حاصل ہوگی۔ دشمن مغلوب، راج دربار میں عزت، مرتبہ میں بلندی اور کسی عزیز کے ملاقات سے خوشی حاصل ہوگی۔

مکر بعض دنیاوی معاملات میں کچھ ایسے واقعات پیش آئیں گے۔ جن میں روپیہ کا خرچ اور نقصان زیادہ رہیگا۔ کاروبار کی حالت کچھ مدھم۔ امیدوں میں اکثر طبیعت مایوس رہیگی۔

کنبھ ماہ کے شروع سے ۷ جون سے سنیچر طلوع ہوکر برکھ راس میں داخل ہوگا۔ عزت مان میں اضافہ ہوگا۔ کچھ بگڑے کام بنیں گے۔ آمدن کے ذرائع بڑھیں گے اور اونچے عہدیداروں کے ساتھ تعلق۔

مین طبیعت میں فکر وتشویش، روپیہ کے خرچ ونقصان سے دل گھبراہٹ اور فکر بہت رہیگا۔ دُنیاوی معاملات کے متعلق لڑائی جھگڑوں میں وقت سے زیادہ صرف ہوگا۔ فکر دشمن ہے۔ خرچ بھی زیادہ ہونگے۔

بارہ راشیوں کا ماہوار پھلادیش بابت دسمبر سنہ ۲۰۱۴ء

میکھ نصف حصہ میں فضول کی دوڑ دھوپ زیادہ رہے گی۔ بنتے کاموں میں اڑچنے اور خرچ زیادہ۔ ۱۴ مارچ سے منگل بھی اسی راشی پر گردش کرنے سے بگڑے کاموں میں سدھار اور عزت میں اضافہ ہوگا۔

برکھ کسی نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔ مگر آمدن کے ذرائع محدود رہیں گے۔ بہت زیادہ محنت کرنے پر بھی گذارے، لائق دھن حاصل ہوگا۔ زراعتی مسائل بڑھیں گے۔ رشتہ داروں کا سکھ کم حاصل ہوگا۔

متھن کاروبار میں مصروفیات بڑھیں گے۔ بہت کوشش کرنے پر ہی گذارے لائق دھن کے ذرائع بنیں گے۔ غیر ملک جانے کے موقع حاصل ہونیگ۔ نئے نئے دوستوں کے ساتھ تعلقات بننگے۔

کرک بہت جدوجہد کے بعہ گذارے لائق دھن لابھ کے موقعہ۔ مگر خرچ بھی بہت زیادہ ہوگا۔ تاریخ ۳ کے بعد منگل کی نظر پڑنے سے غصہ اور بدامنی کے حالات بنیں گے۔ نزدیکی لوگوں سے نااتفاقی رہیگی۔

سنگھ ماہ کے نصف حصہ میں جسم کو تکلیف اور خرچ زیادہ ہوگا۔ آرام کے ذرائع پر خرچ زیادہ ہوگا۔ ماہ کے دوئم حصہ میں حالات میں کچھ بہتری ہوگی۔ کچھ بگڑے کام بنیں گے۔

کنیا ماہ کے شروع میں منگل کی نظر پڑنے سے سبھاؤ میں تناؤ اور غصہ بڑھیگا۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے۔ نزدیکی رشتہ داروں کے ساتھ من متاؤ ہونگے۔ بعد حالات میں بہتری کے امکان

تلا ماہ کے نصف حصہ میں آمدن تھوڑی اور خرچ زیادہ ہونگے۔ گھریلو اور کاروباری الجھنوں کی وجہ سے دل پریشان رہیگا۔ ماہ کے دوئم حصہ میں دوڑ دھوپ بڑھیگا۔ کچھ بگڑے کاموں میں سدھار ہوگا۔

برشچک کاروبار میں دھن لابھ اور ترقی ک راستہ بنیں گے۔ عہدہ میں پرموشن کے چانس ہیں۔ عورت واولاد کا سکھ حاصل ہوگا۔ ماہ کے دوئم حصہ میں کسی مبارک کام پر خرچ ہونگے۔

دھن ماہ کے نصف حصہ من کاروبار میں الجھنوں کی وجہ سے پریشانی رہیگی۔ نزدیکی لوگوں کے ساتھ برتاؤ میں دھوکہ ملے گا۔ دھن دولت۔ کے متعلق مسائل پیچیدہ ہونگے۔ دوئم حصہ میں دھن لابھ ہوگا

مکر یہ مہینہ جدوجہد سے بھرپور رہیگا۔ کسی کے ساتھ لین دین میں نقصان۔ نزدیکی رشتہ دار سے اختلاف۔ اس ماہ کی ۱۱، ۱۶، ۱۹ اور ۲۴ تاریخیں ناقص۔ ماہ کے آخر میں خوشخبری ملے گی۔

کنبھ اس ماہ کے ملے جلے اثرات حاصل ہونگے۔ ماہ کے پہلے حصہ میں سورج بدھ کی گردش ہونے سے کاروبار میں شدت کی جدوجہد کا سامنا کرنا پڑیگا۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ۔ دوئم حصہ میں کچھ سدھار

مین دشمن مغلوب رہیں گے۔ کاروبار کی حالت بہتر، مایوس امیدوں میں کچھ کامیابی اور سفر پیش آئے۔ بعض امورات دُنیاوی کے متعلق خوش خبری کا پیغام بھی لے گا۔ آمدن عزت بڑھ جائیگا۔

شبھ کاموں کے دیکھنے کے مہُورت

دشا شول۔ سفر کو روانگی کے وقت اگر دشا شول ہو تو سفر نہ کریں۔ اگر ضروری ہی جانا ہو تو اتوار کو گھی۔ سوموار کو دودھ منگلوار کو گڑ بدھ وار کو تل، ویروار کو دہی شکروار جو۔ سنیچر کو اڑد کھا کر جائیں۔

کال پاش۔ جس دشا میں کال کا نواس ہو اس سے مخالف دشا میں پاش رہتا ہے۔ رات کو کال کا نواس اُلٹا ہوتا ہے۔ کال کا دائیں اور پاش بائیں جانب ہونا شبھ ہوتا ہے۔

یوگنی۔ اگر یوگنی کا نواس بائیں یا پچھلی طرف ہو تو شبھ۔ دائیں اور سامنے ناقص۔ اگر ضروری ہو تو مشرق کو گڑ۔ مغرب کو چھوہارہ۔ شمال کو دہی اور جنوب کو دودھ پی کر سفر کریں۔

چندرماں۔ اگر جانے ولی دشا میں چندرماں کا نواس سامنے یا داہنے ہو تو شبھ ہوتا ہے۔ اگر بائیں یا پیچھے ہو تو سفر نہ کریں۔ تفصیل ذیل کے نقشہ میں دیکھیں۔

نام سمت	مشرق	شمال مشرق	شمال	شمال مغرب	مغرب	جنوب مغرب	جنوب	جنوب مشرق
دشاشول	سوموار، سنیچر	سنیچروار بدھ	منگلوار بدھوار	بدھوار اتوار	شکروار اتوار	ویروار شکر	ویروار	ویروار سوموار
یوگنی	ایکم۔نومی	اشٹمی اماوس	دوج۔دسمی	ستمی پورنماں	چھشٹی چودش	چوتھ دوادشی	پنچمی ترودشی	تیج ایکادشی
کال چکر	سنیچروار	--	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار
پاش	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	-	اتوار	سوموار
چندر کا نواس	میکھ سنگھ دھن	--	کرک برشچک مین	-	متھن تلا کنبھ	-	برکھ کنیا مکر	-

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
بچہ کا نام رکھنا	۲۔۳۔۵۔۷ ۱۰۔۱۱۔۱۳	سوموار۔ویروار بدھوار۔شکروار	اشونی۔روہنی۔مرگشر۔پنربسو کھ۔تینوں اترا ہست چترا۔سواتی۔جیشٹ۔شرون۔شت بھکا۔ریوتی	لگن ستھر ہو۔لگن سے ۱۔۴۔۵۔۷۔۹ویں۔۱۰ویں گھر میں شبھ گرہ ۳۔۶۔۱۱پاپ گرہ ہوں ۸۔۱۲واں شدھ
منڈن کرنا	۲۔۳۔۵ ۱۰اور۱۱	سوموار۔ویروار بدھوار۔شکروار	اشونی۔مرگشر۔پنربس۔پکھ۔ہست۔چترا۔ سواتی۔جیشٹا۔شرون۔دھنشٹا۔شت بھا۔ریوتی	جنم یا گربھ سے ۳۔۵۔۷واں سال۔کنیا کیلئے ۲۔۴۔۶واں سال شبھ ہے۔جنم پچھتر اور جنم کا مہینہ نہ ہو۔
جنیئو پہننا (زنار بندی)	۲۔۳۔۵۔ ۶۔۱۰۔۱۱ اور۱۲	اتوار۔سوموار بدھوار۔ویروار شکروار	اشونی مرگشر۔روہنی۔آردرا۔پنربس پکھ۔ اشلیکھا۔مولا۔تینوں اترا ہست۔چترا سواتی۔ انورادھا۔شرون۔دھنشٹا۔شت بھکا۔ریوتی۔	برہمن کو ۵۔۸۔۱۶برس۔کھتری کو ۱۶۔۱۰۔۲۲۔ویش کو ۸۔۱۲۔۲۴برس میں چیت۔بساکھ۔جیٹھ۔ہاڑ۔ماگھ۔پھاگن مہینہ ہو۔۱۔۵۔۸ میں پاپ گرہ نہ ہو
نئی تعلیم حاصل کرنا	۲۔۳۔۵۔۶ ۱۰۔۱۱۔۱۲	اتوار۔ویروار شکروار	اشونی۔مرگشر۔آردرا۔پنربس۔پکھ۔اشلیکھا۔ تینوں اترا۔ہست۔چترا۔سواتی۔مولا۔شرون دھنشٹا۔شت بھکا	سورج اترائن ہو۔بیساکھ۔جیٹھ۔ماگھ یا پھاگن کا مہینہ ہو۔۲۔۳۔۶۔۹ لگن ہو۔آٹھواں گھر شُدھ ہونا چاہئے۔
سگائی کرنا	۱۔۴۔۸۔۹ ۱۲۔۱۴نہ ہو	اتوار۔منگوار یا نیچروار نہ ہو	کرتکا۔روہنی۔مرگشر۔مگھا۔تینوں پوربا اور اُترا۔ہست	سواتی۔انورادھا۔مولا۔ریوتی۔چوتھے اور آٹھویں میں چندرماں نہ ہو۔

(باقی اگلے صفحہ پر)

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ پچھتر	کیفیت
نیا مکان بنانا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ ہست۔ چترا۔ سواتی انورادھا۔ تینوں اترا۔ اور پُرانے مکان کیلئے ہست۔ اشونی۔ پکھ مولا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ ہست۔ پکھ۔	بیساکھ۔ ساون۔ مگھر۔ ماگھ۔ پھاگن مہینہ ہو۔ بھادوں کارتک مدھم ہیں۔ زمین سوئی نہ ہو۔ نیچ بان نہ ہو۔ کیندر ترکون شدھ ہوں۔
نئے گھر میں داخلہ	۲-۴-۵-۶-۷-۸-۱۰-۱۱-۱۴ اور ۱۵	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ ریوتی۔ بشاکھا۔ انورادھا۔ تینوں اُترا۔ اور پُرانے مکان کے لئے ہست۔ اشونی۔ پکھ۔ مولا شرون۔ دھنشٹا۔ ہست۔ پکھ۔	بیساکھ۔ جیٹھ۔ ماگھ۔ پھاگن کا مہینہ ہو۔ سورج اترائن لگن ستھر ہو۔ جنم لگن راشی سے ۸واں نہ ہو۔ سورج کے پچھتر ۵ خراب۔ ۸ عمدہ۔ ۷ خراب۔ ۶ عمدہ
زمین میں بیج بونا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱ اور ۱۳	اتوار سنیچروار منگلوار نہ ہو	اشونی۔ روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ پکھ۔ مگھا۔ تینوں اُترا۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ انورادھا۔ دھنشٹا۔ مولا اور ریوتی	لگن ستھر ہو۔ چوتھے گھر میں شبھ وگرہ یا اسکی درشٹی ہو۔ یا چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو دیکھتا ہو۔
مندر بنوانا	۲-۳-۵-۶-۷-۱۰-۱۱-۱۲-۱۳ اور ۱۵	منگلوار نہ ہونا چاہئے	اشونی۔ مرگشر۔ پنربس۔ پکھ۔ چترا۔ سواتی۔ انورادھا۔ ابھی جت۔ شرون۔ دھنشٹا۔ شت بھکا اور ریوتی شبھ پچھتر ہیں۔	پھاگن میں برہما اسوج میں وشنو۔ بھادوں اسوج۔ پوہ چیت۔ دیوی کا جیٹھ۔ بھادوں۔ پھاگن سب دیوتاؤں کے لئے شبھ ہے۔
سواری کرنا	۲-۳-۵-۷-۸-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور سنیچروار نہ ہو	بھرنی آردرا۔ اشلیکھا۔ مگھا۔ تینوں پوربا۔ مولا جیشٹا کو چھوڑ کر باقی پچھتر گھوڑسواری یا کار وغیرہ سواری کے لئے شبھ ہیں۔	اشونی۔ روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ تینوں اُترا ہست۔ چترا سواتی۔ ہاتھ اور دوسری سواری کے لئے شبھ ہیں۔
بہی کھاتا	۴-۹ یا ۱۴ نہ ہو	منگلوار یا سنیچروار نہ ہو	شرون۔ روہنی۔ مرگشر۔ پنربس۔ تینوں اُترا۔ پکھ۔ ہست۔ جیشٹا۔	شرون انورادھا۔ ۸-۱۲ پاپی گرہ نہ ہو اور ترکون میں شبھ گرہ۔
علاج کرنا	۴-۸-۹-۱۰ نہ ہو	اتوار۔ منگلوار سنیچروار نہ ہو	اشونی۔ پنربس۔ اترا پھالگنی۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ انورادھا	مولا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ ہست۔ پکھ۔ ریوتی۔ چندرماں شبھ لگنیش اچھا ہو۔
مقدمہ دائر کرنا	۴-۹-۱۴ ہو	منگلوار یا سنیچروار ہو	مگھا۔ مولا۔ ریوتی۔ جیشٹا۔ اشلیکھا اور آردرا شبھ ہیں۔	گورو چندرماں لگن میں ہو۔ دسویں شبھ اور چھٹے کرور گرہ ہو۔
کان بیندھنا	۴-۹ اور ۱۴ نہ ہو	بدھ۔ ویروار شکر۔ سوموار	شرون۔ دھنشٹا۔ پنربس۔ مرگشر۔ ریوتی۔ چترا۔ انورادھا۔ ہست۔ اشونی اور پکھ	سم برس اور جنم تارہ کو چھوڑ کر جنم سے ۶-۷-۸ ویں مہینے میں یا ۱۲ ویں یا ۱۶ ویں دن
بچہ کو باہر نکالنا	۲-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۳	سوموار۔ بدھوار ویر۔ شکروار اور اتوار	اشونی۔ مرگشر۔ پنربس۔ پکھ۔ ہست۔ انورادھا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ ریوتی	لگن ستھر ہو۔ لگن سے ۱-۴-۵-۷-۹ ویں شبھ گرہ ہوں۔ ۸ واں اور ۱۲ واں شدھ ہو۔

گرہوں کی نظرات کا اثر !

سورج چندر ماں اور منگل وغیرہ گرہ دائرۃ البروج میں حرکت کرتے ہوئے ایک دوسرے سے مختلف فاصلے بناتے ہیں کہ جن سے موافق و نا موافق شعاعیں نکل کر یا تو موافق اثر ڈالتی ہیں یا ایک دوسرے سے ٹکرا کر کائنات پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس خاص فاصلوں کو نظرات کہتے ہیں۔ موجودہ سائنٹفک تحقیقات نے بھی یہ بات ظاہر کر دی ہے کہ سورج اور چاند یا کسی کوکب کی شعاعیں جو مختلف زاویہ سے انسان پر پڑتی ہیں۔ ان کے مختلف اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مثلاً سورج ۹۰ درجہ کے زاویہ پر ہو یعنی عین سر پر ہو تو وہ اپنی نا قابل برداشت شعاعوں سے انسان کو تکلیف میں مبتلا کر دیتا ہے۔ اصطلاح نجوم میں ۹۰ درجہ کو تربیع کہتے ہیں۔ جو نحس نظر ہوتی ہے۔

نظرات کس طرح بنے

(۱)۔ یہ تو آپ جانتے ہیں کہ دائرۃ البروج میں کل ۳۶۰ درجے ہیں۔ آپ اگر ان کو ۲-۴-۸ پر تقسیم کریں۔ تو ایک خاص فاصلہ یا حالت کا علم ہوگا۔ ان میں سے ۱۸۰ درجہ کو مقابلہ، ۰ درجہ کو تربیع اور ۴۵ درجہ کو ثمین کہیں گے۔ یہ نحس نظرات ہیں۔

(۲)۔ اگر ان ۳۶۰ درجات کو ۳-۶-۱۲ پر تقسیم کریں۔ تو ۱۲۰ درجہ کو تثلیث ۶۰ درجہ کو تسدیس اور ۳۰ درجہ کو تعشیر کہیں گے۔ یہ سعد نظرات ہوں گے۔

(۳)۔ جب دو کواکب ایک ہی برج میں ایک ہی درجہ اور دقیقہ پر آ جائیں تو اسے قران کہتے ہیں۔ دئے گئے جدول میں سے تعشیر اور ثمین کو خاص وقت نہیں دی جاتی۔ صرف پانچ نظرات ہی کام میں لائے جاتے ہیں۔

اصلاحات نظرات

قران۔ کواکب کے رشتوں اور تعلقات میں پہلا جوڑ قران کا ہے۔ قران ایک فیصلہ کن اثر رکھتا ہے اور کواکب اور بروج کی منسوبات کو قوی طریقہ سے ظاہر کرتا ہے۔ دو کواکب کی مشترکہ خصوصیات ایک نیا اثر ظاہر کرتی ہیں۔ اور تیزی سے مثلاً عطارد زہرہ کا قران ہو۔ تو دماغی حرکات کے ساتھ احساسات بھی ظاہر ہوں گی۔

مقابلہ۔ یہ نظر کامل دشمنی کی ہے نحس اکبر ہوتی ہے اور ہمیشہ بد تاثیر ظاہر کرتی ہے اور ان اُمور میں خرابی پیدا کرتی ہے۔ جن سے مقابلہ رکھنے والے کواکب متعلق ہوں۔ اس وقت دونوں کمال عداوت، مقابلہ اور جنگ و جدول کی تاثیر رکھتے ہیں۔ ان اوقات میں کوئی نیک کام سرانجام دیں گے۔ تو تکمیل نہ پائیگا۔ جو کواکب جس گھر میں واقع ہو کر جس گھر کو نظر مقابلہ سے دیکھتا ہے۔ وہ اس گھر کے منسوبات کو پریشانی، رنج اور نقصان پہنچاتا ہے۔

تربیع۔ یہ نظر نیم دشمنی کی ہے۔ نحس اصغر ہے اور بد ہے اس کی تاثیر بمنزلہ مقابلہ کے کم ہے اور اثر دیر میں ہوتا ہے۔ متعلقہ کواکب کے متعلقہ لوگوں میں ایسے اختلافات پیدا ہوں گے۔ جو ایک دوسرے کے نقصان کا باعث ہوں گے۔ اگر دشمن دوست بن چکا ہو۔ تو اس نظر کی تاثیر سے پھر دشمنی کا احتمال ہوگا۔ تربیع کے مفہوم کو ہم جنگل کی دھمکی قرار دے سکتے ہیں۔ اس وقت ہر کام دشواری اور مشقت سے ہوتا ہے۔ جو رنج و مشکلات کی دلیل ہے۔ یہ نظر ظاہری حالت میں مدد اور مخالفت نہیں کرتی۔ لیکن اگر موقع مل جائے نقصان پہنچا دیتی ہے۔

تثلیث۔ یہ نظر کامل دوستی کی ہے اور سعد اکبر ہے اس کی تاثیر سے جن شخصوں کے درمیان کمال عداوت و دشمنی ہو ان سے موافق کام لیا جا سکتا ہے۔ دوستی اور محبت کی توقع کی جا سکتی ہے اور سعد امور انجام دئے جا سکتے ہیں۔ کوئی کوکب کسی گھر میں واقع ہو کر جس گھر کو سعد نظر سے دیکھتا ہے۔ وہ اس کو ترقی دیتا ہے اور اس کے منسوبات کو فائدہ پہنچاتا ہے۔

واستو دوش دور کرنے کے لئے مفید اُپائے

(۱) شمال مشرق جانب میاں بیوی کے ہمبستری سے بیمار ہونا کا اندیشہ رہتا ہے۔

(۲) ہمیشہ پورب یا دکھن جانب سر کر کے سونا چاہئے۔ اتر یا پچھم جانب سر کر کے سونے سے جسم میں مرض ہوتے ہیں۔ عمر کم ہوتی ہے۔

(۳) دن میں اتر کی جانب اور رات میں دکھن کی طرف منہ کر کے پیشاب پاخانہ کرنا چاہئے۔ دن پورب کی طرف اور رات میں پچھم کی جانب منہ کر کے پیشاب پاخانہ کرنے سے آدھا سیسی مرض ہوتا ہے۔

(۴) دن کے دوسرے اور تیسرے پہر اگر کسی درخت، مندر وغیرہ کی سایہ مکان پر پڑے تو پیچیدہ بیماریوں کا ڈر رہتا ہے۔

(۵) ایک دیوار سے ملے ہوئے دو مکان یمراج کی طرح گھر کے مالک کا نقصان کرنے والا ہوتا ہے۔

(۶) کسی راستہ اور گلی کا آخری مکان تکلیف دہ ہوتا ہے۔

(۷) چراغ (بلب وغیرہ) کا منہ پورب یا اتر کی طرف ہونا چاہئے۔

(۸) رسوئی گھر، باتھ روم پوجا کی جگہ ایک دوسرے کے پاس نہ ہونا چاہئے۔

(۹) رسوئی گھر مین گیٹ کے سامنے نہیں ہونا چاہئے

(۱۰) گھر میں ٹوٹے ہوئے آئینہ، کھاٹ، فرنیچر وغیرہ کوئی سامان ٹوٹے نہیں ہونا چاہئے

ناراض شخص کو خوش کرنے کا طریقہ

اگر کوئی شخص آپ سے ناراض ہے۔ اور تم اُس کے پاس جانا چاہتے ہو۔ تو گھر سے اُس طرف کا قدم پہلے باہر نکالو۔ جدھر کا سُر نہ چل رہا ہو۔ اور جب تم اُس کے پاس پہنچو تو اُس کو اُس طرف رکھو۔ جدھر کا سُر نہ چلتا ہو۔ اس کے بعد بات چیت چھیڑ دو ایسا کرنے سے اُس کی ناراضگی دُور ہو جائے گی۔

علاوہ بریں ایک متمدن جماعت میں رہ کر ہر شخص کو چھوٹے بڑے آدمیوں سے ملنے کا اتفاق ہوتا رہتا ہے اور بڑے آدمیوں کی خدمت میں شرف باریابی حاصل کرنے یا ان کے فیض وکرم سے مستفید ہونے کی خواہش قریب قریب ہر شخص کے دل میں ہوتی ہے۔ لہذا اگر کوئی شخص اپنے مُرشد یا دوست۔ حاکم بالا۔ رُکن اعظم وزیر سلطنت یا بادشاہ کی خوشنودیٔ مزاج حاصل کرنا چاہتا ہو اور اگر وہ ان بڑے بڑے شخصوں سے مراحات وعنایات کا طالب ہو۔ تو مناسب ہے کہ ان سے ملاقات اُس وقت کی جاوے جب بایاں سُر چل رہا ہو۔ اور ملاقات کے دوران میں اِن کو بائیں جانب رکھو اس کے بعد جس چیز کی ضرورت ہو۔ ظاہر ایسا کرنے سے سوال ہرگز رد نہ ہوگا۔ اور گوہر مقصود ہاتھ آجائے گا۔ اگر بایاں سُر چلنے کی حالت میں نفع کامیابی یا اور دوسرے نیک کاموں کے متعلق سوال کیا جائیگا تو اُس سے عمدہ نتائج ہوں گے اور کامیابی حاصل ہوگی۔

دُوسروں کو بس میں کرنے کا طریقہ

ایک بڑا آئینہ جس میں چہرے سے لے کر گردن تک تمام حصہ دکھائی دے خرید لو۔ اس میں دیکھنا شروع کرو۔ عکس کی پتلی کو نظر کا مرکز بناؤ۔ اور یکسو ہو کر توجہ کرو۔ کہ تمہاری مقناطیسی آنکھوں سے نکلکر عکس کی پتلی کے ذریعہ سے اس کے دل ودماغ پر اثر کر رہی ہے اور وہ ابھی ابھی میرے قابو میں ہوا چاہتا ہے۔ ہر روز نفس گھنٹہ یہ عمل کرو۔ اگر پہلے دن مشکل ہو۔ تو آہستہ آہستہ تدریج بڑھاؤ۔ یعنی پہلے دن ۵ منٹ۔ دوسرے دن۔ ۱۰ منٹ علے ہذا لقیاس بڑھائے جائیں یہاں تک کہ تم ایک یا تین گھنٹہ لگاتار بغیر آنکھ جھپکے کے دیکھ سکو۔ جب تمہاری آنکھوں میں اس قدر طاقت ہو جائے گی۔ کہ ۵ منٹ تک جس کی طرح ٹکٹکی باندھ کر دیکھو گے۔ وہ آپ کے سامنے نہ دیکھ سکے گا اور مطیع ہو جائیگا۔ اس کے آگے ہم آنکھ سے کام لینے کا جو طریقہ جو ہمارا معمولی اور تجربہ ہے۔ لکھتے ہیں۔ شائقین اس کو بہت مفید پاویں گے۔

آنکھوں کے استعمال کا طریقہ

کسی شخص کے نزدیک جاتے ہوئے ہمیشہ اُس کی طرف دیکھ چاہے اُس کی آنکھوں کو دیکھ آنکھوں کے درمیان ناک کی جڑ کو دیکھ۔ اگر تم دیر سے اُس کی طرف دیکھ رہتے ہو۔ تو اپنی نظر نیچے اوپر بھی کر سکتے ہو۔ لیکن اُس وقت نہیں۔ جبکہ تم اُسے ایسا حکم دے رہے ہو۔ جس کی تعمیل کرنے کیلئے تم مجبور ہو۔ اگر تم کو کسی سے بہت دیر تک بات چیت کرنا ہو تو درمیان میں چاہے اُدھر اُدھر نہ دیکھ لیا کرو۔ لیکن جب تم اپنے مطلب پر پہنچو یا اپنی تقریر کے اُس مطلب پر پہنچو۔ جس کو تم موثر بنانا چاہتے ہو۔ تو بولتے وقت سیدھے اُس کی آنکھوں کی طرف یا ناک کی جڑ کی طرف دیکھ۔ گہری نظر اور ایک ٹک نظر سے دیکھنے کی مشق کرو۔ جھکنے اور چند ھیانے والی آنکھوں سے کبھی کسی پر اثر نہیں پڑتا۔ گہری اور زوردار نظر سے دیکھ۔ لیکن اِسی نظر سے تم اُس وقت تک نہ دیکھ سکو گے۔ جب تک تمہاری مشق مکمل نہ ہو۔ اور ساری تمہاری وقت امادی بھی زبردست ہو۔ جب تم کسی سے کوئی بات منوانا چاہو۔ تو اپنی نظر کو مخاطب کی آنکھوں میں گاڑ دو۔ اور بالکل اِدھر اُدھر نہ رکھو۔ اپنے ارادہ کو مختصر۔ سادہ اور زوردار لفظوں میں اُس کی آنکھ سے آنکھ ملاتے ہوئے ذکر کرو۔ اور اپنے دل میں یہ خیال مضبوط رکھو۔ کہ تم اپنا اثر اس پر ضرور ڈال دو گے اور اس بات کا بھی یقین رکھو کہ تمہاری بات ضرور منظور کرے گا۔ بات چیت کے درمیان جس وقت تم اُس پر اپنا اثر ڈال رہے ہو۔ اور جہاں تک ممکن ہو سکے۔ اُس کو اِدھر اُدھر نہ دیکھنے دو۔ اگر وہ اِدھر اُدھر دیکھنے لگے گا۔ تو اُس کو تمہاری باتوں پر غور نہ کرنے کا موقعہ مل جاوے گا۔

جب تک وہ تمہاری طرف اور تم اُس کی طرف دیکھ رہے ہو۔ اور تمہاری آپس میں بات چیت ہو رہی ہے تو تمہاری باتوں پر اُس کو غور کرنے کا موقعہ بہت کم ملے گا۔ ورنہ وہ تمہاری باتوں کو نامنظور کر دے گا۔

بات چیت کے وقت خاص موقعہ پر کسی آدمی کا دھیان اپنی طرف پھرنے کی کئی ایک تجویز ہیں۔ مثلاً اگر تمہارا مخاطب اِدھر اُدھر دیکھنے لگے۔ تو ایک تدبیر یہ ہے۔ کہ تم بھی اِدھر اُدھر دیکھنے لگو۔ جب اِدھر اُدھر دیکھنے سے فائدہ اُٹھانے کیلئے وہ پھر تمہاری طرف دیکھنے لگے۔ تو تم فوراً اُس کی طرف اپنی نگاہ پھیر دو اور اس سے پہلے کہ وہ تمہاری طرف دیکھنے کی کوششیں کرے۔ پورے طور پر ممکن ہے کہ تم اپنی بات میں کامیابی حاصل کرو۔

گوچر گرہوں کا سعد و نحس (شبھ و ناقص) اثرات

بھارتیہ جیوتش میں گرہوں کے پھلادیش کے متعلق مختلف طریقوں کا ذکر ملتا ہے۔ زیادہ تر جیوتش (نجومی) لوگ گرہوں کے متعلق اچھے یا بُرے اثرات کو جاننے کیلئے جنم کنڈلی میں اچھے اور ناقص گرہوں کی حالت (پوزیشن) کو دیکھ کر یا ان کی دشا انتر۔ دشاؤں کو دھیان میں رکھتے ہوئے کسی شخص کی زندگی کے متعلق پیشنگوئی کرتے ہیں لیکن گرہوں کی نیک و بد حالت اور دشا۔ انتر دشاؤں کے علاوہ گوچر گرہوں کی حالت کو بھی خیال میں رکھ لیا دجائے تو پھلادیش کے متعلقہ اور بھی بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

گوچر گھیرہ کے طریقہ سے قمر (چندر) کنڈلی کو مرکز کر کے کر کسی خاص گرہ کی موجودہ حال کی پوزیشن کے مطابق اس کا اچھا یا بُرا پھل (اثر) بتلایا جاتا ہے۔ اگر اپنی پیدائش کی راشی کا علم نہ ہو تو اپنی نام راشی کی بنا پر گوچر گرہوں کی گردش کا حال جان سکتے ہیں مگر اس سے گرہوں کے اثرات کی مقدار میں کچھ کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ کچھ عالم لوگ جنم لگن سے بھی گوچر گرہوں کے اثرات کا اندازہ لگاتے ہیں۔ یہ بھی اپنے تجربہ کی بناء پر محسوس کیا جاسکتا ہے۔ ماہرین جیوتش نے چندرماں کی بناء پر سبھی گرہوں کا گوچر پھل الگ الگ بیان کیا ہے۔ جیسے سنیچر اگر چندرماں سے ۳، ۶ یا ۱۱ ویں استھان (خانہ) پر گردش کرے گا تو اس کا اچھا پھل ہوگا لیکن ۱، ۲، ۴، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲ ویں استھان (مقام) پر گردش کرے تو اس کا اثر خراب ہوگا۔ کسی بھی خصوصی گرہ کی گوچر پوزیشن آپ ہماری موجودہ سال کی مفید عالم جنتری سے دریافت کر سکتے ہیں۔ ماہرین علم نجوم نے نو گرہوں کے گوچر اثرات کو الگ الگ بیان کیا ہے جو کہ اس طرح سے ہے۔

گرہ	چندرماں سے گوچر گرہوں کا اچھا اثر	گرہ	چندرماں سے گوچر گرہوں کا ناقص اثر
سورج	۳، ۶، ۱۰، ۱۱ویں خانہ	سورج	۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۲
چندر	۱، ۳، ۶، ۷، ۱۰، ۱۱واں	چندر	۲، ۴، ۵، ۸، ۹اور ۱۲
منگل	۳، ۶، ۱۱واں استھان	منگل	۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲
بدھ	۲، ۴، ۶، ۸، ۱۰، ۱۱واں	بدھ	۱، ۳، ۵، ۷، ۹، ۱۲واں
برہپت	۲، ۵، ۷، ۹، ۱۱واں	برہپت	۱، ۳، ۴، ۶، ۸، ۱۰، ۱۲
شکر	۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲	شکر	۶، ۷اور ۱۰واں
سنیچر	۳، ۶، ۱۱واں	سنیچر	۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲
راہو	۳، ۶، ۱۰، ۱۱واں	راہو	۱، ۲، ۵، ۷، ۸، ۹اور ۱۲
کیتو	۳، ۶، ۱۰، ۱۱واں	کیتو	۱، ۲، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۲واں

عام طور پر سورج، منگل، راہو، سنیچر اور کیتو وغیرہ غصہ ور گرہ چندرماں سے گوچر دش ۱۔۲۔۴۔۵۔۷۔۸۔۹۔۱۰۔۱۱ اور ۱۲ ویں استھان (خانہ) پر دھن کا نقصان، بنتے کاموں میں اڑچنیں، جھگڑے فسادات، کلیش، بیماری و دشمن کا خوف، فضول خرچی، آمدن میں رکاوٹیں، بدامنی، گھریلو سکھوں میں کمی اور منصوبوں میں ناکامیابی حاصل ہوگی۔

سنیچر کی ساڑھ ستی اور اڈھیہ کے اثرات بھی شنی کی گوچر چال کے زیر اثر میں آتیں ہیں۔ سنیچر اور راہوں گوچر میں نحس حالت میں آنے سے کاروبار میں مالی نقصان اور گھریلوں اُلجھیں، صحت میں خرابی وغیرہ اور منگل و کیتو، سورج وغیرہ گرہ جھگڑے فسادات، حادثہ خون میں خرابی، عورت یا خاوند کے ساتھ اختلافاب وغیرہ ناقص اثرات پیدا کرواتے ہیں۔ گوچر میں اگر گرہ ناقص اثرات دے رہا ہو تو اسی جنتری میں درج گرہوں کا اپائے اختیار کر کے راحت حاصل کر سکتے ہیں۔

گوچر گرہوں کا پھل (اثر) دینے کا وقت

موٹے طور پر سورج اگلی راشی میں داخل ہونے سے ۵ روز پہلے، منگل ۸ روز پہلے، بدھ اور شکر ۷ دن پہلے (مقیم راشی کے مطابق) اپنا اچھا یا بُرا اثر دینا شروع کرتے ہیں۔ چندرماں اگلی راشی میں داخلہ سے ۳ گھڑی پہلے، راہو اور کیتو ۳ مہینے پہلے اور برہپت اگلی راشی میں داخل ہونے سے ۲ ماہ پہلے ہی اپنا اچھا یا بُرا اثر دینا شروع کر دیتے ہیں۔

گوچر گرہوں کے اثرات کے متعلق اور زیادہ تفصیل سے حال جاننے کے لئے ہماری شائع شدہ بڑی مکمل کتاب "جیوتش تتو" ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ اس میں پھلادیش کے متعلق بہت سے سنہرے اصول دیئے گئے ہیں۔

گھر بنانے میں واستو شاستر کے قاعدے

رسوئی گھر (Kitchan)۔ رسوئی گھر کے لئے پلاٹ کا آگے کون یعنی (پورب۔ دکن) کی دشا سب سے اچھی مانی جاتی ہے۔ رسوئی کے کمرہ میں بھی جو جو دکن پورب کا کونا ہو وہیں گیس کا سلینڈر یا چولہا یا سٹو ور کھنا چاہیئے۔

اشنان گھر (Bath Room)۔ اشنان گھر کو مشرق (پورب) دشا میں بنانا چاہئے اور شوچ گھر (Latrine) کو دکن۔ پچھم (جنوب۔ مغرب) دشا میں بنانا چاہئے۔ لیکن آجکل جگہ کی کمی کی وجہ سے شوچ کی دشا کا خاص خیال نہیں رکھا جاتا ہے۔ اگر کسی وجہ شوچ گھر کسی دوسری دشا میں بنانا پڑے تو بھی شوچ والے کمرے میں شوچ کی جگہ دکن۔ پچھم دشا میں رکھنا ٹھیک ہوگا۔ اشنان گھر میں گیزر (پانی گرم والا) دکن۔ پورب دشال میں لگنا چاہئے۔ ڈائننگ کمرہ (Dinning) ۔ کھانہ اگر رسوئی میں نہ کیا جاوے تو اس کا بندوبست ڈرائینگ روم (Drawing Room) میں کیا جاسکتا ہے اس کے لئے ڈائننگ ٹیبل ڈرائنگ کمرہ کے دکن پورب میں رکھنا چاہئے۔

بیٹھ (ڈرائینگ کمرہ)۔ موجودہ وقت میں ڈرائنگ (Drawing) کی خاص اہمیت ہے۔ اس میں فرنیچر دکن اور پچھم کی دشاؤں میں رکھنا چاہئے۔ شمال اور مشرق (اتر۔ پورب) کی جانب کچھ کھلی جگہ چھوڑ دین چاہئے۔

سونے کا کمرہ (Bed RooM)۔ گھر کے مالک کے سونے کا کمرہ دکن پچھم دشا میں ہونا چاہئے۔ پلنگ یا چارپائی کمرے میں اس طرح سے لگاو میں کہ آپکا سرانہ مشرق یا جنوب کی طرف رہے۔

پوجا کا کمرہ۔ اپنے گھر میں پوجا کی تعمیر۔ اتر پورب (شمال۔ مشرق) دشا میں رکھنی چاہئے اور پوجا یا عبادت کرتے وقت آپکا منہ بھی پورب یا اتر دشا کی جانب ہونا چاہئے۔

گھر کا اہم دروازہ (Main Gate)۔ مضبوط، خوبصورت اور دلکش ہونا چاہئے۔ اگر ہو سکے تو اس کی دشا اتر یا پورب دشا میں ہونی چاہئے۔ اگر ہو سکے تو اس کی دشا اتر یا پورب دشا ہونی چاہئے۔ اگر مکھ دروازہ کے سامنے کوئی واستو کا دوش (نحس) ہوتی اس کے باہر سواستک کا نشان تلسی یا گلاب کے پودھے لگادیں۔

واستو دوش دور کرنے کے کچھ اپائے: اگر مکان میں واستو شاشتر کے مطابق کوئی نحس (دوش) یا خرابی پائے جائے تو اس کے زیر اثر گھر کے مالک اور اس کے پریوار (جیسے بیوی اولاد، والدین وغیرہ) یا دفعی دولن کے متعلق پرشانیاں بنی رہتی ہیں۔ اس میں رہنے والوں کی صحت بھی ٹھیک نہیں رہتی۔ اس کے لئے ماہرین نے کچھ اپائے تجویز کیے ہیں۔

(۱) جب بھی پانی پیئے اپنا منہ مشرق یا شمال کی طرف رکھیں اور بھوجن کرتے وقت بھی اپنا منہ پورب یا اتر دشا کی طرف رکھیں۔ (۲) ہر طرح کی خوشحالی کیلئے اپنے مکھ (اہم) دروازہ پر شری گنیش، لکشمی، سواستک یا ادم، ۷۸۶ وغیرہ کے مبارک نشانا بنوا کر لگالیں۔ (۳) رسوئی گھر اگر غلط جگہ پر جن گیا ہوت دکن۔ پورب دشا کے کونے میں ایک ہلکی پاور کا بلب لگادیں جو صبح و شام کے وقت جلتا رہے۔ (۴) گھر میں شری رام چرت مانس کے 9 پاٹھ کروانے کے بھی واستو دوش دور ہو جاتے ہیں۔ (۵) گھر میں نو روز تک شری بھگوان کا کیرتن، شری گنیش استوتر، شری ہنومان چالیسہ یا شری درگا سپتشتی کا پاٹھ بلاناغا 9 روز تک کرتے رہنے سے بھی بہت سے واستو دوش دور ہو جاتے ہیں۔ قرآن شریف کی آہیت مبارک کا پاٹھ عبادت کی جاسکتی ہے۔ (۶) گھر کے اہم دروازہ کے آس پاس شری تلسی کا پودھا یا آم کیلا وغیرہ میٹھے پھلوں کے درخت لگائے جاسکتے ہیں ورزائید تفصیل سے اپائے دیکھنے کے لئے ہماری شائع مفید عالم جنتری ہندی 2013 کا مطالع کر سکتے ہیں۔ ہندی میں واستو ساستر کے متعلق کتب بھی دستیاب ہونگی۔ مصنف پنڈت پنالال جوتشی۔ جالندھر۔ ۱۴۴۰۰۸

دس گورو صاحبان کی زندگی کے مختصر حالات

(۱) شری گورونانک دیو جی:-

شری گورونانک دیو جی کا جنم (اوتار) تلونڈی (ضلع شیخوپورہ) جو آجکل پاکستان میں ننکانہ صاحب کہلاتا ہے کارتک شدی پورنماشی کو بکرمی سمت ۱۵۲۶ء مطابق سن ۱۴۶۹ء عسوی میں ہوا تھا۔ پتا کے پروہت پنڈت ہردیال نے ان کے پتا مہتا کالو کو شروع ہی میں بتا دیا تھا کہ بالک نانک دیو کی کنڈلی میں گرہوں کے مطابق وہ ایک سدھ اوتار پرکھ ہیں اور لوگ اس کو سچا بادشاہ اور مسیحا پیر تصور کریں گے۔ شروع سے ہی شری گورونانک دیوی جی کا روحانی باتوں کی طرف خاص رجحان تھا۔ دُنیاوی باتوں کی طرف دلچسپی نہ کے برابر تھی۔ کچھ بڑا ہونے پر جب انکے پتا نے اُن کو کچھ دولت دیکر بیوپار کیلئے بھیجا تو انہوں نے وہ دولت غریب سادھوؤں میں بانٹ دی اور سادھو سنتوں کے درمیان زیادہ وقت بتانے لگے۔ ۱۶ سال کی عمر میں ان کی شادی کردی گئی مگر ان کے روحانی رجحان میں کوئی کمی نہیں آئی۔ تھوڑا عرصہ نوکری کرنے کے بعد وہ فقیر بن کر اپنے شاگرد مردانہ کے ساتھ دور دراز کے سفر پر نکل گئے۔ اپنے فقیری سفر کے دوران انہوں نے خدا سے غلفت رہنے والے گمراہ لوگوں کو دھرم اور محبت کا پیغام دیا اور لوگوں کو بناوٹی زندگی اور ذات پات کے وہم سے اوپر اُٹھ کر آپسی بھائی چارے کا پیغام دیا۔ اسوج بدی دشمی ۷ ستمبر ۱۵۳۹ء کو کرتارپور (پاکستان) میں یہ مہان سنت جیوتی جیوت سماگئے۔ شری چند اور لکھمی داس ان کے دولڑکے ہوئے۔

جنم کنڈلی شری گورونانک دیو جی

۴ راہو
۵
۶ شکر
۷ سنیچر
۸ منگل
۳
۲ چندر
سورج بدھ
۱
۱۱ برہسپتی
۹
۱۰ کیتو
۱۲

(۲) شری گورو انگد دیو جی

ان کا جنم مُکتسر سے (تین کوس پورب کی جانب) گاؤں متے کی سرائے میں بیساکھ شدی یکم تتھی سن عیسوی ۳۱ مارچ ۱۵۰۴ء کو ہوا تھا۔ انکے والد صاحب کا نام پھیرومل اور ماتا کا نام شریمتی دیا کور تھا۔ اور پیدائش متے کی سرائے فروز پور میں ہوئی تھی۔ یہ شری گورونانک دیو جی کے دیدار (درشن) کرنے شری کرتارپور گئے اور وہاں پر ان کی سیوا اتنی لگن سے کی کہ شری گورونانک دیو جی مہاراج نے گورویائی کی گدی ان کو بخش دی۔ شری گورو انگد دیو جی نے شری گورونانک بانی کو گورمکھی زبان کی شکل دی۔ ان کے وقت میں بہت سے لوگ سکھ دھرم میں شامل ہو گئے۔ شری گورو امرداس جی کو گورویائی دیکر چیت شدی چوتھ ۱۶۰۹ بکرمی سمت مطابق ۲۹ مارچ ۱۵۵۲ء کو جوتی جیوت سماگئے۔

(۳) گورو امرداس جی

ان کا جنم بیساکھ شدی چودش بکری ۱۵۳۶ء یعنی عیسوی ۵ مئی ۱۴۷۹ء کو گاؤں باسرے کے ضلع امرتسر میں ہوا تھا۔ اُن کے پتا کا نام بابا تیج بھان تھا۔ سورج ونشی راجہ دشرتھ کے لڑکے شری بھرت جی کے ونش سے مانے جاتے ہیں۔ شروع سے ہی ان کا رجحان فقیری کی طرف لگتا تھا۔ ۲۱ بار تیرتھ یاترا کے لئے گئے۔ سماج کے کھوکھلے رواجوں کو سدھارنے کی جانب خاص دھیان دیا۔ عورتوں میں رسم ستی کو بند کرواکے عورتوں کو دوبارہ شادی کرنے کی اجازت دی۔ گوئیندوال میں ایک بڑی باولی بنوائی۔ ۱۵۷۴ء میں شری گورو رام داس کو گرو گدی دیکر بھادوں شدی پورنماشی یعنی یکم ستمبر ۱۵۷۴ء مطابق (۲) اسوج ۱۶۳۱ بکرمی سمت کو جوتی جیوت سماگئے۔

(۴) چوتھی پاتشاہی گورو رام داس جی

کا جنم اُتار لاہور (پاکستان) چونا منڈی میں کارتک بدی دوج ۲۴ ستمبر ۱۵۳۴ء کو ہوا تھا۔ ان کے پتا شری ہریداس اور ماتا دیا کورُ دونوں پرماتما کے بھگت اور پروپکاری کی مورت تھے۔ لاہور میں اکبر بادشاہ نے ان سے ملاقات کرنے کے بعد ان کے علم سے خوش ہو کر اُن کو زمین دی جس پر انہوں سے ایک بڑا بھاری تالاب بنوا کر شری امرتسر کی بنیاد رکھی۔ بھادوں شدی تیج سن ۱۵۸۱ء یکم ستمبر کو اپنے پتر شری گورو ارجن دیو جی کو گورویائی دے کر گوئیندوال جوتی جیوت سماگئے۔

(۵) پانچویں پاتشاہی گورو ارجن دیوجیؑ

ان کا جنم بیساکھ بدی سمپتی ۱۵ اپریل ۱۵۶۳ء کو گوروینداول ضلع امرتسر میں گورو رام داس جی کے گھر میں ہوا تھا۔ گورو ارجن دیو جی سنسکرت اور فارسی زبان کے بڑے عالم تھے۔ ساتھ میں گورمکھی زبان کے بھی بڑے ماہر

تھے۔انہوں نے سکھ دھرم کی بنیاد رکھی اور گورو گرنتھ صاحب کی سچی اور پوتر بانی کا پرکاش کیا شری گرنتھ صاحب کی پرسدّھ بانی سکھنی صاحب' باون اکھری' بارہ ماہ وغیرہ رچنائیں ان کی وقت شاعری اور علم کی قابلیت کو ظاہر کرتی ہیں۔انہوں نے ڈیرا صاحب اور ہرمندر صاحب کی تعمیر کا کام مکمل کروایا۔ ترنتارن اور کرتار پور شہریوں کی بنیاد رکھی۔ انکی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو دیکھ کر ان کے مخالفوں نے وقت کے بادشاہ جہانگیر کے کان بھرنے شروع کر دیئے۔اس طرح بادشاہ نے ان کو لاہور کے قلعہ میں قید کر دیا۔انسانیت اور دھرم کے دشمن نے شدید ظلم کرنے کے بعد ۳۰ مئی ۱۶۰۶ء میں ان کو شہید کر دیا۔ان کی شہادت کی یادگار میں میلہ جوڑ منایا جاتا ہے۔

(۶) چھٹی پاتشاہی گورو ہر گوبند صاحب

ان کے پتا شری گورو ارجن دیو اور ماتا کا نام شری متی گنگا تھا۔ان کا جنم ہاڑ بدی یکم سمت ۱۶۵۲ بکرمی مطابق ۱۹ جون ۱۵۹۵ء کو وڈالی صاحب ضلع امرتسر میں ہوا تھا۔اپنے پتا کی شہادت کے بعد گورو گدی پر بیٹھتے۔اپنے پتا کا بدلہ لینے اور اس وقت کے ظالم حاکموں کو سبق سکھانے کیلئے فوج تیار کر کے بہت بار جنگ کی۔جہانگیر نے ان کو گوالیار کے قلعہ میں قید کروا دیا۔وہاں سے رہائی کے بعد انہوں نے صوبیدار پنجاب کو تین دفعہ شکست دی۔ چیت شدی پنچمی کے مطابق ۲ مارچ ۱۶۴۴ء میں وہ جوتی جیوت سمائے۔

(۷) ساتویں پاتشاہی گورو ہری رائے جی

یہ گورو ہر گوبند صاحب کے پوترے تھے۔ان کے پتا کا نام بابا گورو دتا جی تھے۔ ان کا جنم ۱۶ جنوری ۱۶۳۰ء (ماگھ شدی ترودشی) کو کیرت پور صاحب میں ہوا تھا۔ان کی دارا شکوہ کے ساتھ بہت دوستی تھی۔انہوں نے سکھ فوج کی طاقت میں بہت اضافہ کیا اور ظلم کے خلاف جدو جہد کرتے رہے یہ گورو ہری کرشن کو گورو گدی سنبھال کر کارتک بدی نومی (۶ اکتوبر ۱۶۶۱ء) کو کیرت پور صاحب میں جوتی جیوت سما گئے۔

(۸) گورو ہری کرشن صاحب

اُن کے پتا گورو ہری رائے اور ماتا کا نام بی بی سلکھنی تھا۔ان کا جنم کیرت پور صاحب میں ساون بدی نومی (۷ جولائی ۱۶۵۶ء) کو ہوا تھا۔ یہ ایشور بھگتی پر بہت یقین رکھتے تھے۔ چیت شدی چودش (۳۰ مارچ ۱۶۶۴ء) کو دہلی میں جوتی جیوت سمائے۔انکی یاد میں بنگلہ صاحب دہلی میں ہر سال میلہ منایا جاتا ہے۔

(۹) گورو تیغ بہادر صاحب

نویں پاتشاہی گورو تیغ بہادر جی کا جنم بیساکھ بدی پنچمی تھی بکرمی ۱۶۷۸ء کو یعنی سن ۱۶۲۱ء شری امرتسر میں ہوا تھا۔اُن کے پتا کا نام گورو ہری گوبند صاحب اور ماتا کا نام نانکی جی تھا۔انہوں نے ہتھیار چلانے کی ٹریننگ اپنے والد صاحب سے لی۔بچپن سے ہی شری تیغ بہادر دلیر اور دیانتدار تھے۔چھوٹی عمر میں ہی انہوں نے اپنے پتا کے ساتھ مل کر مغلوں کے خلاف جنگ لڑی۔

کشمیری پنڈتوں کی فریاد پر وہ اپنی سکھ سنگت کے ساتھ دہلی روانہ ہوئے۔ اورنگزیب نے انہیں مسلمان بنانے کی ناکام کوشش کی۔شاہی حکم کے مطابق انکو مگھر شدی پنچمی تھی (۱۵ نومبر ۱۶۷۵ء) کو دہلی کے چاندنی چوک میں شہید کر دیا گیا۔اس طرح گوروؤں کی امر جیوت کو مسلسل قائم رکھتے ہوئے ہندو دھرم کی حفاظت کیلئے بے مثال قربانی دی۔

(۱۰) دشم پاتشاہی شری گورو گوبند سنگھ جی

ان کے پتا کا نام گورو تیغ بہادر اور ماتا کا نام گجری تھا۔ان کا اوتار (جنم) پٹنا صاحب میں پوہ شدی سپتمی تھی بکرمی ۱۷۲۳ء (۲۲ دسمبر ۱۶۶۶ء) کو ہوا تھا۔بچپن میں ہی ان کو تیر کمان اور دوسرے ہتھیار چلانے کا بہت شوق تھا۔جب ان کے پتا گورو تیغ بہادر کی شہادت ہوئی تو انہوں نے ہندو دھرم کی حفاظت کیلئے سن ۱۶۹۹ء میں یکم بیساکھ کو خالصہ پنتھ کی بنیاد رکھی اور ہر سچے سکھ کو کیس' کرپان' کنگھی' کچھا اور کڑا دھارن کرنا لازمی قرار دیا گیا اور تمباکو اور دیگر نشہ کی چیزوں کے استعمال کی مناہی کی۔مغل فوج کو جنگ میں کئی بار شکست دی۔ان کے چار صاحبزادوں میں دو بڑے صاحبزادے چمکور صاحب کی جنگ میں شہید ہوئے جبکہ دو چھوٹے صاحبزادوں کو سرہند میں دیوار میں زندہ چنوا دیا گیا۔شری گورو گوبند سنگھ جی سچے دیش بھگت' سنت' سپاہی' بہادر اور انکھی یودھا تھے۔اس کے ساتھ ہی وہ فارسی اور سنسکرت زبان کے بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ان کی کچھ چنیدہ رچناؤں میں چنڈی دی وار' ظفر نامہ' بچتر ناٹک' جاپ صاحب اکال استوت مشہور ہیں۔بکرمی ۱۷۶۵ء کارتک شدی پنچمی ۷ اکتوبر ۱۷۰۸ء کو نندور احضور صاحب میں جوتی جیوت سما گئے۔

گم ہوئی چیز ملے گی ؟

گھر میں کاروبار میں اچانک کوئی قیمتی چیز گم ہو جائے تو اس کے متعلق چار قسں کے پچھتر خیال کئے جاتے ہیں۔ (۱) اندھاکش (۲) سلوچن (۳) مدھم کش (۴) مندراکش

(۱) اندھاکش پچھتروں میں گم ہوا چوری ہوئی چیز مشرق دشا کی جانب گم ہوتی ہے۔ اور کشش کرنے پر جلد مل جاتی ہے۔

(۲) سلوچ پچھتروں میں گم ہوئی چیز شمال (North) دشا کی طرف ہو جاتی ہے۔ اس کا کچھ پتہ نہیں چلتا اور نہ ہی وہ کوشش کرنے پر حاصل ہوتی۔

(۳) مدھیہ کش پچھتر میں گم یعنی چوری چیز دکھن دشا کی طرف گم ہوئی ہوتی ہے اور بہت کوشش کرنے کے بعد آخر مل جاتی ہے۔

نام پچھتر	جس نچھتر میں گم ہوئی ہے							ملیگی یا نہیں
اندھاکش	روہنی	پکھ	اترا پھا	دشاکھا	پوکھاڑہ	دھنیشٹہ	ریوتی	کوشش کرنے پر جلد ملیگی
سلوچن	کرتکا	پنربسو	پوپھاگنی	سواتی	مولا	شروِن	اترابھا	نہیں ملے گی
مدھم کش	بھرنی	آرِدرا	مگھا	چترا	جیشٹا	ابھجت	پوربا بھادر	پتہ لگنے پر بھی ملنا مشکل ہے
مندراکش	اشونی	مرگشر	اشلیکھا	ہست	انورادا	اترا کھاڑہ	شتبھکا	بہت کوشش کرنے پر ملیگی

چوری کا مال کہاں پر ہے؟ مندرجہ بالا طریقہ کا چور کا نام کیا ہے میں ۲۸ کی تقسیم سے جو کچھ باقی بچے اس کو چار پر تقسیم کیجئے۔ اگر ایک باقی رہے تو مال بہت قریب ہے یعنی اس جگہ محلہ یا شہر میں ہے اگر ۲ باقی بچیں تو مال ایک جگہ سے منتقل ہو کر دوسری جگہ چلا گیا ہے۔ اگر کچھ بھی باقی نہ ہو تو مال دور جا چکا ہے۔ واللہ اعلم!

چور مرد ہے یا عورت۔ اسی خارج قسمت کو جو اعداد ہوں انہیں باقی القسمت سے ضرب دیکر ۹ پر تقسیم کریں اگر باقی القسمت عدد جفت ہو تو کسی عورت کی سازش سے چوری یا خود عورت چور ہے اگر اعداد طاق ہوں تو چور مرد ہے۔

چور کی عمر کیا ہے۔ مندرجہ بالا قاعدہ سے چور مرد ہے یا عورت سے جو اعداد تقسیم کے بعد باقی القسمت چار ۴، ۵، ۶ ہو تو چور نوجوان و طاقتور ہے۔ اور اگر باقی القسمت ۷، ۸، ۹ ہو تو چور سن رسیدہ ہے یعنی بوڑھا آدمی۔

شراب اخلاق کی دشمن

پروفیسر بیروفن نے لکھا ہے شراب انسان کے اخلاق کے ساتھ وہی کام کرتی جو آگ مٹی کے تیل کے ساتھ۔ وہ تمام محاسن کو رفتہ رفتہ جلا کر انسان کو نڈر بنا دیتی ہے۔ آدمی خوف خدا، قوانین مذہب اور آئین کا حکومت کسی کے پاس نہیں رہتا۔ آدمی نشے کی حالت میں ہر طرح کے جرائم کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ شراب برائی اور بھلائی کا امتیاز مٹا کر آدمی کے اخلاق کو کمزور کر دیتی ہے۔

فہرست ہائے مسلم اولیاء کرام درسال

نمبر	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
۱	حضرت مولانا سید احمد شاہ نقشبندی	لاہور	۲۰ر ہجری
۲	حضرت بابا فریدالدین شکر گنج شکر	پاک پٹن	۵ر محرم الحرام
۳	حضرت بو علی شاہ قلندر صاحب	پانی پت	۱۳ار رمضان
۴	حضرت شاہ جنید صاحب	غازی آباد	۲۴ر رمضان
۵	حضرت بھورے میاں صاحب	رامپور	۴ر محرم الحرام
۶	حضرت غوث الاعظم قدس اللہ سرہ العزیز	گوالیار	۲۰ر محرم الحرام
۷	حضرت شیخ عبداللہ صاحب	بغداد	۱۱ر بیع الاول
۸	خوجہ شمس الدین صاحب	سیالکوٹ	۱۳۔۱۵ر صفر
۹	خواجہ نظام الدین اولیا	دہلی	۱۷ار ربیع الاول
۱۰	عرس دانا میاں (محمد علی حد آم)	بریلی	۴ر ربیع الاول
۱۱	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶۔۸ر رجب
۱۲	خواجہ امیر خسرو	دہلی	۱۷۔۱۸ار شوال
۱۳	خواجہ نصرالدین چراغ دہلوی	دہلی	۱۸ار رمضان
۱۴	خواجہ قطب الدین بختیار کاکی	دہلی	۱۔۱۴ر رمضان
۱۵	حضرت شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷ تا ۲۹ صفر
۱۶	سائی جیب اللہ صاحب نقشبندی	فیروزپور کینٹ	۱۹ تا ۲۰ ذیقعد
۱۷	مخدوم شاہ مینا صاحب	لکھنؤ	۲۲ر صفر
۱۸	پیر عظمت علی شاہ صاحب	دیوبند	۵ تا ۸ شوال
۱۹	مولانا فضل الرحمن صاحب	مراد آباد	۱۴ار رمضان
۲۰	پری حیدر علی شاہ صاحب	جلال پور	۵۔۷ جماد الثانی

صحت سے تعلق رکھنے والی قدرتی نعمتیں

(1) کیلشیم (Calcium)۔ جسم میں اس کی کمی سے ہڈیاں کمزور ہوجاتی ہیں۔ اور جسم میں کمزوری آجاتی ہے۔ کیلشیم بادام، شلغم، گوبھی، گیہوں، دودھ، نیبو، مولی اور سنگترے میں زیادہ تعداد میں پائی جاتی ہے۔

(2) لوہا (Iron)۔ اسکی کمی سے خون کی حرکت کم ہوجاتا ہے۔ اور کئی طرح کی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ یہ گیہوں، چنے، بادام، ساگ، کھجور، کشمش، پیاز، مولی اور پھلوں میں زیادہ تعداد میں پائی جاتی ہے۔

(3) سوڈیم (Sodium)۔ اس کے کم ہونے سے بدہضمی ہوجاتی ہے۔ یہ دودھ۔ شلغم۔ سیب، کشمش، گوبھ، گاجر، پیاز، اور ٹماٹر وغیرہ مے زیادہ تعاد میں پائی جاتی ہے۔

(4) فاسفورس (Phosphorus)۔ اس کی کمی سے دماغ کمزور پڑ جاتا ہے۔ اور ہڈیا کمزور ہوجاتی ہے۔۔ اور یہ گیہوں، مٹر، اخروٹ، بندگوبھی، کیسرہ، خربوزہ، سیب، لوکی، پالک، مچھلی اور بیگن میں زیادہ ہوتی ہے۔

(5) کلورین (Chlorine)۔ اس کے کم ہونے سے جسم میں کئی طرح۔کی بیماریں دور ہوجاتی ۔ ار یہ ٹماٹر، پالک، دودھ، بندگوبھی، انڈے، کیلے، کھجور، نیبو، ناریل اور گیہوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(6) آیڈین (Iodine)۔ اس کی کمی سے جسم میں گلٹیاں پڑ جاتی ہیں۔ ادر خون خراب ہوجاتہے۔ اور یہ بندگوبی، اناس، کیلا، سیب، ناشپاتی، گاجر، آلو، اور پودنیہ میں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(7) سلفر (گندک) (Sulphur)۔ اس کی کمی سے کئی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔ معدہ خراب ہوجاتا ہے۔ اور یہ شلغم، پالک، گوبھی، مولی، پیاز، انڈے، مونگ پھلی، چنے، سنگترے، اور مالٹے میں زیادہ پایا جتاہے۔

(8) میگنیشیم (Magnesium)۔ اس کی کمی سے خون خراب ہوجاتا ہے۔ سر چکراتا ہے۔ اور کئی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔ اور یہ بادام ۔ مونگ پھلی، ٹماٹر، پالک، کھجور، انجیر، کشمش، نیبو، گوبھی، سنگترے اور سیب میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(9) پوٹاشیم (Potassium)۔ اس کی کمی سے جلدی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اور معدہ خراب ہوجاتا ہے۔ سر چکراتا ہے۔ اور یہ ٹماٹر، شلغم، پیاز، بندگوبھی، پھول گوبھی، لوبھیا، دودھ، اناس، آلونجارہ، نیبو، سنگترہ اور ناشپاتی میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

گیہوں:۔ اس میں فاسفورس زیادہ تعداد میں پاتا جاتا ہے۔ اور وٹامین بھرا رہتا ہے۔ جسمانی طاقت کو بڑھاتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ معدہ طاقتور ہوتا ہے۔ ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔ گیہوں کا آٹا زیادہ باریک استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

دودھ:۔ گائے دودھ کو امرت مانا گیاہے۔ اس میں سب طاقتیں پائی جاتی ہیں۔ اس میں فاسفورس، کیلشیم، میگنیشیم، آئرن وغیرہ سب پائے جاتے ہیں۔ اس سے دماغ کو طاقت پہنچتی ہے۔ دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ دودھ ہمیشہ تازہ اور گائے کا اُبال کر پینا چاہئے۔ تھوڑا سا شہد ملا لینا چاہئے۔ دودھ سے بنا ہوا دہی ملائی وغیرہ بھی جسم کو طاقت بخشتے ہیں۔

شہد:۔ یہ بہت جلد ہونے والی اور فائدہ مند چیز ہے۔ یہ خون کو صاف کرتا ہے۔ اور خون پیدا کرتا ہے۔ اگر گرم پانی میں ڈال کر پیا جائے۔ تو موٹا پا کم ہوجاتا ہے۔ ہڈیوں اور پھیپھڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ صبح کے وقت اگر تھوڑا سا شہد پانی میں ملاکر روزانہ پیا جاوے۔ تو کئی بیماریاں دور ہوجاتی ہیں۔ خالص شہد آنکھوں مے سلائی سے ڈالنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

انار:۔ یہ دل اور پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے۔ جسم میں چشتی پیدا کرتی ہے۔ معدہ صاف کر کے بھوک لگاتا اس میں، وٹامین کافی تعداد میں پایا جاتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ بادانہ، قنداری، یہ دونوں ہی مفید ہوتے ہیں۔

سیب:۔ شریر کے اندر جو زہر ملا مادہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کو یہ دوع کرتا ہے۔ اس کو چھلکے کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔ اس میں وٹامین، پوٹاش، لوہا، اور دوسرے ایسڈ بھی ملتے ہیں۔ سیب کا یہ بھی بہت فائدہ مند ہے، دل کو طاقت دیتا ہے۔

انگور:۔ یہ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ جسم کو تندرست رکھتا ہے۔ بہت فائدہ دیتا ہے۔ گردے کی بیماری کو مفید ہے۔ ہضم دیر سے ہوتا ہے۔

سنگترہ:۔ یہ خون پیدا کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ بدہضمی کو دور کرتا ہے۔ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ اور کئی طرح کی بیماریوں کو مفید ہے۔ نجار

پت کو مارتا ہے۔اس میں وٹامین تیسری طرح کا زیادہ پایا جاتا ہے۔
آملہ:- اس کے بہت فائدے ہیں۔ ہر ایک بیماری کو دور کرتا ہے۔ پیٹ کو صاف کر کے ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔اس کے رس میں شہد ملا کر پینا بہت طاقت دیتا ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔اس میں بھی تیسری طرح کا وٹامین زیادہ مقدار میں ہوتا ہے۔
امرود:- یہ دل کو قوت دیتا ہے۔ اسکے گن بھی سیب کی طرح ہی ہوتے ہیں۔ ہضم دیر سے ہوتا ہے۔اس میں تیسری طرح کی وٹامین زیادہ پائی جاتی ہے۔اسکے بیج نہیں پھینکنے چاہیں۔دوپہر کو کھانے کے بعد مفید ہے۔
لیموں:- اس کے بہت ہی فائدے ہیں۔ اسکی بوندیں پانی میں ڈال کر پینے سے پیاس کم لگتی ہے۔نجار کو بھی مفید ہے۔بدہضمی اور پیٹ کی سب بیماریوں کو مفید ہے اس کے استعمال سے آنکھوں کی بینائی تیز ہوتی ہے۔خون کو صاف کرتا ہے۔ بھوک کو تیز کرتا ہے۔ دانتوں پر ملنے سے کیڑے مرجاتے ہیں۔ پار یوریا کو بھی مفید ہے۔
آم:- یہ بھی خون پیدا کرتا ہے۔ آم کھا کر دودھ کی لسی پی جاوے تو بہت ہی مفید ہے۔ معدہ کو صاف کرتا ہے۔اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ کلمی اور سہارنی آم بہت مفید ہوتے ہیں۔اس میں وٹامین بہت زیادہ ہوتی ہے۔قبض کو دور کرتا ہے۔ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ کچے آموں کا اچار بھی ہاضمہ کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔
جامن:- یہ بہت فائدہ مند پھل ہے۔ معدہ کو صاف کر کے بھوک کو بڑھاتے ہیں۔ ہر ایک چیز کھائی ہوئی کو ہضم کر دیتا ہے۔ پیشاب کے روگوں کو دور کرتا ہے۔اگر اس کی گھٹلی کوٹ کر اس کو ہمراہ شہد استعمال کریں۔تو بھوک بہت لگتی ہے۔ پرمیہ دور ہوتا ہے۔ جسم تندرست اور مضبوط ہوتا ہے۔ ویزح گاڑھا ہوتا ہے۔شکر کی بیماری میں بھی فائدہ مند مفید ہے۔
خربوزہ:- گردے کو صاف کر کے بھوک کر بڑھاتا ہے۔خون صاف کرتا ہے۔اسکے بیج سکھا کر اور ان کو چھیل کر گھوٹ کر پئے جاویں تو خون کو صاف کرتے ہیں اور معدہ کو قوت دیتے ہیں۔لکھنو کا خربوزہ مفید ہوتا ہے۔
تربوزہ:- گرمی کو دور کرتا ہے۔اس کا پانی پینے سے پانڈو روگ کو دور کرتا ہے۔اس سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔اس کے بیج گھوٹ کر پینے بہت مفید ہے۔خون کو صاف کرتے ہیں۔قبض کو دور کرتا ہے۔
کھیرا:- اس کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے۔ گرمی کو کم کرتا ہے۔ پیاس کم لگاتا ہے۔خون کی تیزی کم کرتا ہے۔
پپیتا:- اس میں وٹامین بہت زیادہ ہوتی ہے۔ یہ پیٹ کی سب بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ اس کے بیج بہت سی دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔

بادام:- یہ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ جسم کو مضبوط بناتا ہے۔ آنکھوں کی بینائی کو تیز کرتا ہے۔ ویزح بڑھاتا ہے۔اس کا روغن بھی بہت مفید ہے۔ دودھ میں ڈال کر پینے سے قوت کو بڑھاتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔اور کئی بیماریاں دور کرتا ہے۔
چلغوزہ:- جسم کو طاقت دیتا ہے۔ ویزح کو بڑھاتا ہے۔قوت مردی کو بڑھاتا ہے۔قوت مردی کو بڑھاتا ہے۔ پیشاب کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔
کشمش:- پھیپھڑوں کو مضبوط کرتی ہے۔ دماغ اور دل کو طاقت دیتی ہے۔ پیشاب ٹھیک طور پر لاتی ہے۔وٹامین زیادہ پائی جاتی ہے۔
مونگ پھلی:- اس کو بھگو کر چھلکا اُتار کر استعمال کرنا چاہیئے۔دل کو طاقت دیتی ہے۔ اسمیں پروٹین اور وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔ دماغ کو خشکی کرتی ہے۔
کھجور:- اس میں ہضم کی طاقت زیادہ ہوتی ہے۔ دماغ کو طاقت دیتی ہے۔کف اور سردی کے روگوں کو دور کرتا ہے۔وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔
ناریل:- جسم کو طاقت دیتا ہے۔ دماغ کو تیز کرتا ہے۔ پروٹین اور چربی اس میں زیادہ ہوتی ہے۔ بچوں کو بھی استعمال کرانی چاہیئے۔
آلو بخارہ:- جسم کو تندرست رکھتا ہے۔ بخار میں بھی مفید ہے۔ ہاضمہ کو ٹھیک کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔
منکہ:- کل کو طاقت دیتا ہے۔ وایو سے پیدا ہونے والے روگ دور کرتا ہے۔ پھیپھڑے صاف کرتا ہے۔قبض کو دور کرتا ہے۔
چھوٹی الائچی:- گرمی کو دور کرتی ہے۔ گلے کو صاف کرتی ہے۔اور دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ ہاضمہ کو درست کرتی ہے۔
موٹی الائچی:- اس کی تاثیر گرم ہوتی ہے۔ وایو روگ کو دور کرتی ہے۔ اس کو پانی میں ڈال کر اُبال کر پانی پینا کئی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔
لونگ:- اس کی تاثیر بہت گرم۔ پیٹ کی بیماریوں کو بہت مفید ہے۔ سات لونگ پانی میں اُبال کر پینے سے ہر ایک بیماری کو دور کرتے ہیں۔ دانت درد کو بھی دور کرتا ہے۔
پودینہ:- اس سے کف اور بادی دور ہوتی ہے۔ اگنی کو تیز کرتا ہے۔اور خون بڑھاتا ہے۔ پیٹ کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔وٹامین کافی ہوتا ہے۔
ٹماٹر:- اس میں چونا، لوہا، فاسفورس وغیرہ ہر ایک چیز ملتی خون صاف کرتا ہے۔ بہت سی بیماریوں کو مفید ہوتا ہے۔
پیاز:- خون اور انتریاں صاف ہوتی ہے۔اس کی چٹنی دمہ کو مفید ہے۔ اس میں بہت سی وٹامین ہوتی ہے۔ گردے کی بیماری کیلئے بہت مفید ہے۔
گاجر:- اس میں وٹامین بہت ہوتی ہے۔ خون کو پیدا کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ اس کا مربہ دل کو قوت دیتا ہے۔ بچوں کو بہت مفید ہے۔

علم التخیرات

عیات نقش تعویذات!!

عمات نقش اور تعویذات کا اثر وقت کے سعد و نحس ہونے اور تاثیرات حروف کے سعد و نحس دیکھنے میں بہت اثر رکھتا ہے عمل پڑھتے وقت یا تعویذ لکھنے کے وقت اس امر کا خیال رکھ لینا چاہئے کہ جو عمل شروع کیا جائے۔ اس میں پہلے ان قاعدوں پر عمل رکھے۔ اس کے بعد اس کا حل کرے۔ کیونکہ عملیات نقش اور تعویذات میں ساوات و بروج اور ترکیب نوشت و خواند کو عجیب تاثیر حاصل ہے۔ جو عمل اور تعویذ وغیرہ اوقات معینہ پر ترکیب میں کسی طرح کا لتو ریا بے اعتدالی پائی جائے تو اس کے اثر میں ضرور نقص ہو جاتا ہے۔ جس طرح دوائیوں میں ترکیب کو دخل ہے۔ اسی طرح سے ہر ایک عمل میں سعادت و نحومت کا دارومدار قدرت نے گردش کواکب و بروج نظرات و ترکیب نوشت و خواند پر قائم کر رکھا ہے۔ جس کی تاثیرات وقت کو دیکھ کر اسی کے عامل اپنے مقصد میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ترکیب نقش اور تعویذات

جب کوئی نقش یا تعویذ لکھنا ہو تو لکھنے کے وقت ساعت مذکور میں عطارد یعنی بدھ کی ساعت میں اس کے لئے قلم بنانا مفید ہے اور زحل یعنی سنیچر کی ساعت میں دشمن اور مقدمہ کے واسطے اور قمر یعنی چندرماں کی ساعت میں تسخیر دوستی و ترقی دولت و زرق کے لئے قلم بنا کر لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔ نقش آبی کو سیاہی سے لکھنا چاہئے نقش آتشی کو بھیم سینی کافور اور نیلے رنگ کی سیاہی سے پُر کرنا چاہئے نقش خاکی اشٹ گندھ سے لکھنا چاہئے۔ اور بادی کو سرخ صندل سے لکھنا مفید اور پُر تاثیر ہوتا ہے۔

اشٹ گندھ :۔ سفید چندن۔ لال چندن۔ مشک کافور۔ کیسر۔ اگر۔ تگر اور کستوری اور خس یہ چیزیں ملا کر تعویذ لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔

ترقی اور بلندی مراتب

۱	۴۱	۱۱	۸
۱۲	۷	۳	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

اس نقش کی تاثیر سے عامل تمام سال دُنیاوی مشکلات سے محفوظ ہو کر کاروبار میں ترقی اور ہر کام میں فائدہ اٹھائیگا۔ اس کو اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

قرض سے نجات ہو

۷۹۵	۵	۳۹	۶۶۳
۳۷	۶۷	۸۹	۶۵
	۸۷	۶۶	۴۵

اس نقش کو چاند کے پکش کے شروع میں منگلوار یا اتوار کے دن لکھ کر اپنے پاس رکھیں اس نقش کے رکھنے سے روزگار میں ترقی ہو گی اور قرض ادا ہو جائیگا۔

فتح اور مرتبہ بلندی کے لئے

۵	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

جب کوئی مقدمہ یا کسی دشمن سے تکرار رہتا ہو تو اس نقش کو اشٹ گندھ سے بروز منگلوار لکھ کر گلے میں ڈال لیویں کامیابی ہو گی۔

مفید اور کار آمد جنتر

سنتان کے لئے

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۰	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

جب کسی کے ہاں لڑکا نہ ہوتا ہو یا سنتان ہو کر گذر جاتی ہو تو اس نقش کو لال چندن سے لکھ کر حاملہ کی کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ مراد پوری ہو گی۔

راج دربار میں عزت بڑھے

۵۶	۶۲	۲	۸
۶	۳	۶۰	۵۹
۶۲	۵۷	۸	۱
۴	۵	۵۸	۶۱

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۶۲	۶۹	۲	۶
۶	۳	۶۸	۶۵
۶۸	۶۳	۸	۱
۴	۵	۶۴	۶۷

سرب سدھی جنتر

۸۱	۹۲	۲	۸
۷	۳	۸۵	۸۴
۸۷	۸۴	۹	۱
۴	۶	۸۴	۸۷

ڈر دُور کرنے کا جنتر

۳۱	۲۸	۲	۸
۷	۳	۳۵	۳۴
۳۷	۳۷	۴	۱
۴	۶	۳۳	۳۶

نظر نہ لگنے کا جنتر

۷۲	۸۱	۳۳	۴۲
۹۸	۸۲	۹	۱۱
۲۵	۳۷	۴۹	۵۰
۴۵	۲۷	۹	۱

بلوان ہونے کا جنتر

۷۲	۷۹	۲	۸
۷	۳	۶۲	۷۵
۷۰	۷۳	۹	۱
۴	۶	۷۴	۷۷

پیڑا دور ہونے کا جنتر

۶۵	۷۲	۲	۷
۶	۳	۶۹	۶۸
۷۱	۶۶	۸	۱
۴	۵	۷۸	۶۷

سب کارج سدھ ہوں

۸	۱۵	۲	۸
۷	۳	۱۱	۱۰
۱۳	۹	۹	۱
۴	۶	۹	۱۲

گر بھ رکھشا جنتر

۲۴۲	۲۴۱	۲۴۰	۲۳۹
۲۲۸	۲۳۷	۲۳۶	۲۳۵
۲۳۴	۲۳۳	۲۳۲	۲۳۱
श्री	हिं	लं	दिं

گمشدہ کا پتہ معلوم کرنا

ایک گھڑا جس پر کوئی کالا داغ نہ ہو لے کر اس کے اوپر اور بیچ میں نیچے لکھا ہوا منتر لکھ دیں۔ پھر منتر لکھ دو پھر منتر کو کاغذ پر لکھ کر گھڑے میں ڈال دو۔ اور ساتھ ہی چار پیسے تانبے کے ڈال دیویں۔ گھڑے کو ڈھکنہ دیکر بائیں طرف گھمائیں۔ اور ساتھ یہ منتر پڑھیں۔

ऐं ایںگ	ह्रीं ہریںگ	क्लीं کلیںگ
डा ڈا	मुं مُنہ	चा چا
यै یے	वि وی	चे چے

گمشدہ ہوئے شخص کا نام

"اوم۔ ایںگ۔ ہریںگ۔ کلیںگ۔ چہ۔ منڈا ایّی وجے۔ گھڑے کو سات بار گھما کر گھڑے کو علیحدہ رکھ دو۔ سات دن تک ایسا کرنے سے وہ آدمی واپس آجائے گا۔ یا چھٹی آجائیگی۔ گمشدہ کا نام نیچے لکھیں۔ اس منتر کو سفید کاغذ پر لکھکر چرنے کے ساتھ اُلٹا بھی گھما سکتے ہیں۔

برہم منتر :۔ اوم تپجد ید کم۔ برہم یہ منتر سب منتروں سے سریشٹ ہے اور یہ ساکھشات دھرم ارتھ کام اور موکھش کا دینے والا ہے اور من کی کامنائیں پورن ہوتی ہیں۔

نوٹ :۔ منتروں کے متعلق زیادہ جانکاری کے لئے ہمارے ہاں سے منتر شکتی کے نام کی کتاب منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو جالندھر۔

فہرست عرس مبارک مسلم اولیاء کرام

نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
لنگر صاحب	حیدر آباد	۱۱ر محرم	حضرت امام صاحب	سیالکوٹ	۱۷ربیع الثانی
بھورے میاں	رامپور	۴ "	شاہ دولہا دریا	گجرات	۱۹ "
بابا فرید الدین گنج شکر	پاک پٹن	۵ "	نظام الدین	دلی	۱۵-۱۷ "
شیخ عبداللہ صاحب	گوالیار	۲۰ "	حضرت نیاز احمد	بریلی	۱۹ "
بابا پھول شاہ	اجمیر	۲۵ "	شمس الدین	پانی پت	۱۹ "
شاہ ولی اللہ	دلی	۲۵ "	حبیب اللہ شاہ نقشبندی	فیروزپور	۱۹-۳۰ "
شاہ جمال	رامپور	۱-۴ صفر	مولانا ثناء اللہ	پانی پت	یکم رجب
غوث پاک	راولپنڈی	۱۳ "	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶-۱۱ "
خواجہ شمس الدین	سیالکوٹ	۱۳-۱۵ "	میاں بادشاہ	لاہور	۸ "
عبدالرحیم	دلی	۱۳ "	عبدالحکیم	لاہور	۱۲ "
میاں کالے	دلی	۱۴ "	خواجہ شمس الدین	عثمان آباد	۱۶ "
مراد اللہ	لکھنؤ	۱۴ "	شاہجہاں بادشاہ	آگرہ	۱۶ "
داتا گنج بخش	لاہور	۲۰ "	خواجہ ناصر الدین	دلی	۲شعبان
شاہ مینا	لکھنؤ	۲۲ "	فضل علی	علی گڑھ	۱۱ "
علی شاہ	دلی	۲۲ "	مولانا پولی	لکھنؤ	۲۲ "
محمد ابوالحسن	حید آباد	۲۴ "	مولانا انوار الحق	لکھنؤ	۲۶ "
مخدوم شاہ علی	کانپور	۲۸ "	اکبر بادشاہ	آگرہ	۲۷ "
شیخ احمد صاحب	سرہند	۲۸ "	بندگی شاہ	سکندر آباد	۲۹ "
صادق شاہ	کانپور	۲۸ "	بو علی شاہ قلندر	پانی پت	۱۳ر مضان
شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷-۲۹ "	سید محمد غوث	گوالیار	۱۴ "
محمد کامل	جلال پور	۴ربیع الاول	نصیر الدین چراغ	دلی	۱۵-۱۷ "
میاں شیر محمد	شرقپور	۲ "	پیر شاہ ولائت	دیوبند	۲۱ "
رونق بخش	اورنگ آباد	۶ "	مولانا فضل الرحمن	مراد آباد	۱۴ "
میاں میر	لاہور	۷ "	میاوڈے شاہ	لاہور	۵ شوال
قدیم شریف	آگرہ	۱۱ "	شاہ عبدالعزیز	دلی	۷ "
مخدوم علاء الدین صابر	کلیر	۳-۸ "	پیر عظمت علی شاہ	دیوبند	۵-۸ "
شاہ محمد غوث	لاہور	۱۶ "	شاہ احمد سرور	مراد آباد	۸ "
شاہ ابوالاعلی	لاہور	۱۷ "	شہید ثالث	آگرہ	۱۲ "
قطب الدین بختیار	مہرلی دلی	۱۸ "	مادھولال حسین	لاہور	۱۸ "
خواجہ نظام الدین اولیاءؒ	دلی	۱۷ "	خوجہ امیر خسرو	دلی	۱۷-۱۸ "
شاہ جمال	لاہور	۲ربیع الثانی	کریم اللہ شاہ	بمبئی	۸ ذیقعدہ
حافظ علی	مراد آباد	۳ "	مہالم شریف	بمبئی	۱۲ "
حبیب اللہ شاہ	فیروزپور	۲۹-۳۰ "	شاہ نظام	اورنگ آباد	۱۲ "
نظام الدین	دلی	۲۶ "	حضرت عبدالخالق	بہاولپور	۲۸ "
شاہ دریائی	گجرات	۱۹ "	حاجی اونچا	کشمیر	۱۷ ذالحجہ
صوفی محمد امام	گڑھ مکتیشور	۲۳ "	خلیفہ محمد رمضان	لاہور	۲۲ "
چشتی صاحب	رامپور	۲۶ "			تاریخ عیسوی
حضرت سد حاجب	کوہاٹ	۲۶-۲۷	عرس نیاز احمد شاہ	کرتارپور	۲۸جون
بی بی پاکدامن	لاہور	۶ جماد الثانی	عرس نیاز دو شاہ	کرتارپور	۱۷ اکتوبر
مولانا فخر الدین	دلی	۷ "	عرس امام ناصر	جالندھر	۱۳ ستمبر
محمد علی شاہ	لکھنؤ	۹ "	عرس میاد ادرباد	پھلور	۱۰-۱۳ "

مسلم تیوہار کب و کیوں منائے جاتے ہیں

محرم الحرام	۱۰ محرم	اس دن امام حسینؓ شہید ہوئے۔ اُنکی یاد میں یہ دن مناتے ہیں
چہلم شہید کربلا	۱۹ صفر	محرم سے ۴۰ ہویں دن کربلا میں جاکر شوک مناتے ہیں۔
آخری چہار شنبہ	صفر کے آخری بدھ	اس دن حضرت محمدؐ بیماری سے صحتیاب ہوئے اور غسل کے بعد فوت ہوگئے۔
عید میلاد النبی	۱۲ربیع اوّل	اس دن حضرت محمدؐ صاحب پیدا ہوئے۔
بارہ وفات	" "	اس دن حضرت محمدؐ صاحب نے دنیا سے رخصت فرماگئے۔
گیارہویں شریف	۱۱ربیع الثانی	اس دن سید غوث اعظمؒ وفات پائے۔ غریبوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔
شب معراج	۲۶رجب	اس دن حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ سے عرش معلے پر ملاقات کی۔
شب برات	۱۴شعبان	سال بھر کے اچھے کاموں کا عوضانہ ملتا ہے۔ چھٹکارے کی رات
جمعتہ الوداع	رمضان	رمضان کے آخری جمعہ کو مسلمان اکھٹے ہو کر نماز ادا کرتے
عید الفطر	یکم شوال	رمضان کے روزے ختم ہونے پر یکم شوال کو عید مناتے ہیں
عید الضحیٰ	۱۰ذالحجہ	حضرت ابراہیم نے حکم خدا پر اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل کی قربانی دی۔
روزے	تمام رمضان	اس مہینے قرآن حضرت محمدؐ پر نازل ہوا۔ یہ مقدس مہینہ ہے

قومی میلے اور عرس جموں و کشمیر

حاجی محمد مراد بخاری	۱۷رذالحجہ	میر سرک صاحب اندرابی	۵ "
حضر مولانا نعیم الدین	۱۸ "	امام موسیٰ علی رضا	۹ "
حضرت شیخ شہاب الدین	۱ر محرم	خواجہ نجم الدین احمد کبریٰ	۱۷ "
میر حیدر لاری تولہ مولا	۸ر "	شیخ مخدوم کشمیری	۲۴ "
یوم عاشورہ	۱۰ر "	مولانا احمد رضا خاں	۲۵ "
بابا نصیب الدین غازی	۱۲ر "	عرس حضرت کاکا	۲۹ "
سید محمد عالی پکھر پورہ	۱۲-۱۶ "	شاہ ہمدان کاشمیری	۶ربیع الاول
امام زین العابدین رو	۱۸ "	شیخ عبدالقادر جیلانی	۱۱ "
میاں شاہ صاحب قادری	۱۵ "	عید میلاد النبیؐ	۱۲ "
شیخ قمر الدین شیر گڑھی	۲۴ "	میر محمد ہمدانی	۱۷ "
حضرت مخدوم اشرف	۲۸ "	شاہ نعمت اللہ قادری	۲۶ "
شیخ بابا داؤد خاکی رو	۲ر صفر	وفات سید مضفر شاہ	۱۰ جماد الاول

گرہوں کے ناقص اثرات سے راحت حاصل کرنے کے اُپائے

سبھی گرہ انسانی زندگی پر اپنا اچھا یا بُرا اثر کرتے ہیں۔ جیوتش شاستر میں گرہوں کے ناقص (بُرے) اثرات کی دور کرنے کے لئے بہت طرح کے مزید اُپائے (طریقہ) بتلائے گئے ہیں۔ جنکو اپنا کر کے اپنے مقدر سے پریشان کوئی بھی شخص راحت حاصل کر سکتا ہے۔ از پنڈت پنالال جیوتشی

۱۔ سورج (شمس)۔ جنم زائچہ میں سورج خراب حالت میں پڑا ہو یا راہو و سنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی نظر میں ہو تو سورج کے بیج منتر کا سات ہزار سے لے کر سوا لاکھ کی تعداد میں جاپ کرنا چاہئے۔ جپ کا آغاز شکل پکھ (شدی) کے اتوار یا سورج چھٹی، روی یوگ، روی پکھ، روی پنر بسو یوگ میں کرنا زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔ جپ کے واسطے رودراکش کی مالا اچھی ہوتی ہے۔ تلسی کی مالا کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ پاٹھ کے بعد کل جاپ کا دسواں حصہ کا ہون کرنے سے پاٹھ خاص پُر اثر ہو جاتا ہے۔

پاٹھ کے بعد روزانہ سورج بھگوان کو ارگھیہ دینا اور گائیتری منتر کا جاپ کرنا مفید ہوتا ہے۔ پاٹھ اور ہون کے بعد سورج کے متعلق چیزوں کا دان باحیثیت کسی براہمن کو دینا چاہئے۔

سورج کا بیج منتر۔ اور ہرام۔ ہریم۔ ہروم سہ سوریائے نمہ۔

ॐ ह्रां ह्रीं ह्रौं सः सूर्याय नमः

سورج ارگھہ کے لئے چھوٹا بیج منتر۔ اوم گھرنی سوریائے نمہ

"ॐ घृणि: सूर्याय नमः ॥

اسکے علاوہ اتوار کے برت رکھنا۔ مانک (سورج منی) پتھر سونے کی انگوٹھی میں شبھ مہورت میں دھارن کرنا۔ تانبہ یا بھوج پتر پر سورج جنتر دھارن کرنا اور پھر بعد میں اپنی حیثیت کے مطابق سُپاتر کو دان کرنے سے سورج کے بُرے اثر سے راحت حاصل ہوتی ہے۔

سورج کے دان کے متعلقہ اشیاؤ، گندم، گڑ، لال کپڑا، گھی، بچھڑے والی لال یا پیلے رنگ کی گائے۔ تانبہ یا سونے کا برتن کیسر لال پھول، لال چندن، مانک وغیرہ لال رنگ کی چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔ سورج کے جاپ سے روحانی طاقت پیچیدہ بیماری سے راحت، صحت، جسمانی طاقت اور سیاسی کامیابی حاصل ہوتی۔

۲۔ چندرماں (قمر) پیدائش زائچہ میں چندرماں ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو تو چندرماں بُرا اثر والا مانا جاتا ہے۔ اسکے بیج منتر کے جپ کی تعداد کم از کم ۱۱ ہزار ہونی چاہئے۔ جپ کے بعد کل پاٹھ کے دسویں حصہ کا ہون پلاش کی لکڑی سے کرنا چاہئے۔ جپ کا آغاز شکل پکھ (شدی) کے سوموار یا پورنماشی سے کرنا مفید گرہوتا ہے۔

جپ کے لئے بیج منتر۔ اوم شرام۔ شریم۔ شروم سیہ چندرسے نمہ

ओं श्रां श्रीं श्रौं सः चन्द्रमसे नमः ।

چندرماں کا ارگھیہ منتر۔ اوم سوم سومائے نمہ

ॐ सों सोमाय नमः

منتر جاپ کے کے علاوہ چندرماں کے بُرے اثر سے راحت کے لئے چاندی کی انگوٹھی میں سفید موتی یا چندرکانت منی دھارن کرنا، سوموار یا پورنماشی کا برت رکھنا جڑی بوٹی دھارن کرنا، چندرماں کا جنتر چاندی کے پترے پر کھدوا کر باترکیب دھارن کرنا۔ شوجی کی پوجا کرنا بھی نہایت مفید ہوتا ہے۔

دان کی اشیاء ۔ چاول، چینی، سفید چندن، شنکھ، کپور دہی، دودھ، کھیر، گھی، سفید کپڑا، چاندی، کانسے کا برتن، چاندی کے ورق لگی برفی، سفید گائے، سفید موتی وغیرہ۔

چندرماں اگر شبھ ہو تو دل دماغ، عورت، ماتا اور دھن دولت کے لئے فائیدہ مند ہوتا ہے۔

۳۔ منگل گرہ (مریخ) ۔ جنم کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹ یا ۱۲ ویں خانہ میں منگل ہو یا سنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی زیر نظر میں ہو یا منگل اپنی نیچ راشی میں ہو تو خراب اثر کرتا ہے۔ نیچے لکھے منتر کا کم از کم دس ہزار کی تعداد میں منگلوار کو شبھ (مبارک) مہورت میں لال چندن، چاول، لال پھول، مولی گڑ گنگا جل لے کر شبھ سنکلپ سے جپ شروع کریں مکمل پاٹھ ہونے کے بعد کل پاٹھ کا دسوں حصہ ہون کرنا اور بعد میں براہمن بھوجن و پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

منگل کا بیج منتر۔ اوم کرام۔ کریم۔ کروم۔ سیہ بھومائے نمہ۔

ॐ क्रां क्रीं क्रौं सः भौमाय नमः ।

جپ کے علاوہ منگل کے ناقص اثر کی شانتی کے لئے ہر منگلوار کا باترتیب برت رکھنا، منگل استوتر کا پاٹھ، شری ہنومان اپاسنا، لال رنگ کی گائے کو چارہ ڈالنا، تانبہ یا سونے کی انگوٹھی میں مونگا پہننا او شدھی، اشنان، میٹ مانس وغیرہ سے پرہیز اور باترتیب طریقہ سے بنا ہوا منگل کا جنتر دھارن کرنا اور جپ اداپن پر براہمن کو میٹھا سمیت بھوجن کھلانا شبھ ہوتا ہے۔

منگل کا دان۔ منگلوار کو طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد تانبہ کی پلیٹ میں رکھ کر دیں۔ دان کی چیزوں میں گندم، مسور کی دال، تانبہ کا برتن، سونا، کنیر کے پھول، لال پھول، لال چندن، کیسر، ناریل، سیب وغیرہ لال رنگ کے پھل، مونگا، گڑ سے بنے ہوئے میٹھے چاول یا میٹھی۔ چاپاتیاں، براہمنوں کو بھوجن کھلانا مبارک ہوتا ہے۔ منگل گرہ ٹھیک ہو جانے سے حوصلہ، جوش، زمین بھائی اولاد وغیرہ کا سکھ حاصل ہوتا ہے۔

۴۔ بدھ (عطارد)۔ پیدائش زائچہ میں بدھ ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں کسی ناقص گرہ کے ساتھ ہو یا زیر نظر ہو تو بُرا اثر کرنے والا ہوتا

ہے۔ بدھ خراب اثر کرتا ہو تو عقل میں خرابی چمڑی کی بیماری، آواز میں گڑبڑ اور اولاد اور بیوپار کے متعلق پریشانی رہتی ہے۔ بدھ گرہ کی بہتری کے لئے نیچے لکھے اُپائے کرنے چاہئے۔

بدھ کا بیج منتر۔ اوم برام۔ بریم۔ بروم۔ سیہ بدھیائے نمہ

ॐ ब्रां ब्रीं ब्रौं सः बुधाय नमः ।

منتر جاپ کے علاوہ بدھوار کا باترکیب برت رکھنا، اوشدھی اشنان کرنا، ہرے رنگ کا نگ پنّا (Emareld) سونے کی انگوٹھی میں جڑواکر دھارن کرنا۔ صحیح طریقہ سے تیار شدہ بدھ کا جنتر رکھنا، شری درگاسپت شتی اور شری وشنو بھگوان کا پاٹھ کرنا۔ گائے کو ہرا چارہ ڈالنا، بدھوار کو کنیا پوجن کے بعد ہری چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

بدھ کا دان۔ مونگی سابت، کھانڈ، چھوٹی الائچی، ہری سبزیاں، ہرا ریشمی کپڑا، کانسہ کا برتن، ہرے پھول، یا رنگ برنگے پھول گھی کپور۔ ہرے پھل مٹھائی دکھنا سمیت براہمن کو بدھوار کے دن دان کرنا شبھ ہوگا۔

۵۔ برہسپت (مشتری) جنم کنڈلی میں ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا نیچ راشی (مکر) میں پڑا ہو یا دشمن گرہوں کی زیر نظر میں ہو تو برہسپت برا اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں برہسپت ناقص حالت میں ہو تو وہ پڑھائی میں ناکامیابی، شادی اور اولاد کے سکھ میں اڑچنیں بھائی کو تکلیف جسم کو تکلیف، عقل میں کمی وغیرہ خراب اثر پیدا کرتا ہے۔

برہسپت میں بہتری (اچھے اثر) کے لئے برہسپت کے بیج منتر کا انیس ہزار (۱۹۰۰۰) کی تعداد میں پاٹھ کرنا یا کسی براہمن سے پاٹھ کروانا شبھ ہوتا ہے۔ مکمل پاٹھ کے بعد دسویں حصہ کا ہون (پیپل کی لکڑی سے) کروانا اچھا ہوتا ہے۔

برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام۔ گریم۔ گروم سیہ گوروے نمہ

ॐ ग्रां ग्रीं ग्रौं सः गुरवे नमः

برہسپتی کا دان۔ سونے یا تانبہ کی انگوٹھی میں پکھراج پہننا یا باترتیب تیار شدہ جنتر دھارن کرنا۔ اوشدھی اشنان کرنا۔ باترتیب ویروار کا برت رکھنا۔ چنے کی دال۔ شکر گھی۔ پیلے کپڑے، ہلدی، بچھڑے سمیت پیلے رنگ کی گائے، آم، کیلے وغیرہ۔ پیلے پھل، پیلا کمبل، دھارمک گرنتھ (مذہبی کتاب) بیسن کے لڈو، کانسا کا برتن، نمک، مٹھائی وغیرہ کا دان شکل پکھ کے ویروار کو براہمن بھوجن کے بعد دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

جو شخص پکھراج کا نگ نہ دھارن کر سکتا ہو وہ کیلے یا نارنگی کی جڑ کو پیلے کپڑے میں لپیٹ کر دائیں کلائی میں ویروار کو منتر پڑھتے ہوئے باندھ سکتا ہے۔ میٹ ماس وغیرہ کے استعمال سے پرہیز رکھنا چاہئے۔

۶۔ شکر (زہرہ) گرہ۔ جنم کنڈلی میں شکر ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں یا نیچ (کنیا) راشی میں منعقد ہو یا برہسپت، سورج وغیرہ دشمن گرہوں کی زیر نظر میں ہو تو شکر بُرا اثر کرتا ہے۔ شکر کے خراب اثر سے دھن دولت میں کمی، زمین، عورت وسواری وغیرہ کے سکھوں میں کمی رہتی ہے۔ اسکے اچھے اثر کو بڑھانے کے لئے شکر کے بیج منتر کا کم از کم سولہ ہزار (16000) کی تعداد میں جپ اور اسکے دسویں حصہ کا ہون کرنا اچھا ہوتا ہے۔ ہون ڈھاک یا گولسر کی لکڑی سے کرنا چاہئے۔

شکر بیج منتر۔ اوم درام۔ دریم دروم سیہ شکرائے نمہ

ॐ द्रां द्रीं द्रौं सः शुक्राय नमः

شکر کا دان۔ چاندی، چاول۔ مشری، چینی، دودھ یا کھیر، برفی، وغیرہ سفید چندن سفید گائے، سفید پھول، پھل، سفید کپڑے، خوشبودار چیزیں، سفید یا کریم رنگ کی چیزوں کا دان مبارک ہوتا ہے۔

شکر جاپ کے علاوہ چاندی یا سونے کی انگوٹھی میں جڑواکر ہیرا پہننا، شکر کا جنتر دھارن کرنا اوشدھی اشنان، سفید گائے کی سیوہ (خدمت) کرنا۔ سفید چندن کا تلک کرنا چھوٹی کنیاؤں کا پوجن کرکے انکو برفی کپڑے وغیرہ تحفے دینا اور شری درگا سپتشتی کا پاٹھ کرنا مفید ہوتا ہے۔

۷۔ سنیچر (یعنی زحل) گرہ۔ جب کسی کنڈلی میں سنیچر ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ ویں خانہ میں پڑا ہو۔ یا میکھ وغیرہ نیچ راشی میں پڑا ہو یا سورج منگل دشمنی گرہوں کی زیر نظر یا شاہو تو سنیچر ناقص اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں سنیچر بُرا اثر کر رہا ہو تو وہ آمدن کے ذریعہ میں رکاوٹیں جسم کو تکلیف، دماغی تناؤ، پریوار میں تکرار اور بنتے کاموں میں بار بار اڑچنیں پیدا ہوتی ہیں۔ شنی کے ناقص اثر کو دور کرنے کے لئے شنی کے بیج منتر کا کم از کم ۲۳ ہزار کی تعداد میں جاپ اور اسکے کل دسویں حصہ کی تعداد میں شمی کی لکڑی سے ہون کروانا مفید گر ثابت ہوتا ہے۔

شنی کا بیج منتر۔ اوم پرام۔ پریم۔ پروم سیہ شنیہ نمہ

ॐ प्रां प्रीं प्रौं सः शनये नमः

شنی کا ویدک منتر۔ اوم شنو دیوی رہیشٹہ آپو بھونتو پیتے شم یور بھیسر دنتونہ

باتقریب منتر جاپ کے علاوہ پانچ دھات کی یا سونے کی انگوٹھی میں نیلم دھارن کرنا سنیچر کے برت رکھنا، شنی استوتر کا پاٹھ کرنا، لوہے کی کٹوری میں تیل ڈال کر چھایا پاتر کرنا، اوشدھ اشنان، اندھ ودیالہ یا کوڑھی آشرم میں اُڑد کی دال کے ساتھ بیماروں کو کھانا، دوائی، کپڑا وغیرہ کا دان کرنا، شوا استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ اور مبارک ہے۔ اسکے علاوہ شنی کی شانتی کے لئے کالی گائے کی خدمت کرنا بھی اچھا ہوتا ہے۔

جو شخص نیلم دھارن نہیں کر سکتے ہوں وہ بائیں ہاتھ کی کلائی میں لوہے یا سٹیل کا کڑا یا انگوٹھی پہن سکتے ہیں۔ بائیں بازو میں بچھو گھاس کی جڑ کالے کپڑے میں لپیٹ کر دھارن کر سکتے ہیں۔

شنی کے دان کی اشیاء۔ اُڑد، کالے تل، کالے چنے، سرسوں کا تیل، کالی گائے، کالا کپڑا، لوہے کا برتن کالے جوتے، بھینس کلتھی، نیلم، ناریل، نیلم کالے اور نیلے پھول، اور بوڑھے غریب مفلس شخص کو بھوجن کروانا مبارک ہوتا ہے۔ شنی کا دان بعد دوپہر کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۸۔ راہوراس۔ جس کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ ادیں خانہ میں راہو پڑا ہو خراب دشا کا اثر ہو تو یہ گرہ جسم کو تکلیف، تناؤ، دولت کاروباری اور گھریلو الجھنیں کلیش اور دیگر پریشانیوں کو پیدا کرتا ہے۔ راہو کے برے اثر کو دور کرنے کے لئے اسکے بیج منتر کا کم از کم ۱۸ ہزار کی تعداد میں پاٹھ کرانا اچھا ہوتا ہے۔

راہو کا بیج منتر۔ اوم بھرام۔ بھریم۔ بھروم سیہ راہو نمہ

ॐ भ्रां भ्रीं भ्रौं सः राहवे नमः ।

منتر جاپ کے علاوہ راہو سے مطلقہ اشیاء کا دان، سنیچر کا برت، راہو کا جنتر دھارن، اوشدھ اشنان، گومیدنگ پنچ دھات کی انگوٹھی میں سنیچر کے روز درمیانی انگلی میں دھارن کرنا، راہو استوتر کا پاٹھ کرنا، بہتے پانی میں ناریل بہانہ شری درگا پوجا کرنا، کشٹھ آشرم یا اپاہج آشرم میں اناج پھل کپڑوں (خاص کر گرم کمبل) اور راہو کی اشیاء کا دان کرنا مبارک ہوگا۔

راہو کی اشیاء۔ ست ناجا، گومیدھ، سیسا، کالا گھوڑا، تیل، کالے پھول نیلا کپڑا کالے ماش (اڑد) تلوار چنا وغیرہ کمبل۔ بل پتر کستوری وغیرہ۔ راہو کا دان رات کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۹۔ کیتو (Ketu)۔ کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا کسی ناقص گرہ کے زیر اثر ہو تو اس شخص کو جسم میں تکلیف، آپسی کلیش، گھریلو الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کیتو کے ناقص اثر کو دور کرنے لئے نیچے لکھا بیج منتر کا ۱۷ ہزار کی تعداد میں جاپ کرنا فائیدہ مند ہوتا ہے۔ پاٹھ مکمل ہونے پر دسوں حصہ کی تعداد میں ہون کرنا چاہئے۔

کیتو کا بیج منتر۔ اوم۔ سرام۔ سریم۔ سروم سیہ کیتوے نمہ

کیتو گایتری منتر۔ اوم پدم پوترائے ودمہے امرتے شائے دھی مہی تنو کیتو پرچودیات

ॐ स्त्रां स्त्रीं स्त्रौं सः केतवे नमः ।

پاٹھ پورا ہونے پر پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔ منتر جاپ کے علاوہ کیتو سے متعلقہ اشیاء کا دان، شری درگا و گنیش جی کی پوجا، کتوں کو دودھ چاپاتی ڈالنا، گرم کپڑے (کمبل وغیرہ) کا دان اندھ ودیالیہ یا کشٹ آشرم میں اناج، دوائیوں، کپڑوں پھلوں وغیرہ کا دان پرندوں کو ستنا جاڈالنا اور کیتو کا جنتر یا نو گرہ جنتر دھارن کرنا مبارک ہوتا ہے۔

کیتو گرہ کے دان کی اشیاء۔ لہنیا، لوہا، ناریل، تل، تیل، سپت دھان، فکر بھورے رنگ سمیت رنگ برنگے کپڑے، کستوری، چاقو، لال رنگ کی گائے، ہسپتال میں دوائیاں وغیرہ کا بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

ست ناج گندم اڑد، مونگی، جوں، کنگنی، دھان اور چاول۔ ان سات چیزوں کو ہی سات دھان یا ستنا جا کہتے ہیں۔

نوٹ۔ کسی گرہ بہرہ مٹھائی وغیرہ کا براہموں کو دان دینا، کھانا کھلانا اور چھوٹے بچوں میں پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

خیر اندیش۔ پنڈت پنالال جیوتشی مصنف مفید عالم جنتری جالندھر شہر

جنم کنڈلی میں ناقص گرہوں کیلئے نو گرہوں کے جنتر

جن کو جنم کنڈلی میں کوئی ناقص پڑ گیا ہو اسکو چاہئے کہ مندرجہ ذیل میں سے مطلوبہ جنتر اشٹ گندھ سے مور کے قلم سے اُس گرہ کے دار کو صبح شہ پوتر ہو کر لکھے اس کا ناقص پھل کم ہو جائیگا۔ اشٹ گندھ اگر تگر کس مشک کافور لال و سفید چندن کیسر کستوری ان سب چیزوں کو گنگا جل میں مل کر کے چاند نے وار میں لکھ کرا اپنے پاس رکھیں۔

سورج

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

چندرماں

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

منگل

۱۰	۳	۸
۵	۷	۹
۶	۱۱	۴

بُدھ

۱۱	۴	۹
۶	۸	۱۰
۷	۱۲	۵

برہسپت

۱۲	۵	۱۰
۷	۹	۱۱
۸	۱۳	۶

شکر

۱۳	۶	۱۱
۸	۱۰	۱۲
۹	۱۴	۷

سنیچر

۱۴	۷	۱۲
۹	۱۱	۱۳
۱۰	۱۵	۸

راہو

۱۵	۸	۱۳
۱۰	۱۲	۱۴
۱۱	۱۶	۹

کیت

۱۶	۹	۱۴
۱۱	۱۳	۱۵
۱۲	۱۷	۱۰

صحت و تندرستی کیلئے

۲	۹	۲	۷
۶	۳	۶	۵
۶	۳	۸	۱
۴	۵	۴	۷

روزگار کیلئے

۹	۱۶	۵	۴
۷	۲	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۸	۱
۶	۳	۱۰	۱۵

مرتبہ بلندی کیلئے

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

دھن پراپتی کیلئے

۹
۱
۳ ۷ ۸ ۲
۴
۶

شترو ناش کیلئے

۱۱ ۱
۱۲ ۲
۱۳ ۳
۱۴ ۴

اقوال زریں

☆ مظلوم کی پکار سے بچو اس لئے کہ وہ اللہ سے اپنا حق مانگتا ہے۔ اور اللہ کسی صاحب حق کو اس کے حق سے محروم نہیں رکھتا (رسول مقبول)

☆ انسان سب سے بڑی خوبی کبھی نہ گرنے میں نہیں بلکہ گر کر اٹھنے میں ہے (قرآن کریم)

☆ رنج غم سے بڑھکر انسانی زندگی کا دشمن کوئی اور نہیں (ایک مشرقی مفکر)

☆ اپنے وقار کو مجروح کرنے دس بار مرنا زیادہ بہتر ہے (ایڈیسن)

☆ بے وقوف اپنے آپ کو عقلمند اور عقلمند خود کو بیوقوف سمجھتا ہے (شیکسپیئر)

☆ قلم ہاتھی کی زبان اور تحریر خاموش آواز (سقراط)

۲۷ پچھتروں میں پیدائش کا بیان

۱۔اشونی : میکھ راشی کے اور کیتو کے اس پچھتر میں پیدا ہونے والا شخص خوبصورت، عقلمند، ہر دلعزیز، خوش اخلاق، ملنسار، تیز فہم ہوتا ہے۔ زیب و آرائش پسند، آرٹسٹک ہوتے ہیں۔ یہ گنڈ مول پچھتر ہے جو کہ والد کو ارسٹکاری ہوتا ہے۔ شروعاتی زندگی عموماً جدوجہد بھرا ہوتا ہے۔ اس میں پیدا شخص پڑھنے و پڑھانے اور تصنیف کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والا، امیر اور امیر لوگوں سے تعلقات رکھنے والا، نجی کاموں میں آگے، ترکشیل، سیاح، اور غیر ملکی کاموں میں دلچسپی اور بدیش میں قسمت طلوع ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ ویں سال میں طلوع ہوگا۔

۲۔ بھرنی :۔ میکھ راشی اور پچھتر کا مالک شکر ہے۔ اس پچھتر میں پیدا ہونے والا شخص چالاق، شروع کئے کاموں کو انجام تک پہنچانے والا۔ مخالفوں کو نیچا دکھانے والا۔ اچانک حملہ کرنے کی یوجنا میں ماہر۔ مذہبی کاموں میں دلچسپی رکھنے والا۔ بھاگیہ وادی، تیز، کامی اور دھوکہ دینے والا۔ اس میں پیدا شخص خوبصورتی اور عیش پسند، شراب اور شباب کا شوقین، تفریح، کھیل کود کا سنگیت کا شوقین۔ کلا، فوٹوگرافی، ہوٹل، قانون، انجینرنگ، سرجری، گپت روگ ماہر، خرید وفروخت اور کھیتی میں دلچسپی رکھتا ہے۔ اسکی قسمت کا ستارہ ۲۷ ویں سال میں طلوع ہوگا۔

۳۔ کرتیکا :۔ میکھ راشی اور سورج پچھتر میں پیدا شخص کے منہ پر پیدائش سے نشان، بے رحم دل، جلد غصہ ہو جانے والا، ہائی بلڈ پریشر کا خوف ہوتا۔ اس میں پیدا شخص کو کاروبار سے متعلق کاموں اور زیادہ سے زیادہ دولت بنانے میں میں جدوجہد کرنا پڑتا ہے۔ سرکاری اداروں سے بھی فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ بدیشوں سے متعلق کاموں میں زیادہ ترقی کر سکیں گے۔ سنگ تراش، آرٹسٹ، بجلی، فوٹو گرافی، میڈیکل، کپڑا فروش، تعلیم اور ڈاکٹری میں کامیاب ہوتے ہیں۔ قسمت کا ستارہ ۲۹ ویں سال کے بعد چمکے گا۔

۴۔ روہنی۔ اس پچھتر میں پیدا شخص خوبصورت شکل، خوبصورتی پسند، سنگیت، کلا، ناٹک، تصنیف کے کاموں میں خاص دلچسپی لینے والا، خوش اخلاق، عورتوں کے طرف مائل رہتا ہے۔ کپڑے زیورات کا اور خوشبودار چیزوں کا شوقین۔ دوسرے چرن میں پیدا شخص پریوار کے ساتھ خاص لگاؤ رکھتے ہیں لیکن باہری زندگی میں خودمرکوز رہتے ہیں۔ تیسرے و چوتھے چرن میں پیدا شخص کے ہاتھ، پیر عموماً چھوٹی ہوتی ہے۔ مذہبی کاموں میں دلچسپی، چالاک۔ ملنسار اور خوش اخلاق ہوتے ہیں۔ قسمت کا ستارہ ۳۰ سال کے بعد چمکے گا۔

۵۔ مرگشر :۔ پچھتر کے پہلے حصہ میں برکھ راشی سوامی شکر اور پچھتر سوامی منگل ہوتا ہے۔ شکر کی راشی اور منگل کے پچھتر میں پیدا ہوئے ایسا شخص زیادہ تر امیر، غلط کاموں سے پیسہ کمانے والا، غیر بھروسہ مند، بڑے خواہشمند، عیش پسند زندگی۔ تیز فہم، جواب دینے میں ماہر۔ خود غرض، لیڈرشپ میں ماہر، فوج اور ادارے کا ہیڈ بننے میں دلچسپی، opposite sex کے طرف خاص لگاؤ۔ زمین، عمارت، کاسمیٹک، ٹی وی اور فلم انڈسٹری، انکم ٹیکس ادارے، ٹیلرنگ، شراب، سنگیت کلا سے متعلق کاروبار میں خاص کامیاب۔ بدیش میں قسمت طلوع ہوگا۔ ۲۸ برس کے بعد خوش حال ہوگا۔

۶۔ آردرا۔ بدھ کی راشی متھن اور راہو کے اس پچھتر میں پیدا ہوا شخص خوش کلام، ملنسار، ویدھ اور منتر کا علم جاننے والا۔ صاف دل، گذرے عمل پر فکر کرنے والا۔ کمزوردل، عام حالات۔ غیر دوراندیش، نشیلی چیزوں کے استعمال میں دلچسپی۔ گھمنڈی۔ اس پچھتر میں پیدا شخص کتب فروش۔ خرید و فروخت کرنے والا، ٹیلی کام و بھاگ، شراب کا کاروبار یا کمپیوٹر، اشتہار کے کاروبار سے تعلق رکھتا ہے۔ مانسون بارش بھی اسی پچھتر میں طے ہوتی ہے۔ اس پچھتر میں پیدا ہوئے شخص عموماً گلے، سانس، کان، استھما جیسے مرضوں میں مبتلا ہوتے ہے۔ ۲۸ برس کے بعد قسمت چمکے گا۔

۷۔ پنربسو :۔ بدھ کی راشی (متھن) اور برہسپت کے پچھتر میں پیدا ہوئے شخص غور و خوض، عقلمند، سسرال سے سے دولت حاصل کرنے وال، دانت کا مریض، بڑھاپے عیش کرنے والے ہوتے ہیں۔ وہ سندر کپڑوں کے شوقین، اونچے خواہشمند، بڑے عہدے حاصلکرنے والا، تیز فہم۔ اچھی یادداشت، دیکھنے میں خوبصورت۔ دولت مند، بڑے خاندان میں پیدا، دھارمک ہوتے ہیں۔ اچھی اولاد، بہو اور کافی دوست ملتے ہیں۔ دیش و دیش کے کئی سفر میں جانے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ ۲۸ سال میں چمکے گا۔

۸۔ پکھ۔ شنی کے پچھتر اور چندرماں کی راشی (کرک) میں پیدا شخص امن پسند، خوبصورت شکل، پنڈت، چالاق، دولتمند اور مذہبی خیالات والا ہوتا ہے۔ ایسا شخص عقلمند، ہوشیار، محفوظ رہ کر کام کرنے والا، وزیر، افسر، ایماندار، ہر دلعزیز، صفائی پسند، مسافرت، مشکل کاموں کو بھی ہوشیاری سے مکمل کرتے ہیں۔ بڑے عمر والے اور سماجک کاموں میں کامیاب مانے جاتے ہیں۔ خوش قسمت ہوتے ہیں۔ قسمت کا ستارہ ۳۵ سال کے بعد چمکے گا۔

۹۔ اشلیکھا۔ اس میں پیدا شخص جلد ہی خوش ہو جانے والا، چالاک، جلد ہی بدل جانے والے، دوسرے کی نقل کرنے والے۔

آرٹسٹک، دولت مند، عاشق مزاج۔ دوسروں کا کام کو تیار، کھانے پینے کے شوقین، ہنس مکھ، ساہتہ اور سنگیت کا جانکار۔ بڑے کنبہ والا۔ صاف گو۔ ۳۳ویں سال میں قسمت طلوع ہوگا۔

۱۰۔ مگھا :۔ صاف گو، منہ پھٹ، جلد ہی غصہ اور جلد ہی مان جانے والا ہوتا ہے۔ ایسے لوگ کاروباری، دولت مند، دیوتا پتروں کے بھکت۔ دوردشی، نڈر، بہادر، جذباتی اور کبھی گھمنڈی جلدباز اور گرم مزاج بھی ہو جاتے ہیں۔ بڑے خواہشمند، کام میں ماہر، سرکاری یا نجی اداروں میں بھروسہ مند عہدوں پر مامور ہو۔ پوشیدہ کاموں میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس میں پیدا شخص لیڈر، کلاکار، مصنف، کھانے پینے کے شوقین۔ انہیں پیٹھ یا ریڑھ کی ہڈی سے متعلق مرض ہوتے ہے۔ اسے قسمت کا ستارہ ۲۵ویں برس کے بعد چمکے گا۔

۱۱۔ پوربا پھالگنی :۔ شیریں کلام، ہوشیار، کئی ہنروں میں ماہر، عالم، سندر شکل صورت کا۔ رحم دل، مہربان ہوتے ہیں۔ اس پچھتر میں پیدا شکل شاعر، عیش آرائش کا شوقین۔ ایماندار، سچے، سنگیت کار، بیش قیمتی چیزوں اور زیورات کا شوقین۔ جلد ہی خوش ہو جانے والا، خرید و فروخت میں ماہر، مذہبی اداروں سے تعلقات، عزت و آبرو کو زیادہ اہمیت دینے والا ہوتا ہے۔ اس کے قسمت ۲۸ویں سال میں چمکے گا۔

۱۲۔ اترا پھالگنی :۔ اس پچھتر میں پیدا شخص بہادر، مہربان، بڑے خواب دیکھنے والا۔ اپنے تعریف آپ کرنے والا، خوش اخلاق۔ ہمت والا، صاف گو۔ دانی، بڑے عہدے سے فائدہ لینے والا۔ ہر دلعزیز۔ اپنے عقل سے دولت کمانے والا۔ سرکاری ادارے۔ انتظامیہ۔ سیکورٹی ادارے۔ مصنف۔ سیاست، آنکھ کے ڈاکٹر۔ استاد وغیرہ زیادتر اسی پچھتر کو لوگ بنتے ہیں۔ اان کے قسمت ۲۸۔۳۱ سال کے درمیان چمکے۔

۱۳۔ ہست :۔ بدھ کا راشی (کنیا) اور چندرماں کے پچھتر (ہست) میں پیدا شخص حوصلہ مند۔ بے رحم۔ شراب کا شوقین۔ کاریگر۔ ماہر کاروباری۔ لاپروہ۔ اپنی محنت سے ترقی کرنے والا۔ عورت کے طرف مائل۔ صاف دل والا۔ عقلمند، ہوشیار۔ اپنے غرض کے لئے کوئی بھی غلط راستہ اختیار کرنے والا۔ یہ اپنے عمر کے ۳۰ سے ۳۲ویں سال میں خاص فائدہ اٹھائیگا۔

۱۴۔ چترا :۔ اس پچھتر میں پیدا شخص خوبصورت ناک و نقشے کا۔ بات چیت کرنے میں چالاک۔ صاف گو۔ خوش اخلاق۔ کاروباری۔ کبھی کبھی سنجیدہ ہو جانے والا۔ تیز مزاج۔ چھوٹی چھوٹی باتوں میں روٹھ جانے والا۔ سندر کپڑے اور زیورات کو شوقین۔ ایماندار۔ لال اور ہرے رنگ کو عاشق۔ پریس پرکاشن۔ عدالتی معاملوں۔ بجلی۔ سیکورٹی ادارے۔ ڈاکٹری، کمپیوٹر، تصنیف وغیرہ سے تعلق رکھتا ہے۔ ان کے قسمت ۳۲۔۳۸ برس کے درمیان چمکیں گے۔

۱۵۔ سواتی۔ سنجیدہ۔ مہربان، ایماندار، عقلمند۔ انصاف پرور۔ رُک رُک کر بولنے وال۔ صاف گو۔ جذباتی۔ ملنسار۔ جیوتشی۔ شراب کا شوقین۔ تیز یاد داشت۔ کاروبار میں ماہر۔ دوستوں میں پیارا شخص۔ خوش قسمت۔ لیکن غصہ میں خود کو نقصان کرنے والا۔ کبھی حادثہ میں خطرناک چوٹ بھی آتی ہے۔ ایسے لوگ بجلی کا سامان، خرید و فروخت، سیاح۔ ناٹک۔ دودھ ڈیری فارم۔ کمپیوٹر، آٹو موبائل وغیرہ کاروبار سے نسبت رکھتے ہیں۔ ۳۰ سے ۳۵ سال کی عمر میں خاص فائدہ ہوگا۔

۱۶۔ وشاکھا :۔ خوبصورت ہر دل عزیز۔ آزاد خیال والا، انصاف پرور۔ بولنے میں ماہر۔ ایشور میں بھروسے رکھنے والا۔ غیر ممالک میں سفر کرنے والا۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ۔ کاروبار میں دلچسپی رکھنے والا۔ منور نجن کے شوقین۔ جیوتش میں دلچسپی۔ ۲۱۔ ۲۸۔ ۳۴ برس میں قسمت چمکے۔ ایسے شخص ٹریولنگ اجنٹ۔ بینکنگ۔ کمیشن اجنٹ، آڈیٹر۔ استاد، سمپادک۔ سنیما۔ عدالت۔ بیکری، ٹیلی ویزن، میڈیکل، سائنس وغیرہ سے نسبت رکھتا ہے۔

۱۷۔ انوارادھا۔ اس پچھتر میں پیدا ہونے والا شخص محنتی، فنوں میں ماہر، کام نکالنے میں چالاک۔ سفر کا شوقین۔ دولت مند، اپنے عزیز و قریب کا مددگار، پکاارادہ۔ خود غرض۔ بے رحم، نڈر، ایماندار، بھوک نہ برداشت کرنے والا۔ گوشت، تمباکو وغیرہ کا شوقین، اپنے محنت سے ترقی حاصل کرنے والا۔ قانون گو، ڈاکٹری، سرجن، کمپیوٹر انجنیر، سرکار ملازم، چمڑا کاروباری، جج، جاسوس، انجن و گاڑی چلانے والا اسی پچھتر کے میں آتے ہیں۔ قسمت ۳۹ویں برس کے بعد چمکے گا۔

۱۸۔ جیشٹھا :۔ اس میں پیدا شخص ہر کام کے لئے صدا تیار۔ جلدی جلدی کام کرنے والا۔ نرم دل، تیز فہم، صاف گو، غصہ ور، بات چیت میں ماہر، مذہبی خیالات، دوستوں کا مددگار، مہربان ہوتے ہیں۔ ان کا تعلق علم ادب خبر نویش، پرکاشن، سمپادن مشین مین، بیما، سرجیکل، بجلی، پولیس، فوج سے ہے۔ ۱۳، ۲۷، ۳۱ اور ۴۹ویں سال صحت کے لئے نقصاندہ رہے گا۔

۱۹۔ مولا :۔ مذہبی خیالات کے، نرم دل، ایماندار ملنسار، قانون کا پالن کرنے والا۔ دولتمند، ساجک کاموں میں مشغول، پکے ارادہ۔ اور اچھے طور طریقے والا ہوتا ہے۔ یہ سفر کا شوقین، جادو ٹونے میں یقین رکھنے والا۔ دشمنوں پر فتح حاصل کرنے میں ماہر۔ اس پچھتر میں پیدا شخص استاد، وکیل، جج، پجاری، مصنف، جاسوس، ایڈیٹر، تاجر، کلرک، جیوتشی، ڈاکٹر، اور سیاست میں کامیاب ہوتے ہیں۔ ان کا قسمت ۲۷ یا ۳۱ویں سال میں چمکے گا۔

۲۰ :۔ پوربار کھاڑہ :۔ اس میں پیدا شخص خوش قسمت، ہر دلعزیز، اچھے دوستوں سے بھرے ہوئے۔ تعلیم یافتہ، ہنس مکھ، ایماندار، انصاف پرور، سچائی پسند، سماج معزز، ملنسار، ہوتے ہیں۔ یہ بینک، ٹیلی ویزن، وکیل، مصنف، ریلوے، بجلی، بیکری، کلاکار، سنیما، سنگیت سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے قسمت کا ستارہ ۳۱ویں سال میں چمکے گا۔

۲۱۔ اترا کھاڑہ :۔ اچھی شکل و صورت، عقلمند، قانون گو، مذہبی خیالات، خوشدل، کئی زبان کا جاننے والا، صحت مند، تیز فہم، ہر دلعزیز،

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم سبوحٌ ۱۵۲	اللّٰہ ۶۶	الرحمٰن ۳۲۹	الرحیم ۲۸۹
مہیمنٌ علیمٌ ۳۳۰	شدیدٌ خبیرٌ ۲۸۸	قریبٌ مجیبٌ ۱۰۳	حیٌّ والٍ ۶۵
عفوٌّ سلامٌ ۲۸۷	قاہرٌ اوّلُ ۳۲۷	احدٌ کبیرٌ ۶۸	بدیعٌ ملکٌ ۱۰۴
نصیرٌ ۶۷	مالکٌ وّ علیمٌ ۱۰۵	شانٌ مہیمنٌ ۲۸۶	رزّاقٌ ودودٌ ۳۲۸

از - حاجی محمد رفیق [illegible] اہری - لاہور -

تعویذ برائے حل المشکلات

ترکیب :- جو کوئی اس نقش کو جس کام کے واسطے استعمال کریگا وہ کام بر آئیگا۔ اگر اپنے بازو پر باندھے گا تو کسی آفت میں نہ پھنسے گا اور اگر تنگدست ہوگا تو رزاق مطلق روزی غیب سے دیگا۔ کبھی محتاج نہ رہے گا۔ صاحب توقیر ہو، دشمن دوست ہو، اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلائے مریض شفا پائے مرض دور ہو جاوے اگر حاکم کے سامنے جاوے وہ مہربان ہو جائے

ضروری ہدایات :- یہ نقش ایک بزرگ درویش پہنچے ہوئے فقیر کی مہربانی سے حاصل ہوا ہے۔ اُن کے حکم کے مطابق یہ نقش پنڈت دیوی دیال جیوتشی لاہور والوں کی مفید عالم جنتری میں شائع کیا جا رہا ہے۔ جس کو کاٹ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر یا تعویذ میں رکھ کر بائیں بازو میں باندھنے سے خدا نے چاہا تو یقیناً کامیابی ملے گی مگر شرط یہ ہے کہ نیت پاک و صاف ہو۔ خدا پر پورا بھروسہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے محنت و ایمانداری سے کام کرنا ضروری ہے۔ (۲) نقش کو دوسرے کاغذ پر نقل کر کے استعمال کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ غلطی ہونے کا اندیشہ ہے جس کا اثر اُلٹا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا جنتری سے کاٹ کر ہی استعمال کریں تاکہ کسی غلطی کا احتمال نہ رہے۔

اقوالِ زرّیں

۱۔ دکھ انسانیت کی ترقی کا سادھن ہے۔ سچے انسان کا جیون دکھ میں ہی کھل اُٹھتا ہے سونے کا رنگ تپانے پر ہی چمکتا ہے۔

۲۔ سب جگہ پرماتما کی من موہنی مورتی دیکھ کر آنند میں مگن رہو جس کو اُس کی مورتی سب جگہ دیکھتی ہے وہ تو خود ہی آنند سروپ ہے۔

۳۔ شانتی تو آپ کے اندر ہے کامنا روپی دان یا چڑیل کا سایہ اتار کر شانتی کے درشن ہوئے بیراگ کے مہامنتر سے کامنا کو بھگا دو پھر دیکھو سب جگہ شانتی ہی شانتی نظر آئے گی۔

۴۔ پرماتما پر بھروسہ رکھ کر جیون ڈور داس کے چرنوں میں باندھ دو پھر یُکتی آپکی داسی بن جائے گی۔

۵۔ جو لوگ آتما کو امر نہیں جانتے وہی موت سے کانپتے ہیں۔

بارہ ماہ کی مضر و مفید ہدایات نامہ

جنوری اس ماہ صبح نہار منہ چند گھونٹ گرم پانی پینا صبح سیر کو جانا گرم جگہ تیل کی مالش کر کے ورزش کرنا، دھوپ میں بیٹھنا مفید ہے سورج نکلنے سے حوائج ضروری سے فارغ ہو کر تازے پانی سے غسل کرنا مفید ہے۔

فروری اس ماہ میں دھوپ میں بیٹھ کر مالش کرنا۔ گرم پانی سے نہانا صبح کھلی ہوا میں سیر کرنا۔ نمکین چائے اور دودھ میں شہد ملا کر پینا مفید ہے بستر سے ننگے بدن اٹھکر پاخانہ جانا سرد ہوا اور شبنم سے بدن محفوظ نہ رکھنا مکان میں کوئلے جلا کر دروازہ بند کرنا۔ سرد پانی سے نہانا دن میں سونا مضر ہے۔

مارچ علی الصباح ہلکی ورزش۔ سیر باغ۔ شہد اور ترکاریوں کا نجولی استعمال موٹا کپڑا پہننا اور دریا میں غسل کرنا مفید ہے کھانا کھا کر فوراً نہ سونا چاہیئے کچھ دیر آہستہ آہستہ ٹہلنا چاہیئے۔

اپریل ہلکہ جلاب لینا، ہلکی غذا کھانا، کھانے کے ساتھ سرکہ استعمال کرنا تازہ پانی پینا۔ تازہ پانی سے نہانا صبح کی سیر اور مکان کی سفیدی کرانا صبح سویرے نہا دھو کر باقاعدہ آسن پرانایام کرنے سے جسم سڈول اور تندرست رہتا ہے۔ بدن پر تیل سرسوں کی مالش کرنا مفید ہے۔

مئی علی الصبح اُٹھنا۔ ورزش کرنا ترش اشیاء کا استعمال کھانے کے بعد تھوڑا لینا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا چاہیئے اور گرم غذا کھانا۔ دوپہر کو زیادہ سونا، برف کا استعمال کھانے کے بعد کرنا باریک کپڑے پہننا مضر ہے۔

جون سر کو دھوپ سے بچانا، دھوپ اور ٹھنڈی چیزوں و شربتوں نیز میٹھے اور نمکین رسوں کا استعمال کرنا صبح کی سیر۔ رات کو سفر دوپہر کو سونا مفید ہے اور زیادہ ورزش بدن ننگا رکھنا بھیگے کپڑے پہننا۔ دھوپ میں ننگے سر پھرنا عورت سے زیادہ صحبت اور گرم اشیاء کا استعمال مضر صحت ہے۔

جولائی صبح سویرے ندی کے کنارے سیر کرنا دوپہر کو تھوڑا سونا ہوادار مکان میں رہنا ترش اور ٹھنڈی اشیاء اور ہلکا لباس پہننا مفید ہے دھوپ میں ورزش کرنا مضر صحت ہے۔

اگست صبح سویرے اُٹھنا تازے پانی سے نہانا باغیچہ میں ہوا خوری، ہلکی غذا لیموں پودینہ اور پیاز کا استعمال مفید ہے دن کے آخر میں دودھ رات کے آخر میں لسی پینی چاہیئے اور ورزش کرنا زمین پر سونا دھوپ میں ننگے بدن رہنا رات کو جاگنا، عورت سے زیادہ صحبت کرنا مضر ہے۔

ستمبر علی الصبح دریا کے کنارے سیر ہلکی غذا تھوڑی ورزش تازہ سبزیاں اور پھل استعمال کرنا رات کو سرمہ لگانا مفید ہے ہمیشہ خوش رہنا درازی عمر کا راز ہے اور دن کو سونا بغیر عادت پان، چائے، شراب پینا مضر ہے۔

اکتوبر نہار منہ پانی پینا صبح شام چہل قدمی کرنا جلاب لینا بھوک سے کم کھانا، دودھ دہی کا استعمال، باغ کی سیر چشمہ میں غسل کرنا اور موٹا کپڑا پہننا مفید ہے سونے سے جاگ کر پانی پینے سے نزلہ کھانسی زکام اور پھل کھانے کے بعد پانی پینے سے صحت خراب ہوتی ہے دن چڑھے تک سونا گرم غذا کے بعد ٹھنڈا پانی پینا مضر ہے۔

نومبر صبح اُٹھ کر ورزش کرنا بھینس کا گرم دودھ اور چائے پینا تازے پانی سے نہانا۔ ریشمی گرم کپڑے پہننا سیر باغیچہ تیل کی مالش اور دوپہر کو پھل کھانا مفید ہے اور دن چڑھے تک دن میں سونا دہی کی لسی فاقہ رات کو سرد ہوا میں سونا ننگے بدن ہوا میں نکلنا باریک کپڑے پہننا بھوک روکنا مضر ہے

دسمبر گرم جگہ ورزش کرنا چائے معہ دودھ پینا گلے و کانوں کو سرد ہوا سے بچانا گرم غذا تیل کی بدن پر مالش گرم لباس پہننا و پھل کھانا مفید ہے

تعویز برائے حل مشکلات
پیچھے دیئے گئے نقش
بسم اللہ
حاجت کے لئے جمعرات
شمعہ

نچھتر گشٹ ونی

جب کسی کی بیماری کا نتیجہ معلوم کرنا ہو تو اس روز جنتری میں دیکھیں کہ بیمار ہونے کے وقت اس تاریخ کو کون نچھتر تھا پس جسقدر گھڑی پل وہ نچھتر ہوں اس نچھتر کی گھڑیوں کی ۴ پر تقسیم کر دو پھر دیکھیں بیمار ہونے کے وقت کس نچھتر کا کون چرن تھا پھر نقشہ ذیل میں دیکھو کہ اس نچھتر اور چرن کے واسطے کتنے دن کا کشٹ ہے اس کے لئے کہا ہے۔ تیونجے کا جپ کروانا ضروری ہوتا ہے۔

نچھتر	چرن (حصے) ۱	۲	۳	۴	اُپائے
اشونی	۹	۱۱	۱۰	۴۸	منگل کا جاپ
بھرنی	۰	۸۰	۴۰	۱۱	،، ،،
کرتکا	۰	۱۰	۱۶	۲۷	شکر کا دان
روہنی	۷	۱۰	۱۶	۳۰	،، ،،
مرگشرا	۱۶	۱۷	۲۲	۲۱	بدھ کا دان
اردرا	۰	۱۸	۰	۰	،، ،،
پنروس	۷	۱۴	۱۶	۲۰	چندرماں کا دان
پکھ	۷	۷	۲۰	۲۱	،، ،،
اشلیکھا	۰	۰	۱۴	۰	سورج کا دان
مگھا	۱۵	۱۷	۷	۳۰	،، ،،
پوربا پھاگنی	۰	۱۵	۰	۳۰	بدھ کا دان
اترا پھاگنی	۷	۱۴	۷	۶۰	،، ،،
ہست	۱۵	۱۷	۱۵	۷	شکر کا دان
چترا	۱۱	۹	۸	۱۶	،، ،،
سواتی	۱۷	۲۵	۵	۵	،، ،،
وشاکھا	۱۵	۴	۱۵	۱۱	منگل کا دان
انورادھا	۶۰	۱۲	۲۶	۳۰	،، ،،
جیشٹھا	۹	۵	۱۹	۴۴	برہسپت کا دان
مولا	۱	۱۹	۱۵	۱۱	،، ،،
پوربا کھاڑہ	۷	۱۵	۱۴	۱۰	سنیچر کا دان
اترا کھاڑہ	۳۰	۲۰	۲۰	۱۶	،، ،،
شرون	۶۰	۲۲	۶	۹	،، ،،
دھنشٹا	۱۵	۲	۲۰	۲۱	،، ،،
ست بھکھا	۰	۴	۳	۱۰۲	،، ،،
پوربا بھادر	۰	۱۲	۲۴	۹	،، ،،
اترا بھادر	۵	۶	۹	۱۸	برہسپت کا دان
ریوتی	۸	۱۷	۹	۳۰	،، ،،

آج کا دن کیسا گزریگا

جس روز معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کیسا گزریگا تو اس دن جنتری سے اپنے نام کا نچھتر دیکھیں بعد ازاں اس روز کا نچھتر نقشہ میں نمبر ایک پر لکھے پھر ترتیب وار نقشہ پُر کر کے دیکھیں کہ آپ کے نام نچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے اگر اس میں آپ کے نام کا نچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے اگر اس میں آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر آیا ہے تو خوش نصیب ہو کر لابھ ہوگا۔ اگر دائرہ کے باہر پڑا ہے تو نصف حصہ خوشی اور نصف غم و فکر میں گزریگا۔ اگر آپ کا نچھتر ترشول کے اوپر پڑے تو تمام دن غم و فکر بیماری نقصان اور لڑائی جھگڑے میں گزریگا اور پریشانی زیادہ رہے گی۔

مریض کے لئے کال چکر

جنم نچھتر یا نام نچھتر یا وقت بیماری نچھتر یا پرشن لگن نچھتر سورج اور چندرماں نچھتر جس وقت ایک ناڑی میں طول خواہ عرض کے اندر آجائیں تو اس وقت بیمار کے لئے موت ہوگی جنم نچھتر چندرماں و سورج نچھتر جس وقت ایک ناڑی طول یا عرض میں آجائیں گے اس وقت بیمار مر جائے گا اگر دو ناڑی میں پائے جائیں تو دیر بعد صحت ہوگی۔ اگر تین ناڑی میں پائے جائیں تو مریض کو جلد صحت ہوگی۔

لوح حیات

۱	۳	۸
۱۰	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷
۱۹	۲۰	۲۲
۲۵	۲۶	۲۹

لوح ممات

۲	۴	۵
۶	۷	۹
۱۱	۱۲	۱۸
۲۱	۲۳	۲۴
۲۷	۲۸	۳۰

مُستند فالنامہ خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

فال دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو سات بار درود شریف پڑھ کر خیالات یکسو کر کے کسی بھی خانہ پر کلمہ کی انگلی رکھو جو حرف اور عدد انگلی کے نیچے آئے جوابات میں ملاحظہ فرمائیں۔

ص ۶	م ۴	ق ۱	ر ۳
ی ۱۰	ج ۱۲	الف ۲	ط ۷
ل ۱۱	ع ۹	ن ۸	س ۵

(ق ۱) تمہارے ذہن میں جو مقصد ہے اس کے پورا ہونے میں کم از کم دو ماہ لگیں گے۔

(الف ۲) یہ کام پورب کے سفر سے پورا ہوگا۔

(ر ۳) مالی نقصانات کے علاوہ ابھی جسمانی اذیتیں بھی برداشت کرنا پڑینگی صدقات و خیرات جلد شروع کریں مصیبتیں دور ہوں گی۔ (م ۴) مالی فائدہ بھی پہنچے گا اور نیک مقصد حاصل ہوگا گناہ کا خیال ہرگز دل میں نہ ہوگا۔ (س ۵) سفر کرو بغیر سفر مطلب براری مشکل ہے۔ (ص ۶) پریشان مت ہو وقت اچھا آرہا ہے جس کی مدد کا خیال ہے اُسے نکال دو ورنہ سخت دھوکہ ہوگا اور مالی نقصان ہوگا۔ (ط ۷) جس کام کی تمہیں فکر ہے اس میں کامیابی دیر سے ملیگی گھبرا مت جانا کام ہونا یقینی ہے صبر ضروری ہے۔ (ن ۸) اس چیز کا ملنا بہت مشکل ہے زیادہ کوشش سے تمکو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ (ع ۹) فکر و پریشانی کا زمانہ ختم ہو چکا ہے جو تم کو نقصان پہنچا رہا ہے اب اس کی پریشانی کا نمبر ہے۔ (ی ۱۰) اس وقت تمہارا ستارہ گردش میں ہے جو کام کرتے ہو نقصان اُٹھاتے ہو یہ حالت اب ختم ہو چکی ہے۔ (ل ۱۱) لائق استاد تلاش کرو کام کچھ خرچ کرنے کے بعد ہی ہوگا۔ اپنے ساتھی سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے (ج ۱۲) روزگار میں ترقی ہوگی۔ نیت درست رکھو لیکن فاسد خیال جو تمہارے دل میں ہے اُسے قطعی نکال دو۔

کار آمد نقش برائے افاقہ

ہ	و	ز	ح
ح	ز	و	ہ
و	ہ	ح	ز
ز	ح	ہ	و

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے و شانے تک کسی قسم کا درد و تکلیف ہو یا داہنی طرف کا فالج ہو تو اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پیئیں۔

داہنی طرف کے فالج و ہارٹ اٹیک میں و جوڑوں کے درد میں دوسرا نقش (مربع) سوس لکھ کر الٹے ہاتھ پر باندھیں و پیئیں۔

ط	ی	ک	ل
ل	ک	ی	ط
ی	ط	[illegible]	ک
ک	ل	[illegible]	ی

ناقص گرہوں کی بھتری کے لئے کار آمد نگینے (پتھر)

نیک گرہوں کے اثرات میں اضافہ اور ناقص گرہوں کے ناقص اثر کو دور کرنے کے لئے گرہوں کے لئے مناسب نگینے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ کنڈلی میں پڑے گرہوں کی حالت اور اسمیں لکھی راشی کے مطابق ہی مناسب نگ کا چناؤ کرنا چاہئے ورنہ کئی دفعہ فائدہ کے بجائے غلط نگ پہننے سے نقصان کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔ صحیح نگ کو جاننے کے طریقہ کے متعلق مزید جانکاری کے لئے ہمارے یہاں سے نگوں کے متعلق کتاب اردو یا ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ قیمت -/200 جنرل بک ڈپو اڈا ہوشیار پور جالندھر۔

سورج گرہ کا نگ مانک (Ruby) اس نگ کا دیوتا سورج ہے اسکو انگریزی میں روبی (Ruby) ہندی میں مانک، فارسی اور اردو میں یاقوت یا لعل بھی کہتے ہیں۔ ان کا رنگ لال کمل کی طرح سنگرف کی طرح اور لاکھ کی طرح ہو سکتا ہے۔

پہچاننے کا طریقہ۔ اصلی مانک لال سرخ رنگت چمکیلا بھاری پن ہوتا ہے۔ ہتھیلی پر رکھنے سے ہلکی سی گرمی ہونے لگتی ہے۔(۲) شیشے کے برتن میں رکھنے سے چاروں طرف ہلکی سی لال کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔(۳) گائے کے دودھ میں اصلی مانک رکھا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔(۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔(۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو اس میں رکھے سبھی موتی لال رنگ کے دکھائی دینگے(۶) دوپہر کے وقت روئی میں رکھنے سے روئی میں آگ لگ جائیگی۔ اصلی نگ کی یہی پہچان ہے۔ چمکیلا اور بھاری اور کنیر کے پھولوں جیسا رنگ ہونا چاہئے۔ اس کے نقص کالے اور دودھیا رنگ سے آڑی ترچھی لکیر ہیں، دودھ میں بنا رنگ، جس میں گڑھے پڑے ہوں ایسی نگ کبھی پہننے کے قابل نہیں ہوتا۔ اُلٹا بُرا اثر پڑتا ہے۔

پہننے کے ترکیب۔ مانک رتن اتوار کو سورج کے ہورا میں کرتکا پھاگنی اُتراپھاگنی اتراا کھاڑا روی پکھ یوگ میں سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر سورج کے بیج منتروں سے پوجن کر کے چھوٹی اُنگلی کے ساتھ والی انامکا انگلی میں پہننا چاہئے جسکا وزن ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۹ رتی تک ہونا چاہئے۔

سورج کا بیج منتر:۔ اوم ہرانگ ہرینگ ہرونگ سہ سوریائے نمہ۔ پہننے کے بعد گایتری منتر کی ۳ مالا کا پاتھ ہون و سورج بھگوان کو طریقہ کے مطابق ارگھیہ دینا چاہئے اور تانبے کے برتن کنک ناریل، گڑ، لال وغیرہ کا دان کرنا چاہئے۔ طریقہ کے مطابق مانک پہننے سے راج دربار میں مان عزت بھاگیہ کا ستارہ چمکے۔ اولاد کا سکھ تیج بل میں طاقت ملے دِل کی بیماری۔ آنکھوں کی بیماری۔ خون کی بیماری جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک و دھن راشی یا اس لگن والوں کو مانک پہننا فائیدہ مند ہے۔ جنکی جنم کنڈلی میں سورج گرہ کا اثر نہ ہوتا ہو انکو بھی مانک پہننا مبارک ہے۔

چندرماں کا گرہ موتی (Pearl): چندرماں کے نگ کو سنسکرت میں موتکہ، ملتک، مکتا، چندرمنی، ہندی پنجابی میں موتی۔ انگریزی میں (Pearl) کہا جاتا ہے۔ مکتا یا موتی نگ کا دیوتا چندرماں ہے۔ عربی فارسی میں گوہر کہتے ہیں۔

پہچان۔ موتی گول اور سفید صاف چندرماں کی طرح چمکنے والا نگینہ خوبصورت اور ہلکہ پن والا ہوتا ہے۔ گؤماتا کے پیشاب میں مٹی کے برتن میں رات بھر پڑا رہنے دیں اگر وہ نہ ٹوٹے تو سمجھیں کہ نگینا بالکل ٹھیک ہے۔(۲) پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں موتی ڈال دیں۔ اگر پانی سے کرنیں نکلتی دکھائی دیں تو سمجھ لینا چاہئے کہ نگینہ بالکل ٹھیک ہے۔ اگر نقلی ہوگا تو ٹوٹ جائے گا(۳) دھان کی بھوسی کو ہتھیلی پر رکھ کر اس پر موتی رکھ دیں اگر اصلی ہوگا تو اسکی چمک بڑھ جائیگی۔ سچا موتی اگر نہ ملے تو چندرکانت منی یا سفید پکھراج پہن سکتے ہیں۔ اصلی شدھ موتی پہننے سے دماغی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ مکتا بھسم کا استعمال نہایت فائدہ مند ہے۔ مرگی، پاگلپن بلڈ پریشر، پیٹ کی خرابی، پتھری، دانت کے روگ میں فائیدہ مند ہے۔ جسمانی خوبصورتی، عورت دھن وغیرہ سکھ حاصل ہونگے۔

پہننے کا طریقہ:۔ موتی چاندی کی انگوٹھی میں شکل پکش کے سوموار کو یا پورنماشی کے دن چندرماں کی ہورا میں گنگا جل اور کچا دودھ و چاول میں ڈبوتے ہوئے "اوم شرانگ شرینگ شرونگ سہ چندرمسے نمہ" کے بیج منتر کا گیارہ ہزار بار پاٹھ کرنے کے بعد پہننا چاہئے۔ اسکے بعد چاول، چینی، کھیر، سفید پھل و کپڑا وغیرہ دان کرنا چاہئے۔ موتی ۲۔ ۴۔ ۶ یا ۱۱ رتی کا انامکا یا کنشکہ اُنگلی میں۔ ہست روہنی یا شرون نکشتر میں اچھے جوتشی کے بتائے مہورت میں پہننا چاہئے۔ میکھ و برکھ۔ متھن۔ کرک، کنیا تلا برشچک مین راشی یا لگن والوں کو موتی شبھ ہے۔

چندرماں کا اُپ رتن۔ چندرکانت منی (Moon Stone) چندرکانت منی چاندی کی طرح چمک والا ہوتا ہے۔ اس کو ہلانے اس پر سفید راشنی پھٹتی ہے۔ یہ نگ بھی دماغی سکون، یادداشت میں اضافہ کرتا ہے۔ اسے چاندی کی انگوٹھی میں پہننا چاہئے۔

منگل کا نگ مونگا (Coral) اسے سنسکرت میں پروال، انگارک منی و انگریزی میں کورل (Coral) اور عربی فارسی میں مرجان کہتے ہیں۔ مونگا عام طور پر لال سندھوری۔ گیروا رنگ کا ہوتا ہے۔ گول چکنا چمکدار داوست سے زیادہ وزنی۔ سندھوری و شنگرف کے ملتے رنگ کا مونگا اتم مانا جاتا ہے۔ اس کا دیوتا منگل ہے۔

پہچان۔(۱) اصلی مونگے کے خون میں ڈال دیا جائے تو اسکے چاروں طرف گاڑھا خون جمع ہونے لگتا ہے۔(۲) اصلی مونگا اگر گئو کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو اس میں لال رنگ جھائی دکھائی دینے لگتی ہے۔ پہننے کے روز دھرم مقام پر لال رنگ کا کپڑا اور پھل وغیرہ کا دان کریں۔ اعلیٰ درجہ کا مونگا پہننے سے زمین۔ پتر۔

بھائیوں کا سکھ۔ زرد کتا نصیب ہوتا ہے۔ اُسکے علاوہ خون کی بیماریاں بھوت پریت اگر ست ہوتا۔ کمزوری بھوک کانہ لگنا دل کی بیماری۔ وایو، کف وغیرہ میں مونگے کی بھسم کا استعمال ہوتا ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک، مکر، کنبھ و مین راشی یا لگن والوں کو اچھے جیوتشی کے صلاح سے پہننا چاہیئے۔ منگل بیج منتر۔ اوم کرانگ کرینگ کرونگ سہ بھومائے نمہ۔

پہننے کا طریقہ۔ شکل پکش کے منگوار کو ہوداِمیں مرگشر، چترا یا دھنیشٹا نکشتر و میکھ، مکر یا برشچک کے چندرماں کے وقت سونے یا تابنے کو انگوٹھی میں بیج منتر کا پاٹھ کر کے انامکا اُنگلی میں چھ آٹھ دس یا بارہ رتی وزنی پہننے سے شبھ ہے۔ پہننے کے بعد منگا ستو تر یا منگل گرہ کا دان کرنا شبھ ہے۔

بدھ کا نگ پنّا (Emerald) پنا بدھ گرہ کا نگ ہے اسے سنسکرت میں مرکت منی۔ اشمگربھ، سوپرنی ہریتی۔ فارسی میں زمرد، انگریزی میں (Emerald) کہتے ہیں۔ پنا ہرے رنگ کا صاف، ملائم چمکدار ہوتا ہے۔

پہچان۔ شیشے کے گلاس میں پانی و پنا ڈال دیا جائے تو ہری کرنیں نکلتی دکھای دیگی۔ (۲) اصلی پنا کو ہاتھ میں لینے سے یہ لگا کومل و آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے۔

تاثیر۔ پنا نگ پہنے سے عقل میں اضافہ اور یادداشت بڑھتی ہے۔ علم، عقل، دولت، بیوپار میں ترقی کے لئے فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ سکون اور دماغی بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔ حکیم اِسکو بھو بھسم استعمال کرتے ہیں۔ زچہ عورت کی کمر پر اس نگ کو رومال میں بدھوار کے روز باندھنے سے بچہ بغیر تکلیف کے ہو جاتا ہے۔ اِسکے علاوہ یہ نگ جادو ٹونے، خون کی خرابی، پتھری، آنکھوں کی بیماری گردے کی بیماری اور دماغی کمزوری میں فائیدہ مند ہے۔

نگ پہننے کے طریقہ۔ یہ نگ چاند نے پکش میں بدھوار۔ اشلیکھا۔ جیشٹا۔ ریوتی، پوربا پھالگنی، یا پکھ نکشتر میں اور بدھوار کی ہوداِمیں سونے کی انگوٹھی میں دائیں ہاتھ کے چھوٹی اُنگلی میں بدھ گرہ کے بیج منتر کم از کم ۱۶ ہزار بار پڑھ کر صبح پہننا چاہیئے۔ بیج منتر۔ اوم ہرانگ، ہرینگ، ہرونگ سیہ بدھائے نمہ۔

برہسپت کا نگ پکھراج (Topaz) : پکھراج برہسپت کا اہم نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے پُشپ راج، پیت منی۔ ہندی میں پکھراج فارسی میں زرد یاقوت اور اسفر انگریزی میں ٹوپاز کہتے ہیں۔ پکھراج کی مشابہت ہیرے سے بہت ملتی ہے۔ اسکا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

پہچان کا طریقہ۔ پکھراج کا نگ اکثر پیلا ہوتا ہے مگر رنگت کے مطابق (۱) نیبو کے چھلکے کی طرح (۲) سونے کی رنگ کی طرح (۳) کیسر اور ہلدی کے رنگ کی طرح (۴) سفید ہیرے کے طرح بھی ہو سکتا ہے۔ پکھراج ہتھیلی پر رکھنے سے چکنا، کچھ بھاری، پاردرشی اور قدرتی چمک والا اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے۔ مگر بغیر چمک کے سفید دھبوں والا اور اندرونی ریشے دار پکھراج ناقص ہوتا ہے۔ دیگر پہچان۔ (۱) کسوٹی پر گھسنے اور زیادہ چکمدار ہوتا ہے۔ اصلی نگ چوبیس گھنٹہ دودھ میں رکھنے کے بعد بھی چمک میں فرق نہیں پڑتا۔ جہاں کسی زہریلے کیڑے نے کاٹا ہو وہاں گھِس کر لگانے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ جادو ٹونے کا اثر بھی نہیں ہونے دیتا۔ محبوب کے دل میں محبت اور کشش پیدا کرتا ہے۔ خاصیت۔ پکھراج پہنے سے طاقت دماغ، ہمت میں فائدہ مند ہوتا ہے عمر دراز کرتا ہے۔ پکھراج شادی سکھ لڑکے کی پراپتی و دھرم کرم کی طرف روجھان پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی راب رُوح کا سایہ پڑتا ہو تو وہ بھی دُور ہو جاتا ہے۔ کاروباری الجھنوں کا حل ہے سمندری سفر کے لئے مفید ہے۔ دواؤں میں استعمال۔ حکیم اسکی بھسم کو کیوڑہ یا شہد کے ساتھ دینے سے پیلیا، تلّی، کھانسی، دانتوں کی بیماری، منہہ کی بدبو۔ بواسیر، بھوک کا نہ لگنا وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ پکھراج ۳۔۵۔۷۔۹۔۱۲ رتی وزن کا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ترجنی انگلی میں پہنیں۔ سونے یا تانبہ کے برتن میں کچا دودھ گنگا جل پیلے پھول ڈالکر بیج منتر کا ۱۹ ہزار پاٹھ کر کے شُدھ کرن چاہئے۔ یہ نگ شکل پکش کے ویروار کے ہوداہ میں یا کوروپشیہ یوگ میں یا پنربسو۔ وشاکھا۔ پوربا بھادوپد نکشتر میں کرک، دھن یا مین کا چندرماں ہو۔ پہنے سے مبارک ہوتا ہے۔ برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام گریم گروم سہ گوروے نمہ۔ پکھراج دھن مین ورشی کے علاوہ میکھ کرک، برشچک راشی والوں کے فائدہ مند ہے۔ پہننے کے بعد برہسپت کے مطابق دان دینا مبارک مانا گیا ہے۔

پکھراج کی جگہ نگ سوُنیلا۔ پکھراج قیمتی نگ ہونے کی وجہ سے ہر کوئی عام شخص نہیں خرید سکتا اسکے بدلے میں سُونیلا بھی پہنا جاتا ہے۔ مُبارک سُونیلا ہلکے پیلے رنگ (سرسوں کی طرح پیلاپن) کا ہوتا ہے۔ کئی بار یہ پکھراج سے زیادہ پیلاپن لئے ہوتا ہے۔ پہننے کا طریقہ پکھراج کی طرح ہی ہے۔

شکر کا نگ ہیرا (Diamond)۔ سنسکرت میں اسے وجر منی ہندی میں ہیرا انگریزی میں (Diamond) کہتے ہیں۔ ہیرا خوب چمکدار سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پہچان زیادہ چمکدار چکنا۔ مضبوط پاردرشی اور کرنوں والا ہیرا اصلی ہوتا ہے۔

شناخت۔ (۱) ہیرہ گرم پگھلے ہوئے گھی میں ڈالدیا جائے تو گھی بہت جلد جمنے لگتا ہے۔ (۲) اگر یہ ہیرا دُھوپ میں رکھ دیا جائے تو اُسمیں اندر دھنش کی طرح کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔ توتلے بچے کے منہ میں رکھنے سے بچہ ٹھیک طرح بولنے لگتا ہے۔ اندھیرے میں جگنو کی طرح چمکتا ہے۔ خاصیت۔ ہیرے میں آکرشن کرنے کی خاص طاقت ہوتی ہے۔ اسکو پہننے سے ونش میں اضافہ۔ دھن دولت و جائیداد میں اضافہ۔ عورت و اُولاد سکھ ملے۔ صحت یابی۔ گھریلو و دنیاوی سکھ میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہیرے کا مارا ہوا کشتہ بہت سی بیماریوں میں فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ جنسی ہارمون پیدا کرتا ہے۔ نامردی اور شوگر کو کنٹرول کرتا ہے۔ دوا کے طور پر استعمال۔ ہیرے کی بھسم شہد ملائی کے ساتھ لینے سے بہت سی بیماریوں میں فائیدہ مند ہے مثال کے طور پر کمزور، نپنسکتا، وایو کا پرکوپ، بھوک کا نہ لگنا۔ دھاتو میں نقص دل کی تکلیف، سفید پردر، زہریلا مادہ بننا۔ بچوں میں سُوکھا کی مرض، دماغی کمزوری وغیرہ۔ دوائی کے طور پر استعمال حکیم کے مشورہ سے کرنا چاہئے۔

پہننے کا طریقہ۔ شدی یعنی شکل پکش کے شکروار کو شکر کی ہورا میں پکھ، پورباپھالگنی۔ پوربکھاڑہ نکشتر برکھ۔ تلا یا مین راشی ہو تو ایک رتی یا اِس سے زیادہ

وزن کا ہیرہ سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر شکر کے بیج منتر (اونگ دراں درین، درول، سہہ شکرائے نمہ) کا سولہ ہزار بار پاٹھ کر کے اچھے صورت میں مدھما انگلی میں پہننا چاہیے۔

پہنے کے دن شکر گرہ کے مطابق چیزوں جسطرہ دودھ چاندی، دہی، مشری، چاول، سفید کپڑے، چندن وغیرہ دان کرنا چاہئے۔ ہیرہ پہنے کی تاریخ سے سات سال تک اثر والا بنا رہتا ہے۔ ہیرہ برکھ متھن کنیا، تلا، مکر کنبھ راشی والوں کو فائیدہ مند ہوتا ہے۔

ہیرا کی جگہ نگ : (ا) فیروزہ۔ نیلے آسمانی رنگ کی طرح یہ نگ شکر گرہ میں ہیرہ کہ جگہ پہنا جاتا ہے۔ یہ نگ بھوت پریت قدرتی مشکلوں میں آنے والی تکلیفوں میں مددگار ہوتا ہے۔ اگر اس نگ کو کوئی موقعہ میں ملنے پر پہنے گا تو زیادہ اثر والا رہے گا۔ ہلکے چمکدار رنگ والا نگ مبارک ہوتا ہے۔ کوئی بھی مشکل آنے سے یہ نگ اپنا رنگ بدل لیتا ہے۔ آنکھوں کی بیماری سر درد زہریلا مادہ والی تکلیف میں خاص فائدہ مند ہوتا ہے۔

(۲) اوپل (Opal)۔ یہ بھی شکر کا دوسرا نگ ہے۔ اسکو پہنے سے اچھے خیال (وچار) ودھارمک کاموں کی طرف توجہ رہتی ہے۔ زیادہ مشہور نہیں ہے۔

شنی کا نگ نیلم (Saphire) ۔ نیلم شنی گرہ کا خاص نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے نیل، نیلمنی، اندرنیل، ہندی میں نیلم۔ انگریزی میں سفائیر (Saphire) کہتے ہیں۔ عربی و فارسی میں یاقوت اور ارزاق کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی نیلم چمکدار چکنہ مور پنکھ کی طرح کے رنگ والا نیلی کرنوں والا پار درشی ہوتا ہے۔ لال پیلے دھبوں والا گھسا ہوا۔ بغیر چمک والا۔ ٹوٹا ہوا نیلم ناقص ہوتا ہے۔ اسکے پہننے سے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔

شناخت۔ اصلی نیلم کو گائے کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو دودھ کا رنگ نیلا لگتا ہے۔ پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں ڈال دیا جائے تو نیلی کرنیں دکھائی دیگیں۔ فائیدہ نیلم پہنے سے دھن دولت مان عزت دماغی قوت نوکری یا بیوپار و خاندان میں اضافہ صحت کی بہتری میں فائیدہ مند ہے۔

نیلم شنی کی ساڑستی کے بُرے اثر کو دور کرتا ہے۔ خیال رہے عام طور پر نیلم چوبیس گھنٹہ میں اثر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اگر نیلم ٹھیک نہ بیٹھے تو سخت نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ شناخت کے طور پر کم سے کم ۳ تین دن تک پاس پر اگر بُرے خواب آئیں۔ بیماری آئے یا چہرے کو بناوٹ میں فرق تو مت پہنو۔

بیماری میں شانتی کے لئے۔ نیمل پہنے یا دوڑی کی شکل میں دم، ٹی بی، دل کی بیمار، کھانسی، بخار، آنکھوں کی بیماری دماغی بیماری کشٹ روگ۔ پیشاب کے متعلق بیماریوں میں فائیدہ مند ہے۔ ٹوٹا ہوا نیلم پتھر پہننا کسی حادثہ میں موت کا سبب بن سکتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ نیلم ۵۔ ۷۔ ۹۔ ۱۲ یا زیادہ وزن کا پنچ دھاتو۔ سونے یا لوہے کی انگوٹھی میں شنی وار کے دن شنی کی ہودہ میں پشیہ، اترا بھادرپد، چترہ، سواتی، دھنیشٹھا، یا شتبھشا نکشتر میں سنی کے بیج منتر (اوم پرانگ۔ پرینگ، پرونگ سہہ شنیئے نمہ) منتر کے ۲۳۰۰۰ (تیئیس ہزار) پاٹھ کر کے پہنیں۔ اُسکے بعد شنی کے مطابق چیزوں کا دان کریں۔

راہو کا نگ، گومید (Zircon)۔ راہو کے نگ گومید کو سنسکرت میں گومید انگریزی اور اردو میں زرقون (Zircon) کہتے ہیں۔ گومید کا رنگ گئو موتر کی طرح ہلکے پیلے رنگ کا کچھ لالی و کالا پن لئے ہوتا ہے۔ صاف بھاری گومید مبارک ہوتا ہے۔ اس میں شہد جیسی چمک بھی دکھائی دیتی ہے۔

پہچان۔ اموماً گومید اُلو یا باز کی آنکھ جیسا ہوتا ہے۔ گئو موتر جیسا۔ دل کے بغیر یعنی جو پرتدار نہ ہو۔ ایسا گومید مبارک ہوتا ہے۔ (ا) اصلی گومید کو ۲۴ گھنٹے تک گئو موتر میں رکھنے سے گئو موتر کا رنگ بدل جائیگا۔ یہ پتھر دشمن کے خوف سے راحت دلاتا ہے اور رکاوٹوں کو دُور کرتا ہے۔

پہننے کا طریقہ۔ گومید نگ شنی وار کو شنی کی ہوڑا میں سواتی، شتبکا، آردرہ، روی پشپک یوگ میں پانچ دھاتوں یا لوہے کی انگوٹھی میں جڑوا کر، راہو کے بیج منتروں کا پاٹھ کر کے دائیں ہاتھ کی مدھما انگلی میں پہننا چاہیے۔ اس کا وزن ۵۔ ۷۔ ۹ رتی کا ہونا چاہئے۔

راہو کا بیج منتر۔ "اوم، بھراں بھریں بھروں گ سہہ راہوے نمہ"

پہننے کے بعد بیج منتر کا پاٹھ ہون و سورج دیوتا کو ارگھ دیں۔ نیلے رنگ کا کپڑا کمبل تل، باجرا دکشنا کے ساتھ دان کریں۔

طریقہ کے مطابق پہننے سے بہت سے بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ دولت و جائید اد و اولاد کا سکھ۔ وکالت و راجدربار میں عزت مان کے لئے خاص فائیدہ مند ہے۔ دشمنوں کے ناش ہوتا ہے۔ جنکی کنم کنڈلی میں راہو۔ ا۔ ۴۔ ۵۔ ۷۔ ۹۔ ۱۰ ویں گھر میں ہو۔ اُنہیں گومید پہننا چاہیے۔ مکر لگن والوں کو گومید مبارک ہوتا ہے۔

کیت کا نگ لہسنیا۔(Cat's Eye Stone) : کیتو کینگ کو سنسکرت و ہندی میں ہلسنیا انگریزی میں (Cat's Eye Stone) کہتے ہیں۔ یہ نگ اندھیرے میں بلی کی آنکھوں کی طرح چمکتا ہے۔ لہسنیا چار رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ کالی یا سفید چمک والا لہسنیا جس پر جینو کی طرح تین دھاریاں ہوں۔ صاف و اوسط سے زیادہ وزنی ہو مبارک ہوتا ہے۔ اسے سوتر منی بھی کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی لہسنیا کو اگر ہڈی کے اوپر رکھ دیا جائے تو وہ چوبیس گھنٹہ کے اندر ہڈی کے آرپار چھید کر دیتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ لہسنیا بدھوار کے روز۔ اشنی مھگا، مولا، نکشتر میں روی پشپ یوگ میں پانچ دھاتو کی انگوٹھی میں کہنشکا (چھوٹی) اُنگلی میں بدھوار کے روز پہنیں۔ پہننے سے پہلے کیتو کے بیج منتر کا پاٹھ کریں پانچ رتی سے کم وزن نہ ہو۔ ہر تین سال بعد نئی انگوٹھی میں لہسنیا جڑوا کر پاٹھ کر کے پہننا چاہیے۔

کیتو کا بیج منتر اوم سرانگ سرینگ، سروانگ، سہہ کیتوے نمہ۔

نگ پہننے کے بعد بدھوار کو ہی کسی شریشٹھ براہمن کو تل کمبل دو رم رنگ کا کپڑا۔ سات اناج (الگ الگ) ہمت کے مطابق دکشنا کے ساتھ دیں۔ ودھی کے مطابق پہننے سے بھوت پریت کا اثر نہیں رہتا۔ اولاد کا سکھ دولت میں اضافہ دُشمن بیماری کو دور کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔

جیوتش، صنعت وحرفت ہنر اور دولت کمانے کی بے نظیر کتابیں

نام کتاب	قیمت
بڑی تلسی رامائن اُردو	450
بالمیک رامائن اُردو	550
بالمیک رامائن ہندی	450
تلسی رامائن ہندی	400
شریمد بھاگوت ہندی	700
مہاشوپران ہندی واُردو	450
شوپران چھوٹا ہندی	300
بھگتی ساگر اُردو ہندی	250
رام چرتر مانس گٹکا ہندی	90
شریمد بھگوت گیتا اُردو	90
رامائن جسونت سنگھ ٹوہانہ ہندی	300
شری درگا پاٹھ اُردو	150
شری درگا سپتی شتی ہندی	100
یوگ آسن پراناایام ہندی اردو	200
منش جیون کا رہسیہ اُردو	120
لکشمی شکتی اُردو	130
گایتری شکتی ہندی	120
مہابھارت ہندی واُردو	450
مہابھارت اُردو	500
شری ہنومان اپاسنا ہندی	200
نت نیم اُردو ہندی گٹکہ	100
شری ہنومان اپاسنا ہندی	100
نت نیم اُردو ہندی	60
ہمنی صاحب دل محمد	300
گیتا دل محمد اُردو	300
جپ جی سکھمنی صاحب دل محمد	200
سندر گٹکا سٹیک پنجابی ا ردو	120
سندر گٹکا عام پنجابی اُردو	120
پریم ساگر ہندی اُردو	
جنم ساکھی گورونانک دیو جی گور	130
جنم ساکھی گورونانک اُردو	500
قرآن شریف اُردو ہندی	375
علم الخواب اُردو ہندی	130
کارتک مہاتم ہندی اُردو	100
ماگھ مہاتم ہندی	90
گرڑ پران اُردو ہندی	100

نام کتاب	قیمت
جیوتش —	
آئینہ قسمت حصہ چاروں حصے	1900
(فوٹو اسٹیٹ پوزیشن میں)	—
سرشتہ تقدیر یعنی ورش پھل	500
رسالہ علم کیرل اُردو ہندی	300
ورش پھل چندر کا ہندی	110
پرشن درپن ہندی	120
جیوتش تتو ہندی آ غا نہ	110
جیوتش تتو پھلت ہندی I-II	500
لگن آفتاب اُردو ...	200
آئینہ فلک اُردو	350
پرانے سال کی جنتریاں فی عدد	100
بھرگو سنگتا ہندی (نو جلد)	400
ہست ریکھا سامدرک اردو ہندی	300
مان ساگری بھاشا ٹیکہ ہندی	250
نیو مرولوجی (دانک ودیا) ہندی	200
بڑا ہوا اڑا چکر ہندی	60
جیوتش شاستر ہندی	120
تیزی مندی سٹہ ہندی	200
گنجینہ روزگار اُردو	120
بیوپار دستکاری اُردو ہندی	190
رہنمائے صابن سازی اُردو	200
باورچی خانہ اُردو ہندی	150
مرغی خانہ اُردو ہندی	200
جیوتش گیان شاستر پنجابی	175
ہدایت خاوند ہندی اُردو	175
بھوجن راہسی صحت اُردو ہندی	175
حکمت	
ایلو پیتھک گائیڈ ہندی	190
پیٹینٹ میڈیسن ہندی اردو	250
میڈیکل گائیڈ ہندی اُردو	300
میڈیکل گائیڈ ہندی اُردو	300
گھر کا وید نسخہ جات ہندی	200
گھر کا وید نسخہ جات ہندی	150
طبی نسخے اُردو	100

نام کتاب	قیمت
بوٹی پرکاش ہندی اردو	200
طب دار الشفا پنجابی اُردو	200
گیت روگوں کا علاج ہندی اردو	150
علاج مویشی ہندی اردو	150
متفرق —	
کوک شاستر اُردو ہندی	120
سلائی کٹائی ہندی اُردو	130
رسوئی شکشا ہندی اُردو	150
سہاگ رات ہندی اُردو	150
ہارمونیم گائیڈ ہندی	150
ہندی انگلش ٹیچر	100
اردو ہندی ٹیچر و پنجابی	75
امرت ساگر اردو ہندی	250
علاج الغرباء اردو	260
پنجابی کی دھارمک کتابیں —	
جنم ساکھی گورونانک دیو جی بڑی	500
گورو بھگت مال پنجابی	250
ساکھی پرمان پنجابی	250
ژنکاری چمتکاری پنجابی	300
وشمیش چمتکاری پنجابی	300
سوڈھی چمتکاری پنجابی	300
مہابھارت پنجابی	500
چتر ناٹک اُردو پنجابی ...	200
ظفر نامہ اُردو ہندی ۔ گٹکہ	200
ہردوارث علی شاہ اُردو پنجابی	300
رامائن تلسی داس پنجابی	360
رامائن بالمیک اُردو پنجابی	370
دیپ سکھمنی صاحب پنجابی	200
گیتا ہندی ترجمہ	100

نام کتاب	قیمت
سندر گٹکا اردو	110
سندر گٹکا سٹک پنجابی	90
بھگت بانی پنجابی	100
دس گرنتھی پنجابی	90
جنتر منتر جادو وغیرہ —	
منتر شکتی ہندی اردو	80
علم مسمریزم ہندی	150
اندر جال ہندی اُردو	250
وشی کرن منتر ہندی اردو	100
نقش سلیمانی اردو ہندی	150
چین بنگال کا جادو ہندی اردو	130
جادوگری شکشا ہندی	150
تاش کا جادو ہندی اردو	100
کو آتنتری ہندی	100
الو تنتر ہندی اردو	100
علم السخیر حیات اُردو	160
عملیات تسخیر اردو	160
شو منتراوالی ہندی	160
اصلی لال کتاب اردو فوٹو کاپی	2100
کرشمہ قدرت	100
پتھر اور نگینے	100
پتھروں کے خواص	100
قواعد عملیات	160
فالنامہ یوسفی	160
آثار انجوم	200
اسناعات	100
مفش جسون --	130
اسباق انجوم	200
ترجمہ لال کتاب ہندی	1500

نوٹ :۔ آرڈر بھیجتے وقت روپے پیشگی بھیجیں یا زائد کتابیں منگوانے پر نصف رقم پیشگی روانہ کریں ڈاک خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔ کسی کتاب کی قیمت میں ترمیم کی صورت میں موجود رقم چارج کی جائے گی۔ ملٹری کے فوجی بھائی منگوانے والے حضرات کتابوں کی پوری رقم مع ڈاک خرچ منی آرڈر روانہ کریں۔ جو کتابیں ہماری اسٹوک میں ہوگی وہی بھیجی جائیگی غور فرمائیں۔

جنرل بک : اڈہ ہوشیار پور جالندھر پنجاب۔ فون 0181-2457959

گرہوں کی دشاؤں کا بیان

گرہوں کی دشا کے ذریعہ ہر گرہ کی پھل پراپتی کا وقت معلوم کیا جاتا ہے۔ سبھی گرہ اپنی دشا اور سوکھشم دشا کال میں پھل دیتے ہیں جو گرہ اُوچ راشی، متر راشی یا اپنی راشی میں ہوتا ہے وہ اپنی دشا میں اچھا پھل دیتا ہے لیکن نیچ راشی، شترو راشی اور غروب است حالت میں ہو وہ اپنی دشا میں دھن ہانی، روگ، تنزلی بیمار کاوٹ وغیرہ پھل دیتے ہیں۔

سورج دشا پھل :- سورج جنم میں میکھ راشی کا اوچ میں ہو اور دس انش میں بڑا ہو تو اسکی دشا میں استری پتر کا سکھ، بیوپار کاروباری فائیدہ و ترقی، راج دربار میں عزت، فائیدہ مند غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ دھرم کارجوں میں رغبت بڑھے۔ دس انش سے اوپر جنم میں بیٹھا ہوا ہو تو باپ کت و باپ درشٹ ہو تو دشمن، چوری اور آگ سے خطرہ، بیوی و اولاد سے رنج جھگڑا، جدائی، قرضدار ہو۔ پیٹ یا آنکھوں کی بیماری میں مبتلا ہو۔ سورج جنم میں برکھ راشی کا ہونے سے اسکی دشا کے اندر استری و سنتان سے دکھ رنج اور عزیزوں و دوستوں سے تکلیف پائے۔ سورج متھن راشی کا ہو تو اس کی دشا میں دھن دولت میں اضافہ، مشکل کام حل ہوں، کاروبار میں فائیدہ، عزت بڑھے، دھرم کرم کے کام کرے علم و دانش میں اضافہ ہو۔ کرک کے سورج دشا میں ہونے سے راج دربار میں عزت، رشتہ داروں استری اور والدین سے سکھ۔ وایو پرکرتی سے تکلیف۔ سنگھ کے سورج دشا میں راج جیسا سکھ بھوگو گے۔ ہر طرح سے دھن ملے۔ استری سنتان سے سکھ پائے۔ کنیا کے سورج کی دشا میں دھن دولت کا سکھ و عزت مان پائے۔ لوگوں میں قدر، نیک نام ہو۔ دھرم کارجوں میں لگاؤ رکھے۔ تُلا کے دس انش تک سورج کی دشا ہو تو استری و سنتان سے متفکر اور رنجیدہ ہو۔ زمین وغیرہ کے کاموں سے نقصان۔ اگنی سے خطرہ ہو غیرملکی سفر درپیش ہو۔ برشچک کے سورج کی دشا میں بڑا پرتاپی رعب دار ہو زہر و اگنی سے خطرہ پائے۔ ماتا پتا کو سکھ دے۔ پیچیدہ اور مشکل کام عقلمندی سے انجام دے۔ دھن کے سورج کی دشا میں راج کل میں خاندان اور سادھو سنتوں اچھے لوگوں سے مان پائے۔ استری پتر دھن کا سکھ دھرم کارجوں میں ترقی کرے مکر کے سورج کی دشا میں استری پتر دھن وغیرہ سے فکرمندی۔ دوسروں کی اطاعت میں گذر اوقات ہو۔ کنبھ کے سورج کی دشا میں نقصان و تنگدستی دلی صدمہ، دوسروں کی ماتحتی میں گذر اوقات ہو۔ مین کے سورج کی دشا میں استری سے لابھ۔ راج دربار سے سکھ، پتر کا رنج دیکھے۔ اگنی و زہر سے خطرہ۔ اچانک حادثہ پیش ہو۔

چندر دشا پھل :- پورن اُوچ کا اور شبھ گرہ یکت چندرماں ہو تو اسکی دشا میں ہر طرح سے عزت مان دلویا، دھن وغیرہ حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔ نیچ یا شترو میں رہنے سے چندرماں کی دشا میں لڑائی جھگڑا، سر درد، مالی نقصان وغیرہ پھل ہوتا ہے۔ چندرماں میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں استری سکھ، بدیش یاترا، جھگڑا، سرروگ، برکھ میں ہو تو دھن اور واہن کا لابھ، استری سے پریم ماتا کی مرتیو۔ پتا کو دکھ۔ متھن میں ہو تو غیرملکی سفر، دھن جائیداد کا فائیدہ کرک میں ہو تو پوشیدہ مرض، دھن دولت کی بردھی، کلا پریم۔ سنگھ میں ہو تو عقلمند، مان عزت والا، دھن لابھ ہو۔ کنیا میں ہو تو بدیش یاترا، استری پراپتی ادب سے پریم، دھن لابھ۔ تُلا میں ہو تو مخالفت، فکر، ایمان ہو لیکن تجارت میں مالی منفعت، نازک حصہ میں بیماری۔ برشچک میں ہو تو فکر، بیماری معمولی مالی فائدہ اور دھرم ہانی۔ دھن میں ہو تو سواری کا فائدہ لیکن مالی نقصان۔ مکر میں ہو تو سکھ، پتر استری دھن کی حصولیابی، دماغی خلل و الوونگ سے نقصان تکلیف۔ کنبھ میں ہو تو عیش پرست، قرضخواہ، نابھی کے اوپر اور نیچے درد، دانت و آنکھوں کی بیماری سے تکلیف۔ مین میں ہو تو چندرماں کی دشا میں دھن لابھ، پتر لابھ، دشمنوں کی تباہی وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔

منگل دشا پھل :- منگل اُوچ اپنے استھان یا متر کون میں ہو تو اس کی دشا میں عزت شہرت، عورت و اولاد کا سکھ جراءت و ہمت، مالی فائیدے وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔ منگل میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں دھن لابھ شہرت اور اگنی سے دکھ ہو۔ برکھ راشی میں ہو تو بیماری، دوسروں سے مالی مفاد، دوسروں کا بھلا کرنے والا ہو۔ متھن میں ہو تو غیرملک میں قیام۔ چالاک۔ فضول خرچ، پت وایو سے کشٹ اور کان کی بیماری سے دکھ ہو۔ کرک میں ہو تو دھن دان، کلیش۔ بیوی اور اولاد سے دور قیام۔ سنگھ میں ہو تو حکمراں سے فائدہ، ہتھیار اور آگ سے دکھ، مالی اخراجات، کنیا میں ہو تو پتر زمین دھن، اناج سے مالا مال۔ تُلا میں ہو تو استری دھن سے محروم، جھنجھٹ کلیش زیادہ، برشچک میں ہو تو انّ دھن سے مالا مال۔ آگ اور ہتھیار سے دکھ پہنچے۔ دھن میں ہو تو راج دربار میں عزت، کاموں میں فتح، دولت کا حصول۔ مکر میں ہو تو اعتبارات ملیں گے سونے ورتن سے فائیدہ، کام سدھ ہوں۔ کنبھ میں ہو تو بدچلن مفلس، مریض، فضول خرچ اور تشویشمند۔ مین میں ہو تو قرضے سے دبا ہوا، فکر مند، جھوٹ کی بیماری، کھجلی اور درد وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

بدھ دشا پھل :- اُوچ اپنی راشی میں ہو اور بلوان بدھ کی دشا میں تعلیم، سائنس، آرٹ اور زراعت میں ترقی، دھن لابھ۔ خاوند بیوی کو سکھ، کھانسی، گیس اور پت سے تکلیف میکھ راشی میں ہو تو بدھ کی دشا میں دھن نقصان اور فریبی رجحان۔ برکھ راشی میں ہو تو دھن اور شہرت یافتہ، اولاد و بیوی کی فکر، زہر سے نقصان متھن میں ہو تو تھوڑا فائیدہ، معمولی تکلیف، ماتا کو سکھ، کرک میں ہو تو دھن کا حصول، شعر و شاعری کی طرف رغبت، غیرملک کا سفر۔ سنگھ میں ہو گیان، ایشور کی پراپتی، دھن کا ناش، کنیا میں ہو تو کرمنوں کی رچنا اندرونی اہلیت و قابلیت میں اضافہ، دھن اور عیش و عشرت کا حصول برشچک میں ہو تو کام بگڑا، بدچلنی، فضول خرچی وغیرہ پھل دے۔ دھن میں ہو تو نیتا گری کرے، وزیر بننے کا یوگ اور حکومت حاصل ہو۔ مکر میں ہو تو نیچ آدمیوں سے دوستی، مالی نقصان، تھوڑا فائیدہ ہو۔ کنبھ میں ہو تو رشتہ داروں کو تکلیف، افلاس، بیماری اور کمزوری وغیرہ رہے۔ مین راشی میں ہو تو بدھ کی دشا میں کھانسی، زہر اور آگ اور ہتھیار سے تکلیف، تھوڑا نقصان، کئی طرح کے جھنجھٹ وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

برہسپت دشا پھل

برہسپت کی دشا میں گیان لابھ، دھن واہن لابھ وغیرہ سے دُکھ ہو۔ میکھ راشی میں برہسپت ہو تو اسکی دشا میں افسری حکیم استری دھن پتر کی پراپتی، مان عزت پائے۔ برکھ میں ہو تو مریض، غیر ملک میں قیام ہو تو حکمران سے لابھ، عیش و عشرت اور آرام و آسائش کا حصول، شہرت و عزت ملے۔ دوستی لٹنے رُتبہ اور وظیفہ ملے۔ سنگھ میں ہو تو بادشاہ سے عزت پائے استری پتر رشتہ دار لابھ خوشی، اناجوں اور دھن دولت سے مالامال۔ کنیا میں ہو تو رانی کی بدولت دھن لابھ حکومت میں یوگ دان دینا، سفر، جھگڑا۔ تُلا میں ہو تو پھوڑا پھنسی عقلمندی، ذہانت اور اندرونی اہلیت کی کمی، بے عزتی ہو دشمنی بڑھے۔ برشچک میں ہو تو پتر لابھ، صحتمندی، دھن لابھ، سارے قرضہ کی ادائیگی۔ دھن راشی میں ہو تو سیناپتی، وزیر، ممبر شپ، اعلےٰ مراتب، کم لابھ۔ مکر میں ہو تو مالی کشٹ، پوشیدہ امراض، کنبھ میں ہو تو راجہ سے عزت اور مان، اسمبلی یا پارلیامنٹ کا ممبر، تعلیم و دولت کا حصول۔ مالی سکھ مین میں ہو تو تعلیم دولت استری پتر سکھ، خوشی حاصل ہو۔

شُکر دشا کا پھل

شکر کی دشا میں رتن، وستر، زیورات، عزت و ناموس۔ نئے کام کی شروعات، کام لیکن موسیقی سے لطف اندوز ہونے کا پھل حاصل ہو۔ میکھ راشی میں شکر ہو تو من میں پچھتاوا، غیر ملکی سفر، گھبراہٹ، غصہ حسد، پرائی عورت سے محبت دھن ہانی۔ برکھ میں ہو تو تعلیم کا حصول، دھن کنیا سکھ کی حصولیابی متھن میں ہو تو شعر و شاعری سے رغبت، خوشی، دھن لابھ، پتر ہانی، مویشیوں سے لابھ۔ کنیا میں ہو تو مالی سنکٹ، دُکھی، غیر ملکی سفر، استری پتر سے مخالفت کا سامنا۔ تُلا میں ہو تو شہرت ملے، غیر ملکی سفر، بے عزتی بھی ہو۔ برشچک میں ہو تو پرتاپ دان، کلیش، دھن ہانی، سنکھ، چنتا، استری تکلیف ہو۔ دھن راشی میں ہو تو شعر و شاعری کار جحان، اہلیت میں اضافہ، راجہ سے عزت مان ملے پتروں سے پیار۔ مکر میں ہو تو چنتا، کشٹ، وات کف سے روگ۔ کنبھ میں ہو تو پرائی استری سے محبت، روگ، کشٹ، دھن ہانی اور مین دشا میں ہو تو راجہ سے دھن لابھ، بیوپار سے لابھ، کاروبار میں توسیع و ترقی، نیتا گری وغیرہ پھلوں کا حصول ہو۔

شنی دشا پھل

بلوان شنی کی دشا میں جاتک کو دھن، جن سواری پرتاپ، سفر، عزت، شہرت کے علاوہ روگ وغیرہ پھل حال ہوں۔

میکھ راشی میں شنی ہو تو شنی کی دشا میں آزادی، باہر قیام، نازک جگہ پر روگ، چمڑی روگ کسی رشتہ سے جدائی۔

برکھ میں ہو تو کوششوں میں کمی، وایو پیڑا چھیڑا کلیش، دست کے روگ، راجہ سے عزت مان نفع حاصل ہو۔ متھن میں ہو تو قرضہ، کشٹ، چنتا، غلامی۔ کرک میں ہو آنکھ کان کے روگ، رشتہ دار سے جدائی، دُکھ، مصیبت، افلاس۔ سنگھ میں تو روگ، کلیش، اقتصادی مشکلات۔ کنیا میں ہو تو مکان کی تعمیر، زمین بھر سکھ ملے۔ تُلا میں ہو تو اناج دھن کا حصول، فتح حاصل ہو، خوشی ملے۔ عیش و عشرت کا سامان ملے۔ برشچک میں ہو تو سفر، کمینہ پن، کنجوسی، نیچ سنگدل معمولی اقتصادی تکلیف۔ دھن میں ہو تو راجہ سے عزت و احترام، پبلک میں شہرت ہو۔ مکر میں ہو تو اچانک دھن لابھ اور غیر ملکوں کے سفر سے فائدہ ہو۔ دوڑ دھوپ زیادہ رہے گی۔ کنبھ میں ہو تو لاٹری سٹا وغیرہ سے فائدہ ہو نیچ لوگوں کی صحبت ہو فضول خرچ بڑھینگے۔ مین میں ہو تو دھرم کرم کی طرف توجہ ہوگی۔ بھائی بہنوں اور اولاد کی طرف سے خوشی مبارک کاموں میں خرچ ہو۔

راہو کیتو کی انتر دشا

راہو کی مہادشا میں راہو کی انتر دشا ہو تو نقصان مال عورت سے جدائیگی عزیزوں سے عناد اور جسم کو تکلیف ہو دشمن اور آگ سے خطرہ پائے مزاج میں کاہلی اور عقل میں فرق ہو۔ پردیش میں سفر کرے ہتھیار سے چوٹ کا اندیشہ ہو اولاد سے صدمہ اور رنج دیکھے چوروں سے دہشت ہو راجہ اور حکام سے تکلیف پائے۔ اگر چندرماں کا انتر ہو تو عورت سے خوش رہے دختر پیدا دھن کا نقصان پائے خویشوں سے عناد اور رنجش ہو بیماری سے تکلیف دیکھے اگر سورج کا انتر ہو تو ہتھیار یا آتش اور چوروں سے خطرہ ہو اور بیماری سے تکلیف پائے دشمن سے خطرہ وطن سے علیحدگی ہو راجہ اور حکام سے دہشت اور رنج دیکھے اگر برہسپت کا انتر ہو تو دھن دولت کا فائدہ ہو کوئی ملک و منصب ہاتھ آئے فرزند کا سکھ ہو مرتبہ میں بلندی دیکھے پردیش میں سفر ہو بھائیوں سے ناموافقت پائے اگر منگل کا انتر ہو دشمن بہت رہیں ہتھیار اور چوٹ سے خطرہ ہو۔ کوئی تہمت یا الزام لگے آگ اور چوروں سے دہشت ہو۔ بیماری سے تکلیف پائے عورت سے جدائیگی۔ بھائیوں سے عناد اور اولاد سے صدمہ ہو طبیعت میں رنج و ملال بہت رہے اگر بدھ کا انتر ہو تو خویشوں اور عزیزوں سے آرام پائے علم و ہنر اور عقل کی ترقی ہو۔ عبادت وغیرہ نیک کاموں میں توجہ رہے کاروبار رزق میں کشادگی ہو عزت و مرتبہ میں بلندی پائے اگر سنیچر کا انتر ہو تو صفرادی اور خونی روگ سے تکلیف ہو۔ سمبندھیوں سے بگاڑ ہو جاوے لڑائی جھگڑے اور فساد کی چنگاریاں شعلہ زن ہوں ملک و املاک ہاتھ سے نکل جاوے ترک وطن پر آمادہ ہو عورت سے جدائیگی اور الاد سے رنج ہو اگر شکر کا انتر ہو تو عورت منکوحہ سے ناشاد رہے۔ عزیزوں سے کلیش خویش و اقارب سے رنج چوروں سے دہشت نقصان مال کا خطرہ۔

گرہوں کی شانتی کیلئے سات واروں کے برت کا طریقہ

اگر کسی بچے کی جنم کنڈلی میں اشبھ گرہ کی حالت میں ہو یا خراب گرہ کی دشا/انتر دشا چل رہی ہو تو حسب ذیل طریقے سے خراب (اشبھ) گرہ کی شانتی کے لئے برت رکھنے سے کلیان ہو گا۔ مفصل جانکاری کے ہمارے دفتر سے سپت وار کتھا میں اردو یا ہندی میں منگوا کر فائیدہ اٹھا سکتے ہیں۔ قیمت -/20

☆☆☆ اتوار کے برت کا طریقہ ☆☆☆

سبھی خواہشات و تمناؤں کی تکمیل، آنکھوں کی بیماری، کوڑھ یا چمڑے کے روگوں کے ناش کے نیز درازی عمر، خوش قسمتی میں اضافہ کے لئے اتوار کا برت رکھا جاتا ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے اتوار کو شروع کر کے ایک سال تک یا کم از کم ۱۲ برت ضرور رکھیں۔ برت کے دن صرف گیہوں کی روٹی یا گڑ سے بنا دلیہ گھی شکر کے ساتھ کھائیں۔ بھوجن سے پہلے اشنان کر کے صاف ستھرے کپڑے پہنیں۔ اور " اوم ہاں ہی ہوں سہ سُوریائے نمہ " بیج منتر کا پاٹھ پانچ مالا کریں اور روی وار کتھا پڑھیں۔ اس کے بعد سورج کو گندھا کشت، لال پھول دُور وایکت جل سے حسب ذیل منتر ہوئے اردھ دیں۔

" نمہ سہسر کرن سرو دیادھی وناش، گرہان اردھیہ میاد تم سنکیا سہوادے "

بگر پرد کشا کر کے سُرخ چندن کا تلک لگائیں آخری اتوار کو ہون کے بعد برہمن کو بھوجن کرا کے اپنی سمرتھ شکتی کے مطابق سُرخ کپڑے پھل پھول دغیرہ اور دکشنا سے خوش کریں۔

☆☆☆ سوموار کے برت کا طریقہ ☆☆☆

یہ برت ساون، چیت، بیساکھ کارتک یا مگھر کے مہینوں کے شکلوں پکش کے پہلے سوموار سے شروع کریں اس برت کو پانچ برس ۱۴ برس ۱۶ برس سوموار پورن شردھا ودھی پوروک دھارن کریں۔ چیت، شکل اسٹمی تتھی آردرا نکشتر سوموار کو یا ساون ماہ کے پہلے سوموار و کو برت شروع کرنے کا خاص مہورت ہے۔ برت شروع کرنے والے استری پرش کو چاہئے کہ صبح سویرے جل میں کچھ کالے تل ڈال کر اشنان کرے اس کے بعد " اوم نمہ شوائے " وغیرہ شو منتروں کے ذریعہ اور سفید پھولوں، سفید چندن، نیچامرت اکشت، سُپارن پھل، گنگا جل بھو پکش وغیرہ سے شوپاروتی کا پوجن کرے اور پوجا کے بعد برہمن کو دان دکشنا کر کے خود بھوجن کرے بھوجن ایک وقت بغیر نمک کے ہونا چاہئے۔ برت کا اُدھیاپن بھی متر کرہ مہینوں میں کرنا اچھا پھل دینے والا ہو گا۔ ادھیاپن میں دش ماتش جپ کا ہون کر کے سفید پدارتھ، دودھ، دہی، کھیر، چاندی، سفید پھلوں کا دان کرنا چاہئے۔ یہ برت کرنے سے ذہنی آسودگی (مانسک شانتی) دھن پُتر وغیرہ سے سُکھ کی پراپتی ہوتی ہے اور سب طرح کے دُکھ دُور ہوتے ہیں۔

☆☆☆ منگلوار کے برت کا طریقہ ☆☆☆

ہر طرح سُکھوں، خون کے روگ، دشمن کے ناش، صحت کی سنبھال اور بیٹے کی ولادت کے لئے منگلوار کا برت اتم ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے منگلوار سے شروع کر کے ۲۱ ہفتے تک یا حسب توفیق زندگی بھر رکھیں اس برت میں گیہوں اور گڑ کے ساتھ بھوجن کریں۔ بھوجن نمک کے بغیر ایک ہی وقت کریں۔ اس برت سے منگل گرہ کے ارشٹ دوش بھی شانت ہو جاتے ہیں۔ برت میں شری ہنومان چالیسہ کا پاٹھ کرنا چاہئے بھوم گرہ کی شانتی کے لئے " اوم کراں، کروں سہ بھومائے نمہ " کی پانچ مالائیں کرنا چاہئیں اور گڑ، پیلے لڈو اور سُرخ کپڑے کا دان کرنا چاہئے۔

☆☆☆ بُدھوار کے برت کا طریقہ ☆☆☆

بدھوار کا برت بدھ گرہ شانتی اور دھن بُدھی و دیا اور بیوپار میں توسیع و ترقی کے لئے رکھا جاتا ہے۔ یہ برت وشاکھا نکشتر کے وقت کے بدھوار کو شروع کر کے ہر بدھوار یا سات بُدھوار تک کریں۔ برت کے دن غسل کر کے ہرے کپڑے پہن کر شری وشنو سہسر نام کا پاٹھ اور گرہ شانتی کے لئے بیج منتر " اوم براں بریں، بُروں بُدھائے نمہ " کا پاٹھ کریں اس دن ایک وقت نمک کے بغیر بھوجن گھی، مُونگ یا مُونگ کی دال سے بنے میٹھے کھانے کا دان کریں اور خود بھی یہی استعمال کریں۔ آخری بدھوار مدھو شرپی، ددھی اور گھی کے ساتھ ہون کریں اور ہرے کپڑے، پھل اور مُونگ کا دان کریں۔ گائے کو ہرا گھاس ڈالیں۔

☆☆☆ برہسپتی وار کے برت کا طریقہ ☆☆☆

یہ برت برہسپت گرہ کی شانتی اور شادی کے سُکھوں، تعلیم، پُتر سنتان اور دولت کے حصول کے لئے بہترین ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے ویروار کو شروع کریں۔ ویروار کے دن انورادھا نکشتر ہو تو اور بھی اچھا ہے یہ برت پیلا یکیو پویت دھارن کر کے برہسپتی کی پوجا خود یا کسی شریشٹھ برہمن کی طرف سے کرائی جانی چاہئے۔ پوجا میں کھڑاؤں چھاتہ اور کنڈلی رکھیں اور پیلے رنگ کے پھول، چنے کی دال، پیلے کپڑے، پیلا چندن ہلدی اور پیلے چاول لڈو وغیرہ کا بھوگ لگانا چاہئے۔ ان کا دان کر کے ہی خود ایک وقت کا بھوگ لگائیں۔ نمک کا استعمال نہ کریں۔ اس دن کیلے کے پودے کا پوجن کرنا شبھ ہوتا ہے۔ گورو (برہسپت) شانتی کے لئے "اوم گراں گریں گروں سہ گُردے نہ" منتر کی پانچویں مالا کا جاپ کریں۔ ادھیاپن میں دش مانش حصہ کا ۲۸ سمدھا مدھو سرپی، گھی، ددھی کے ساتھ ہون کرنا چاہئے۔

☆☆☆ شکر وار کے برت کا طریقہ ☆☆☆

یہ برت دھن دولت، شادی، اولاد جیسے دنیاوی (مادی) سکھوں کو دینے والا ہے۔ اکثر شکل پکش کے پہلے شکر وار سے شروع کیا جاتا ہے۔ ساون ماہ کے پہلے شکر وار کو برت شروع کرنے سے خاص طور پر لکشمی کی کرپا رہتی ہے۔ برت کے دن اشنان کر کے سفید کپڑے پہن کر شری لکشمی دیوی کی دھوپ دویپ، سفید چندن، چاول، سفید پھول، چینی سپاری سے پوجا کر کے بچوں میں سفید مٹھائی، کھیر اور پھل وغیرہ بانٹ دیں۔ گرہ شانتی کے لئے۔ اوم دراں دریں سہ شکوائے نمہ کی تین مالا کا پاٹھ کریں۔ خود بھی ایک وقت کھیر وغیرہ سفید چیزوں کا استعمال کریں نمک استعمال نہ کریں۔ ادھیاپن اور ہون وغیرہ کے بعد برہمن بالکوں کو کیسر، چاول وغیرہ کا بھوجن کرانے اور سفید کپڑے چینی چاول، چاندی پھل وغیرہ سفید اشیاء کا دان کریں۔

☆☆☆ سنیچر وار کے برت کا طریقہ ☆☆☆

یہ برت شنی گرہ کی ارشٹ شانتی کے لئے ہے اور پرانے وپے چیدہ امراض، دشمن کے خوف، اقتصادی کرائسیس، ذہنی سراسیگی و پریشان سے نجات دلاتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ دھن دولت اور بیوپار میں توسیع و ترقی کا ضامن ہے۔ یہ برت شکل پکش کے شنی وار بالخصوص ساون ماہ کے شنی وار کو لوہے سے بنی مورتی کو پنچامرت سے اشنان کرا کے دھوپ، سوگندھ، نیلے پھول پھل اور نیویدھ وغیرہ کے پوجن سے شروع کرنا چاہیئے۔ اور "اوم شن شنے شچرائے نمہ" منتر کی تین مالا کا جاپ کریں۔ برت کے دن نیلے کپڑے پہنیں۔ ایک برتن میں شدھ جل، کالے تل، نیلے پھول، لونگ تیل، گنگا جل دودھ ڈال کر مغرب کی طرف منہ کر کے پیپل کی جڑ میں ڈال دیں۔ اس کے بعد شوجی کی اپاسنا کریں۔ ۱۹ شنی وار کرنے کے بعد ادھیاپن کے وقت شنی ستوتر کا پاٹھ، جوتے، جراب، نیلے رنگ کا دستہ، کالے ماش، چاقو اور تیل سے بنی اشیاء کا دان کسی بوڑھے برہمن کو دیں۔ اور خود بھی اُڑد (ماش) وغیرہ اور تیل سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔

راہو کی شانتی:۔ کے لئے بھی شنی وار برت متذکرہ بالا طریقہ سے کریں اور دان میں ناریل، بھورا کمبل یا دستر دیں۔

علاوہ ازیں پرندوں کو باجرہ ڈالنا چاہیئے۔ راہو کے بیج منتر کا پاٹھ کرنا اچھا ہوگا۔

کیتو گرہ کی شانتی کے لئے کیتو کے بیج منتر "اوم سراں سریں سہ کیتوے نمہ" کی پانچ مالا کا جاپ اور پوجن منگل وار کے برت جیسا کرنا چاہیئے۔

ستناجا

کالے ماش (اُڑد) مونگ گیہوں، چنے، جو، چاول اور کنکنی

آٹھ گندھ:۔ اگر، تگر، کستوری، کنگم، کپور، چندن لونگ اور گوروچن

علم التسخیرات

عملیات نقش اور تعویذات

عملیات نقش اور تعویذات کے واسطے عمل پڑھنے اور لکھنے میں دن علیحدہ علیحدہ مقرر کئے ہیں مہینوں کے ہر مہینے کے اول عشرہ میں کشائش رزق اور فتوح کے واسطے عمل پڑھنا اور لکھنا جلد اثر دیتا ہے۔

عمل پڑھنے کی ساعت تقسیم

نقش دشی کرن شکل پکش چاند کے حصہ میں چاند کی تاریخ مبع اور کاروبار کی بلندی کے لئے ۳ تاریخ اور بارہ تاریخ میں پڑھنا و لکھنا مفید اور پُر تاثیر ہوتا ہے۔ اچان کرشن پکش یعنی اندھیر حصہ کی ۳ تاریخ اٹھواچھٹ اور ۷ تاریخ اندھیری یا ایکم میں یا چوتھ یا نومی ہوں۔ عشق و محبت کے لئے اشٹمی نومی اندھیری میں ٹھیک رہتا ہے۔ چاند کے حصہ میں یادسویں ایکادشی پورنماشی یا پنچمی میں عمل لکھنا اور پڑھنا عشق و محبت کے لئے مفید ہے سوموار کے دن صبح کا وقت کشائش رزق و تسخیرات اور وقت نیم چاشت اور شفاء مریض کے واسطے مؤثر ہوگا۔ وبدوار شکروار صبح کے وقت محبت و ترقی دولت کے واسطے سنیچروار اور منگلوار کا وقت ظہر تعویز جدائی وعداوت اور ہلاکت دشمن کے واسطے اور اتوار بدھ کا وقت ظہر عصر تعویز زبان بندی کے حق میں مفید ہے عملیات نقش آتشی و بادی آبی اور خاکی چار قسم کے ہوتے ہیں۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۲	۹	۴

آتشی نقش آتشی نقش اس کو کہتے ہیں جو کاغذیا کوری ٹھیکری یا جس چیز پر لکھیں اس کو آگ میں اڑال دیں۔ یا قریب تر یا چولہے کے دفن کردیں۔ یہ نقش دوستی و محبت اور خواب بندی و زبان بندی وغیرہ کے واسطے مفید ہوتا ہے۔ آتشی نقش لکھتے وقت منہ پورب کی طرف رکھنا ضروری ہے۔ آتشی نقش میں جہاں ایک ہندسہ برحق ہے وہاں ایک کا ہندسہ سے لکھ کر باقی خانہ پُر کرنے کا عمل کیا جاتا ہے۔

۳	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

بادی نقش بادی نقش اس کو کہتے ہیں جو نقش لکھ کر درخت یا کسی اونچی پر لٹکا دیا جائے جو ہوا سے ہلتا رہے۔ یہ نقش واپسی مسافر و پتہ غائب و زبان بندی اور ملاقات دوستی اور محبت وغیرہ کے واسطے مفید ہے یہ نقش کسی اونچی جگہ پر جہاں بہت ہوا ہو پچھم کے رُخ بیٹھ کر لکھنا چاہیئے۔ بادی اعداد کا نقش جہاں ۷ کا ہندسہ آتشی میں دکھایا ہے۔ وہاں ایک کا ہندسہ لکھ کر باقی ہندسوں کو بالترتیب خانوں میں لکھ دیں نقش تیار ہے۔

۴	۹	۲
۲	۵	۷
۸	۱	۶

خاکی نقش خاکی ہے وہ نقش ہے جو پانی میں ڈال دیں جو کھٹ یا راستہ چوراہے۔ گورستان یا پہاڑ وغیرہ میں دفن کیا جاتا ہے۔ یہ نقش عمل تسخیر تنہائی محبوس اور دشمن۔ عداوت اور بھائی کے لئے موثر ہوتا ہے۔ اس عمل کے وقت منہ اتر کی طرف رکھنا چاہیئے نقش خاکی میں جہاں ۹ کا ہندسہ آتشی نقش میں موجود ہے۔ وہاں سے ایک ہندسہ شار عمل میں لایا جاتا ہے۔

۶	۷	۱
۱	۵	۹
۸	۳	۴

آبی نقش آبی نقش ہے جو کسی دریا یا کنویں یا نہر وغیرہ میں لکھ کر ڈال دیا جاتا ہے۔ یہ نقش واسطے خلاصی محبوس یا تسخیر و کشادگی رزق اور زبان بندی کے لئے موثر ہوتا ہے۔ آبی تعویذ کو ندی یا دریا کے کنارے پچھم کے زمینہ کر لکھنا چاہیئے۔ آبی اعداد کے نقش میں جہاں ۹ کا ہندسہ آتشی نقش میں موجود ہے وہاں سے ایک ہندسہ شار عمل میں لایا جاتا ہے نقش آبی سیاہی سے لکھے آتشی بھیم سینی کافور نیلے رنگ سے پُر کرے۔ خاکی اشٹ گندھ سے اور بادی نقش صندل سُرخ سے لکھن پُر تاثیر ہوتا ہے۔

خواب یعنی سپن دیکھنے کی اچھی اور خراب علامات

دنیا کے کاروبار سے فارغ ہوکر جب انسان گہری نیند سو جاتا ہے تو اندرونی حواس تیز ہو جاتے ہیں اس وقت جو خیالات اس کے ذہن میں آتے ہیں یا جو اشکال اسکی نظر سے دکھائی دیتی ہیں ان کو خواب کہتے ہیں۔ یہ خواب قدرت کا ایک پوشیدہ راز ہے۔ جس کے ظہور اوقات متعینہ پر ہو جاتا ہے اسکی تعبیر بُری ہو یا اچھا ہی اپنا نتیجہ ضرور دکھاتی ہے اور خواب اچھا ہو یا صحیح وہ ہوتا ہے جو صحت اور اور اعتدال کی حالت میں دکھا جاتا ہے جو خواب حالت بیماری اور اختلاج عناصر پریشان حالت میں آتا ہے وہ قابل اعتبار نہیں ہوتا اور جو خواب دن کو دیکھا جاتا ہے وہ بھی صداقت میں کم ہوتا ہے اسکی تعبیر کی مدت ظہور میں آنے کی مقرر ہے رات کے پہلے حصہ میں جو خواب دیکھا جاتا ہے اسکا نتیجہ ایک برس کے اندر ظاہر ہوتا ہے۔ رات کے دوسرے حصے میں جو اخواب دیکھا جاتا ہے اس کا نتیجہ آٹھ ماہ میں ظاہر ہوتا ہے۔ رات کے تیسرے پہر دکھائی دینے والے خواب کا نتیجہ تین مہینے کے اندر معلوم ہو جاتا ہے۔ رات کے چوتھے حصے کے خواب کا نتیجہ ایک ماہ کے اندر ظار ہو جاتا ہے جو رات ختم ہونے کے ایک گھنٹہ قبل آتا ہے اُسکا ثمرہ دس دن اور صبح کے خواب کی تعبیر ایک پہر میں ظاہر ہو جاتی ہے۔ زائد جانکاری کے لئے ہمارے ڈپو سے علم خواب کے متعلق علم خواب نامہ منگوائیں۔ نرخ ۱۰۰ روپے۔ جنرل بک ڈپو جالندھر

قسم خواب	نتیجہ خواب	قسم خواب	نتیجہ خواب	قسم خواب	نتیجہ خواب	قسم خواب	نتیجہ خواب	قسم خواب	نتیجہ خواب	قسم خواب	نتیجہ خواب	قسم خواب	نتیجہ خواب
آسمان دیکھنا	رتبہ بلند ہو	الٹا لٹکنا	عزت کیلئے نقص	گولی چلتے دیکھنا	مشکل سے نجات	ٹھگ ملنا	دولت کا نقصان	دریا میں نہانا	بیماری دور	پیشاب دیکھنا	دولت ملے	باغ دیکھنا	سکھ ملے
آسمان میں اڑنا	سفر	اونچا چڑھنا	ترقی عزت	گر بھ پات	گمبھیر بیماری	ٹھاکر/ایشور	دھرم میں رخ	" میں ڈوبنا	تکلیف بڑھے	پانی میں ڈوبنا	پریشانی	بندوق "	مشکل آئے
آگ دیکھنا	پت و بیماری	اونٹ دیکھنا	ترقی	گرہن دیکھنا	بیماری	ڈر کر بھاگنا	دکھ سے چھٹکارہ	دودھ پینا	خوشی ملے	پان کھانا	اپنوں سے ملنا	باڑھ "	دولت کا نقصان
آم کا درخت	اولاد حاصل	آنکھ گرے	مصیبت	گورو دیکھنا	کامیابی	ڈاکخانہ	بیوپار اضافہ	دہی کھانا	ترقی	پتھر دیکھنا	مشکل آنا	خود کو بھوکا "	سفر میں فائدہ
آپریشن دیکھنا	بیماری کی علامت	آسن جلے	دولت ملے	گھوڑے سے گرنا	پریشانی	ڈولی دیکھنا	مراد پوری	دیوی دیوتا دیکھنا	خوشی ملے	پتاخہ دیکھنا	دولت ملے	بھکاری دیکھنا	سفر پڑے
انگھی دیکھنا	اچانک بیماری	لڑکی دیکھنا	ترقی، تیرتھ یاترا	گھوڑے پر چڑھنا	ترقی	ڈاکو "	نقصان	دوائی پینا	بیماری دور	پُل "	شبھ یاترا	بھاشن دینا	جھگڑا
اپنی شادی دیکھنا	مصیبت آئے	کوڑی دیکھنا	بیماری کی نشانی	کھاٹ پر بیٹھنا	تیرتھ یاترا	ڈاکیہ "	خبر ملے	دولت دیکھنا	اولاد کا سکھ	امتحان میں	مشکل دور	زلزلہ دیکھنا	مان، ترقی
اندھیرا دیکھا	دکھ آتا	قبرستان دیکھنا	عزت ملنا	گھونگھٹ دیکھنا	نیا کاروبار	ڈاکٹر "	بیماری کی نشانی	درزی "	کام بگڑنا	پشوریکار "	فائیدہ	مرگی "	عورت سے ملنا
اپنی موت دیکھنا	عمر درازی	کمل دیکھنا	دولت حاصل	چائے پینا	کامیابی	ڈوبتے "	بری خبر	دانت گرتے "	صحتیابی	پہلوان "	صحتیابی	مرد ہنستے "	فکر
لنگ گرنا	مبارک	کنگن، کڑا	دولت میں نقصان	چور دیکھنا	دولت کا نقصان	ڈھولک بجانا	کسی سے ملنا	دانت اکھڑنا	دولت ملے	پجاری "	پت کی بیماری	" روتے "	تکلیف دور
بغل گیر ہونا	دولت حاصل	کباب کھانا	جھگڑا، بے عزتی	چاول کھانا	اچھی خبر	تالی بجانا	خوشی	دکشنا دینا	فائیدہ ہو	پوجن "	کامیابی	مالی دیکھنا	خوشی ملے
(عورت سے)		کینچی چلانا	تکرار	چھینک مارنا	دکھ پریشانی	تربوز کھانا	فکر مندی	دشمن دیکھنا	نقصاندہ	پریت "	خوش قسمتی	محل "	تکلیف دور
آوارہ بھٹکنا	نوکری ملنا	کوئلا دیکھنا	جھوٹی تہمت	چوکیدار دیکھنا	دولت ملنا	تانگا دیکھنا	جھگڑا ہو	دکان بھری "	دولت پانا	فوارا "	مشکل دور	مندر "	خواہش پوری
آمہ دیکھنا	پیٹ کی بیماری	کٹاسر دیکھنا	پریشانی	چٹائیں "	کامیابی	تیر مارنا	خوشی ملے	دکان خالی "	دولت کا نقصان	پھلواڑی "	خوشی ملے	مٹھائی کھانا	عزت ترقی
اکو دیکھنا	مصیبت آنا	کنگھی کرنا	مراد پوری	چرخہ "	دولت ملنا	تارہ دیکھنا	کامیابی	دھواں دیکھنا	مشکل آنا	پھانسی "	زندگی میں نیا موڑ	حور دیکھنا	خوشی ملے
یہ نقش لکھ لکھ کر دریا میں ڈالتے جائیں جو لوٹ آوے اس کو اپنے پاس رکھ لیں۔

۹	۴	۱	۶
۶	۱	۴	۹
۴	۹	۶	۱
۱	۶	۹	۴

اس نقش کے لکھنے سے کھوئی ہوئی چیز مل جائے

اس کو کنیر کی چھایا میں بیٹھ کر بکر کی ہڈی کی قلم بنا کر لکھے تو کھوئی ہوئی چیز مل جائے۔

ہوں	ہوں	ہوں	ہوں
ایں	ایں	ایں	ایں
جن	جن	جن	جن
ہریں	ہریں	ہریں	ہریں

عقل بڑھانے والا نقش

اس نقش کو شکل پکش میں تھالی پر لکھ کر اس میں کھیر کھلانے سے عقل بڑھتی ہے۔

۷۱	۹۱	۲۸	۸
۷	۳	۹۳	۹۶
۹۴	۹۴	۹	۱
۴	۶	۷۵	۷۱

وشی کرن کا نقش

اس نقش کو لکھ کر بتی بنا کر گھی کے چراغ میں جلاوے تو من چاہی عورت گھر میں آوے۔ اور اگر دیئے کی بتی اس کی طرف کو جلاوے تو وہ بہت محبت کرلے۔

۱	۸	۱	۱۴
۷	۱۲	۱۲	۷
۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آم کے درخت میں بہت پھل ہوں

اس کو آک کے رس سے لکھ کر آم کے درخت میں باندھیں تو خاص طور سے پھل زیادہ ہوں۔

۴	۵	۵	۷
۸	۴	۸	۱
۶	۳	۶	۶
۳	۹	۲	۷

یہ نقش جس عورت کی کمر میں باندھے تو عمر بھر دُکھ نہ ہو

اس نقش کو گدھے کے ہاڑ پر لکھیں اور عورت اسے اپنی کمر سے باندھے تو اس کو کسی قسم کا کوئی دکھ بیماری نہ ہو۔

۹	۲۴	۲	۸
۷	۲	۲۷	۲۷
۲۳	۱۸	۸	۱
۴	۹	۱۶	۱۲

حمل کو محفوظ رکھنے والا نقش

اس نقش کو کانسے کی تھالی میں لکھ کر اور اس تھالی میں پانی ڈال کر حاملہ عورت کو پلاوے تو حمل نہ گرے۔

۹۲	۹۶	۲	۸
۷	۰	۹۵	۹۵
۳۶	۹۳	۹	۱
۴	۶۶	۹۱	۹

خواہش پوری ہو

اس نقش کو سرسوں کے رس سے لکھ کر بن میں گاڑدیں تو خواہش پوری ہو۔

۹۲	۹۹	۲	۸
۷	۳	۹۶	۹۵
۹۲	۹۳	۹	۱
۴	۶	۹۴	۹۱

ایضاً

۹۵	۸۲	۲	۸
۷	۳	۷۶	۷۰
۸۱	۵۸	۹	۱
۴	۶	۷۶	۸۰

منورتھ پورا ہو

اس نقش کو کتے کے ناخن سے لکھ کر بازو پر باندھے تو دل کی مراد پوری ہوتی ہے۔

۵۵	۶۲	۲	۷
۶	۳	۶۲	۱
۶۱	۵	۶۱	۱
۴	۵	۳۵	۴۰

راج سبھا میں عزت ہو

اس نقش کو بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس ہر وقت رکھیں تو راج سبھا میں بہت عزت ہو۔

۴۴	۴۵	۲	۷
۶	۳	۶۲	۱
۶۱	۵	۶۱	۱
۴	۵	۳۵	۴۰

سب روگ ہرن نقش

کسی بھی روگ میں اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھنے سے سب روگ دور ہو جاتا ہے۔

اس نقش کو گائے کے گلے میں باندھنے سے دودھ بڑھ جاتا ہے

اس نقش کو کیسر سے بھوج پتر پر لکھ کر گائے کے گلے میں باندھنے سے دودھ بہت بڑھ جاتا ہے۔

श्री	श्री	श्री	श्री
श्री	श्री	श्री	श्री
श्री	श्री	श्री	श्री
श्री	श्री	श्री	श्री

ہجری مہینوں میں ہونے والے اہم واقعات

۱۔ محرم

سن ہجری اسلامی کی ابتدا اسی ماہ سے ہوئی ہے۔ اسلامی سال کا سب سے پہلا دن ۱۶ جولائی ۶۲۲ء تھا۔ سن ۲۰۰۹ء میں اسے ۱۴۳۰ سال ہو نگے۔ یکم محرم ۲۴ھ کو عثمان غنی مسند خلوات پر جلوہ آرا ہوئے اور یکم محرم ۸۰ھ کی شب کو حضرت امام اعظم اور اسی دن سید احمد صاحب شہید بریلوی تولد ہوئے اور ۶۱ھ کو یوم عاشورہ کر حضرت سیدنا امام حسین کی شہادت کربلا میں قیامت خیز و حیرت انگیز ہوئی۔ ۲۴ھ بروز عاشورہ حضرت عمر آنحضرت کے پہلوئے مبارک میں دفن ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ شب عاشورہ میں تمام شب بیدار رہنا اور نماز پڑھنے سے فرشتوں کی عبادت جیسا ثواب ملتا ہے۔

۲۔ صفر

اسی مہینے ۶ھ کو خیبر کی جنگ میں مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی اور حضرت امام حسین کے پوتے امام محمد باقر بن زین العابدین واقعہ کربلا سے تین سال پیشتر ۲۰ صفر ۵۷ھ کو پیدا ہوئے اور ۱۱ صفر ۹۹ھ کو حضرت عمر بن عبدالعزیز مسند نشین خلافت ہوئے۔ ۳۷۰ھ کو شیخ بو علی سینا مشہور حکیم تولد ہوئے اور اسی مہینہ ۶۴ھ میں حضرت عبداللہ بن زبیر شہید ہوئے۔ اگر اس ماہ کا چاند دیکھ کر کوئی شخص چار رکعت نفل عشاء کے فرض اور وتر کے درمیان پڑھے چاروں قل چاروں رکعت میں گیارہ گیارہ بار اور سلام پھر کر ۷۰ بار کلمہ تمجید اور ۷۰ بار درود شریف پڑھے تو وہ آنیوالی بلاؤں سے محفوظ رہے۔

۳۔ ربیع الاول

اس ماہ میں یکم کو آنحضرت نے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی جانب ہجرت فرمائی اور ۵ تاریخ کو انتقال بی بی سکینہ بنت امام حسین کا ہوا اور ۸ تاریخ ۲۶۰ھ کو وفات امام عسکری کی ہوئی۔ وفات حضرت عبدالمطلب کی ہوئی ۱۰ تاریخ کو۔ ۱۲ کو آنحضرت دنیا میں تشریف فرمائے اور اسی تاریخ کو آنحضرت نے وفات پائی۔ اس لئے اس مہینے میں مجلس میلاد شریف قائم کی جاتی ہے اور ۱۰ تاریخ ۲۲۹ھ کو امام جعفر صادق تولد ہوئے۔

۴۔ ربیع الثانی

اسلام کی ابتدا میں نماز کی صرف دو رکعتیں فرض ہوئی تھیں خواہ سفر کی حالت ہو یا اقامت کی۔ چنانچہ کئی سال اسی طرح رہی۔ ۱ھ میں اس مہینہ مین ظہر، عصر، عشاء میں حالت اقامت دو رکعت کا اضافہ ہوا اور سفر کی حالت میں بدستور دو ہی رکعتیں رہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو ابو تراب کو معزز خطاب بھی آنحضرت کی طرف سے اسی مہینہ میں ملا۔ منگل کے دن ۱۸ تاریخ ۶۴۴ھ کو ایسی سخت آندھی چلی کہ خانہ کعبہ کے پردے اُڑ گئے اور ۲۱ روز بہنہ رہا۔

۵۔ جمادی الاول

حضرت خالد کو اسی مہینہ میں بارگاہ نبوی سے سیف اللہ کا معزز خطاب عطا ہوا اور ان کی وفات بھی اسی مہینے میں ہوئی۔ حضرت محمد کی صاحبزادی حضرت زینب کے شوہر ابو العاص اسی مہینے مین ۶ھ کو مکہ معظمہ سے آکر مشرف بہ اسلام ہوئے اور ۴۱ھ میں حضرت امام حسن نے حضرت معاویہ سے صلح کرکے خلاف ان کے سپرد کردی۔ اور ۲ھ میں حضرت رقیہ دختر رسولؐ نے وفات پائی۔

۶۔ جماد الثانی

اس ماہ میں آنحضرتؐ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ خاتون کا نکاح حضرت عبداللہ آپ کے والد سے پہلی تاریخ شب دوشنبہ کو ہوا۔ اس مہینے کی ۲۰ تاریخ جمعہ ۳۵ھ کے روز حضرت فاطمہ حضور کی صاحبزادی کی ولادت شریف ہوئی۔ ۲۳ تاریخ ۱۳ھ کو حضرت ابو بکر صدیق نے وفات پائی۔ حضور کے پہلوئے مبارک میں رکھے گئے۔ اسی ماہ کی تین تاریخ کو ۴۶۱ھ میں مولانا واحد مفسر دیوان شنبی کی وفات ہوئی۔ ۱۴ تاریخ ۵۰۵ھ قاضی عیاض عام مفسر امام غزالی نے ۵۷ سال کی عمر میں وفات پائی۔ اسی ماہ میں خلیفہ متوکل محل جعفریہ کی بنیاد رکھی یہ سامرہ کے قریب بنایا گیا۔

۷۔ رجب

اس مہینے میں ۲۷ تاریخ کو حضور کی معراج ہوئی اسی مہینے ۹ھ کو بادشاہ حبش شاہ نجاشی کی وفات ہوئی جب یہ خبر مدینہ منورہ پہنچی تو آنحضرت غائبانہ جنازہ ادا فرمائی اور اسی مہینے کی ۱۴ تاریخ ۱۵۰ھ کو حضرت امام شافعی پیدا ہوئے۔ اسی ماہ ۴۶۶ھ میں علامہ زمخشری جو علم نجوم کے مشہور امام ہیں تولد ہوئے۔ اسی ماہ کی ۱۳ تاریخ ۳۲ھ کو حضرت عباس کی وفات ہوئی۔ ۵ تاریخ ۱۱۰ھ کو حضرت خواجہ حسن بصری کی وفات ہوء۔ ۳۰ تاریخ ۲۰۴ھ کو امام شافعی اور ۶ تاریخ ۶۳۲ھ کو خواجہ معین الدین چشتی اجمیری نے وفات پائی۔

۸۔ شعبان

لکھا ہے کہ اگر پہلی رات میں بارہ رکعت نماز پڑھے بعد سورہ فاتحہ کے پندرہ بار سورہ اخلاص پڑھے تو اس کے نامہ اعمال سے دس ہزار بدیاں دور کر کے دس ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں۔ اور مرنے والے کا نام اسی ماہ میں قابض الارواح کو دیا جاتا ہے۔ شب برات کو جتنی بھی نماز دو رکعت سے پڑھے تو اللہ کی جناب میں مقبولیت کا باعث ہے۔ اور کم از کم ۲۰ رکعت تو ضرور ہی پڑھے تو اللہ تعالیٰ تمام گناہ اس کے معاف کر دیتا ہے۔

۹۔ رمضان

اس مہینے کی ۲ تاریخ کو حضرت فاطمہ کا عقد مبارک حضرت علی سے ہوا۔ ۱۵ رمضان ۳ھ حضرت امام حسین پیدا ہوئے۔ دس تاریخ ۸ھ کو فتح مکہ کیلئے مدینہ پاک سے روانہ ہوئے اور ۲۰ تاریخ کو شاندار فتح نصیب ہوئی۔ ۸ رمضان قبل طلوع آفتاب حضرت امام جعفر صادق پیدا ہوئے۔ یکم رمضان ۴۷۰ھ کو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی پیدا ہوئے۔ ۳ رمضان ۱۱ ہجری کو بعمر ۲۸ سال وفات پائی اور ۱۸ رمضان حضرت عائشہ صدیقہ کا انتقال ہوا۔ ۱۷ رمضان کو حضرت علی کے زخم کاری لگا اور وفات پائی۔

۱۰۔ شوال

حضرت عائشہ صدیقہ کا نکاح آنحضرتؐ سے اسی ماہ میں ہوا۔ اور پھر رخصتی بھی تین سال بعد اسی ماہ میں ہوئی۔ اسی مہینہ ۱۷۰ ہجری میں خلیفہ ہارون رشید کا بیٹا امین تولد ہوا۔ ۱۳ شوال جمعہ ۱۹۴ھ کے دن امام المحدثین حضرت محمد بن اسمٰعیل بخاری تولد ہوئے ۱۴ شوال ۹۷۱ ہجری کو جمعہ کی رات حضرت شیخ احمد فاروقی مجدد الف ثانی پیدا ہوئے۔ ۹ شوال ۱۱۰ھ کو حضرت محمد بن سیرین محدث نے وفات پائی۔ اور ۱۴۸ھ میں حضرت امام جعفر صادق اور ۱۸۷ھ میں حضرت ابراہیم بلخی اور عید کے دن حضرت امام فخر الدین راشی نے ۶۰۲ میں وفات پائی۔

۱۱۔ ذیقعد

۷ ہجری کو اسی مہینہ میں عمرۃ القضا کو جاتے وقت مقام سرف پر حضرت میمونہ آنحضرت کے نکاح میں آئیں۔ ۲۵ تاریخ دس ہجری کو امام محمد بن ابی بکر پیدا ہوئے۔ اور آخر ذیقعدہ ہجری کو حضرت سعد بن معاذ کی وفات سے عرش عظیم لرز گیا۔ حضرت امام اعظم کے بیٹے حضرت سجاد بھی اسی مہینے میں ۱۰۷ھ میں واصل بحق ہوئے۔ اور ۲۴۶ھ میں حضرت ذوالنون مصری نے وفات پائی۔ ۳۸۵ھ میں امام دار قطنی نے وفات پائی۔

۱۲۔ ذی الحجہ

اس مہینہ میں ۸ ہجری کو مدینہ منورہ میں آنحضرتؐ کے صاحبزادے ابراہیم تولد ہوئے۔ اور ۱۹ تاریخ ۲۵ ہجری کو علی خلیفہ مقرر ہوئے۔ ۲۰ھ کے اسی مہینہ میں حضرت عمر نے مصر پر فتح حاصل کی۔ اور ۱۴۵ ہجری کو بمقام رے خلیفہ ہارون رشید تولد ہوئے۔ ۱۸ تاریخ یوم جمعہ ۳۵ ہجری کو حضرت عثمان غنی شہید ہوئے۔ ار ۱۵۵ ہجری میں محدث دارمی کا انتقال ہوا۔ ۲۷ تاریخ ۳۳۴ ہجری کی حضرت شبلی مشہور ولی اللہ کا وصال ہوا۔

استری جاتک یوگ

پرش کے جنم میں کہے ہوئے گرہوں کی تاثیرات میں جو پھل وچار میں کہا ہو وہ استری جاتک میں بھی کہنا یوگیہ ہے۔ جو پھل استری کے لئے کہنا نہ بنتا ہو وہ پرش کے لئے جاتک کہنا ہوتا ہے۔ لگن اور چندرماں سے استری کے شریر کا وچار کیا جاتا ہے اور سپتم اور اشٹم بھاؤ سے اس کی سوبھاگیہ اوستھا اور ودھوا اوستھا کا وچار نی جن کرتے ہیں جس استری کے جنم میں چر راشی کا لگن ہو اس کا پتی سدا پر دیش میں گمن کرنے والا ہوتا ہے لگن اور چندرماں استری کے جنم میں سم راشی میں ہو تو وہ استری سبھاؤ سے یکت ہوتی ہے لگن اور چندرماں وشم راشی کے ہوں اور ان کو اشبھ گرہ دیکھتے ہوں تو وہ استری پرش پرکرتی میں ادھک سبھاؤ والی ہوتی ہے۔ ۸ ودھوا دشنی استری کے جنم میں ۷ ویں بھاؤ پر پڑے ہوں تو اس میں استری کا پتی نپنسک ہوتا ہے ساتویں بھاؤ میں شنی اور سورج ہوں تو اس استری کا پتی اسے تیاگ دیتا ہے۔ ۷ ویں شنی ہو اور پاپی گرہ اسے دیکھتا ہو تو اس استری کا ویواہ بڑی مشکل سے ہوتا ہے۔ ۷ ویں بھاؤ میں پاپ اور شبھ گرہ دونوں ہوں تو پنر بھو دوسرا ویواہ کرنے والی ہوتی ہے۔ ساتویں بھاؤ میں بل ہین پاپی گرہ بیٹھا ہو اور اسے شبھ گرہ دیکھتا ہو تو اس کا پتی اس استری کو تیاگ دیتا ہے۔ ساتویں منگل ہو اور اسے پاپی گرہ دیکھتا ہو تو اس عورت کو بال ودھوا یوگ ہوتا ہے۔ اشٹمیش (آٹھویں گھر کا مالک) ۷ ویں گھر میں بیٹھا ہو۔ سپتمیش (ساتویں گھر کا مالک) اشٹم بھاؤ میں بڑا ہو اور پاپی گرہ دیکھتا ہو تو نئی بیاہی ودھوا ہو جاتی ہے ۸ ویں بھاؤ میں برہسپتی اور شکر ہو تو گربھ دتی نہیں ہوتی۔ گربھ دتی اگر ہو بھی جائے تو سنتان کا جیون کٹھن ہوتا ہے اشٹم بھاؤ میں پاپ گرہ ہو تو اس کی دشا میں ودھوا ہو جاتی ہے۔ منگل آٹھویں ہو تو کشٹ سبھاؤ ہوتی ہے بدھ اور شکر لگن میں ہوں تو استری روپ وتی گن وان اور پتی کو پربھ رکھنے والی ہوتی ہے شنی آٹھویں ہو تو پتی کے لئے ارشٹ دائیک ہوتی ہے ۸ ویں راہو ہو تو کل دھرم کو ناش کرنے والی ہوتی ہے۔ ساتویں بھاؤ میں کمزور پاپی گرہ ہو تو سنیاس یوگ کو دھارن کرنے والی ہوتی ہے جنم کے وقت سپتم بھاؤ کا سپشٹ دیکھنا چاہیئے۔ بیٹھے گئے ہوئے سپتم بھاؤ کے راشی اور انش آدک میں اگر شنی کا انش ہو تو اس میں استری کا پتی بہرہ اور بے وقوف ہوتا ہے۔

استری کے سبھاوک لکشن اور علامات

لگن میں اور سپتم بھاؤ میں پاپی گرہ ہو تو سات برس کے بعد ودھوا ہو جاتی ہے چھٹے یا آٹھویں چندرماں ہو تو دو تین برس میں ودھوا ہو جاتی ہے چھٹے اور آٹھویں ستھان کے سوائے چھٹے یا بارھویں میں پڑے ہوں تو نئی بیاہی ہوئی استری مر جاتی ہے۔ برکھ کنیا برشچک سنگھ راشیوں میں چندرماں ہو تو بڑی سنتان والی ہوتی ہے۔ لگن سے پہلے چوتھے ساتویں آٹھویں یا ۱۲ ویں ستھان میں منگل بیٹھا ہو تو استری کو ناش کرنے والا ہوتا ہے۔ استری لڑکی کے جنم لگن سے منگل یوگ بیٹھا ہو تو پتی کا ناش کرنے والی ہوتی ہے۔ جنم لگن یا لگن سے اشٹم ستھان میں گرو گرہ بیٹھا ہو اور پیچ وشترو پاپی گرہ کے درگ میں ہو تو سوامی کو مرتیو دینے والی ہوتی ہے۔ استری کے جنم کال میں سپتم اور دوسرے ستھان پر پاپی گرہ ہو تو سوامی کے دیوگ کا دکھ کرتی ہے اگر پرش کو ایسا یوگ پڑا ہو تو استری کے دیوگ کا دکھ پاتا ہے اگر دونوں کو ایسا یوگ پڑ جائے تو دونوں کو دکھ کی لورتی ہوتی ہے اور پتر اور دھن دھنیہ کا سکھ ملتا ہے۔

استری سنتان یوگ

استری کی جنم راشی سے یا استری کے پرسدھ بولتے نام کی راشی سے نانویں، پانچویں اپنی راشی ہو یا اپنی جنم راشی یا پرسدھ بولتے نام کی راشی سے پانچویں، نانویں راشی استری کی راشی ہو تو پتر سکھ سے یکت ہوتی ہے اگر اس کے برعکس یوگ پڑے ہوں تو پتر سکھ سے رہت ہوتی ہے پانچویں بھاؤ کی کارک راشی سنگیا سے یا پانچویں بھاؤ میں جتنی سنگیا والی راشی ہے اس قدر سنگیا تعداد میں سنتان کا ہونا کہا ہے۔ لگن سے یا برہسپتی سے پانچویں بھاؤ کی راشی نیچ گرہ سے یا است یا شترو کھیتری گرہ سے یکت ہو تو اتنی سنتان کا ناش ہونا بتلایا ہے۔ پانچویں گھر کا مالک مذکر گرہ ہو اور مذکر راشی میں بیٹھا ہو تو پہلے پسر اور اگر مؤنث گرہ ہو اور مؤنث راشی میں بیٹھا ہو تو پہلے دختر ہوتی ہے۔ پانچویں گھر میں ہو تو پہلے گربھ سے لڑکی پیدا ہوتی ہے۔ چندرماں منگل شکر ہو تو پہلے گربھ سے لڑکے کی پیدائش ہوتی ہے۔

علمِ مسمریزم

قوتِ روحانی:- مسمریزم کے شائقین کو سب سے اول آنکھوں اور ہاتھوں میں اس مقناطیسی طاقت کو پیدا کرنا چاہیے۔ جس کی تاثیر سے جسم میں تقویت چہرہ پر روشنی اور آئندہ و گذشتہ جنموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔ اس طاقت کے حاصل کرنے میں عامل جتنی محنت اور لگن کرتا ہے اتنی ہی روحانی طاقت اس میں بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ روشن ضمیر ہو جاتا ہے اس کے اندر کافی روشنی پیدا ہو جاتی ہے وہ قدرت کے تمام نظاروں کو روشن ضمیری سے ایک جگہ بیٹھے ہوئے دیکھ سکتا ہے اس مشق کے بڑھنے سے وہ اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس سے وہ پرماتما کے اصل نور سے واصل ہو جاتا ہے اور خواہش پدری کو پالیتا ہے۔

روشن ضمیری کی مشق:- جب شکل پکش کی پڑوا سے چاند نا پکش ہو کر اس وقت اس عمل کو شروع کرنا چاہیئے۔ اس عمل کو شروع کرنے کے وقت ایک آسن پر گوشۂ تنہائی میں دو زانو بیٹھ کر کسی شئے کا تصور کرو جو سب سے زیادہ مرغوب ہو۔ اگر انسان ہے تو اسکی طرف متوجہ ہو۔ خیال کرو کہ یہ تمہارا معمول اور تم اس کے عامل ہو۔ پس اپنے مقابل معمول کو جنوب کی طرف رُخ کر کے بٹھا دو یعنی پشت اس کی شمال اور منہ جنوب کی طرف ہو، اور عامل اس کے بالمقابل آنکھیں بند کر کے اس کے تصور کو اپنے سامنے رکھے اور کوشش و استقلال سے اس خیال و تصور میں کسی بیرونی خیال کو اپنے درمیان سے روکنے کی کوشش رکھے۔ اگر پہلے دن وہ تصور ایک منٹ کا رہا ہو تو دوسرے دن دو منٹ کا ہونا چاہیئے اگر گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ اسی طرح سے مشق کرو گے تو پھر ایک دن اب آئیگا کہ وہ چند منٹ بلا کسی خلل اندازی کے اپنے معمول کے تصور کو اپنی آغوش میں قوت مقناطیسی کے تحت رکھ سکے گا۔ یہ قوت قدرتاً حیوانات نباتات اور جمادات میں بھی موجود ہے جس کی خاصیت سے دُنیا کا کاروبار چل رہا ہے۔ یہ مقناطیسی قوت ہاتھ کی انگلیوں اور ہاتھ کے علاوہ سانس اور آنکھ کے ذریعے خارج ہوتی ہے جس کی وجہ سے ہم اپنے خیالات کو ایک نقطہ پر قائم نہیں رکھ سکتے۔

قوت روحانی:- قوت روحانی میں انتشار خیالات کا سب سے بڑا بادشاہ دل قرار دیا گیا ہے جس کے دو وزیر یعنی آنکھیں وزیر داخلہ اور کان وزیر خارجہ ہیں اسمیں دل کو دو قسموں کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ ایک خواہش اپنی اور دوسری اس کو سُنکر پیدا ہوتی ہے کان کسی ایک دبدآواز کو سُنکر اسکو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں اور بعد ازاں آنکھوں کے ذریعے اس کو دیکھنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اس لئے کانوں سے ایسی باتیں جو اس طاقت کے حاصل کرنے میں مانع ہوتی ہیں ہرگز سُننے کی خواہش نہ کرو اور ناک کے ذریعہ کوئی ایسی چیز مت سونگھو جو تمہارے دل و دماغ کو پراگندہ کرتی ہے آنکھوں سے ایسی چیز دیکھنے کا خیال مت کرو جو تمہارے دماغ کو منتشر کرے۔ جسم سے ایسی طاقت ضائع نہ کرو جو تمہاری سب طاقتیں برقرار رکھنے کی رہنما ہے۔ اس ترکیب مشق کے ذریعہ جو لوگ انتشار خیالات کو روک کر اپنے دل کی توجہ ایک مرکز پر قائم کر لیتے ہیں وہ خود بخود روشن ضمیر ہو کر اپنی قوت رُوحانی کے ذریعہ [illegible] کو خود بخود اپنا مطیع کر لیتے ہیں۔ جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد سورج طلوع ہونے سے قبل ایک خالی اور تنہا مکان میں جہاں کوئی دوسرا موجود نہ ہو، چوکڑی مار کر بیٹھ جاؤ اور دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھکر آنکھیں بند کر لو اور دل کو ادھر ادھر جانے سے روک دو اس میں چند روز تکلیف ضرور محسوس ہوگی کیونکہ دل اِدھر اُدھر بھٹکے گا لیکن بالآخر بہ قابو ہو جائے گا۔

دوسری مشق:- جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد گلاس میں پانی لو اگر مرض سردی سے ہو تو بذریعہ تصور اس پانی میں سورج کو دیکھو اگر گرمی سے ہو تو چاند پر نظر جماؤ اس وقت عامل جس سیارے کا خیال کرے گا وہی نظر آئیگا نظر جمانے وقت، خواہش کرو کہ مریض کا مرض دور ہو جائے پھر وہ پانی مریض کو پلا دو۔ باقی حلوہ سے [illegible] مفصل علم [illegible] ہم سے منگوائیں۔

دُنیا کی چند مہان شکتیوں کی جنم کنڈلیاں

شری گنیش جی — شری رام چندر جی — شری کرشن جی

شری ہنومان جی — گورو نانک دیو جی — مہاتما بدھ

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم — مہاتما یسوع مسیح — لنکاپتی راون

مہاتما گاندھی — لوکمانیہ تلک — پنڈت مدن موہن مالویہ

پنڈت جواہر لال نہرو — ڈاکٹر راجندر پرشاد — نیتاجی سبھاش چندر بوس

شیام پرشاد مکرجی — لال بہادر شاستری — ولبھ بھائی پٹیل

جب ہماری گھڑیاں ۱۲ بجاتی ہیں

نام ملک	نام شہر	وقت	نام ملک	نام شہر	وقت
برطانیہ	لندن	صبح ۶ - ۳۰	پاکستان	کراچی	دوپہر ۱۱ - ۳۰
تھائی لینڈ	بنکاک	رات ۹ - ۳۰	روس	ماسکو	صبح ۹ - ۳۰
سعودی عرب	مکۃ المکرمہ	صبح ۹ - ۳۰	چین	پیکنگ	دوپہر ۲ - ۳۰
ملیشیا	کوالالمپور	" ۲ - -	عراق	بغداد	صبح ۹ - ۳۰
فرانس	پیرس	" ۷ - ۳۰	امریکہ	نیو یارک	دوپہر ۲ - ۳۰
کینیا	نیروبی	" ۱۰ بجے	جاپان	ٹوکیو	" ۲ - ۳۰
ایران	طہران	" ۱۰ "	پوربی جرمنی	برلن	صبح ۷ - ۳۰
افغانستان	کابل	" ۱۱ "	مصر	قاہرہ	" ۸ - ۳۰
ہنگری	بڈاپوسٹ	" ۷ - ۳۰	سوئٹزرلینڈ	جنیوا	" ۷ - ۳۰
برما	رنگون	دوپہر ۱ بجے	کینیڈا	کینیڈا	رات ۱۱ - ۳۰
سنگاپور	سنگاپور	" ۱ "	چلی	[illegible]	صبح ۷ - ۳۰

قسمت یعنی تقدیر کے پوشیدہ حالات جاننے کا آئینہ

جب آپ کسی قسم کا پرشن یعنی سوالات کے متعلق حالات معلوم کرنا ہوں کہ فلاں کام سرانجام ہوگا یا نہیں تو آپ پرشن کو نقشہ سوالات میں دیکھیں۔ پھر ایشور کا نام لیکر سوال کے نیچے لکھے ہندسوں میں کسی ایک پر انگلی رکھیں اُس ہندسہ کا جواب نقشہ جوابات میں دیکھ لیں۔ فرض کرو کسی نے امتحان میں کامیابی کے متعلق پرشن کیا ہے تو نقشہ نمبر ۳ میں اُس نے ۹ پر انگلی رکھی ہے تو نقشہ ۳ جوابات ۹ کے سامنے لکھا ہوا ہے۔ کامیابی اچھی ہوگی۔ اسی طرح سے باقی سوالات کے متعلق بھی دیکھ لیا کریں۔ سوال دن میں ایک بار کرنا چاہیئے۔ بار بار کرنے پر پرشن کا پھل عموماً ٹھیک نہیں ملتا ہے۔

آج کا دن کیسا رہے گا (۱)				خواہش بر آئے گی یا نہیں (۲)				امتحان میں کامیاب ہوگا (۳)				میری عورت کیسی ہوگی (۴)				گمشدہ دولت ملے گی یا نہیں (۵)			
۱	۴	۷	۱۰	۲	۵	۸	۱۱	۳	۶	۹	۱۲	۵	۸	۱۱	۱۴	۶	۹	۱۲	۱۵
۲	۵	۸	۱۱	۳	۶	۹	۱۲	۴	۷	۱۰	۱۳	۶	۹	۱۲	۱۵	۷	۱۰	۱۳	۱۶
۳	۶	۹	۱۲	۴	۷	۱۰	۱۳	۵	۸	۱۱	۱۴	۷	۱۰	۱۳	۱۶	۸	۱۱	۱۴	۱۷

مقدمہ میں فتح ہوگی یا نہیں (۶)				ملازمت ملے گی یا نہیں (۷)				کاروبار اچھا چلے گا یا نہیں (۸)				میری آمدنی کسقدر ہوگی (۹)				زندگی میں آرام ملے گا یا نہیں (۱۰)			
۷	۱۰	۱۳	۱۶	۸	۱۱	۱۴	۱۷	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۱۰	۱۳	۱۶	۱۹	۱۱	۱۴	۱۷	۲۰
۸	۱۱	۱۴	۱۷	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۱۰	۱۳	۱۶	۱۹	۱۱	۱۴	۱۷	۲۰	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱
۹	۱۲	۱۵	۱۸	۱۰	۱۳	۱۶	۱۹	۱۱	۱۴	۱۷	۲۰	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۱۳	۱۶	۱۹	۲۲

تکلیف سے نجات ملے گی یا نہیں				میری شادی کب ہوگی (۱۲)				اولاد کب ہوگی (۱۳)				صحت ملے گی یا نہیں (۱۴)				تعلیم سے متعلق سوال (۱۵)			
۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۱۳	۱۶	۱۹	۲۲	۱۴	۱۷	۲۰	۲۳	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۱۶	۱۹	۲۲	۲۵
۱۳	۱۶	۱۹	۲۲	۱۴	۱۷	۲۰	۲۳	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۱۶	۱۹	۲۲	۲۵	۱۷	۲۰	۲۳	۲۶
۱۴	۱۷	۲۰	۲۳	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۱۶	۱۹	۲۲	۲۵	۱۷	۲۰	۲۳	۲۶	۱۸	۲۱	۲۴	۲۷

سفر سے متعلق سوال (۱۶)				لڑکی ہوگی یا لڑکا (۱۷)				خواب کی تعبیر کیسی رہے گی (۱۸)				چوری گئی چیز ملے گی یا نہیں (۱۹)				باہر گئے ہوئے کا سوال (۲۰)			
۱۷	۲۰	۲۳	۴	۱۹	۲۲	۱	۴	۲۰	۲۳	۲	۵	۲۱	۲۴	۳	۶	۲۳	۲	۵	۸
۱۸	۲۱	۲۴	۵	۲۰	۲۳	۲	۵	۲۱	۲۴	۳	۶	۲۲	۱	۴	۷	۲۴	۳	۶	۹
۱۹	۲۲	۳	۶	۲۱	۲۴	۳	۶	۲۲	۱	۴	۷	۲۳	۲	۵	۸	۱	۴	۷	۱۰

سوالات اور اُن کے جوابات

۱

۱۔ دن اچھا گذرے گا
۲۔ پریشانی اور تکلیف رہے گی۔
۳۔ آج کا دن اچھا گذرے گا۔
۴۔ نہایت اچھا گذرے گا۔
۵۔ شادمانی رہے گی۔
۶۔ خراب گذرے گا۔
۷۔ اچھا گذرے گا۔
۸۔ خراب گذرے گا۔
۹۔ پریشانی اور غم رہے گی۔
۱۰۔ بہت ہی برا گذرے گا۔
۱۱۔ بالکل خراب رہے گا۔
۱۲۔ درمیانہ گذرے گا۔

۲

۲۔ مُراد بر آئے گی۔
۳۔ کام انجام نہیں ہوگا۔
۴۔ خواہش پوری نہیں ہوگی۔
۵۔ اُمید چھوڑ دو۔
۶۔ مُراد پوری نہیں ہوگی۔
۷۔ ضرور ہوگی۔
۸۔ مُراد پوری نہیں ہوگی۔
۹۔ کام دیر سے ہوگا۔
۱۰۔ اُمید بر آئے گی۔
۱۱۔ کسی حد تک حاصل ہوگی۔
۱۲۔ خواہش پوری ہوگی۔
۱۳۔ کوشش سے کامیابی ہوگی۔

۳

۳۔ پاس ہو جاؤ گے
۴۔ پاس ہو جاؤ گے
۵۔ پاس ہونے کی اُمید کم ہے
۶۔ پاس ہونا مشکل ہے
۷۔ پاس ہو جاؤ گے
۸۔ پاس ہونا مشکل ہے
۹۔ کامیابی اچھی ہوگی
۱۰۔ فیل ہو جاؤ گے
۱۱۔ پاس ہو جاؤ گے
۱۲۔ پاس ہونے کی اُمید کم ہے
۱۳۔ پاس ہونے کا شک ہے
۱۴۔ پاس نہیں ہوگے

۴

۵۔ خوش شکل فرمانبردار ہوگی
۶۔ پتی برتا ہوگی
۷۔ شکل و صورت معمولی ہوگی
۸۔ سیاہ رنگت والی ہوگی
۹۔ شائستہ، دانی اور خوبصورت
۱۰۔ نیک بخت ہوگی
۱۱۔ نیک روح ہوگی
۱۲۔ سانولی صورت ہوگی
۱۳۔ خوبصورت شکل ہوگی
۱۴۔ کوئی خاص صفت نہیں ہوگی
۱۵۔ جھگڑالو طبیعت ہوگی
۱۶۔ بدصورت مگر عادت اچھی

۵

۶۔ روپیہ نہیں ملے گا
۷۔ دیر سے ملے گا
۸۔ ملنا مشکل نہیں
۹۔ مل جائیگا
۱۰۔ اُمید نہیں ہے
۱۱۔ ضرور ملے گا
۱۲۔ کبھی نہیں ملے گا
۱۳۔ ملنے کی اُمید نہیں ہے
۱۴۔ ملنے کی اُمید نہیں ہے
۱۵۔ ملنے کی اُمید ہے
۱۶۔ مل جائے گا
۱۷۔ مشکل ملے گی

۶

۷۔ قطعاً مشکل ہے
۸۔ کوشش کرو اُمید ہے
۹۔ ضرور کوئی اچھی خبر ملے

۷

۸۔ ملازمت ضرور ملے گی
۹۔ دیر سے ملے گی
۱۰۔ خوشامد کرنے سے ملے گی

۸

۹۔ کاروبار اچھا چلے گا
۱۰۔ شروع پر ہلکا بعد میں اچھا
۱۱۔ اس کام میں نقصان زیادہ رہے

۹

۱۱۔ آرام ملے گا
۱۲۔ آرام ملے گو
۱۳۔ آرام دیر سے ملے گا

۱۰

۱۲۔ تکلیف سے نجات حاصل ہوگی
۱۳۔ ابھی کچھ دن تکلیف رہے گی
۱۴۔ اچھے دن آنے والے ہیں

٦	٧	٨	٩	١٠
۱۰۔ ہار جائیں گے۔ ۱۱۔ کامیاب ہوں گے۔ ۱۲۔ کامیابی نہیں ملے گی۔ ۱۳۔ ڈگری ہوگی۔ ۱۴۔ خارج ہو جائے گی۔ ۱۵۔ تمہاری فتح ہوگی ۱۶۔ کامیابی نہ ہوگی ۱۷۔ صلح ہوگی ۱۸۔ کچھ کامیابی ملے گی	۱۱۔ کسی کی مدد سے ملے گی۔ ۱۲۔ نہیں ملے گی۔ ۱۳۔ ملنے کی اُمید نہیں ہے۔ ۱۴۔ مشکل سے ملے گی۔ ۱۵۔ کسی کے ذریعہ سے حاصل ہوگی ۱۶۔ دیر سے ملے گی۔ ۱۷۔ ملنے کی اُمید بہت کم ہے۔ ۱۸۔ ضرور ملے گی۔ ۱۹۔ کچھ دیر سے ملے گی۔	۱۲۔ کسی کے ساتھ ملکر کریں۔ ۱۳۔ اکیلے کام کرنے میں فائدہ ۱۴۔ جو کام پہلے ہے اس میں فائدہ ۱۵۔ دوسرے کام کرنے میں فائدہ ۱۶۔ شراکت میں فائدہ ۱۷۔ نقل وطن کرکے فائدہ ۱۸۔ فائدہ دیر سے ۱۹۔ اس کام میں فائدہ نہیں ۲۰۔ کام بہت اچھا چلے گا	۱۳۔ اُمید سے زیادہ فائدہ حاصل ہوگا ۱۴۔ تھوڑی تعداد میں ۱۵۔ اُمید سے زیادہ فائدہ ۱۶۔ اُمید سے زیادہ فائدہ ۱۷۔ مساوی فائدہ رہے گا ۱۸۔ پریشانی زیادہ ۱۹۔ نقصان ہوگا ۲۰۔ آرام زیادہ ملے گا ۲۱۔ آرام بھی ملے گا	۱۴۔ بڑھاپے میں آرام ملے گا۔ ۱۵۔ زندگی میں آرام ملے گا۔ ۱۶۔ اوّل آرام بعد میں تکلیف ۱۷۔ شروع میں آرام بعد میں تکلیف ۱۸۔ ہمیشہ لطف رہے گی۔ ۱۹۔ آرام بہت ہوگی ۲۰۔ تھوڑا آرام ملے گا ۲۱۔ تکلیف زیادہ رہے گی ۲۲۔ آرام ملے گا

١١	١٢	١٣	١٤	١٥
۱۲۔ تکلیف سے نجات حاصل ہوگی ۱۳۔ ابھی کچھ دن تکلیف رہے گی ۱۴۔ اچھے دن آنے والے ہیں ۱۵۔ ایک سال بعد دن اچھے ہونگے ۱۶۔ مصیبت کے دن ختم ہیں ۱۷۔ خوشی کے دن آنے والے ہیں ۱۸۔ دن اچھے آنے میں دیر نہیں ۱۹۔ زندگی مصیبت میں رہے ۲۰۔ پچھلی حالت بہتر ۲۱۔ باقی زندگی اچھی ۲۲۔ اچھے دن شروع ہیں ۲۳۔ درمیان میں اچھے دن ہیں	۱۳۔ شادی ہوگی ۱۴۔ شادی دیر سے ہوگی ۱۵۔ شادی نہیں ہوگی ۱۶۔ کسی کے ذریعہ ہوگی ۱۷۔ دیر سے ہوگی ۱۸۔ جلد ہونے والی ہے ۱۹۔ شادی کی اُمید رکھو ۲۰۔ شادی دیر سے ہوگی ۲۱۔ شادی کی اُمید کم ہے ۲۲۔ رشتہ دار کی اُمید ہے ۲۳۔ دیر سے ہوگی ۲۴۔ جلد ہوگی	۱۴۔ دعا سے ہوگی ۱۵۔ بزرگوں کی خدمت سے ۱۶۔ عرصہ بعد ہوگی ۱۷۔ اولاد ہونے کی اُمید نہیں ۱۸۔ عرصہ کے بعد ہوگی ۱۹۔ اولاد کی اُمید کم ہے ۲۰۔ دوائی سے ہوگی ۲۱۔ اولاد جلد ہوگی ۲۲۔ دوسری شادی سے ہوگی ۲۳۔ علاج کرنے سے ہوگی ۲۴۔ اولاد ہونے میں دیر ہے ۱۔ اولاد دیر سے ہوگی۔	۱۵۔ جلد شفا پائے گا ۱۶۔ ابھی وقت لگے گا ۱۷۔ علاج تبدیل کرنے سے ۱۸۔ صحت ہوگی ۱۹۔ بیماری خطرناک ہے ۲۰۔ صحت ہوگی ۲۱۔ دیر بعد صحت ہوگی ۲۲۔ دیوتا پوجن سے صحت ہوگی ۲۳۔ صحت مشکل ہے ۲۴۔ شفا نہیں ہے ۱۔ دیر سے صحت ہوگی ۲۔ صحت ہونے میں شک ہے	۱۶۔ محنت سے حاصل ہوگی ۱۷۔ قسمت میں تعلیم ہے ۱۸۔ تعلیم جلد آجائے گی ۱۹۔ تعلیم محنت سے ہوگی ۲۰۔ تعلیم قسمت میں نہیں ہے۔ ۲۱۔ انگریزی جلد سیکھ جاؤگے ۲۲۔ تعلیم حاصل ہوگی ۲۳۔ ہندی پڑھنا اچھا ہے۔ ۲۴۔ فارسی جلد سیکھو گے۔ ۱۔ بڑی مشکل سے پڑھو گے۔ ۲۔ ودّیا میں فائدہ نہیں ہے۔ ۳۔ ودّیا درمیانہ ہوگی

١٦	١٧	١٨	١٩	٢٠
۱۷۔ دکن کا سفر مفید ہے ۱۸۔ جلد سفر ہوگا ۱۹۔ پچھم کا سفر مفید ہے ۲۰۔ سفر فائدہ مند نہیں ہے ۲۱۔ اُتر دشا کا سفر مفید ہے ۲۲۔ سفر لمبا پڑے گا ۲۳۔ پورب کا سفر مفید ہے ۲۴۔ سفر غیر مفید رہے گا ۱۔ سفر میں نقصان کا اندیشہ ہے ۲۔ جاتے وقت رکاوٹ ہے ۳۔ سفر لمبا پڑے گا ۴۔ سفر اچھا ہے۔	۱۹۔ لڑکی ہوگی ۲۰۔ لڑکا ہوگا ۲۱۔ حمل گر جائے گا ۲۲۔ لڑکی ہوگی ۲۳۔ فرزند ہوگی ۲۴۔ لڑکا ہوگا ۱۔ کنیا ہوگی ۲۔ فرزند ہوگا ۳۔ لڑکا ہوگا ۴۔ حمل گر جائے گا ۵۔ لڑکی ہوگی ۶۔ لڑکا ہوگا	۲۰۔ نتیجہ اچھا رہے گا ۲۱۔ خراب رہے گا ۲۲۔ اچھا رہے گا ۲۳۔ دولت ملے گی ۲۴۔ کسی عزیز سے ملاقات ۱۔ دھن سے لابھ ہوگا ۲۔ صحت میں خلل رہے گا ۳۔ پریشانی ہوگی ۴۔ دھن کا نقصان ۵۔ خوشی حاصل ہوگی ۶۔ لڑائی جھگڑا ہوگا ۷۔ سفر کی علامت ہے	۲۱۔ مل جائے گی ۲۲۔ ملنے کی اُمید نہیں ۲۳۔ چیز گھر میں ہے ۲۴۔ بڑی کوشش سے ملے گی ۱۔ چیز گھر سے باہر ہے ۲۔ ہمت کرو مل جائے گی ۳۔ کسی بھیدی کی وجہ سے گئی۔ ۴۔ چوری عورت نے کی ہے۔ ۵۔ عورت اور مرد نے ملکر کی ہے ۶۔ مل جائے گی ۷۔ نہیں ملے گی ۸۔ دیر بعد ملے گی۔	۲۳۔ جلد واپس آئے گا ۲۴۔ ابھی واپس آنے کا ارادہ نہیں ۱۔ دیر بعد آئے گا ۲۔ واپس نہیں آئے گا ۳۔ واپس آنے والا ہے ۴۔ واپس آرہا ہے ۵۔ واپس نہیں آئے گا ۶۔ مصیبت میں گرفتار ہے۔ ۷۔ بیماری کی وجہ سے رک گیا ہے۔ ۸۔ جلد آنے والا ہے۔ ۹۔ دیر بعد آئے گا ۱۰۔ واپس آرہا ہے۔

غذائیں جو ایک ساتھ نہیں کھانی چاہئیں

(۱) دہی کو گرم روٹی یا کسی بھی گرم چیز کے ساتھ (۲) پانی ملا دودھ یا گھی (۳) کھیر اور کھچڑی (۴) چھاچھ دہی۔ ککڑی میں سے کسی کے ساتھ کیلا (۵) گھی اور شہد ہموزن (۶) پانی اور شہد ہموزن (۷) کانسہ اتا جستہ یا پیتل کے برتن میں کئی دن کا رکھا ہوا گھی۔ (۸) تیل یا کچھ وقت کا رکھا ہوا دہی، کھٹائی، چھاچھ یا مکھن (۹) دودھ کے ساتھ کانجی۔ سرکہ۔ امرود، گوشت۔ مچھلی۔ املی۔ شراب۔ ککڑی۔ تربوز۔ نیبو۔ اور جامن (۱۰) شربت یا ٹھنڈے پانی کے بعد چائے کے بعد شربت ٹھنڈا پانی۔ ککڑی۔ تربوز۔ کھیرا (۱۱) کانجی سرکہ کے ساتھ تل (۱۲) تیل اور بیسن یعنی تیل کے پکوڑے منع ہیں۔ بھوک کو بند کرتے ہیں۔ معدے کو خراب کرتے ہیں (۱۳) مولی یا خربوزے کے ساتھ شہید (۱۴) دودھ اور گڑ

علم پرشن کے ذریعہ جواب حاصل کرنا

بھارت جیوتش میں یہ چار اہم چیزیں ہوتی ہیں۔

جنم کنڈلی۔ وچار ورش پھل۔ پرشن پھل اور چر پھل

جنم کنڈلی کے بعد پرشن پھل وچار کو اہم مقام حاصل ہے کیونکہ اس میں ورتمان کال کے گوچر گرہوں کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے۔ جنم کنڈلی کی طرح پرشن کنڈلی کا لگن معلوم کرنے کیلئے بھی پرشن کرنے والے کی طرف سے سوال پوچھنے کے وقت کو اس جنتری کے آخر میں دی گئی ماہوار روزانہ لگن سارنی سے لگن دیکھ لیں اور پھر اس تاریخ کے گرہ سپشٹوں میں دیئے گئے گرہوں کو لگالیں۔ پرشن کرنے والے کے سوال کا پتہ کرنے اور اس کے سوال کا جواب معلوم کرنے سے پیشتر کچھ اہم باتوں کو دھیان میں رکھنا لازمی ہے جیساکہ۔

۱۔ اگر کوئی آدمی شرارت یا غرور کے لہجہ میں سوال کا جواب لینا چاہے تو جیوتشی کو اس کے پرشن کا سوال ہرگز نہیں دینا چاہئے۔ شدھ وچار اور شدھ ہردے سے کئے گئے سوال کا ہی وچار کرنا چاہئے۔ اگر لگن میں چندرماں کیندر (۱۰۔ ۷۔ ۴۔ ۱) میں سنیچر بدھ است ہو یا چندرماں کو منگل بدھ پورن درشٹی سے دیکھ رہے ہوں تو سوال کرنے والا دُشٹ سبھاؤ اور دُشٹ ہردے والا ہوگا۔ اس کے برعکس اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں یا شبھ گرہ لگن کو دیکھ رہے ہوں یا ساتویں خانہ میں شبھ گرہ ہوں یا وہ شبھ گرہوں کو دیکھ رہا ہو تو سوال کرنے والا شدھ سبھاؤ (صاف دل) سے سوال پوچھنے آیا ہے۔

۲۔ جیوتشی جی کو خود دُور اندیش 'سرسوتی دیوی یا اپنے شٹ دیو کا اُپاسک نیتی مند اور تندرست ہونا چاہئے۔

۳۔ ایک سے زائد سوالات کا جواب نہیں دینا چاہئے۔ اگر ضروری ہو تو لگن سے پہلا سوال، چندرماں سے دوسرا، سورج سے تیسرا، برہسپت سے اور چوتھے سوال کا وچار کریں۔

بھاؤ سمبندھی وچار جنم لگن کی طرح ہی ہوتے ہیں جو فرق ہوگا پتہ لگتا جائے گا

۴۔ جیوتشی جی کو گرہوں کے سوروپ اور ان کے لکشن (آثار) گرہوں کی دشا اور طاقت کے بارے صحیح پتہ لگانے کا گیان ہونا چاہئے۔ اس کے علاوہ جیوتشی کا جیوتش کے متعلق اپنا تجربہ بھی اس کیلئے مددگار ثابت ہوتا ہے۔

۵۔ پرشن لگن یا جنم لگن دونوں کے بارے میں ودوانوں نے ایک دوسرا اہم اصول قائم کیا ہے کہ جس کا مطلب ہے کہ جو بھاؤ اپنے مالک سے یحت یا درشٹ (نظر) ہو یا شبھ گرہ اس میں بیٹھے ہوں یا اس کو دیکھتے ہوں تو اس بھاؤ کی ترقی ہوگی۔ پاپ گرہوں سے دکھائی دے یا یحت ہو تو اس بھاؤ کا نقصان ہوگا۔

۶۔ پرشن کنڈلی میں لگن لگنیش اور چندرماں وغیرہ کی خاص اہمیت ہے۔ سوال کا جواب دینے سے پیشتر ان کی طاقت کا جائزہ لینا از حد ضروری ہے۔

(۱) چوری ہوئی چیز ملے گی یا نہیں ؟

(ا) اگر پرشن لگنیں پورن چندرماں ہو تو اس کو گورو یا شکر وغیرہ شبھ گرہ دیکھتے ہوں تو گمشدہ چیز لدمل جائے گی۔ (ب) یا بہت طاقتور شبھ گرہ گیارہوں خانہ میں ہوں تو بھی گمشدہ چیز جلد مل سکے گی۔ چندرماں شکل پکش کی رشی اور کرشن پکش کی پنچمی تک پورن کہلاتا ہے۔ (ھ) اگر سوال کرتے وقت لگنیش ساتویں خانہ میں اور دھیش لگن میں ہو یا چندرماں دونوں است ہوں تو چور مال سمیت پکڑا جاتا ہے۔ (د) اگر ستھر راشی کا لگن ہو یا کسی بھی لگن میں ستھر نوانش ہو یا لگن میں اور گوتم نوانش ہو تو گمشدہ چیز اسی جگہ پر اور گھر کے آدمی (لاکر وغیرہ) نے لی ہے۔ (س) اگر میکھ۔ کنبھ۔ لگن یا دھن لگن ہو یا کیندر میں سورج ہو تو گمشدہ چیز مشرق کی طرف ہے۔ اگر برکھ کنیا مکر پرشن لگن ہو یا منگل کیندر میں ہو تو وہ چیز جنوب کی طرف ہوگی۔ اگر کرک برسچک، مین یا بدھ کے کیندر میں ہو تو شمال کی طرف اور متھن تلا کمبھ لگن ہو یا شنی طاقتور ہو یا کیندر گت ہو تو وہ چیز مغرب کی سمت ہوگی اگر ایک سے زائد گرہ ہوں تو ان میں جو طاقتور ہوگا وہ چیز اسی سمت ہوگی (د) پرشن لگن میں چار راشیاں میکھ، کرک، تلا مکر ہوں تو گمشدہ چیز کہیں دور چلی گئی سمجھیں اگر ستھر راشی میں ہو تو پھر اس چیز کو اسی گاؤں یا مکان وغیرہ میں ہی پڑی سمجھیں۔ اگر سپتمیش وکری ہونے پر یا آٹھویں گھر میں سورج منگل ہونے پر بھی جلد چوری شدہ چیز نہیں ملتی۔ اس کے علاوہ روہنی پوروا اترا کھاڑہ، وشاکھا، پوروبا کھاڑہ، ریوتی، اشونی ان نکھتروں میں گمشدہ چیز جلد ملتی ہے۔ اشلیکھا، مرگشر، ہست، انورادھا، اترا کھاڑا، ریوتی، بھادوں نکھتروں میں کھوئی ہوئی چیز مشکل سے ملتی ہے۔ آردرا، جیشٹھا وغیرہ مدھیہ پوجن اور سلوجن نکھتروں میں کھوئی ہوئی چیز کبھی نہیں ملتی۔

(۲) گمشدہ مویشیوں کے بارے میں

جب کوئی آدمی یہ سوال کرے کہ اس کا گمشدہ مویشی ملے گا یا نہیں تو جنتری میں لکھیں کہ گم ہوئے دن سورج نکشتر پر تھا سورج نکشتر سے ۹ ویں نکشتر تک گمشدہ مویشی جنگل میں ہوتا ہے دس سے پندرہ تک گمشدہ مویشی راستہ میں ہی آرہا ہے۔ ۱۶ سے ۲۲ تک گمشدہ پشو جلد ہی گھر پر پہنچنا چاہتا ہے۔ ۲۲ سے ۲۷ نکشتر تک گمشدہ مویشی کبھی واپس نہیں ملیگا ایسا ہی کہنا چاہئے۔

(۳) شادی بیاہ کے متعلق پرشن

(ا) اگر پرشن کنڈلی میں بھاگیش ساتویں گھر میں اور سپتمیش بھاگیہ ستھان میں ہو یا سپتمیش شکر بھاگیہ ستھان میں ہو یا بھاگیش شکر ساتویں دوسرے چوتھے یا لگن میں نردوش ہو کر بیٹھا ہو تو دواہ لازمی ہے۔ (ب) پرشن لگن سے (۱۲۔ ۱۰۔ ۸۔ ۶۔ ۴۔ ۲) ستھان میں سنیچر ہو تو ور کو عورت کا لابھ ہوگا اگر سوال کرنیوالی استری ہو تو اسے ور کا لابھ نہیں ہوگا۔ اسکے برعکس وشم ستھان میں سنیچر ہو تو ور کو عورت کا لابھ ہوگا۔ (ج) اگر پرشن لگنے سے تیسرے، پانچویں، چھٹے ساتویں یا گیارہویں خانہ میں چندرماں ہو تو اس کے اوپر گورو سورج یا بدھ کی نظر ہو تو دواہ لازمی ہوگا۔ (د) پانچویں ۹ ویں کیندر ستھان میں شبھ گرہ ہوں تو بھی دواہ ضرور ہوگا۔ ایسا ہی کہنا چاہئے۔ (ص) اگر پرشن کنڈلی میں شکر، چندرماں پاپی گرہوں سے کمت ہو کر ساتویں خانہ میں سنیچر کو دکھائی دیتے ہوں۔ سپتمیش نیچ بیٹھا ہو یا چندرماں، پاپ کمت (۱۲۔ ۹۔ ۸۔ ۵۔ ۴۔ ۱) گھر میں بیٹھا ہو تو دواہ نہیں ہوتا یا کئی طرح کی رکاوٹوں کے بعد ہی ہوسکتا ہے۔

(۴) گربھ سے لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی :۔

(ا) پرشن کرتے وقت اگر شنی لگن کو چھوڑ کر دشم ستھان (۱۱۔ ۹۔ ۷۔ ۵۔ ۳) میں ہو کر بیٹھا ہو تو حاملہ عورت کے بطن سے لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر (۱۰۔ ۸۔ ۶۔ ۴۔ ۲) گھر میں ہو تو لڑکی پیدا ہوگی۔ (ب) اگر پرشن کنڈلی میں (۹۔ ۷۔ ۵۔ ۳۔ ۱) کے ستھانوں پر سنیچر کا ہونا بیٹے کی پیدائش والا ہوتا ہے۔ (ج) لگنیش اور پنچمیش پرش راشیوں پر پتر دینے والے اور عورت کی راشیوں پر لڑکی دینے والے ہوتے ہیں اگر لگنیش پرش گرہ آدمی کی راشی میں بیٹھ کر پانچویں گھر کو دیکھتا ہو یا پانچویں گھر میں بیٹھے راہو کو منگل پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو لڑکا ہی ہوتا ہے۔

(۵) ملازمت کے بارے میں سوال :۔

اگر بھاگیش دسویں خانہ اور دشمیش دسویں ستھان میں ہو یا ایک دوسرے کو دوستانہ نظروں سے دیکھتے ہوں تو پھر بہت اچھی ملازمت ملتی ہے۔

ہندوستان کے مشہور مقدس مقامات

ہری دوار :۔ اتر پردیش میں گنگا ندی کے کنارے آباد ہے یہاں ہر کی پوری پر اشنان کا بڑا مہاتم ہے اس گھاٹ پر بر ہما جی نے یگیہ کیا تھا۔ مرتک شریروں کے پھول (راکھ) یہاں بہائے جاتے ہیں چنڈی دیوی، یوگ مایا چوبیس اوتار کے منادر، کنکھل، بھیم گوڈا، شپت دھارا، گورد کل اور رشی کل دیکھنے یوگیہ ستھان ہر دوار سے ١٦ میل دور رشی کیش کے مقام پر بھرت مندر اور بابا کالی کملی والے کا آشرم قابل دید جگہ یہیں سے بدری ناتھ کو چڑھائی شروع ہوتی ہے ہر دوار سے دو میل نیچے کنکھل کا مقام ہے جبکہ وقت دکش پر جاپتی کی راجدھانی تھا۔

بدری ناتھ :۔ یہ ضلع گڑھوال میں سطح سمندر سے ١٠٢٣١٠ فٹ کی بلندی پر ہے رشی کیش سٹیشن سے ١٧٢ میل دور ہے یہاں صرف مئی جون جولائی میں یاترا کی جاتی ہے۔ ہر دوار سے بدری ناتھ جانے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز بھی راستہ ہے یہاں پر وشنو بھگوان کا مندر ہے اور تپت کنڈ قابل دید ہے۔

دیوبند، شاہ لائت :۔ سہارنپور سے دہلی کے راستہ پر سہارنپور اور مظفر نگر کے درمیان میں دیوبند قصبہ میں یہ عظیم درگاہ واقع ہے یہاں پر عرس ہر سال بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے اس درگاہ کے نام پر اس محلہ کا نام ہی شاہ ولایت پڑ گیا ہے۔ اس ولی کامل کی بہت سی کرامات مشہور ہیں۔ دور دور سے لوگ اس متبرک درگاہ کی زیارت کرنے کے لئے آتے ہیں اور اپنا دامن مرادوں سے بھر کرلے جاتے ہیں۔ یہاں دار العلوم یونیورسٹی دنیا میں دوسری بڑی یونیورسٹی ہے۔

جگن ناتھ پوری :۔ یہ تیرتھ اُڑیسہ پرانت میں سمندر کے کنارے پر واقع ہے ١٢٢ فٹ اونچا شری جگن ناتھ جی کا مندر بارہویں صدی میں تعمیر ہوا تھا۔ یہاں پر چھوت چھات نہیں ہے۔ یہاں مارکنڈے وٹے کرشن، اندر ڈیوبن، لوک ناتھ مہادیو اور ساگر کا سورگ دوار پانچ تیرتھ ہیں۔ یہاں کارتھ یاترا کا میلہ مشہور ہے۔

بنارس :۔ گنگا ندی کے کنارے آباد ہے یہاں کے گھاٹ قابل دید ہیں۔ کاشی بھی اسے ہی کہتے ہیں۔ یہاں پر وشوناتھ کا مندر، ہندو یونیورسٹی اور سجابابا کی سادھی قابل دید ہیں۔ سنسکرت تعلیم اور ناگری پرچارنی سبھا کا مرکز ہے رام نگر کی رام لیلا بہت مشہور ہے۔

ایودھیا :۔ شری رام چندر جی مہاراج کی جنم بھومی ہے رام نومی پر زبردست میلہ لگتا ہے یہاں پر ہنومان گڑھی، کنک بھون اور راجہ صاحب کا محل قابل دید ہیں۔

جوالا مکھی کانگڑہ :۔ جوالا مکھی روڈ سٹیشن سے ١٣ میل کے فاصلہ پر جوالا مکھی کا مشہور مندر ہے یہاں زمین کے اندر سے نکلتی ہوئی آگ جوالا (جیوتی) کا درشن ہوتا ہے۔ نوراتروں میں بھاری میلہ لگتا ہے روایت ہے کہ یہاں ستی کی زبان گری تھی جوالا مکھی سے ٢٣ میل کے فاصلہ پر کانگڑہ کا قدیم مشہور قصبہ ہے۔ یہاں پر دیوی کا مندر مہابھارت کے وقت کا قلعہ اور شوجی کا مندر قابل دید ہے۔

ویشنو دیوی :۔ جموں سے تقریباً ٤٠ میل دُور ترکٹا پہاڑ میں گپھا کے اندر داخل ہو کر ویشنو دیوی کے درشن ہوتے ہیں ہر سال آدمی اسوج کے نوارتروں سے اس کی یاترا شروع کرتے ہیں جو اب تقریباً سارا سال جاری رہتی ہے۔

امرناتھ :۔ کشمیر میں سرینگر سے ٨٥ میل دُور ہے شرلون کی پورنماشی کو ہزاروں کی تعداد میں یاتری اور سادھو چھڑی کے ساتھ روانہ ہو کر امرناتھ جی کے درشن کرتے ہیں یہیں پر امر کبوتروں کا جوڑا سب کی توجہ کا مرکز ہے۔

متھرا :۔ اتر پردیش میں بھگوان شری کرشن کا جنم ستھان ہے جمنا جی کے وشرام گھاٹ پر اشنان کرنیکا بڑا مہاتم ہے شری ناتج جی، کشوری رمن، گوپی ناتھ اور دوارکادھیش کے مندر دیکھنے لائق ہیں۔ پاس ہی برندابن ہے گوکل مہابن دئو بج گوردھن، نندگام۔ برسانہ وغیرہ وغیرہ تیرتھ دیپ پر ہیں ساون میں جھولے کا میلہ لگتا ہے۔ برج کی ہولی بھارت میں مشہور ہے۔ جنم اشٹمی پر بڑا میلہ ہوتا ہے۔

مانسرودر :۔ یہاں جانے کے لئے بریلی سٹیشن سے راستہ جاتا ہے راستہ میں نکلاکومنڈی کے ایک میل اوپر ماماؤں کا ایک بہت بڑا مٹھ ہے جسے گپھا کہتے ہیں۔ یہاں بھگوان بدھ کی بہت بڑی سونے کی مورتی ہے۔ ١٩ ہزار فٹ کی بلندی پر لوگ کیلاش پربت کا پوجن، اور ٣٢ میل کی پرکرماں کرتے ہیں نیچے گوری کنڈ کا تالاب ٦ ہزار مربع فٹ کے قریب برف سے ڈھکا ہوا ہے۔ کیلاش پربت کی بلندی ٢٤ ہزار فٹ ہے کیلاش پربت سے دس میل آگے مانسرودر جھیل ہے اس کا محیط ٧٠ اور ٧٥ میل کے درمیان ہے۔ کئی لوگ سرودر کی پرکرماں بھی کرتے ہیں۔ مانسرودر سے ستلج، برہم پتر، گنگا، سندھ، چھو گنگا چاروں طرف ندیاں نکلتی ہیں۔ جھیل کے اندر ہزاروں کی تعداد میں ہنس اور بڑے بڑے پانی کے جانور تیرتے رہتے ہیں۔ یہاں سے دو میل دور راکس تل ہے اس تالاب میں گھڑیلے اور خوفناک جانور رہتے ہیں۔

پشکر :۔ اجمیر سٹیشن سے سات میل دور ہے یہاں سرودر میں اشنان ہوتا ہے برہی گائتری، ساوتری اور براہ بھگوان کے مندر قابل دید ہیں کارتک کی پورنماشی کے روز یہاں میلہ لگتا ہے۔ یہ بڑا تیرتھ ستھان ہے۔

گنگوتری :۔ ہمالیہ پربت میں ہے۔ کاٹھ گودام سے راستہ جاتا ہے یہاں پر گنگا جی کے سب سے پہلے درشن ہوتے ہیں۔

جمنوتری :۔ ہمالیہ پر واقع ہے یہاں سے جمنا جی نکلتی ہیں۔

کوروکشیتر :۔ یہاں پر کوروؤں اور پانڈوں کی لڑائی یعنی مہابھارت کا یدھ ہوا تھا۔ شری کرشن جی نے یہیں پر ارجن کو گیتا جی کا اُپدیش دیا تھا۔ سورج گرہن کے روز یہاں پر بڑا بھاری میلہ لگتا ہے۔ یوگ اس جگہ پورتر تالابوں میں اشنان دان کرتے ہیں۔

کیدارناتھ :۔ رشی کیش سے بدری ناتھ کے راستے میں تیرتھ ہے سطح سمندر سے ٢٢٨٥٣ فٹ اُونچا ہے یہاں کا مندر دیکھنے لائق ہے۔

شکن وچار

کتے کا شگن :۔ جو کتا یاترا پر جانے والے کے پاؤں چاٹ لے یا کان پھڑ کاتا ہوا اوپر چڑھے تو یاترا میں دکھن ہوتا ہے گیلی ہڈی لیکر آئے تو شبھ ہوتا ہے جلتی ہوئی لکڑی یا سوکھی ہڈی لیکر آئے تو شبھ ہوتا ہے یاتری کی موت بھی ہو سکتی ہے۔ کپڑا منہ میں لے کر آئے تو مصیبت آتی ہے اگنی کون میں کھڑا ہو کر سورج کی طرف منہ کر کے روئے تو جلد ہی چوروں اور آگ سے خطرہ ہو دوپہر کے بعد سورج کی طرف منہ کر کے روئے تو خونریزی ہو۔ گھر کے دروازے کی چوکھٹ پر سر اور باہر سارا بدن رکھ کر روئے تو اس عورت کو روگ ہو جوتا اٹھا کر منہ اوپر کر کے پاس آئے تو شبھ ہوتا ہے جوتا سونگھے تو سفر ہو۔

گائے کا شگن :۔ گائے اداس ہو تو مالک کو اشبھ ہے پاؤں زمین پر مارے تو روگ ہو۔ آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں تو مالک کی موت ہو۔ ڈری ہوئی شبد کرے تو چور سے خطرہ ہو۔ رات کو گائے بولے تو ڈر ہوتا ہے۔ بیل رات کو بولے تو اچھا ہوتا ہے۔ گئوؤں کو بہت سی مکھیاں یا کتے گھیر لیں تو جلد ہی بارش ہوتی ہے ایسا گرنتھوں میں لکھا ہے۔

کوّے کا شگن :۔ بے سبب گاؤں میں اکٹھے ہو کر کوّے بولیں تو قحط کا ڈر ہو چکر باندھ کر بیٹھیں تو دشمن سے خطرہ ہو کئی جگہوں پر جھنڈوں میں بیٹھیں تو اپدور ہو۔ رات کو پھرنے لگیں تو آدمیوں کا ناش ہو۔ کوا چارپائی کے اوپر راکھ ہڈی بال یا پہا لاکر رکھے تو چارپائی کے مالک کی موت ہونے کا لکش کہا گیا ہے۔

سفر کے لئے شبھ نچھتر :۔ جانب مشرق کرتیکا، روہنی مرگشر، آردرا، پنربسو پچھ اشلیکھا شبھ ہیں۔ جانب مغرب اترادھا، جیشٹھا، مولا، پوربا کھاڑا، اترا کھاڑا، شردن جانب شمال دھنیشٹا، سبھا، اترابھادر پدا، ریوتی، اشونی، بھرنی، جانب جنوب ست بھاپوربا پھالگنی، ہست، چترا، سواتی، وشاکھا، نچھتر سفر کے لئے شبھ رہتے ہیں۔

جنم کنڈلی میں گرہوں کے یوگ

جنم کنڈلی میں بعض وقت دو تین اور چار گرہ ایک جگہ اکٹھے ہو جاتے ہیں جن کو یوگ کہا جاتا ہے۔ پراچین گرنتھوں سے دستیاب بعض لوگوں کے دو چار پھل یہاں درج کئے جا رہے ہیں۔ ان کا ثمرہ بیان کرتے وقت وہ جس راشی اور گھر میں گرہ پڑے ہوں۔ ان کا لحاظ رکھا جانا چاہئے۔
(پنالال جیوتشی)

۱۔ اجر (رجو) یوگ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب رہ چر راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص دیش پردیش میں گھومنے والا، سخت مزاج، قریبی اور بری چال و حکمت سے کام کرنے والا ہوتا ہے۔

۲۔ موسل یوگ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ استھر (غیر مستحکم) راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص بڑا پرتاپی شبھ آچار (اچھے چال چلن) والا بہادر اور ہر ایک کا غم خوار ہوتا ہے۔

۳۔ نل یوگ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ استھر، سبھاؤ راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص استری اور دھن دولت سے خوشحال اور فارغ البال ہوتا ہے۔

۴۔ سنیاس یوگ کیندر یا تکون میں چار یا چار سے زیادہ گرہ واقع ہوں تو سنیاس یوگ ہوتا ہے۔ وہ شخص سادھو یا فقیروں کے طریقہ میں زندگی بسر کرنے والا ہوتا ہے۔

۵۔ بجر یوگ جنم لگن اور ساتویں گھر میں اشبھ گرہ بلوان ہوں اور چوتھے دسویں گھر میں پاپی گرہ پڑے ہوں تو اس یوگ میں اس شخص کی زندگی پہلی اور پچھلی عمر میں خوشی اور فائدہ ملتا ہے۔ درمیانی زندگی جوانی کی حالت میں دکھ رنج اور تکلیفات کو بھوگتا ہے۔

۶۔ شنکھ یوگ چھٹے گھر کا سوامی اور پانچویں گھر کا سوامی اہم مرکز میں بیٹھے ہوں اور لگن کا سوامی بلوان ہو تو اس کا نام شنکھ یوگ ہوتا ہے۔ لگن اور دشم کا سوامی کیندر میں واقع ہوں اور نہم بھاؤ کا سوامی بھی ساتھ ہو تب بھی شنکھ یوگ ہوتا ہے۔ شنکھ یوگ میں جنم لینے والا شخص عیش و عشرت کا دلدادہ، تعلیمیافتہ، استری، پتر اور فارغ البال ہوتا ہے۔ ایسا شخص شاستر کے گیان اور وچار والا اور راشی برس تک عمر والا ہوتا ہے۔

۷۔ شکٹ یوگ لگن اور ساتویں گھر میں سپورن گرہ واقع ہوں تو شکٹ یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں جنم لینے والا روگی، کھوٹے مزاج والا، غریب، دوستوں اور رشتہ داروں سے محروم، کم عقل اور محنت و شفقت کر کے روزی کمانے والا ہوتا ہے۔

۸۔ اقبال یوگ چندرماہ سے ساتویں گھر میں شکر ہو تو وہ شخص مالدار ہو۔ برہسپت بدھ، شکر کیندر میں ہو تو بڑا خوش نصیب ہو، کیندر میں کوئی شبھ گرہ نہ ہو تو منحوس ظالم اور بد نصیب ہو، چاروں کیندروں میں کوئی گرہ نہ ہو تو ایسا شخص بد نصیب ہوتا ہے اور عموماً پریشان رہتا ہے۔

۹۔ کاہل یوگ جس شخص کے جنم لگن میں ساتویں اور تیسرے گھر کے مالک آپس میں مرکزی مقام پر واقع ہوں اور لگن کا مالک بلوان ہو تب کاہل یوگ ہوتا ہے اگر چوتھے گھر کا مالک اور دشیش (مالک خانہ دہم) ایک ساتھ ہوں اور چوتھے گھر کا مالک اپنی اوچ راشی یا شبھ گھر میں پڑا ہو تب بھی کاہل یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں جو شخص جنم لیتا ہے وہ بڑا شور بیر، بہادر، پراکرمی، ہٹ اور ضد پر قائم رہنے والا ہوتا ہے۔ تھوڑی بات پر اپنا ارادہ نہیں بدلتا۔ صاحب جائیداد اور خوشحال ہوتا ہے۔

۱۰۔ کورم یوگ جس کنڈلی کے پانچویں، چھٹے اور ساتویں گھر میں شبھ گرہ ہوں اور اپنے اوچ متر کے نواس و راشی میں پڑے ہوں، تیسرے و گیارھویں استھان میں پاپی گرہ پڑے ہوں اور وہ متر کے گرد اوچ راشی میں پڑے ہوں تو کورم یوگ ہوتا ہے۔ جو شخص کورم یوگ میں پیدا ہوتا ہے وہ ہر دلعزیز، شہرت یافتہ اور زمین پر حکومت کرنے والا (راج بھوگنے والا) ہوتا ہے ایسا شخص بڑے کرموں والا، پراکرم اور گنوں کے کارن پردھان، پنڈت اور سکھی ہوتا ہے وہ شخص اپنی بانی سے اپکار کرنے والا اور راجیہ سمان سکھ بھوگنے والا ہوتا ہے۔

۱۱۔ لکشمی یوگ اگر کسی شخص کی جنم کنڈلی میں 9 ویں گھر کا مالک کیندر چوتھے و ساتویں گھر میں یا اپنی مول تکون راشیوں کے علاوہ پرم اوچ میں پڑا ہو، لگن کا مالک بلوان ہو تب اس کا لکشمی یوگ ہوتا ہے۔ وہ شخص متعدد اوصاف کا مالک، کئی علاقوں کا سوامی، ودیا پراکرم، بڑے لیش والا اور کام دیو جیسا خوبصورت ہوتا ہے۔ ایسا شخص سمپورن راجوں کے باعث پنڈت اور بہت استری پرشوں کے باعث راجہ ہوتا ہے۔

۱۲۔ بدیش یاترا یوگ جب آٹھویں گھر میں اور اس کے سوامی گرہ پر پاپی گرہوں کا اثر زیادہ ہوتا ہے تو بدیش جانے کا یوگ بنتا ہے۔ علاوہ ازیں لگن کے سوامی سمیت، زیادہ گرہ اگر چر راشیوں میں تیسرے، 9 ویں، گیارہویں یا بارھویں گھر میں ہوں تو بدیش یاترا منافع بخش رہتی ہے۔ اس سلسلہ میں دشا، انتردشا اور گوچر گرہوں کا بھی وچار کر لینا چاہئے۔

۱۳۔ مالا یوگ اگر کنڈلی میں بدھ، برہسپت اور شکر چوتھے ساتویں اور دسویں گھر میں واقع ہوں اور باقی گرہ ان سے مختلف گھروں میں پڑے ہوں تو مالا یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ کے آنے سے وہ شخص مالدار ایک سے زیادہ عورتوں سے محبت کرنے والا اور اعلے افسر ہوتا ہے۔ چناؤ کمپی ٹیشن وغیرہ میں اکثر و بیشتر کامیاب ہوتا ہے۔

اہلِ اسلام کے مشہور تہواروں اور مہینوں کے مختصر حالات

ماہ مُحرم الحرام یہ مہینہ اسلامی سال کی ابتدا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو آخر دن ذی الحجہ (اسلامی سال کا آخری مہینہ) اور اوّل دن محرم الحرام کا روزہ رکھے وہ پورے سال کے روزہ رکھنے والوں کے برابر ثواب پائے۔ چاہیئے کہ ذی الحجہ کی ۲۹ تاریخ کو روزہ رکھے، اگر ۲۹ کا چاند نہ ہو تو ۳۰ کو بھی روزہ رکھے پھر پہلی محرم الحرام کو روزہ رکھا یہ مہینہ اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے مہینوں میں نیکی کا ثواب عظیم ہے مگر گناہ کا عذاب بھی اسی قدر ہے۔ اس ماہ میں خوب ایصال و ثواب کرنا چاہیئے اپنے گھر کے مرحومین اور خصوصاً شہیدانِ کربلا و دیگر بزرگانِ دین کو اس کا ثواب پہنچانے پر دس گنا اجر ملتا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ مجھے اللہ پر گمان ہے کہ عاشورہ کا روزہ ایک سال کے گناہ مٹا دیتا ہے اور عاشورہ محرم الحرام کی دسویں کو کہتے ہیں۔

صَفرُ المُظفر اکثر لوگ ماہِ صفر المظفر کو منحوس مانتے ہیں، کوئی نیا کام نہیں کرتے اور کچھ لوگ آخری چہار شنبہ یعنی بدھ کو خوشی مناتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس دن صحت ہوئی تھی۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ دونوں باتیں غلط ہیں۔ احادیث سے ثابت ہے کہ نہ یہ مہینہ منحوس ہے اور نہ اس میں شادی کرنا منع ہے نہ مکان کی تعمیر اور نہ ہی کوئی نیک کام باعث تکلیف ہے۔ صحیح یہ ہے کہ حضور صلی علیہ وسلم کے مرض میں اضافہ ہوا تھا اس لئے چاہیئے کہ مسلمان اس رات کو عبادت، نوافل و تلاوت قرآن میں گذاریں۔

ربیعُ الاوّل یہ بڑا مبارک مہینہ ہے۔ اس مہینہ کی بارھویں شب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تھی۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ اس پورے مہینہ میں رضائے الٰہی کے لئے وعظ، لنگر، میلاد، نوافل و خیرات، تلاوت قرآن کریم میں پورا ماہ گذاریں اور بکثرت درود جمعہ پڑھیں کہ اس کا ثواب بے حد اور فوائد کثیر ہیں۔

ربیعُ الآخر یہ مہینہ سیدنا غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے منسوب ہے۔ اس ماہ کی ۱، ۳، ۵، ۷، ۹، ۱۱ تاریخوں میں سے کسی شب کو صلوٰۃ غوثیہ پڑھنے سے حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

جمادی الاوّل۔ جمادی الآخر ان دونوں مہینوں کی شروع میں جو عمل بھی عامل بننے کے لئے کیا جائے اور زکوٰۃ ادا کی جائے تو وہ عمل ضرور کامیاب ہوتا ہے اور عامل کے عملیات زود اثر ہوتے ہیں۔

رجبُ المُرجب یہ برکت کا مہینہ ہے اس کی ۲۷ ویں شب میں حضور پر نور کو معراج ہوئی اور اسی موقع پر نماز فرض ہوئی۔ اس ماہ کے ایک روزہ کا ثواب سال بھر کے روزوں کے برابر ہے۔ اسلئے ۲۷ رجب کو روزہ رکھنا چاہیئے۔

شعبانُ المعظّم حضور فرماتے ہیں شعبان میرا مہینہ ہے جس نے اس کا احترام کیا اس نے میرا احترام کیا۔ اس ماہ میں ایک رات شب براءت کے نام سے مشہور ہے اس رات کی عبادت کا ثواب ایک ہزار مہینوں کی راتوں کی عبادت کے برابر ہے۔ اس شب مردوں، بزرگوں کی قبروں پر جاکر ایصال و ثواب کرنا چاہیئے تاکہ مردے بخش دیئے جائیں اور بزرگوں سے فیض حاصل ہو۔

رمضانُ المُبارک یہ بڑا مبارک مہینہ ہے اس ماہ میں مسلمان روزہ رکھتے نماز پنجگانہ ادا کرنا، زکوٰۃ دینا ساتھ ہی ساتھ تراویح پڑھتے ہیں اس ماہ میں قرآن کریم نازل ہوا تھا۔ رمضان کے بعد یکم شوال المکرم کو روزہ ختم ہونے کی خوشی میں عید منائی جاتی ہے۔ اس ماہ میں فطرہ اور خیرات دینے کا بڑا اجر و ثواب ہے۔

ذیقعدہ یہ اللہ کا مہینہ ہے اس میں خیرات، یتیموں، فقیروں و مسکینوں کو کھانا کھلانا چاہیئے۔

ذی الحجہ اس ماہ میں حج کا فریضہ ادا کیا جاتا ہے۔

پانچ نِدْ مخود تیتھیں ہیں

مہورت۔ چیت شدی یکم اکھشیہ تیج دجیہ دشمی (دسہرہ) دیوالی کی شام اور بسنت

میری قسمت آجکل کیسی ہے؟

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ میری قسمت آجکل کیسی ہے تو ایسے پرسش میں سائل کے نام کے حروف شمار کر لو اور اسوقت چندرماں کو دیکھو کہ کس راشی میں ہے جس راشی میں چندرماں اسوقت ہو اس کے اعداد بموجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد یوم میں لکھے گئے ہیں لے کر جمع کریں بعد ازاں ۱۲ عدد قانون کے اس میں اور جمع کر دیں اور پھر کل مجموعہ کو ۷ سے تقسیم کر دیں اگر باقی ایک رہے یا ۳ یا ۵ رہے تو تمہاری طالع ابھی گردش میں ہے۔ اگر ۲ یا ۴ باقی رہیں تو نحوست گزر گئی۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی امیدیں بر آئیں گی۔ اگر ۶ باقی رہیں تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہوا ہے۔ اگر باقی صفر رہے تو تمہاری قسمت آجکل کمزور ہے جس کام میں ہاتھ ڈالوگے اس میں نقصان اُٹھاؤ گے۔ اگر یقین نہ ہو تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے

اعداد یوم

اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
۵	۲۱	۱۴	۹	۸	۳	۱۱

حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

ناظرین: خدا کے سوائے غیب کی خبر کوئی نہیں جانتا مگر دل کے اطمینان کے لئے یہ طریقہ اور حساب تحریر کیا جا رہا ہے جو اکثر معیار پر پورا اترا ہے اس پر سو فیصدی یقین کر لینا تو بہتر نہیں ہوگا۔ حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی اس کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ مذکورہ نقشہ میں سات سیاروں کے نام درج ہیں۔ فال دیکھنے سے پہلے قل ہو اللہ شریف تین بار پڑھ کر حاملہ کسی ایک خانہ پر انگلی رکھے اور صحیح نقشہ میں اسکی تاثیر دیکھے

۱ شمس — ۲ قمر — ۳ مریخ — ۴ عطارد — ۵ مشتری — ۶ زہرہ — ۷ زحل

۱	شمس	تمہیں مبارک ہو۔ تمہارے ہاں انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا
۲	قمر	تمہارے ہاں خدا نے چاہا تو لڑکی ہونے کی امید ہے۔
۳	مریخ	اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے لڑکا دے گا۔ مگر نقصہ وال ہوگا۔
۴	عطارد	انشاء اللہ لڑکی ہوگی، جو خوش نصیب ہوگی۔
۵	مشتری	لڑکی ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ
۶	زہرہ	لڑکی ہوگی۔
۷	زحل	حمل خالی جائے گا۔ اندیشہ ہے۔

نو گرہ جنتر

اوم ہرینگ سوریائے نمہ	اوم ہرینگ گوروے نمہ	اوم ہرینگ شکرائے نمہ
اوم سوم سومائے نمہ	اوم ہرینگ بدھائے نمہ	اوم ہرینگ شنیہ نمہ
اوم ہرینگ بھومائے نمہ	اوم ہرینگ راہوے نمہ	اوم ہرینگ کیتوسے نمہ

اس جنتر کو نو گرہ استوتر کا پاٹھ کرنے کے بعد آٹھ دھاتوں کی پلیٹ پر کھدوا کر یا اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر نوروز عالم کے دن یا روی پکھ، گورو پکھ وغیرہ شبھ مہورت تیار کر کے اپنے پاس رکھنے سے نو گرہوں کے ناقص اثر کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے

سولہ سو (۱۶۰۰) سے ۳۱۰۰ سال کا بے نظیر کلینڈر رجسٹرڈ

جب کسی سن اور مہینے میں کسی تاریخ یا وار معلوم کرنا ہو تو نقشہ نمبر (۱) صدی کے سامنے اور نقشہ نمبر ۲ سن کے نیچے دیکھیں۔ کونسا حرف ہے پھر اس حرف کو مطلوبہ مہینے کے نیچے دیکھیں اور اس خانہ کے سامنے اور تاریخ کے نیچے آپ کا مطلوبہ وار نکل آئے گا۔ صدی میں لیپ سال ۲۹ دن کا ہو جاتا ہے۔ مثلاً ہم کو ۲۰ ستمبر ۱۹۹۵ کو دیکھنا ہے کہ کونسا وار ہوگا۔ اب ہم نے نقشہ میں نمبر ۱ سن ۱۹۰۰ کے سامنے اور ۹۵ کے نیچے دیکھا۔ تو وہاں 'ا' نکلتا ہے، اور نقشہ نمبر ۳ میں ستمبر کے نیچے (ا) دیکھا۔ اب نقشہ ۴ میں 'ا' کے سامنے اور ۲۰ تاریخ کے نیچے دیکھا تو وہاں بدھوار لکھا ہوا ہے یعنی ۲۰ ستمبر ۹۵ کو بدھوار ہوگا۔ اس طرح آپ اپنے مطلوبہ وار اور تاریخ مندرجہ نقشوں کی مدد سے بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔

صدی کے درمیانی سال (۲)				۰	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
پوری صدی				۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰	۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵
(۱)				۵۶	۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۷۱	۷۲	۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰	۸۱	۸۲	۸۳
				۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸	۸۹	۹۰	۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶	۹۷	۹۸	۹۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۳۱۰۰	۲۷۰۰	۲۳۰۰	۱۹۰۰	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج	ا	ز	د	ه	ج	ب	ا	ز	ه	ط	ج	ب
۳۰۰۰	۲۶۰۰	۲۲۰۰	۱۸۰۰	ه	ط	ج	ب	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج	ا	ز	د	ه	ج	ب	ا	ز
۲۹۰۰	۲۵۰۰	۲۱۰۰	۱۷۰۰	ج	ب	ا	ز	ه	ط	ج	ب	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج	ا	ز	د	ه
۲۸۰۰	۲۴۰۰	۲۰۰۰	۱۶۰۰	ا	ز	د	ه	ج	ب	ا	ز	ه	ط	ج	ب	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج

(۳)

جنوری	فروری	جنوری	مئی	جون	فروری	ستمبر
اکتوبر	مارچ	اپریل				
	نومبر	جولائی			اگست	دسمبر

کوئی بھی شتابدی بدھ، شکروار، اتوار کو شروع نہیں ہوتی۔ اکتوبر کا مہینہ اسی دن سے شروع ہوتا ہے جس دن جنوری، اپریل اور جولائی شروع ہوتا ہے

(۴)

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
۲۹	۳۰	۳۱	۰	۰	۰	۰

ا	ط	ز	ب	ه	ج	د	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
ب	ه	ا	ج	د	ط	ز	سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار
ج	د	ب	ط	ز	ه	ا	شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار
ط	ز	ج	ه	ا	د	ب	ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار
ه	ا	ط	د	ب	ز	ج	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار
د	ب	ه	ز	ج	ا	ط	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار
ز	ج	د	ا	ط	ب	ج	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار

مکان بنانے یا خریدنے کے وقت خیال کرنے کی باتیں

(۱) مکان کے اندر داخل ہونے کے لئے سب سے بڑا دروازہ پورب (مشرق) کی جانب ہو تو سب سے اچھا ہوگا۔ ہر وقت لوگوں کا آنا جانا یعنی تانتا لگا رہے اور ہر طرح کے سکھ سادھن مہیا ہوتے رہیں گے۔

(۲) اگر مغرب کی جانب بڑا دروازہ ہو تو دوئم درجہ کا اچھا اثر ہوگا۔ منصوبوں میں کامیابی ہوگی مگر دیری اور اڑچنوں کے ساتھ۔

(۳) اگر مکان کا دروازہ جنوب (اترا) کی جانب ہو تو بہت اچھا اثر رہے گا۔ ترقی کے راستے کھلے رہیں گے۔ (۴) اگر مکان کا دروازہ دکن کی جانب ہو تو برے اثر کو دینے والا ہوگا۔ عورت کے لئے دکھ، فوجداری ہونے کا ڈر، آگ اور قدرتی آفات بنی رہیں گی۔

گرہوں کے انسانی زندگی پر اثرات

شمس یعنی سورج

یہ ستارہ برج۔اسد یعنی سنگھ راس کا مالک ہے جن لوگوں کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۱۰۔۱۔۱۹ تا ۲۸ تاریخ کو ہوتی ہے۔ان کا ستارہ بھی سورج ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے۔ انہیں شہرت پسند 'غصیلا' خوردار' ظریف الطبع' ذہین اور دیانتدار ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ اگر کوئی احسان کیا جائے۔ تو وہ اس کا معاوضہ ادا کرنے کا بیحد خواہش مند ہوتا ہے۔ دنیاوی نفاست حسن و خوبصورتی۔ تعلقات۔ شاعری علم موسیقی اور مناظر قدرت سے اس بہت رغبت ہوتی ہے۔ بڑا دانشمند صاحب عزت و جائیداد کا مالک ہوتا ہے۔ پختہ ارادہ کا مالک جس کام کو ہاتھ میں لیتا ہے۔ فتح و ترقی سے سرانجام دیتا ہے۔وہ ٹھنڈک تارہ ہوا کو بہت پسند کرتا ہے، رہائش اسے اعلیٰ روشنی والے گھروں میں بے حد پسند ہے۔ یہ حسب کتاب المبین دین میں ماہر اور کامیاب ہوتا ہے۔ خلاف مرضی بات پر جلد ناراض بھی ہوتا ہے۔ ان لوگوں کو وہ زیادہ مدد دیتا ہے۔ جن کا ستارہ پیدائش کے وقت چندرماں یا برہسپت ہوتا ہے۔

مشتری یعنی برہسپت

یہ ستارہ برج قوس اور عوت یعنی دھن اور مین راس کا مالک ہوتا ہے جن کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۲۔ ۱۲۔ ۲۱۔ ۳۰ تاریخ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی برہسپت ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان ہے وہ بڑا فیاض ،زندہ دل اور خوش مزاج ہوتا ہے حکومت و اقتدار کا شایق اور دوسروں کے دلوں کو فتح کر کے حکومت کرنے کی پیدائشی قابلیت کا مالک ہوتا ہے۔ اس کو مثل مصاحب عالم فاضل۔ زاہد اہل خزانہ اور صاحب اعتبار۔ عابد۔ صبحی اور شیریں صاحب یدبیر۔ عاقل اور بااختیار لوگوں سے تعلق رکھتا ہے۔ دنیاوی شہرت ،راحت و اطمینان سے زندگی بسر کرتا ہے۔ بہت دانشمند۔ زبردست حکمت عملی اور بے نظیر دماغی قابلیت و جائیداد کا مالک ہوتا ہے۔ لذیذ غذاؤں کا خواہش مند۔ مذہب کا شیدا اور عزیز اقارب سے محبت اور نیک سلوک کرنے والا متقی بزرگوں اور ذی عزت لوگوں سے میل ملاقات رکھے۔ دوسروں کی مدد کے لئے ہر وقت مستعد اور کوشاں رہتا ہے۔

قمر یعنی چندرماں

یہ ستارہ برج سرطان یعنی کرک راس کا مالک ہے جن کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۲۔۱۱۔۲۰۔۲۶ تاریخ کو ہوتی ہے۔ان کا ستارہ بھی چندرماں ہوتا ہے وہ شخص اس کی تاثیر سے قوت خیال کی بہت اظہار دیتا ہے۔ اس کے اندر قدرتی مناظر کا شوق۔ خوبصورتی کا احساس اور شاعری مصیف کی طرف زغبت زیادہ پائی جاتی ہے۔ حلیم الطبع۔ کم گو۔ شیریں سخن اور ملنسار ہوتا ہے۔ دوسروں کی نکتہ چینی کو پسند نہیں کرتا۔ شدھ پاکیزہ بدن۔ سفید پوش۔ شیریں غذا کا شائق۔ ہمدرد اور پوتر خیالات کا مالک ہوتا ہے۔ ذمہ داریوں کو محسوس نہیں کرتا۔ مزاج بادی ملغمی چہرہ مستطیل۔ گوری رنگت سے یحت ہوتا ہے۔ سمندر کا مد جذر۔ باغ دریاؤں کا نظارہ پسند کرتا ہے۔ روشنی کو زیادہ وقت نہیں دیتا۔ وہ اندھیرے کو پسند کرتا ہے۔ علمی تحقیقات میں اس کی رچی ہوتی ہے۔ کوئی کام بلا سوچ سمجھے نہیں کرتا۔ اس قسم کے لوگوں کو وہ آدمی زیادہ مدد دیتا ہے۔ جن کا ستارہ سورج اور برہسپت ہوتا ہے۔ ان تاریخوں میں جس کی پیدائیش ہو وہ بدیش جانے کی خواہش کم رکھتا ہے۔

زہرہ یعنی شکر

یہ ستارہ برکھ اور تلا راس کا مالک ہے جس شخص کا جنم کسی انگریزی مہینہ کی ۹۔ ۱۵۔ ۲۴ تاریخ کو ہوا ہو اس کا ستارہ بھی شکر ہوتا ہے جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے وہ عام طور پر بڑے وفادار محبت کرنے والے رحمدل اور خوش مزاج ہوتے ہیں۔اس کا قوی عالت میں واقع ہونا۔ مرد عور کی باہمی محبت کا نشان پایا گیا ہے۔ عشق و محبت کی طرف ان کی رغبت ہوتی ہے۔ لباس عمدہ۔ گوری رنگت۔ حسن اخلاق سے پر ہوتا ہے۔ لڑائی جھگڑے سے دور بھاگتا ہے اس کو جوہری سوداگر۔ ارباب نشاط اور خوبصورت عورتوں سے بہت تعلق رکھتا ہے۔اس کی گھریلو زندگی بالعموم خوشگوار ہوتی ہے۔ خود غرض بالکل نہیں ہوتا۔ عورت اور اولاد کا بہت خوائش مند ہوتا ہے۔ خوبصورتی اور محبت اس کا ستارہ ہے۔ جو اچھی چیز زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے اس پر اس کا پیدائشی حق ہے آرٹ کے کاموں میں رچی رکھے۔ کھانسی اور دردگ کا شکار رہے۔

مریخ یعنی منگل

یہ ستارہ برج حمل۔ عقرب میکھ اور برچھک راس کا مالک رہتا ہے۔ جن آدمیوں کی پیدائش انگریزی مہینہ کی ۹۔ ۱۸۔ ۲۷ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی منگل ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت منگل بلوان ہوتا ہے ان میں زندگی خاص قابلیت پائی جاتی ہے ایسا آدمی بے خوف۔ حوصلہ مند۔ وفادار۔ اپنی دھن کا پکا اور مستقل مزاج ہوتا ہے۔ جھگڑے سے ہمیشہ بچتا ہے لیکن جب کوئی خواہ مخواہ چھیڑے تو پھر ہزاروں بار اس سے توبہ کردم لیتا ہے۔ زندگی کے جس شعبہ میں وہ کام کرتا ہے یہ اس میں دوسروں کی رہنمائی کا حصہ اختیار کرے ہے۔ اراضیات کا مالک بڑا رئیس اور سپہ سالار جنرل فوجی افسران۔ حکام۔ امیر الامرا اور کارخانوں سے اس کا تعلق رکھتا ہے۔ دوسروں کی نکتہ چینی اسے پسند نہیں آتی۔ ہمیشہ اپنی رائے مقدم تصور کرتا ہے۔ سرخ رنگت۔ مائل سفیدی۔ ہمیشہ پرزور خونی مزاج ہوتا ہے۔ ایسا شخص بہت مضبوط۔ طاقتور اور پکے ارادے کا انسان ہوتا ہے۔ وعدہ اور اقرار سے مکرتا نہیں جنگ و جدل اور لڑائی فساد کے کاموں میں اس کا دل سخت ہوتا ہے۔ جوش میں آکر وہ جلد اپنا رویہ بدل لیتا ہے حاکم بننے کا شوق رکھتا ہے۔

زحل یعنی سنیچر

یہ ستار برج جدی اور دلو یعنی مکر اور کمبھ راس کا مالک ہوتا ہے۔ جس شخص کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۸۔ ۱۷۔ ۲۶ تاریخ کو ہوتی ہے اس کا ستارہ بھی شنی ہوتا ہے اس کا انسانی قسمت پر بڑا بھاری اثر ہوتا ہے۔اس کا انسانی قسمت پر بڑا بھاری اثر ہوتا ہے۔ جو قسمت کی حالت کو بدل دیتا ہے۔ جس شخص کے زائچہ میں یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے۔ وہ شخص ترقی۔ کامیابی و مرتبہ بہت جلد حاصل کر لیتا ہے اس کو مثل چودھری، پنچ اور تعلقہ دار اور رئیس و مالک آراضیات و مہتم صاحب خزانہ اور جاگیرات سے تعلق رکھتا ہے۔ بڑا دانشمند اور دور اندیش ہوتا ہے۔اس میں انتہائی آزادی اور زیادہ بولنے کی طرف رغبت پائی جاتی ہے خاموشی و کم گفتگو کو پسند زیادہ کرتا ہے۔ زیادہ بولنے والوں سے اسے نفرت ہوتی ہے۔ اس کو زیادہ بولنے والوں سے نفرت ہوتی ہے۔ ارادے کا پکا۔ اور اپنے آپ پر بھروسہ رکھنے والا ہوتا ہے۔ لکھنے پڑھنے میں زیادہ وقت دیتا ہے۔ زراعت دیہات کی بود و باش پسند کرتا ہے۔ گرمی سردی اس کے لئے مظہر ہوتی ہے۔

عطارد یعنی بُدھ

یہ ستارہ عقل دلیل۔ سوچ وچار علم اور ترقی سے منسوب ہے اور برج جوزا اور سنبلہ یعنی متھن اور کنیا راس کا مالک ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۸۔ ۱۳۔ ۱۴ تاریخ کے دن ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی بدھ ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ بلوان ہوتا ہے۔ وہ دنیاوی ضرورت بہت عقل و دور اندیشی اور حکمت عملی سے کام لیتا ہے سنجیدگی اور داناؤں کی رغبت۔ ہنرمندی اور تجارت کی ملاقات اس میں زیادہ پائی جاتی ہے۔ بیوپاری۔ سوداگر اور اہل قلم۔ گنت ریاضی کے کاموں میں ماہر سریشٹ بدھی چوکھونٹی مربعہ مشکلات کو جلد سمجھنے والا نکتہ دان، حسن الرائے اور علم الرائے عالم فاضل اور باتدبیر ہوتا ہے۔ حکیم منجم صفت لوگوں سے اس کا واسط اور تعلق ہے۔ تصنیف۔ مصوری اور آرٹ وغیرہ کے کاموں میں یہ بیحد دلچسپی پاتے ہیں اولاد سے سکھ پاتے ہیں۔ رہائش اس کی اندھیرے میں اچھی معلوم نہیں دیتی۔ جن لوگوں کا ستارہ پیدائش سورج۔ سنیچر ہوتا ہے ان کی مدد کرتا ہے۔

راہ و کیت

راہ متھن وکنیا راس کا مالک ہے جس کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۴۔ ۳۔ ۲۲ تاریخ کو ہوتی ہے اس کا ستارہ بھی راہو ہوتا ہے۔ اس ستارہ کی پیدائیش والا شخص بہت طاقتور ہوتا ہے۔ گو اچانک واقعات ہو جانے سے بلاوجہ کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔ جن لوگوں کا یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے۔ وہ شخص کئی کاموں پر اپنی آمدن کا ذریعہ دیکھتا ہے۔ ایک کام چھوڑ کر اچانک دوسرا شروع کر دیتا ہے۔ اس پر سوریہ کی روشنی بہت جلد اثر دیتی ہے۔ گرمی کو بیحد کم برداشت کرتا ہے۔ سفر کا اچانک پیش آنا اچانک میزہ زار کو زیادہ پسند کرتے ہیں کیت ستارہ کو برج قوس اور عوت یعنی دھن اور مین راس سے تعلق رکھتا ہے۔ جن کی پیدائیش کسی انگریزی مہینہ کی ۷۔ ۱۶۔ ۲۵ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی کیتو ہوتا ہے۔ یہ لوگ سمندر یاترا ارتھات پانی کے بڑے شوقین ہوتے ہیں۔ عجیب سوبھاؤ ہوتا ہے۔ جن کا ستارہ پیدائش چندرماں ہوتا ہے ان کی مانند ان کی زندگی زیادہ تر بسر ہوتی ہے۔

دن رات کے سیارگان کی روزانہ ساعات

ساعتیں دن اور رات میں بارہ ہوتی ہیں۔ اگر دن میں سیاروں کی ساعت معلوم کرنی ہو تو مقدار دن کو ۱۲ پر تقسیم کردو۔ جو باقی بچے وہ ایک سیارہ کی ساعت ہوگی۔ ساعت کا وقت طلوع آفتاب سے شمار ہوگا۔ شبھ گرہ کی ساعت شبھ پھل اور اشبھ گرہ پھل دیتی ہے۔

رات کی ساعت	دن کی ساعت	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
بدھوار	اتوار	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر
ویروار	سوموار	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج
شکروار	منگلوار	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر
سنیچروار	بدھوار	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل
اتوار	ویروار	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ
سوموار	شکروار	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت
منگلوار	سنیچروار	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر

سیاروں کی ساعت میں کیا کام کرنا چاہیئے؟

ساعت زحل یعنی سنیچر :۔ اس کی ساعت میں عمارت بنوانا۔ درخت اور باغ لگوانا۔ چاہ اور حوض کھدوانا۔ صلح و شرکت کا معاملہ اختیار کرنا۔ دشمنی اور ہلاکت کے لئے نقش اور تعویز لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا۔ بچہ بدحال منحوس اور کرپن والا ہوتا ہے۔ ساعت شمس یعنی سورج :۔ اس کی ساعت میں حکام سے ملاقات کپڑا زیورات اور ضروریات کا طلب کرنا فصد کھلوانا۔ سفر کو جانا۔ محبت دوستی صحت اور دولت کے لئے تعویذ لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بڑا دوراندیش دراز عمر دولت مند و خوشحال ہوتا ہے۔ ساعت قمر یعنی چندرماں :۔ اس کی ساعت میں تعمیرات عمارت حوض وغیرہ باغ اور زراعت علاج معالجہ شادی وغیرہ کا پیغام بھیجنا دوستی محبت کے لئے تعویذ لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بڑا خوش قسمت ہوتا ہے۔ ساعت مریخ یعنی منگل :۔ اس کی ساعت میں دشمن سے مقابلہ جنگ اور لڑائی کرنا موزوں ہے۔ شبھ کاموں کے لئے نحس ہے۔ بغض و حسد و ہلاکت دشمن کے لئے تعویذ اور عمل لکھنا مفید ہے۔ اس ساعت میں پیدا ہونے والا بچہ ظالم ہوتا ہے۔ ساعت عطارد یعنی بدھ :۔ اس کی ساعت میں علاج دوائی وغیرہ کرنا لڑکے کو مکتب بٹھانا تعلیم حاصل کرنا۔ کنواں باؤلی کھدوانا۔ عمارت بنوانا۔ خرید و فروخت کرنا۔ کپڑا بننا یا بنوانا زبان بندی اور خواب بندی کے لئے تعویذ لکھنا اور حاکمان و اہل قلم سے کوئی حاجت طلب کرنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بچہ بڑا عالم نیک ہوتا ہے۔ ساعت مشتری یعنی برہسپت :۔ اس کی ساعت شادی بیاہ اور حکام سے ملاقات کپڑا پہننا فصد کھلوانا۔ مجلس منعقد کرنا۔ خرید فروخت دوستی کے لئے تعویذ لکھنا اور عمل کرنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بلند اقبال ہوتا ہے۔ ساعت زہرہ یعنی شکر :۔ اس کی ساعت میں شادی نکاح دوستی عشق و محبت علاج صحت و تندرستی۔ خرید و فروخت کا کام کپڑا سلانا یا پہننا اور عمل حب دوستی و خواب بندی کے لئے نقش و تعویذ لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں جو فرزند پیدا ہوتا ہے وہ نیک بخت خوش قسمت اور صاحب مال اور دولت مند اور اقبال مند وزی مرتبہ اور گائن و دیا کا بہت شوقین اور دلدادہ ہوتا ہے۔

روگ ناڑی چکر :۔ اگر کسی مریض کے متعلق جاننا ہو کہ اس کا روگ دور ہو جائے گا۔ یا مرتیو ہو جائیگی تو اس کے متعلق نقشہ ذیل میں دیکھو اگر سورج پچھتر یعنی جس پچھتر پر سورج ہو، دن پچھتر جنم پچھتر اور نام پچھتر سب ایک ہی ناڑی میں آجائیں تو روگی کی مرتیو ہو جاتی ہے۔ اگر مختلف ناڑیوں میں آجائیں تو روگی صحت یاب ہو جائیگا۔

ناڑی اول :۔ اراد ا۔ دوتوں پھا لگنی۔ انورادھا۔ جیشٹا۔ دھنیشٹا۔ شتبھکا۔ بھرنی اور کرتیکا۔

ناڑی دوم :۔ پنربس۔ مگھا۔ ہست۔ بشاکھا۔ مولا۔ شرون۔ پوربابھادرپد۔ اشنی۔ روہنی

ناڑی سوم :۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ چترا۔ سواتی۔ پوربا کھاڑا۔ اترا کھاڑا۔ اترابھادرپد۔ ریوتی۔ مرگشر

مہورت چوگھڑیا برائے سفر

اگر بروقت یاترا سفر یا کسی نیک کام کے وقت مہورت نیک نہ بنتا ہو اور جانا بھی ضروری ہو تو اس چوگھڑیا مہورت دیکھ کر سفر اختیار کرنا چاہئے۔ جس دن مہورت چوگھڑیاں دیکھنا ہو اس دن دنمان ۸ پر تقسیم کرنے سے جو گھڑی پل برآمد ہوں گے وہ ایک حصہ کی مقدار ہوگی۔ اسی طرح راتری مان کو ۸ پر تقسیم کرکے جو گھڑی پل برآمد ہوں وہ ایک حصہ مقدار رات کی ہوگی۔ کال ادویگ اور روگ ناقص ہوتے ہیں۔ امرت لابھ شبھ اور چر شبھ ہیں۔

دن کا چوگھڑیا مہورت

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
اتوار	ادویگ	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ	ادویگ
سوموار	امرت	کال	شبھ	روگ	ادویگ	چر	لابھ	امرت
منگلوار	روگ	ادویگ	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ
بدھوار	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ	ادویگ	چر	لابھ
ویروار	شبھ	روگ	ادویگ	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ
شکروار	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ	ادویگ	چر
سنیچروار	کال	شبھ	روگ	ادویگ	چر	لابھ	امرت	کال

رات کا چوگھڑیاں مہورت

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
اتوار	شبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	ادویگ	شبھ
سوموار	چر	روگ	کال	لابھ	ادویگ	شبھ	امرت	چر
منگلوار	کال	لابھ	ادویگ	شبھ	امرت	چر	روگ	کال
بدھوار	ادویگ	شبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	ادویگ
ویروار	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	ادویگ	شبھ	امرت
شکروار	روگ	کال	لابھ	ادویگ	شبھ	امرت	چر	روگ
سنیچروار	لابھ	ادویگ	شبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ

چندرماں کی سواری دیکھنے کا طریقہ

ایک شخص رام لال کی تلا راس اور سواتی پچھتر ہے اور یکم جنوری ۱۹۶۱ء کو آردرا پچھتر میں سفر کرنا چاہتا ہے۔ سواتی پچھتر سے آردرا پچھتر تک شمار کیا تو ۱۹ آیا۔ اس کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی ایک رہا۔ اب نقشہ ذیل میں دیکھا تو گدھائی سواری ہوئی جو دہشت اور فکر دینے والی ہے۔

[illegible]	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
نام سواری	گدھا	گھوڑا	ہاتھی	مینڈھا	گیدڑ	شیر	کوا	مور	ہنس
خاصیت	دہشت اور فکر ہو	دولت کا فائدہ ہو	دشمن کی بردمی ہو	خوف وخطر تکلیف ہو	روزگار میں تنزل ہو	مرتبہ بلند فائدہ ہو	پریشانی وحیرانی ہو	فرحت وحاصل دولت	[illegible]

چندرماں و سورج پچھتروں میں کیا کام کرنا چاہیئے۔

سفر یاترا اور شبھ کاموں کے شروع کرتے وقت دھرم ارتھ کام اور موکش ایسے چار قسم کے پچھتروں کا وچار کرلینا ضروری ہے۔ اگر بروقت یاترا سورج دھرم پچھتروں میں اور چندرماں ارتھ موکش پچھتروں میں پڑا ہو تو یاترا شبھ پھل دینے والی ہوتی ہے۔ اگر اس کے برعکس پچھتروں میں ہو تو اس کا پھل ذیل میں ملاحظہ کریں دھرم پچھتر :۔ اشنی۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ بشاکھا۔ انورادھا۔ دھنشٹا۔ شتبھکا۔ ارتھ پچھتر :۔ بھرنی۔ پنربس۔ مگھا۔ سواتی۔ جیشٹا۔ شرون۔ پوربابھادرپد۔ کام پچھتر :۔ کرتیکا۔ آردرا۔ پوربا پھالگنی۔ چترا۔ مولا۔ ابھیجت۔ اترابھادرپد موکش پچھتر :۔ روہنی۔ مرگشر۔ اترا پھالگنی۔ ہست پورباکھاڑا۔ اتراکھاڑا۔ ریوتی۔

سورج	چندرماں	کیفیت سفر
دھرم پچھتر میں	ارتھ یا موکش پچھتر میں	شبھ ہوتی ہے
ارتھ پچھتر میں	دھرم یا موکش پچھتر میں	شبھ پھل ہوتا ہے
کام پچھتر میں	دھرم یا موکش پچھتر میں	اچھا پھل ہوتا ہے
موکش پچھتر میں	دھرم پچھتر میں	فائدہ مند ہے
دھرم پچھتر میں	دھرم پچھتر میں	ناقص ہوتی ہے
دھرم پچھتر میں	کام پچھتر میں	ناکامیاب رہے
ارتھ پچھتر میں	ارتھ پچھتر میں	تکلیف دہ ہو
ارتھ پچھتر میں	کام پچھتر میں	رکاوٹ دینے والی
کام پچھتر میں	کام پچھتر میں	خطرہ دشمن ہو
موکش پچھتر میں	ارتھ پچھتر میں	شبھ دائیک ہو
موکش پچھتر میں	کام پچھتر میں	پریشانی ہو
موکش پچھتر میں	موکش پچھتر میں	رنج ہو

جیوتش اور دھرم شاستر کے خیالات

(ا) لڑکے کی شادی کے بعد اپنی لڑکی یا اپنے کل کی کنیا کادوتو (شادی) چھ ماہ تک نہ کرے (ii) لڑکی کی شادی کے پیچھے لڑکے کی شادی ہو جائے تو دوش نہیں رہتا۔ اسی طرح شادی کے بعد منڈن ویجنیوپویت چھ ماہ تک کرنا منع ہے۔ (iii) جس خاندان میں شادی ہو چکی اس میں دو سگے بھائیوں کی شادی۔ دو سگی بہنوں کی شادی جائز ہے۔ (iv) جس ور لڑکے کو اپنی کنیا بیاہ دیوے اس کی بہن کے ساتھ جو شخص دو خرگوشوں کے پیچھے دوڑے وہ ایک بھی نہیں پکڑ سکتا۔ کم بولنے والوں کی تجاویز زیادہ طاقتور ہوتی ہے۔ بیکاری مصیبت کی اور سخت آرام کی والدہ ہے۔ رات کو مقروض ہو کر سونے کی نسبت بھوکا سونا اچھا ہے کامیابی کے یقین سے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

(۲) دو سگے بھائیوں کا دواہ چھ ماہ کے اندر کرنا جائز نہیں ہے (ii) دو سگے بھائیوں و بھائی بہنوں کا ایک سنسکار کرم چھ ماہ کے اندر اندر نہ کرنا چاہئے اگر دونوں سے متعلق اس قسم کا خیال کرنا پڑا تو کوئی دوش نہیں (iii) ماگھ میں شادی ہو جائے تو بیساکھ میں یجنیوپویت (جنیو) دھارن کرنے سے دوش نہیں ہوتا۔

اگر لڑکے یا لڑکی دونوں کا جنم جیٹھ مہینے کا ہو اور مہینہ بھی جیٹھ کا ہو تو اس کو تین جیٹھ کہتے ہیں۔ اس میں شادی وغیرہ شبھ کام کرنا منع ہے۔ منگھر میں بھی پہلے گربھ کا دواہ کرنا ناقص ہوتا ہے۔

اگر بایاں پاؤں ٹھوکر کھائے تو کام اھورا رہے گا۔ (۳) اگر بارات کو جاتے وقت راستہ میں مردہ ملے تو دلہن کے لئے شگون بد ہوگا۔ اگر واپسی میں ملے تو دلہا کے لئے منحوس ہوگا۔ اگر کسی مکان کی چھت پر کتا روئے تو گھر پر ضرور ہی کوئی مصیبت برپا ہو۔ (۴) اگر بالوں میں کنگھی کرتے وقت اگر بال بکثرت ٹوٹتے نظر آئے تو اس پر کوئی آفت اور تکلیف پہنچتی ہے۔

جب کسی کام کے ارادہ میں گھر سے نکلیں تو چلتے وقت کوئی آدمی یا جوان جانور تمہارے راستے کاٹ دیوے تو اچھی بات کی علامت ہے اگر الٹے ہاتھ سے آکر راستہ کاٹ دے تو بڑی صلاحیت اگر چلتے وقت دہلیز پر یا راستہ کے شروع میں ٹھوکر لگ جائے تو برا شگون ہوئے۔ اگر چلتے وقت کسی چیز سے نیچے سے کپڑا پھنس جائے تو موت یا زبانی اور مالی نقصان ہوگا۔

خیالات کی روشنی میں سورج کے پرکاش کی طرح دنیا میں پھیل جاتی ہے۔ دنیا میں زندگی کو بنانے کیلئے اپنے عیب کو دیکھنا بہت بڑا ہنر ہے بری عادتوں کو ترک کرنے کی نصیحت یہ بات زیادہ آسان ہے کہ ان کو پیدا ہی نہ ہونے دیا جائے۔ افلاس میں خودداری قائم نہیں رہ سکتی عبادت کرنے میں خیال اس طرح قائم کرو گویا کل ہی مر جانا ہے۔

اقوال زریں: - خدا کا نام خدا کا نام لینے سے ہی انسان کی روح کو شانتی نہیں حاصل ہو سکتی بلکہ اس کے بندوں سے محبت کرنے سے ہی دلی سکون میسر ہو سکتا ہے۔ دنیا میں رہنا مشکل نہیں بلکہ دنیا کی مشکلات سے ٹکرانا ہی مشکل ہے ہر ایک سے پیار اور محبت سے پیش آؤ مگر اتنا نرم بھی نہ ہو کہ دوسرا تم کو ناجائز دبا کر رکھے ترقی اور کامیابی کے لئے اس کو خود غرض چھوڑ دینی چاہئے۔

اگست مہینہ کا پہلا ہفتہ ہر کام کے لئے مبارک ہوتا ہے۔ (۲) عورت خواہ بیاہی ہو یا کنواری اس کی عمر کے اکیسویں (۲۱) سال میں کوئی اہم واقعات (خواہ برے ہوں یا اچھے ضروری واقع ہوتے ہیں۔ (۳) مرد کی عمر کے بیالیسویں (۴۲) برس میں کوئی اہم اور نتیجہ خیز واقعہ۔

لڑکے یا لڑکی کے بیاہ کی رسومات شروع ہو جائیں اور درمیان میں کوئی موت واقع ہو جائے یا کوئی اور حادثہ ہو جائے تو ۳۰ دن کے بعد شانتی کرنا شبھ ہو جاتا ہے لیکن اگر پتا سے تعلق ہے تو ایک برس بعد پتا کے چھ ماہ ماتا کے لئے ۳ ماہ میں استری دعوت کے لئے اور ایک ماہ بعد دیگر رشتہ داروں کے لئے شادی کرنا شبھ قرار دیا ہے۔

شمسی یعنی سورج: - شادی کے مقرر کرنے کے وقت لڑکے کی جنم راشی سے سورج تیسرے چھٹے دسویں و گیارھویں ہو تو نیک اور مبارک ہوتا ہے پہلے دوسرے پانچویں ساتویں اور نوویں مدھم کہا گیا ہے۔

ہر قسم کی دھارمک دبلت نجوم کتب اور اصلی مفید عالم جنتری تھوک و پرچون حاصل کرنے کے لئے ہمارے سول ایجنٹ جنرل بک ڈپو اڈہ ہوشیار پور جالندھر کو ملیں۔

کنڈلی میں منگلیک یوگ وچار

لڑکے کے یا لڑکی کی جنم کنڈلی میں اگر پہلے چوتھے ساتویں آٹھویں یا بارہویں گھر میں منگل پڑ جائے تو ایک دوسرے کی زندگی کے لئے ناقص ہوتے ہیں۔ اگر ایک ور کی کنڈلی منگلیک ہو اور دوسری (کنیا) منگلیک نہ ہو تو شادی نہیں کرنی چاہئے اگر دونوں کی کنڈلیاں منگلیک ہو تو شادی کرنے میں کوئی دوش نہیں ہے۔ اگرچہ یونی گن، ناڑی گن وغیرہ کا میلان بھی کر لینا چاہئے۔ چند دوسری حالتوں میں منگلیک دوش ختم ہو جاتا ہے اگر۔

۱۔ دوسری مخالف کنڈلی میں ۱۔ ۴۔ ۷۔ ۸ اور ۱۲ ویں گھر میں کہیں سنیچر ناقص گرہ پڑا ہو۔

۲۔ بلوان برہسپت شکر لگن یا ساتویں بھاؤ میں ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۳۔ اگر ایک کنڈلی میں جس جگہ منگل پڑا ہو۔ دوسری کنڈلی میں اسی خانہ پر کوئی طاقتور پاپی یا ناصق گرہ ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۴۔ راشی کا میلان ہوتا ہو تو گن بھی ایک ہوں یا تیس یا تیس سے زیادہ گنوں کا میلان ہوتا ہو تو منگلیک دوش نہیں رہتا۔

۵۔ کیندر یہ ستھان میں چندر منگل کی ہو تو بھی منگل دوش رہتا۔

۶۔ اگر لڑکی کی کنڈلی منگلیک ہو اور لڑکے کی کنڈلی میں چھٹے گھر میں منگل ساتویں خانہ میں راہو اور آٹھویں خانہ میں سنیچر ہو تو منگلیک دوش دور ہو جاتا ہے۔

۷۔ (ا) منگل کا دوش دور ہوتا ہے اگر دوسرے کھانہ میں چندر شکر کا یوگ ہو (ب) منگل برہسپت کی یوتی یا اس پر برہسپت کی پوری نظر ہو (ج) کیندر بھاوں (۱۔ ۴۔ ۷۔ ۱۰) میں راہو ہو۔

۸۔ میکھ راشی کا منگل لگن میں یا برشچک راشی کا منگل چوتھے بھاؤ میں یا مکر راشی کا ساتویں یا کرک راشی کا آٹھویں یا دھن راشی کا منگل بارھویں خانہ میں ہو تو منگلیک کا دوش نہیں رہتا۔

چندر مال اور برہسپت

شادی کے وقت کنڈلیوں میں چندر مال چوتھے۔ آٹھویں اور بارہویں نہ ہونا چاہئے۔ اس کے علاوہ اور گھروں میں شبھ ہوتا ہے۔

شادی کے وقت لڑکی کا برہسپت دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔

لڑکی کی راشی سے دوسرے پانچویں۔ ساتویں، نویں اور گیارہویں برہسپت شبھ ہوتا ہے۔ چھٹے آٹھویں بارہویں اشبھ پھل دیتا ہے۔

میلا راشی۔ لڑکی اور لڑکے کی راس ایک دوسرے سے چوتھے، چھٹے، آٹھویں یا دوسرے اور بارہویں نہ ہونی چاہئے۔ لڑکے کی راس لڑکی کی راس سے نانویں اور لڑکی کی راس لڑکے سے پانچیوں ہو مبارک ہے۔

<u>میلان راشی</u>۔ اگر لڑکے کی راس سے لڑکی کی راشی دویں اور لڑکی کی راشی سے نویں ہو تو مبارک ہے اگر اس کے برعکس لڑکے کی راس لڑکی کی راس نویں ہو تو لڑکے کے باپ کو خطرناک ہے۔

نئی مشنری چالو کرنے کے لئے مہورت

استھر لگن ہو، اتوار، دیرولر، شکروار یا سنیچروار ہو۔ اسد بعد اشونی، ہست، چترا، انورادھا، میکھ دھنیشٹا، جیشٹا، پنربس، یا ریوتی ان میں سے کوئی پنچھتر ہو۔ کیم سپتمی اشٹمی اور لہاوس ان تاریخوں کو چھوڑ کر دوسری تاریخوں میں نئی مشینری چالو کرنا شبھ ہے۔

انگریزی مہینوں میں کام کی کیفیت

جنوری
یہ مہینہ شادی کے واسطے خوش قسمت ہے اگرچہ دولت زیادہ حاصل نہ ہو لیکن وفاداری ایمانداری اور ذہنی سکون ضرور حاصل رہے۔ یکم جنوری کو اگر کالا آدمی آپکی دہلیز کو پہلے پار کرے تو سال خوش قسمتی کے ساتھ گذرے۔ اگر کالی عورت ہو تو زیادہ اچھی نہیں۔

فروری
اس ماہ کی ۳، ۴، ۱۳ تاریخیں منحوس ہیں۔ اس ماہ کسی صبح کو مکڑی کو دیوار پر دیکھنا شبھ ہے۔ یہ مہینہ کاروبار یا کسی نئے کام کے شروع کرنے کے لئے اچھا ہے۔ اس ماہ میں پیدا آدمی اچھے مزاج والا اور خوشحال ہوتا ہے لڑکی کی شادی کیلئے بدھ اچھا ہے۔

مارچ
اس ماہ میں پیدا ہونے والا فرد خندہ باش طاقتور، دلیر باحوصلہ اور جھگڑالو ہوتا ہے۔ اس ماہ کی شادی عموماً اچھی رہتی ہے۔ یہ ماہ گھر یا مقام بدلنے کے لئے اچھا ہے۔ اس ماہ میں بھیڑوں کا دیکھنا دولت ملنے کی دلیل ہے۔ گلی میں بہن ملنا اچھا لیکن بہن ملنا اچھا نہیں

اپریل
محبت کرنے والوں کے لئے یہ ماہ خوش قسمت مانا جاتا ہے ۱۵ اپریل کا دن خاص طور ملاقات کے لئے اچھا مانا جاتا ہے۔ یکم اپریل کو کوئل کی آواز سننا جلد شادی ہونے کا باعث ہوتا ہے اس ماہ میں روزگار یا کرائی جگہ تبدیل کرنے پر نئی جگہ کو ایک جنگلی کھانڈ لیجانا شبھ ہے

مئی
یہ ماہ شادی یا کڑمائی دونوں کے لئے اچھا ہے نہیں مگر اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کیلئے اتنا برا بھی نہیں ہوتا۔ نیلا یا سفید ربن یا کپڑا اپنے ساتھ رکھنا اچھا ہے۔ سوتے وقت سرہانے رکھ کر سونے سے برے خواب نظر نہیں آتے۔ اس ماہ میں نئے کپڑے خریدنا اچھا مانا جاتا ہے۔

جون
یہ مہینہ شادی، سفر، خوشی، کاروبار اور نیک کاموں کے کرنے کے لئے بڑا اقبال مند ہے گلاب کا پھول اور بنفشہ کا پھول اس مہینہ کے لئے اچھا ہوتا ہے اس مہینے نگ سلیمانی پہننے سے اچھی قسمت اچھی صحت اور لمبی عمر ہوتی ہے۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے خوش نصیب ہوتے ہیں

جولائی
یہ مہینہ جادو کا ہے۔ بہت سے جادو اس مہینے میں ہو سکتے ہیں یہ مہینہ ان لوگوں کے لئے بہت مفید ہے جو پوشیدہ اور مستقبل کے حالات جاننا چاہتے ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کو آگ سے خود کو محفوظ رکھنا چاہیئے۔ لعل اور ہیرا پہننا چاہیئے

اگست
ہیرا اور سنگ سلیمانی اس مہینہ میں پہننا خصوصاً شادی شدہ زندگی میں خوشی اور وفاداری کو پیدا کرتا ہے۔ یہ مہینہ تمام چیزوں کے لئے جنکا تعلق پانی سے ہے خوش قسمت ہے۔ سمندر کا سفر بھی اس مہینے میں مفید ہے۔ جنکی شادی ماہ میں ہوگی وہ تکلیف دے گی۔

ستمبر
یہ مہینہ روپیہ کے لین دین لعد بیوپار میں اقبال مندی پیدا کرنے والا ہے۔ شرط جیتنے کے لئے اس ماہ کے پہلے تین ہفتہ بہت مفید ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے چوری اور دھوکے سے نقصان اٹھاتے ہیں۔

اکتوبر
یہ مہینہ محبت کرنے والوں کیلئے قطعی اچھا نہیں ہے۔ جو لوگ اس ماہ میں پیدا ہوتے ہیں ان کے نیک کام بغیر رکاوٹوں اور جھگڑوں کے پورے نہیں ہوتے شادی بھی انکی جلدی نہیں ہوتی اس ماہ میں لعل دھیا پتھر پہننا چاہیئے محبت کیلئے سچا دعا اس ماہ میں اثر ہوتا ہے۔

نومبر
نئی شادی شدہ لوگوں کے لئے یہ مہینہ بہت اچھا ہے۔ اس مہینے میں جو شادی ہوگی وہ خوشی اور چین دینے والی ہوگی۔ احتیاط نہ کی گئی تو جھگڑے پیدا ہوں گے۔ اگر آپ نے خط لکھکر ٹکٹ لگا کر بند کر دیا تب اس کا نتیجہ خراب محسوس ہوگا اگر اس میں نارامنی ہو جوابی تاثر نہیں ہے تو اگلے دن بھیجنا

دسمبر
یہ مہینہ کاروباری لوگوں کے لئے خوش قسمتی لاتا ہے شوٹنگ ستارے کو دسمبر کے مہینے میں دیکھنا اچھا اور خوش قسمت ہونے کی نشانی ہے لیکن اس وقت خواہش دل میں کوئی بھی نہیں ہونا چاہیئے وہ پوری تو ہو جاتی ہے لیکن اسکے اثرات منحوس رہتے ہیں

بکرمی مہینوں میں پیدائشی حالات

چیت
جس شخص کی پیدائش اس ماہ میں ہو وہ بڑا متکبر اور غصہ ور اور جھگڑالو ہوتا ہے۔ اس ماہ میں ہونے والی شادی عموماً اچھی مانی جاتی ہے۔ آنکھیں سرخ ہوں استری کی طرف طبیعت کا زیادہ لگاؤ رکھے۔ نو لوہات اور غذا شیریں سے رغبت رکھے اقبال مند ہو۔

بیساکھ
دولت مند غصہ ور طبیعت اور صاف دل ہو دوستوں سے ملاقات اور انکا عتاب کا شکار رہے جو قصد کرے اسے پورا کرنے پر مستعد رہے اقبال مند اور خود پسند بھی ہو تھوڑی سی بات پر بگڑ جائے۔ اقرار کا پابند ہو نیک و بد کی تمیز رکھنے والا ہو۔

جیٹھ
پردیس میں زیادہ رہے بڑا عقلمند و دانا اور سمجھدار ہو اور قانع متحمل مزاج اور صاف دل ہو دولت حاصل کرے اقبال مند زور آور۔ پاک جسم اور مزاج صفراوی ہو۔ بعض حالتوں میں تھوڑی بات پر گھبرا جائے دوست اس کے بہت ہوں زندگی خوشحال رہے۔ صحت اچھی رہے

ہاڑ
دھن دولت کا سکھ اور آرام کم پائے۔ عورت خوبصورت سے تعلق رہے اولاد سے آرام پائے آواز نرم اور آہستہ بولنے والا ہو۔ دولت باوجود کوشش اور تردد کرنے پر بھی حسب منشاء جمع نہ ہو سکے۔ سوچ وچار میں وقت زیادہ گذرے۔ بہت جدوجہد کے بعد کام پورے ہوں

ساون
نیک اور دھرم کے کاموں میں طبیعت کا رجحان زیادہ رہے سکھ۔ دکھ۔ نفع و نقصان ہر حالت میں مطمئن رہے اپنے مذہب پر قائم رہے۔ خوش وضع اور فربہ بدن ہو۔ شہوت زیادہ اولاد کا سکھ دیکھے۔ ہنر مند اور بات کا سچا ہو۔ سماج میں عزت پائے۔ بلغمی مزاج ہو۔

بھادوں
جسم خوش وضع اور فربہ بدن ہو شیریں گفتار اور شستہ مزاج ہو قول و اقرار پر پورا اترے امیر رئیسوں کے دربار میں اس کی قدر ہو۔ لوگوں میں مان اور عزت پائے۔ شوخ نظر والا اور زیادہ باتونی ہو۔ تھوڑی خلاف بات پر بگڑ جائے۔ عورت اور اولاد کا سکھ پائے۔ وعدوں کو پورا کرے

اسوج
تجارت اور زراعت سے تعلق رکھے۔ غلہ کے بیوپار سے زیادہ رغبت رکھے۔ دولت غلہ اور اسباب جمع کرے اقبال مند اور کنبہ پرور ہو۔ خیالات ہر وقت پوتر رکھے۔ دولت مند مغرور۔ صاحب علم اور شاعر بھی ہو۔ عیاش طبع ہو۔

کارتک
پیشہ ور۔ نیک صلاحکار اور خردمند ہو۔ تجارت اور خرید و فروخت میں اس کی رغبت زیادہ رہے عورت بیگانہ سے محبت رکھے سخت جان اور جفاکش ہو۔ دولت مند ہو۔ دنیاوی آرام و راحت معقول درجہ حاصل رہیں صحت جسمانی اچھی ہو۔

مگھر
دولت مند۔ زور آور اور صاحب اقبال ہو۔ خویش و اقارب کی پرورش کرے۔ دوست اس کے بہت ہوں۔ دھرم کرم میں زیادہ رغبت رکھے۔ حلیم مزاج پراکرمی اور باتیں آہستہ اور نرمی سے کرنے والا ہو۔ کار خیر میں سعی اور کوشش پر مستعد رہے۔

پوہ
شور ویر اور پرتاپ والا ہو طاقتور اور بہادر ہو اپنی کوشش اور قوت بازو سے معاش پیدا کرے۔ وشٹ پرورتی اور مدھم عمر ہو۔ خویش و اقارب کی پرورش کا بہت خیال رکھے۔ دولت مند اور مغرور طبیعت ہو۔ صحت اچھی رہے۔

ماگھ
دھن و دولت والا ہو صاحب اقبال اور حسین ہو دراز قد ہو مغرور اور خود پسند ہو نصیحت کسی کی قبول نہ کرے شور بیر کھوٹ جیت اور کامی ہو بر طاقت اور شباب پر مرنے والا ہو لڑائی جھگڑوں میں بہت ہوشیار اور خوش رہے۔

پھاگن
خیالات کو ہمیشہ شدھ اور پوتر رکھے بڑا اپکار کرنے والا دیاوان اور دھرم وچار رکھنے والا ہو پردیس میں زیادہ رہے طبیعت میں خود پسندی اور خودداری زیادہ رہے دنیاوی سکھ حاصل رہے دشمنوں پر غالب اور فتحمند رہے۔

بارہ لگنوں و راشیوں کے مختصر حالات

میکھ لگن کے حالات۔

جسمانی حالت۔ مولود خوبصورت اور جسم ہو۔ اعضاء سڈول۔ پیدائش متوسط حال خاندان میں ہو۔ جوں جوں عمر بڑے۔ خاندان کی مالی حالت بہتری کی طرف جائے۔ اوائیل عمر میں قرضہ اور تفکرات زیادہ۔ دامنگیر ہوں۔ مزاج غصیلہ اور تیز ہو۔

تعلیمی حالت و روزگار درمیانہ ہو۔ نشانہ بازی۔ تیر اندازی۔ سواری۔ اسپ و دیگر ہمچنیں شعبدہ جات میں اچھی مہارت و کمال حاصل کرے۔ حاکم وقت سے و راجدربار میں عزت و ناموری حاصل کرے۔ کسی اچھے عہدہ پر سرافراز ہو۔ خویش و اقارب سے ہمیشہ برگشتہ خاطر رہے۔ زر و مال کافی پیدا کرے۔ ۱۔ ۷۔ ۱۷۔ ۲۱۔ ۲۸ برس میں خونی امراض سے تکلیف اٹھائے۔ سفید مونگا پہننا بہتر ہو گا۔

برکھ لگن کے حالات :۔

مولود خوبصورت۔ جسمانی حالت درمیانہ روش کی ہو۔ ناک لمبا۔ آنکھیں بیھوی۔ رخسار و پیشانی جوڑے ہوں متحمل مزاج۔ سنجیدہ۔ کم گو ہو۔ دماغی قوت تیز ہو۔ تعلیم تسلی بخش ہو۔

(۲۷ سال کی عمر میں بھاگ اودے ہوتا ہے)

فلاسفی۔ ریاضی۔ تواریخ۔ علم ہیئت میں کافی دسترس ہو۔ خاندان میں اچھی پوزیشن ہو۔ رشتہ داران و عزیزان میں میل ملاپ پیدا کرنے والا۔ سوسائٹی اور برادری میں ہر دلعزیز ہو۔ بزرگوں کے ساتھ ادب سے پیش آئے۔ حصول زر بذریعہ ملازمت اخراجات ہو جائے۔ ۳، ۵، ۱۳، ۱۹، ۲۷، ۳۷، ۳۹، ۴۸، ۵۸ سال برائے کشت و اخراجات ضروری ہیں۔ شبھ نگ موتی ہے۔

متھن لگن کے حالات :۔

مولود خوبصورت ہو۔ دانشمند شیریں زبان ہو۔ تعلیم معیار بلند۔ تحریر و تقریر زبردست۔ اگر جوگ شکل یوگنی بھی ہمراہ ہو تو مولود پریس و پلیٹ فارم کے ذریعہ دھارمک۔ سوشل و پولیٹیکل معاملات کو کافی تقویت و اشاعت دے۔ متعدد بار حکومت وقت کے غصہ و قہر کا شکار ہو۔ زندانی تکالیف بھی اٹھائے۔ مالی حالت کو بھی نقصان عظیم ہو لیکن اپنے اصولات سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹے۔ زبان میں سوز و ساز بھرا ہو۔ مردہ دلوں میں آن واحد میں روح پھونک دے۔ دولت سایہ کی طرح پیچھے رہے۔ علم موسیقی اور یوگ ودیا میں بھی کچھ دسترس حاصل کرے۔

مولود ۲۔ ۶۔ ۸۔ ۱۰۔ ۱۶۔ ۲۸۔ ۳۸۔ ۴۸ برسوں میں روحانی اور جسمانی طور پر تکلیف اٹھائے۔

زندگی منجملہ ہمت' تیاگ' استقلال' صبر و قناعت کا آدرش جیون ہو۔ شبھ نگ ہرا پنا ہے۔

کرک لگن کے حالات :۔

جسمانی لحاظ سے مولود کمزور دلا غر اندام ہو۔ تعلیمی لحاظ سے کورا اور محروم رہے۔ عمر کا زیادہ حصہ جائے پیدائش سے دور پردیس میں بسر کرے۔ زراعت و بیوپار۔ لین دین ذریعہ معاش ہو۔ روپیہ کافی جمع کرے۔ لوازمات عیش و سامان خورد و نوش کا شائق ہو۔ اپنی آمدنی اپنے ہم نشینوں میں خرچ کرے۔ سخاوت و بخشش سے دست کشی دھارمک اصولات سے بے پرواہ۔ ماڈرن تہذیب کا دلدادہ۔ شہوانی جذبات کی تکمیل میں کوشاں۔ نتیجاً امراضا میں مبتلا۔ جلد ہی جوانی میں بڑھاپے کا دور دورہ ۵۔ ۱۱۔ ۱۴۔ ۱۶۔ ۲۰۔ ۲۴۔ ۳۱ سال تکلیف کے سال ہوتے ہیں شبھ نگ موتی ہے۔

سنگھ لگن کے حالات :۔

مولود خوبصورت' سڈول جسم' طاقتور' تعلیمی حالت درمیانہ' جنگی اوصاف سے بہرہ ور یوگ ودیا اور روحانیت میں دسترس ہو۔ حکومت وقت سے عزت و ناموری میدان کارزار میں شہرت حاصل کرے۔ روبی نگ پہننا اچھا ہو گا۔ شبھ نگ مانک ہے۔

استری خوبصورت' گھر میں پریم' سادھو' مہاتما کی سیوا' بھگتی سے دل معمور ہو۔ اولاد کی طرف سے دل متفکر۔ اولاد کا سکھ برائے نام ہو۔ ۳۔ ۵۔ ۱۰۔ ۲۶۔ ۲۷۔ ۴۶ میں بھیانک امراض کا حملہ۔

کنیا لگن کے حالات :۔

جسمانی طور پر قدر قامت تشکیل۔ خوبصورت ہو۔ تعلیمی حالت معمولی ہو۔ طبیعت نہایت شوخ واقع ہو۔ خود نمائی کا شائق' صنعت و حرفت ٹیکنیکل آرٹس میں تجربہ اور واقفیت اپنی لیاقت اور جدت سے نئی معلومات پیدا کرے۔ زندگی بھر میں کسی دوسرے کے سہارہ پر دار و مدار نہ رکھے بقول مہرشی جیمنی جی Cave of Gems. موتیوں کا گنجینہ۔ یعنی مولود کا دماغ نئی نئی ایجادات کا بھنڈار ہو۔ ۷۔ ۱۸۔ ۱۹۔ ۲۱۔ ۲۹۔ ۳۷۔ ۴۰۔ ۶۳ سال کی عمر میں تکلیف پائے۔ مفید نگ پنا ہے۔

تلا لگن کے حالات :۔

مولود صاحب اقبال ہو۔ پیدائش سے ہی گھرانہ کی حالت روبہ ترقی ہو۔ امراء راجگان کی محبت و قریب حاصل ہو۔ اپنے اعلیٰ اخلاق۔ لیاقت و تدبر سے دھن۔ دولت۔ مان و مرتبہ پائے۔ ایک شادی کا پورا سکھ نہ ہو۔ تین شادیاں ہوں۔ غیر ستورات سے بھی تعلقات پوشیدہ طور پر ہوں۔ دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے۔ تیرتھ یاترا سیر و سیاحت سے خوب لطف اندوز ہو۔ ۷۔ ۹۔ ۱۳۔ ۲۶۔ ۲۸۔ ۳۳۔ ۴۳۔ ۵۶۔ ۶۲ سالوں میں مہلک امراض سے تکلیف اٹھائے۔

برشچک لگن کے حالات :۔

مولود کے جسمانی نشو و نما اچھے ہوں۔ خویش و اقارب کی پرورش کرے۔ استری سکھ پورن ہو۔ استری خوبصورت و خوب سیرت ملے۔ ال سسرال سے زر و مال دستیاب ہو۔ خیالات منتشر و پراگندہ میں بھی بعض لوقات مبتلا ہو جائے۔ بچپن اور جوانی عیش و عشرت سکھ و آرام کے ساتھ بسر کرے۔ عالم پیری میں مزاج چڑچڑا ہو جائے۔ خبط الحواسی کا دورہ بھی اٹھے۔ ۴۔ ۶۔ ۹۔ ۱۲۔ ۱۸۔ ۳۸۔ ۴۷۔ ۵۶۔ ۷۲ سالوں میں بیماری سے تکلیف اٹھائے۔ مونگا شبھ نگ ہے۔

دھن لگن کے حالات :۔

مولود نیک طبیعت اور ملنسار ہو۔ سوسائٹی میں عزت و توقیر کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ حکومت وقت کا وفادار۔ علوم و فنون میں مکمل ہو۔ زیادہ تر یہ سلسلہ سفر ہے۔ ۱۲۔ ۱۵۔ ۴۰۔ ۶۲ سال جسم کو تکلیف کے

سال ہیں۔ زر و مال کا خرچ اور تکلیف اٹھائے۔ پکھراج نگ شبھ ہوگا۔

مکر لگن کے حالات :۔

جس شخص کی پیدائش مکر لگن میں ہو وہ شخص بلند قامت اور کثیر الاولاد ہوگا۔ مریض اور دکھی بہت رہے آنکھیں چوڑی ہوں۔ آنکھوں کے گرد کوئی سیاہ حلقہ بھی ہو یعنی بدکار لوگوں سے موافقت و صحبت رکھے۔ اپنے کام میں ہوشیار و خبردار ہو جس قدر دولت زیادہ ہو قناعت نہ کرے۔ طبعیت طالع اور نوکری ہو۔ کھوٹے کاموں کی طرف رغبت بہت رکھے۔ صابر اور مستقل خیال کا آدمی ہو بے صبر اور اپنے کو مفلس مشہور کرے۔ چہرہ کا رنگ اچھا ہو۔ پہلے اور دسویں برس تپ سے زبان اٹھائے۔ کھانسی کف اور وایو روگ اس کو زیادہ ہو۔ ۲۱،۲۰ برس کی عمر میں مسافت کرے۔ ۲۷ ویں برس کی عمر میں یہ سبب کسی زہریلے جانور مثل سانپ وغیرہ کے زندگی پر خطر ہو۔ متوسط حال ہو۔ زندگی کے ۲۵_۳۳_۳۵_۳۶_۴۲_۴۴واں سال ترقی دینے والا ہوگا۔

کمبھ لگن کے حالات

جس شخص کی پیدائش کمبھ لگن میں ہو وہ شخص متکبر اور مغرور طبعیت ہو۔ لوگوں پر ناجائز عیب اور تہمت دینے کا خیال رہے۔ چنچل سبھاؤ کومل بدن، کوتاہ قد اور متوسط شکل ہو۔ طبعیت ایک حال پر قائم نہ رہے۔ علم میں پورا نہ ہو۔ روزگار کی تلاش میں ہمیشہ مصروف رہے اولاد اس کی ناموافق خیالات ہو۔ عورت غیر کے عشق میں مبتلا رہے۔ خیالات ناجائز بہت رہیں۔ دوستوں سے محبت اور میل جول بہت رکھے۔ شکتی اور ہمت والا ہو۔ زراعت اور پیشہ تجارت خرید و فروخت میں اچھا فائدہ اٹھائے۔ ۱۱ ویں سال میں پیدائش سے تپ کے مرض میں مبتلا ہو۔ 19 ویں سال میں مرض بیہوشی میں گرفتار ہو۔ 42,36,28,25 واں سال بھاگیہ میں ترقی دینے والا ہوگا۔ آخر زندگی میں کچھ فکر ہو۔

مین لگن کے حالات

جس شخص کی پیدائش مین لگن میں ہو وہ شخص دولتمند اور خوبصورت بدن ہو خوشبو، عطریات اور سوگندھت پھولوں کا شوقین ہو عیاش اور شہوت پرست ہو۔ دولت جمع کرنے کیلئے کوشش بہت کرے۔ طبعیت نہایت طالع ہو بعض اوقات شکی مزاج ہو جائے وعدہ اقرار اور بات کا پورا نہ کرے۔ بڑے کام کے کرنے والا رشتہ داروں کا مشتاق ہو قوی جسم اور دلیر و بہادر ہو۔ امراض صفرادی سے اکثر تکلیف پائے۔ درد کان میں مبتلا ہو۔ ٹانگ میں لنگ یا کوئی نقص ہو۔ سونا۔ چاندی وغیرہ اسباب عشرت اس کو حاصل ہوں 50,38 سال کی عمر میں دمہ سل یا تپ دق کے مرض میں گرفتار ہو۔ زندگی متوسط حال میں بسر کرے۔ عمر کے 36,33,28,22 ویں سال اچھے رہیں۔ آخری عمر اچھی طرح گذرے۔

جب ہماری گھڑیاں بارہ بجاتی ہیں !

دنیا کے ہر ملک کا اسٹینڈرڈ ٹائم اپنا الگ ہوتا ہے۔ ایک ہی وقت میں مختلف ممالک کے سٹینڈرڈ ٹائم میں کئی گھنٹوں کا فرق رہتا ہے۔ مثال کے طور پر جب بھارت میں بارہ بجتے ہیں تو انگلینڈ میں صبح کے ساڑھے چھ بجے ہوتے ہیں اور پاکستان میں صبح کے ساڑھے گیارہ بجے ہوتے ہیں۔

نام ممالک	راجدھانی	سٹینڈرڈ ٹائم
بھارت	نئی دہلی	دوپہر ۱۲ بجے
امریکہ	واشنگٹن	صبح ایک بجکر ۳۰ منٹ
افغانستان	کابل	صبح ۱۱ بجے
آسٹریلیا	کینبرا	شام ۴ بجکر ۳۰ منٹ
آئرلینڈ	ڈبلن	صبح ۶ بجکر ۳۰ منٹ
انڈونیشیا	جکارتہ	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
انگلینڈ	لنڈن	صبح ۶ بجکر ۳۰ منٹ
اٹلی	روم	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
ایران	تہران	صبح ۱۰ بجے
اومان	مسکٹ	صبح ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ
کینیا	نرولی	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
کینڈہ	اوٹادا	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
ناروے	اوسلو	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
کویت	کویت	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
بنگلہ دیش	ڈھاکہ	دوپہر ۱۲ بجکر ۳۰ منٹ
کوریہ	سیول	شام ۳ بجکر ۳۰ منٹ
گریس	اتھنیس	صبح ۸ بجکر ۳۰ منٹ
زامبیا	لوساکا	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
قطر	عرب	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
برما	رنگون	دوپہر ایک بجے
پاکستان	اسلام آباد	دوپہر ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ
فرانس	پیرس	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
سوئٹزرلینڈ	جینوا	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
جاپان	ٹوکیو	دوپہر ۳ بجکر ۳۰ منٹ
چین	پیکنگ	دوپہر ۲ بجکر ۳۰ منٹ
روس	ماسکو	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
سعودی عرب	مکہ	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
تھائی لینڈ	بینکاک	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
ڈین مارگ	کوپن ہیگل	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
سنگاپور	سنگاپور	دوپہر ۲ بجے
ملیشیا	کوالمپور	دوپہر ۲ بجے
نیوزی لینڈ	ولنگٹن	شام ۶ بجکر ۳۰ منٹ
جرمنی	برلن	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
فلپائن	منیلا	دوپہر ۲ بجکر ۳۰ منٹ

ہندوؤں کے مشہور اور مقامی تیوہاروں کی مختصر کیفیت

لوہڑی	پوہ مسانت	موسم کی تبدیلی پر مکر سنکرانت کے ایک دن پہلے بھارت میں منائی جاتی ہے۔
مکر سنکرانت	کیم ماگھ (ماگھی)	اس دن چاول کھچڑی وغیرہ کا دان گنگا اسنان کا مہاتم گنگا ساگر میں ہوتا ہے۔
مون اماوس	ماگھ بد اماوس	اس دن گنگا اور تروینی ندیوں میں اشنان اور دان پُن کا بڑا مہاتم ہے۔
گنیش جنم چوتھ	" بدی چوتھ	اس دن گنیش جی کا جنم آدھی رات گزرنے پر چوتھ میں ہوا تھا۔
بسنت پنچمی	" شدی پنچمی	اس کو رشی پنچمی بھی کہتے ہیں۔ اس دن سرسوتی اور وشنو بھگوان کی پوجا ہوتی
اچلا ستمی	" شدی ستمی	اسکو سرسوتی ستمی بھی کہتے ہیں استریوں کو سوبھاگیہ دینے والی ہے پریاگ اشنان
بھیشم اشٹمی	" شدی اشٹمی	اس دن بھیشم پتامہ کی موت ہوئی۔ ان کے لئے شرادھ اور جل دان کیا جاتا
میلہ جینتی دیوی	" شدی چودس	یہ میلہ چنڈیگوھ کے پاس جینتی دیوی کے مقام پر بڑی دھوم سے منایا جاتا
سیتا جنم اشٹمی	پھاگن بد اشٹمی	اس دن سیتاجی کا جنم جنکپور میں ہوا تھا۔ استریوں کو نجی برت دھرم ملتا ہے۔
شورا تری	" بدی ۱۴	اس دن رات کو شوجی کا پوجن اور برت کرنے سے پاپ ختم ہوتے ہیں۔
میلہ بیجناتھ	" بدی اماوس	اس دن بیجناتھ ضلع کانگڑہ میں بھاری میلہ لگتا ہے۔ دُور دُور سے لوگ آتے
ہولی کتھ کا میلہ	" شدی پورنما	موسم کی تبدیلی اور پرہلاد بھگت کی یاد میں متھرا برندابن میں منایا جاتا ہے۔
ہولا	چیت بدی کیم	اس دن آنندپور میں بڑی دھوم دھام سے میلہ لگتا ہے رنگ پھینکا جاتا ہے۔
میلہ کنڈاں	" بدی چودس	یہ میلہ رام کنڈاں میں علاقہ مینڈھر پونچھ میں بڑی دھوم سے منایا جاتا ہے۔
چیت بہودہ	" بدی چودس	کوروکشیتر اور بلونڈی میں اس دُور دُور سے آکر لوگ اشنان کرتے۔
سرسوتی اشنان	" بدی اماوس	مصطفےٰ آباد ضلع انبالہ میں اس بھاری میلہ لگتا ہے اور لوگ اشنان کرتے ہیں۔
ست سر	" شدی کیم	اس دن بکری ست کا آغاز ہوتا ہے اور سب دیوتا سرشٹی کے کاموں میں لگ جاتے
گن گوری تیج	چیت شدی تیج	اس دن شوجی نے پاروتی کو سوبھاگیہ وردیا تھا عورتیں اس دن برت رکھتی ہیں
نوراترہ	چیت کیم تا نومی	ان دن شکتی کا پوجن کیا جاتا ہے۔ رامائن اور مہابھارت کا پاٹھ ہوتا ہے۔
میلہ منشا دیو	چیت شد اشٹمی	اس دن منی مجرہ ضلع انبالہ میں بھاری میلہ لگتا ہے اور خوب رونق ہوتی۔
شری جوالا ماتا	" شدی شٹمی	یہ میلہ جوالا مکھی ضلع کانگڑہ میں ہوتا ہے اور مندر میں بھینٹ چڑھائی جاتی ہے
رام نومی	" شدی نومی	پنروس نچھتر میں دوپہر کو رام چندرجی کا جنم ہوا سارے بھارت میں منایا جاتا۔
بیساکھی	کیم بیساکھ	گنگا اشنان کا بڑا مہاتم ہے پنجاب بھر میں خصوصاً امرتسر میں بھاری میلہ ہوتا
مہابیر جینتی	چیت شد ترودشی	سوامی مہابیر جی کی یاد میں یہ میلہ جین دھرم میں خاص طور پر منایا جاتا ہے۔
اکشے تیج	بیساکھ شد تیج	(تج قبل دوپہر لیں) اس دن گنگا اشنان جپ دان سے پاپ ختم ہوتے ہیں۔
پرشرام جینتی	" شدی تیج	رات کے پہر پرشرام جی کا جنم ہوا تھا۔ اس دن پرشرام جی کا پوجن ہوتا ہے۔
شنکر اچاریہ جینتی	" شدی پنچمی	اس دن شنکر آچاریہ جی نے اوتار دھارن کیا تھا۔ انکی یاد میں منایا جاتا ہے۔
گنگا جنم ستمی	بیساکھ شد ستمی	یہ دن گنگاجی کے جنم دھارن کی خوشی میں منایا جاتا ہے۔ گنگا اشنان کا مہاتم
گوتم جینتی	" " "	گوتم جی اس دن جنم ہوا تھا اور اسی دن ان کا پرلوگ گمن ہوا تھا۔ میلہ لگتا ہے۔
میلہ مہابیر جی	جیٹھ بد ایکادشی	یہ میلہ مہابیر سوامی جی کی یادگار میں اجودھیا میں خاص طور پر لگتا ہے۔
بھڈکالی ایکادشی	" بدی ایکادشی	یہ میلہ (پہلے لاہور) شیخوپور ضلع کپورتھلہ اور جالندھر میں منایا جاتا ہے۔
میلہ رنگناتھ	جیٹھ بد دوادشی	یہ میلہ بلاسپور ضلع شملہ میں بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔
گنگا جنم دسمی	جیٹھ شدی دسمی	اس روز ہردوار تیرتھ پر بھاری میلہ لگتا ہے۔
نرجلا ایکادشی	" شدی ایکادشی	اس دن برت رکھ کر دوسرے دن جل سے بھرا گھڑا سونا بھوجن کا دان۔
رتھ یاترا	ہاڑ شدی دوج	بھگوان کو سبھدرا سمیت رتھ میں بٹھا کر جگناتھ پوری میں یاترا کرائی جاتی ہے۔
دیوشنی ایکادشی	" " ایکادشی	اس دن بھگوان وشنو کشیر ساگر میں شین کرتے ہیں۔
بیاس پوجا	" " پورنماشی	اس دن بیاس دیوجی کا جنم ہوا تھا۔ گورو اور براہمن کا پوجن ہوتا ہے۔
سنکٹ چوتھ	ساون بد چوتھ	اس دن گنیش جی کا برت کرنے سے سب مرادیں حاصل ہوتی ہے۔
ناگ پنچمی	" " پنچمی	یہ چھت سے لی ہوئی چاہئے۔ اس دن ناگ سرپ کی پوجا ہوتی ہے۔
میلہ چھنجمانی	" " اشٹمی	چنت پورنی ضلع ہوشیارپور میں بھاری میلہ ہوتا ہے۔ دیدار کا مہاتم
رکھڑی	ساون پورنما	پراچین کالی میں دیواسر سنگرام میں رکھشا کیلئے بہنیں اپنے بھائیوں کے ہاتھ میں باندھتی تھیں۔
امرناتھ یاترا	" " پورنماشی	اس دن شوجی کی یادگار میں امرناتھ (کشمیر) میں بڑا بھاری میلہ ہوتا۔
رام بن	کیم بھادوں	یہ میلہ رام بن جموں میں ہوتا ہے۔ چندر بھاگا میں اشنان کا بڑا مہاتم ہے۔
کجلی تیج	بھادوں بد تیج	اس دن عورتیں نئے کپڑے اور زیور پہن کر جھولا جھولتی اور پریم کرتی ہے۔
سیتلا ستمی	" " ستمی	اس دن دیوی کا پوجن کر کے کنبہ کی رکھشا کیلئے پرارتھنا اور باسی بھوجن کرتے
کرشن جنم اشٹمی	" " اشٹمی	روہنی نچھتر اشٹمی تھی کو رات کے ۱۲ بجے متھرا میں کرشن کا جنم ہوا تھا۔
گوگا نومی	" " نومی	یہ میلہ ضلع کانگڑہ کے مختلف مقامات خصوصاً ہری پور میں دھوم دھام سے ہوتا
سورج چھٹ	" " چھٹ	اس دن برت دھارن کر کے سنتان کی لمبی عمر کے لئے دعا کی جاتی ہے۔
رادھا اشٹمی	" " اشٹمی	یہ دن رادھا جی کے جنم دن پر اور رشی کے جنم دن کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
مہالکشمی اشٹمی	" " "	اس دن مہالکشمی کے برت اور پوجن سے پاپوں کا ناش ہوتا ہے۔
اننت چودش	" " چودش	اس دن دریا وغیرہ میں اشنان کر کے اننت بھگوان وشنو کی پوجا کی جاتی ہے
میلہ باباسوڈل	" " "	اس دن سوڈل بابا کی سمادھی پر جالندھر میں ان کی یاد میں بھاری میلہ لگتا ہے
میلہ ستھرے شاہ	بھادو بدی اماوس	یہ میلہ باباجی کی یاد میں دہلی جمنا جی کے کنارے منایا جاتا ہے۔
مہالیہ اماوس	اسوج " "	اس دن نامعلوم تھی والے تیروں کا شرادھ اور پتروں کو تلانجلی دی جاتی ہے
نوراترہ	" شدی کیم	ان دنوں میں شکتی درگا پاٹھ اور پوجن کر کے پرشاد بانٹا جاتا ہے۔
مہانومی	" " نومی	اس دن دیوی پوجن کرنے سے مرادیں پوری ہو کر دشمن کا ناش ہوتا ہے۔
دجیادسمی	" " دسمی	یہ دن بھگوان رام چندرجی کی راون پر فتح کی یاد میں بھارت میں منایا جاتا ہے۔
شرد پورنماشی	" " پورنماشی	اسدن دودھ کھیر پھل سفید کپڑا چاندنی رات میں بھگوان ارپن کر کے لکشمی پوجا ہوتی
کرواچوتھ	کارتک بد چوتھ	یہ تیوہار عورتیں شری پاربتی جی کی تپسیا کی یادگار میں مناتی اور برت رکھتی ہیں
آہوتی اشٹمی	" " اشٹمی	اس دن دیوی کا پوجن اور سنتان کی لمبی عمر کے لئے دعا کی جاتی ہے۔
نرک چودس	" " چودس	اس دن برت کرنے سے من کے سب مرادیں پوری ہوتی ہیں۔
شری ہنومان جنم	" " "	منگلوار سواتی نچھتر میکھ لگن میں انجنی کے گربھ سے پون پتر ہنومان کا جنم ہوا
دیپمالا	" " اماوس	اس دن رام چندرجی بنباس سے اجودھیا واپس آئے تھے۔ لکشمی پوجا ہوتی ہے۔
ان کوٹ	کارتک شد کیم	اس دن گوردھن پوجا سے وشنو بھگوان خوش ہوتے ہیں۔
بھرا تری دوج	" " دوج	یمراج کا اپنی بہن جمنا کو ور تھا کہ اسدن جمنا میں اشنان کرنے پاپ ختم ہوتے
گوپ اشٹمی	" " اشٹمی	اس دن شام کے وقت پھولوں کا ہار گئو ماتا کے گلے میں ڈالکر اسے مٹھائی کھلاتے
میلہ رینکاجی	" " ایکادشی	یہ میلہ رینکاجی ہماچل پردیش میں ہوتا یہاں جمدگنی رشی تپ کیا تھا۔
پربودھنی	" " "	اس دن وشنوجی جاگرت اوستھا میں آتے پشکرراج اور گڑھ مکتیشور میں میلہ لگتا
کارتک اشنان	" " پورنماشی	گلوری کے دن مچھ اوتار ہوا تھا۔ گنگا اشنان کرنے پاپ دُور ہوتے ہیں۔
میلہ رام تیرتھ	" " "	سوامی رام تیرتھ کے جنم دن پر امرتسر میں بھاری میلہ لگتا ہے۔
بالمیک جنم	اسوج شدی "	رامائن کے رچیتا مہرشی بالمیک کا جنم دن اس دن بھارت میں بھر میں منایا جاتا
کال بھیرو اشٹمی	مگھر بدی اشٹمی	اس دن دوپہر کے وقت بھیروجی کا جنم ہوا تھا۔ اس کی پوجا ہوتی ہے۔
میلہ پرمنڈل	" " اماوس	یہ میلہ جموں سے ۲۴ میل دور پرمنڈل میں لگتا ہے۔ یہاں گپت گنگا بہتی۔
دتاترے جنم	" شدی پورنماں	دتاترے رشی کے جنم دن پر مہاراشٹر میں خاص طور پر منایا جاتا ہے۔
میلہ ہرولبھ	آخیر دسمبر	یہ میلہ جالندھر میں سنگیت میلہ کے نام سے منایا جاتا ہے۔
ایکادشی برت	بدی شد ایکادشی	ایکادشی کنیا نے وشنوجی کے شریر سے پرکٹ ہو کر مرنام راکشس کو مارا تھا
برت پورنماشی	پورنماشی سنکرنت	اس دن برت رکھنے سے منوکامنائیں پورن ہوتی ہیں۔ موکش حاصل ہوتی
گھڑی چپ	مگھر بدی اماوس	اس دن برت اور شوپاربتی کے پوجن سے دھن اور کل کی بردھی ہوتی ہے۔
گنیش چوتھ	بدی چوتھ	یہ برت ہر مہینے کی کرشن پکش کی چوتھ کو رکھنے سے منوکامنا پوری ہوتی ہے

پامسٹری

تصویر نمبر ۱

تصویر نمبر ۲

خطِ زندگی:- انگوٹھے کے قریب گیند کی صورت میں گول قوس کی طرح کا ہوتا ہے (تنی زندگی بھی کم ہوتی ہے اور یہ جتنا بڑا اور واضح ہوتا ہے۔ اتنی ہی اس کی عمر بھی طویل ہوتی ہے، شکل نمبر ۲ میں غور سے دیکھئے۔ صاف ظاہر ہے "اور اگر اسی خطِ زندگی کے ساتھ ایک اور خط اس کے متوازی ہو تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ شخص نہایت لمبا بحری سفر کرے گا (دیکھئے خطِ زندگی کے قریب ڈبل لائن آف زندگی) اور اگر وہ بڑا خط پورا انگوٹھے کے قریب روشن اور واضح ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص ضرور سفر سے اپنے شہر واپس آجائے (دیکھئے تصویر نمبر ۲) اگر خطِ زندگی ہاتھ سے گزر کر دوسری طرف چلا جائے تو معلوم ہونا چاہئے کہ اس شخص کی اس کے وطن سے دور دراز ملک میں موت واقع ہوگی۔

اگر خطِ زندگی درمیان سے قطع ہو جائے یا کسی جگہ سے ٹوٹ جائے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس کی عمر فلاں سال ختم ہو جائے گی۔ دیکھئے تصویر نمبر ۲۔

اگر بائیں ہاتھ کا خطِ زندگی قطع ہو اور دائیں ہاتھ کا خطِ زندگی ثابت ہو تو اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ شخص بڑی سخت اور مہلک بیماری سے تندرست ہوگا یعنی دوبارہ حیات حاصل کرے گا۔ اگر دونوں ہاتھوں کے خطِ زندگی قطع ہوں تو یقیناً اس کی زندگی ختم ہو جائے گی۔ زندگی کی لائن میں سے اندر کی لائن دیکھو اس کو خطِ تقدیر بھی کہتے ہیں۔ (تصویر نمبر ۲ میں دیکھئے) اگر خطِ زندگی کے قطع ہوئے حصے سے بھی صاف اور بغیر قطع گزر جائے تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ وہ شخص خوف ناک بیماری سے کسی خطرناک حادثہ سے کسی نہ کسی طرح بچ جائے گا۔

اگر یہ لائن یعنی زندگی کی ڈبل لائن میں سے اندر والی لائن ہاتھ کے دونوں طرف سے گزر جائے تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ کوئی خطرہ اس کو پیش آنے والا ہے۔ اور کوئی اس کو موت کی دھمکی دینے گا۔ اگر وہ خطِ زندگی کو کاٹ دے۔

اگر خطِ زندگی ایک زنجیر کی طرح ہو اور واضح اور صاف نہ ہو یعنی نقطے سے ہوں تو تم کو اندازہ لگا لینا چاہئے کہ اس شخص کی صحت عموماً خراب رہے گی جب تک کہ وہ زندہ رہے گا۔ اگر خطِ زندگی اور خطِ دماغ ہاتھ کے درمیان سے دو حصوں میں تقسیم ہو کر پھیل جائیں تو یہ اندازہ لگا لینا چاہئے کہ یہ شخص نہایت زیرک اور بڑا عقل مند ہے۔ اگر خطِ زندگی مدھم سا ہو تو یہ خراب صحت کی نشانی ہے۔ برائیوں کی نشانی خطرے کی نشانی ہے اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کے رشتہ دار اس کی زندگی میں کسی طرح کی مدد نہ کریں گے۔

اگر خطِ زندگی اور خطِ دماغ دونوں بہت کچھ ملے ہوں تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ وہ آدمی عقلمند ضرور ہے مگر خطروں کا اندیشہ ہے لیکن جاہل نہیں ہے۔ اگر خطِ زندگی ہاتھ کی ہتھیلی سے انگوٹھے کے قریب والے حصے کو اچھی طرح گھیرے (اس لائن کو ماؤنٹ آف وینس بھی کہتے ہیں) اور وہ جگہ تنگ نظر آنے لگے تو وہ شخص کبھی مشکل سے نہ گھبرائے گا۔ ایسے شخص کو محبت میں کبھی ناکامی نہ ہوگی اور اگر وہ کسی سے شادی کرے گا تو اس کے بچے نہایت سنجیدہ ہوں گے۔ برخلاف اس کے خطِ زندگی ہتھیلی میں سے گزر کر انگوٹھے کے باہر نکلے ہوئے خطوط کو روشن اور واضح کر دیتا ہے۔

خطِ دماغ:- خطِ دماغ جسے خطِ عقلِ انسانی بھی کہتے ہیں۔ ہتھیلی کے درمیان سے یعنی مشرق سے مغرب کی طرف جاتا ہے اس خط کے سبب کامیابی تجارت اور کرمینکل میٹر کی بابت سب کچھ معلوم ہو سکتا ہے (دیکھئے شکل ۲) اگر یہ خط نیچے کو کلائی کی طرف آتا ہوا نچلے حصے کی طرف جھکا ہوا ہو تو یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ شخص بڑا زیرک نئی نئی چیزوں کا موجد اور عجیب عجیب افسانے لکھنے والا اور مصوری کی قابلیت رکھنے والا ہوگا۔ شکل نمبر

اور نیچے کی طرف رخ کرتے ہوئے خصوصاً تھوڑی سی گولائی جیسے پہاڑ بلندی اور ہمدرد سطح کے درمیان ہو جو ہتھیلی کے سامنے ہو کر حد باہر گزر جائے وہ اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ وہ شخص زیرک اور با عزت ہے اور اس میں کچھ ذرا سی جھلک

خودکشی کی بھی پائی جاتی ہے۔

اگر یہ خط اوپر کی طرف سے چھوٹی اُنگلی کی طرف جائے تو یہ ظاہر کرتا ہے کہ کوئی شخص اس کا قدرتی دشمن ہے اور اس کا کوئی شخص انسانی لالچ یا کسی اور فائدے سے قتل کر دے گا اور یہ نشان خطرہ مصیبت خودداری کو بھی ظاہر کرتا ہے۔

جب خط دماغ خط زندگی سے جدا ہو جائے تو یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ وہ شخص اپنی بات اپنے تک محدود رکھنے والا ہے اور جلد باز و بھڑنیلا ہے لیکن جب خطوں کا فاصلہ زیادہ ہو جائے تو اس وقت وہ آدمی ناعاقبت اندیش اور جلد باز ہوتا ہے جب خطِ دماغ خطِ زندگی سے قریب ہو جاتا ہے تو اس وقت وہ یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ وہ خوددار نہیں ہے مگر وہ بہت زیادہ دانشمند ہوتا ہے۔

اگر ایک سیدھی لائن ہاتھ کی ہتھیلی کو قطع کرے یعنی ایک طرف سے دوسری طرف گزر جائے تو وہ شخص غیر معمولی دماغی طاقت کا مالک ہوتا ہے۔ وہ حکم چلا سکتا ہے، وہ اپنا کام خود اپنی عقل سے کر سکتا ہے اسی طرح خطِ دل جو انگلیوں کے نیچے ہوتا ہے یہ بھی ایسے ہی پیشن گوئیاں ظاہر کرتا ہے۔ خط دماغ جتنا قطع کرتا ہے بڑا اور روشن ہوتا ہے۔ اتنا ہی آدمی مستقل مزاج ہوتا ہے اور وہ بڑی سختی سے کام کرتا ہے جتنی لائن لمبی اور واضح ہوتی ہے اتنا ہی وہ شخص مستقل مزاج ہوتا ہے اور وہ اپنا کام کرنا خود پسند کرتا ہے۔

جب خطِ دماغ اور خط دل دونوں قریب قریب مل کر متوازی شکل میں سیدھے ہتھیلی کی طرف گزر کر دوسری طرف تک چلے جائیں تو وہ شخص اپنے عشق و محبت میں خوب ثابت قدم رہے اور یہ دوسرے کاموں میں بھی اسی طرح حصہ لے گا۔ ایسے آدمی جس سے محبت کرتے ہیں تو وہ اپنی محبت سالہا سال برقرار رکھتے ہیں۔ اور جس سے محبت ہو اس کے برسوں منتظر رہتے ہیں اور جس سے نفرت ہوتی ہے تو اس سے انتقام لینے کے لئے بہت عرصہ تک موقعہ کا انتظار کرتے ہیں۔

ایسے آدمی میں غیرت اور خود رائی اور خودداری بہت ہوتی ہے۔ اپنے کام انجام دینا بہت پسند کرتے ہیں۔

ہر بات میں اپنی رائے کو دیگر راؤں پر ترجیح دیتے ہیں وغیرہ وغیرہ دراصل یہ غیر معمولی بات ہے اس قسم کے آدمی سے لے کر ہزاروں کی تعداد میں مل سکتے ہیں۔ بعض اوقات یہ نشانی بھی ظاہر کر دیتی ہے کہ کوئی اس کا اچھا رفیق ہے۔

ہاتھ میں اس سے بھی اچھے اور مفید خطوط ہوتے ہیں۔ مثلاً خط قسمت خط کامیابی۔ ایسے عجیب خط رکھنے والے لوگ اپنی آرزو اور خواہشات کو پورا کر لیتے ہیں خواہ ان کی خواہشات ہو یا اور کوئی کامیابی کا راستہ ہو۔

یہ خط قاتل کے نشان کا ہے زیادہ واضح نہیں ہوتے جہاں خط دماغ اوپر کی طرف مڑ جائے یا اس کا رخ دل کے خلاف ہو جائے تو اس صورت میں وہ خط جو قاتل کی نشانی ہے اپنا اثر نہیں دکھاتا۔ بعض آدمیوں کے ہاتھوں پر بے شمار موٹے موٹے خطوط ہوتے ہیں جہاں پر کہ بڑے بڑے خطوط یعنی خطِ دماغ، خطِ دل، اور خط زندگی آپس میں اکٹھے ہو جائیں تو یہ ظاہر کریں گے کہ اس شخص پر زبردست خطرہ ہے یا اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کا کوئی بڑا دشمن اس کی موت کا باعث ہوگا۔ ایسی حالت میں وہ کبھی ٹلتا ہوا نظر نہیں آتا۔ ایسی حالت میں اکثر دیکھا جاتا ہے کہ وہ کوئی ایسا جرم کر گزرے گا جس کی وجہ سے اس کا سر قلم کر دیا جائے گا۔

خط دماغ کی تشریح:- خط دماغ یا خطِ عقل ایک بہت ہی ضروری نشانی ہے جو ہاتھ پر پائی جاتی ہے۔ خط دماغ کمپاس کی سوئی کی طرح ہوتا ہے اس لائن سے صحیح صحیح نتیجہ اخذ ہو سکتا ہے مگر آغاز میں مبتدی سے اکثر غلطیاں ہو جایا کرتی ہیں۔ میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ طلبا اس طرح غلطی کر جاتے ہیں۔ وہ سب سے پہلے خط کامیابی کو دیکھتے ہیں اور یہ معلوم کرتے ہیں کہ ان کی قسمت کیسی ہے اور وہ اس وقت خط دماغ جو کہ مدھم سا ہوتا ہے اس کو بالکل نظر انداز کر دیتے ہیں جس سے کہ کامیابی کی بابت بہت کچھ معلوم ہو سکتا ہے۔ اس طرح اور بھی بہت سی لائن ہیں جو کامیابی ظاہر کر دیتی ہیں۔

اگر طالب علم اس وقت اپنے دوسرے ہاتھ کے خط دماغ پر نظر ڈالے تو وہ اس قابل ہو جائے گا کہ وہ کامیابی کی بابت معلوم کر سکے۔

ذہانت اور دماغی طاقت سے کامیابی دور نہیں۔

زمانہ گزرتا جاتا ہے اس طرح انسان کے خیالات اور اس کی عقل میں بھی اختلاف پیدا ہو جاتا ہے عقل بڑھتی جاتی ہے سمجھ کا مادّہ زیادہ ہوتا جاتا ہے یہ تمام اختلافات انسان کی عقل اور اس کے خیالات کے ذریعہ ہوتے ہیں۔

بعض لڑکے دس سال کی عمر سے لے کر ۲۰ برس کی عمر تک کچھ غور ہی نہیں کرتے تو انکی تمام زندگی میں انقلاب پیدا ہو جاتا ہے اور ترقی کی راہ پر آجاتے ہیں اور بعض لڑکے جہاں ان کی عمر دس سال کی ہوئی انہوں نے غور کرنا شروع کیا تو اختلاف بھی شروع ہو گیا۔ خط دماغ میں بھی تبدیلی ہو گی اور ۲۵ سال کی عمر سے پہلے اس کے اختلاف اور ترقی کا زمانہ آجاتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس سے مستقبل کا حال تو ضرور معلوم ہو سکتا ہے مگر اچھی طرح توجہ اور دھیان کی ضرورت ہے۔

خط دماغ یا خط عقل ایک زبردست سبق ہے ہر معاملے کے لئے یہ ایک ضروری لائن ہے زبردست توجہ اس پر دینی چاہیئے اگر تم اس پر زیادہ دماغی طاقت صرف کرو گے تو جلد کامیاب ہو جاؤ گے۔

اگر دونوں ہاتھوں کا اچھی طرح موازنہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ بائیں ہاتھ کے نشانات پیدائشی ہیں اور دونوں ہاتھوں کے نشان زندگی کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ دونوں ہاتھوں کا ذرا سا فرق بھی اچھی طرح دیکھنا چاہیئے اور اس کو خوب یاد رکھنا چاہیئے۔ دونوں ہاتھوں بڑے غور و فکر اور توجہ سے مقابلہ کرنا چاہیئے ہر ایک لائن کا کسی نہ کسی جگہ پر خاتمہ ضرور ہوتا ہے انہیں لائنوں سے اپنی ہر قسم کی ضروریات کی بابت معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

خط دماغ کے ذریعہ دوسری باتیں بھی معلوم ہو سکتی ہیں مثال کے طور پر اگر تمہاری لائن نیچے جا کر بائیں ہاتھ پر ختم ہو جائے اور دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر سیدھی چل کر اس کو قطع کرے۔ ایسی حالت میں طالب علم گھبرا جائے گا اور وہ حیران ہوگا کہ آگے کے حالات کیونکر معلوم کرے؟ ایسی حالت میں اس لائن کو چھوڑ کر اپنے دماغ سے کام لے اور دوسرے خطوط کے ذریعے جو کچھ ہو سکے معلومات حاصل کرے پھر اس معلومات کی مدد سے آسانی سے اندازہ لگائے۔

طالب علم کو یہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے اس میں اوائل عمر ضرور صرف کر دینی چاہیئے کیونکہ خطوط کا بہت جلد علم نہ ہوگا۔ خط دماغ صرف تین جگہ آتا ہے۔

(۱) خطِ زندگی کے نیچے کی طرف (۲) خطِ زندگی سے ملا ہوا (۳) خطِ زندگی سے اوپر۔

اگر خط دماغ زیادہ روشن اور صاف ہو تو یہ بھی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ شخص اچھی عقل کا مالک ہے اور کاروبار خوب کر سکتا ہے اگر وہ جھکا ہوا ہو تو وہ شخص افسانہ نگار، راہبر، مصور اور اعلیٰ قابلیت کا مالک ہوگا۔

تفصیل حانکاری کے لیے ہندی یا اردو کی بڑی کتاب منگوائیں

بارہ گھروں میں نوگرہ کا مختصر پھلادیش

خانہ جات	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہو کیتو
خانہ اوّل	فکر طبیعت میں رنج خرچ کی زیادتی	دھن لابھ اور کوئی خوشی کا موقعہ ملے	دردسر آنکھوں میں تکلیف دل کو رنج و غم	دلیری، خوشی کلامکشاکشی آرام	ترقی ہنر حصول علم کا شوق مذہبی دلچسپی	راگ رنگ کا شوق دشمن کا ناش	جسم کو تکلیف تند مزاج۔ دل کو رنج	جسم کو تکلیف خرچ زیادہ دل کو رنج
خانہ دوم	مال دولت کیطرف فکر اور خرچ زیادہ	روزگار بہتر، تجارت سے فائدہ ہو	آمدن کم و خرچ زیادہ جسم روگی	زرومال کی ترقی اور ہر طرف فائدہ	زرومال کی بہتری سواری کا سکھ	دولتمند ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ	خرچ کی ترقی لابھ کم اور نقصان	دھن کا نقصان آمدن کم اور خرچ زیادہ
خانہ سوم	جانبور محبت دشمن پر۔۔ن دل کو خوشی آرام ملے	جسمانی آرام، بھائی سے محبت اور خوشی ہو	بھائیوں کا سکھ صاحب تدبیر و اقبال مند ہو	بھائیوں اور مخالفوں پر غالب رہے۔	بدرجہ اوسط فائدہ بھائیو کی طرف سے نااتفاقی	بھائیوں کا سکھ کمد شمنو پر فتحیابی اور غالب رہے	بھائیو سے خوشی روزگار میں فائدہ صحت اچھی	تندرستی اور فائدہ روزگار بھائیوں سے سکھ، خوشی لابھ
خانہ چہارم	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے جھگڑا	گردش زمانہ اور لڑائی جھگڑا و تکرار پیدا ہوں	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے تنازعہ	والدین سے رنج اور بگاڑ پیدا کریگا دھن کا خرچ بڑھیگا	خویش و اقارب بگاڑ ہر کام میں نقصان۔	والدین سے رنج، دشمن سے خوف زر کا نقصان	خوف دشمن لڑائی جھگڑا والدین سے رنج تکلیف	خوف دشمن والدین سے رنج لڑائی جھگڑا ہوگا۔
خانہ پنجم	اولاد سے رنج پہنچے مگر عقل کی ترقی ہو۔	بدرجہ اوسط فائدہ دھن کا سکھ، گھر میں مایوسی	زر کا خرچ کاروبار میں ہانی، اولاد سے رنج ہو	اولاد کی خوشی عزت کی ترقی اور اقبالمند ہو	اولاد کا سکھ اور خوشی شوہر کی طرف سے بہتری	اولاد کا سکھ کشائش رزق اور آرام ملے	اولاد کیطرف سے خوف دل کو فکر و رنج ہو	اولاد کیطرف سے رنج اور فکر و تکلیف پیدا ہو۔
خانہ ششم	دشمن کا ناش دلکو راحت اور کوئی خوشی ملے	دشمن کا خوف گردش میں مبتلا اور لڑائی جھگڑا	دشمن کا ناش دل کو خوشی ترقی رزق مرتبہ بلند	دشمن کا ناش اور بیماری کی شکائت رہے۔	خوف دشمن جسم کو تکلیف درد کمر کی شکائت۔	خوف دشمن دل کو رنج اور زر کا نقصان ہو	دشمن کا ناش دل کو خوشی حب مراد کامیابی	دشمن کا ناش دل کو خوشی اور آرام ملے۔
خانہ ہفتم	آزار کم عورت کو تکلیف اور دل کو رنج	بہتر روزگار خوشی کامیابی عورت سے محبت	عورت سے رنج تکلیف دلی۔ امیدوں میں کامیابی	عورت سے محبت و بہتر روزگار اور کشائش	عورت کا سکھ اور ہر طرح سے نئے کام میں فائیدہ	عورت کا سکھ بہت محنت سے فائدہ لابھ	عورت سے رنج غم اور تکلیف پہنچنے کا خوف	عورت سے راج و تکلیف اور گفتگو تنازعہ ہو۔
خانہ ہشتم	جسم کو تکلیف بیماری اور جدائی	ہر کام میں تکلیف خوف آزار کلیش	جسم کو کلیش دردسر اور دلکو رنج	جسم تکلیف اور بخار کی شکائت۔	شریر کو تکلیف اور فکر اندیشہ	طبیعت کو فکر کلیش شکم اور درد	آزار شکم اور تکلیف میں مبتلا	شریر کو کلیش امراض بادی و بواسیر
خانہ نہم	بدرجہ اوسط روزگار اور سفر دراز میں توجہ کم کرے	دلی مراد حاصل ہو اور دھرم کرم میں توجہ بڑے	بیماری مور دلکو غم اور دھرم کرم میں توجہ کرے۔	قسمت یاور اور روزگار اچھا۔ دھرم میں توجہ رہے۔	دوستوں سے ملاپ روزگار کی بہتری نیک کام میں توجہ	روزگار کی بہتری عبادت اور نیک کام میں توجہ ہو	بدرجہ اوسط فائدہ دھرم میں توجہ کم اور خرچ زیادہ ہو	کھوٹے کرموں میں رغبت اور کمینے خیالات پیدا ہوں۔
خانہ دہم	کشائش رزق راج دربار سے فائدہ	زرومال کی ترقی راج دربار سے فائدہ	تکلیف دور ہو۔ روزگار میں ترقی	عزت و مرتبہ بلند راجدربار کامیابی	مرتبہ زیادہ دشمن ناش اور کامیابی	دھن سکھ و راجدربار میں عزت	دلی مراد حاصل ہو امرتبہ زیادہ	بدرجہ اوسط فائدہ مگر سفر اور رنج۔
خانہ گیارہواں	دشمنوں کا ناش اور ہر طرح سے فائدہ ملے	حب المراد کامیابی اور کاروبار میں فائدہ	ہر طرح فائدہ ترقی روزگار حب المراد کامیابی ہو	ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ اور آرام ملے	ترقی اور مرتبہ بلند حب المراد کامیابی۔	دھن لابھ صاحب تدبیر اور مرتبہ بلند	ترقی روزگار ذی مرتبہ اور اقبال مند ہو۔	صاحب مرتبہ ترقی روزگار اور ناموری پیدا کرے
خانہ بارہواں	امراض چشم۔ دھن کا نقصان اور خرچ بڑھے	دل کو مایوسی اور زر کا نقصان ہو سفر پڑے۔	جسم کو تکلیف خرچ کی زیادتی دھن ہانی و رنج	دھن کا نقصان اور خرچ کی زیادتی رہے	شریر کو کلیش اور تکلیف خرچ زیادہ	زر کا نقصان خوف دشمن اور دلکو رنج	شریر کو تکلیف اور دھن کا نقصان	روزگار کا نقصان بیماری اور دشمنی پیدا کرتا ہے۔

دشا شول وچار

مندرجہ ذیل واروں اور نچھتروں میں ان کے سامنے والی دشا میں سفر کرنے سے دشاشول کا دوش لگتا ہے۔ ان دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشاشول کچھ حد تک دور ہو جاتا ہے۔ جیسے اتوار کو گھی سوم وار کو دودھ کھیر۔ منگلوار کو گڑ بدھ وار کو تیل وتِل ویروار کو دہی شکروار کو کچا دودھ یا جون سنیچر وار تل و ماش (اڑد) کو کھا کر اس دشا میں سفر کرنے سے دشاشول نہیں رہتا ہے۔

نقشہ دشاشول و نچھتر شول

نام وار	دشاشول	نچھتر خاص میں دوش
سنیچروار	مشرقی (پورب)	جیشٹا
منگلوار۔ بدھوار	شمال (اتر)	اترابھا لگنی
ویروار	جنوب (دکن)	پوربابھادریدا
شکروار۔ اتوار	مغرب (پچھم)	روہنی
بدھ وار۔ سنیچروار	مشرق شمال (پورب اتر)	جیشٹا۔ اترابھا لگنی
بدھوار۔ اتوار	شمال۔ مغرب اتر پچھم	اترابھا لگنی
سوموار ویروار	جنوب۔ مشرق۔ دکن۔ پورب	جیشٹا۔ پوربابھادریدا
ویروار شکروار	جنوب۔ مغرب۔ دکن۔ پچھم	روہنی۔ پوربابھادریدا

گھوڑے دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑا دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد۔ ڈبھرڑبا اور کالا۔ دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں۔ جس رنگ کی گولی نکلے اسی رنگ پر بازی کا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی اس رنگ کا گھوڑا نکلے گا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت
سورج	اتوار	سرخی	بدھ	بدھوار	ڈبھرڑبا	شکر	شکروار	سفید
چندر	سوموار	سفید						
منگل	منگلوار	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا

میری قسمت آج کیسی ہے

اگر کوئی ایسا سوال کرے کہ میری قسمت آج کیسی ہے تو ایسے پرشن میں سائل کے نام کے حرف شمار کر لو اور اس وقت چندرماں کو دیکھو کہ کس راشی میں ہے جس راشی میں چندرماں اس وقت پڑا ہو۔ اس کے اعداد بموجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد دیوم میں لکھے گئے ہیں۔ لے کر جمع کر لیں۔ بعد ازاں ۲ اعداد قانون کے اس میں اور زیادہ کر دیں اور پھر کل مجموعہ کو ۷ پر تقسیم کریں۔ اور اگر باقی ایک یا تین یا پانچ رہیں تو تمہارا طالع ابھی گردش میں ہے۔ اگر ۲ یا ۴ رہیں تو نحوست گذر گئی۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی امیدیں بر آئیں گی۔ اگر ۶ رہیں تو تمہارے دل کو دو ہم نے خراب کیا ہوا ہے اگر باقی صفر رہے تو تمہاری قسمت آج کل بعستہ ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالو گے اس میں نقصان اٹھاؤ گے اگر یقین نہ ہو تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے۔

چاروں یگوں کا بیان

چار یگ ایک بار گذر جانے پر برہما کا ایک دن ہوتا ہے۔ انہی دنوں کے پرمان سے برہما کی آیو سو برس کی ہوتی ہے۔ اس وقت برہما کی آیو پچاس برس گذر کر ۵۱ برس کے پہلے دن کا طلوع ہو کر ۱۳ گھڑی ۴۲ پل ۳ پل ۴۳ پرتی وپل گذر چکے ہیں۔ برہما کے ایک دن میں ۱۴ منو ہوتے ہیں اور ایک منو میں ۷۱ مہایگ ست یگ ہوتے ہیں۔

کارتک شدی نومی بدھوار کو پہلے شرون نچھتر بردھی یوگ میں ست یوگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی تھی۔ اس میں شری وشنو۔ متسیہ۔ کورم۔ وراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے۔ متسیہ نے ویدوں کے چور شنکھاسُر کو مار کر برہما کو وید لاکر دیئے وراہ نے جل ادھار کیا۔ کورم نے پرتھوی کی رکشا کی اور نرسنگھ ہرنیہ کشپ کو مارا۔ اس یگ میں منشیہ کی اوسط عمر ایک لاکھ سال تھی۔ بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ۲۱ ہاتھ تھی۔ چیہ ۲۰ دشوے تھے اس میں سورج گرہن بھی ۲۰ ہزار ہوئے۔

تریتا یگ

بیساکھ شدی تیج سوموار کے دوسرے پہر روہنی نچھتر شوبھن یوگ میں تریتا یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۲۹۶۰۰۰ برس تھی اس یگ میں تین اوتار وامن پرشورام اور رام چندر جی ہوئے ہیں۔ وامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیر میں جاپ کیا اور بعد میں راجہ کو پاتال کا راجیہ دیا۔ پرشورام نے گھمنڈی (کشتری) راجاؤں کو مار کر برہمن راجیہ قائم کیا اور رام چندر جی نے راون کو مارا۔ اس میں منش کی پورن آیو دس ہزار سال اور بالک اوستھا ایک ہزار برس تھی۔ اس میں چیہ ۱۵ اور دشوے ۵ تھے۔ شریر کی لمبائی ۱۴ ہاتھ تھی سونے کا سکہ چلتا تھا اس میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۰ ہزار ہوئے ہیں۔

دواپر یگ

ماگھ بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنشٹا نچھتر دریان یوگ میں دواپر یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۸۶۴۰۰۰ برس تھی اس میں بھگوان کرشن اور شری بلدیو نے دشٹوں کا ناش کر کے دھرم کا ادھار کیا۔ اس میں پورن آیو ایک ہزار سال اور بالک اوستھا ۱۰۰ سال تھی جسم کی لمبائی سات ہاتھ اس میں چیہ ۱۰ اور پاپ ۱۰ دشوے تھا اس میں اسوج گرہن ۲۴ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۶ ہزار ہوئے۔

کل یگ

بھادوں بدی تردوشی اتوار آدھی رات کے وقت اشلیکھا نچھتر، تی پات یوگ میں کل یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۴۳۲۰۰۰ برس کی ہے اس میں دو اوتار بدھ اور کلکی ہیں ان میں بدھ اوتار تو ہو چکے ہیں۔ جنھوں نے اہنسا کا پرچار کیا۔ منشیہ کی آیو ۱۲۰ سال اور بالک اوستھا ۱۰ سال ہے شریر کی لمبائی ۳ ۱/۲ ہاتھ ہے اس میں چیہ ۵ اور پاپ ۵ دشوے ہے۔ اس میں ۴۶ ہزار سورج گرہن و چندر گرہن ہوں گے اس یگ میں گنگا تیرتھ پردھان ہوگا۔ تانبے اور نکل کا سکہ چلے گا۔ راجیہ شاسن میں دھرم کا نام نہیں ہوگا۔ لوگوں میں پاپ ورتی اور بھرشٹاچار کی ماترا دھک رہے گی۔

اعداد یوم

نام مراد	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
اعداد	۵	۲۱	۱۴	۹	۸	۳	۱۱

علم ہندسہ کے ذریعہ اپنی قسمت معلوم کرنا

جن لوگوں کو اپنی پیدائش کا صحیح وقت، تاریخ یا سن وغیرہ معلوم نہ ہو تو وہ لوگ علم ہندسہ یعنی مول انک کے ذریعہ اپنے مقدر کا حال جان سکتے ہیں۔ نام راس اور نام کے اکھروں کی بنا پر اپنا مول انک جان کر چھپی ہوئی اپنی قوت (گنوں) کا صحیح طرح سے پتا لگایا جاسکتا ہے۔ اسی کے مطابق زندگی میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ مول انک جاننے کے لئے دو تین طریقہ استعمال میں لائے جاتے ہیں ان میں سب سے آسان طریقہ انگریزی زبان کی بنا پر مول انک معلوم کرنا ہے۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9
S	T	U	V	W	X	Y	Z	R
J	K	L	M	N	O	P	Q	I
A	B	C	D	E	F	G	H	

مثال کے طور پر اگر کسی کا نام راکیش کمار ہے تو اس کا مول ہندسہ اس طرح سے ہوگا۔

RAKESH KUMAR

RAKESH = 9+1+2+5+1+8 = 26 = 2+6 = 8

KUMAR = 2+3+4+1+9 = 19 = 1+9 = 10 = 1

مول ہندسہ (انک) 8+1 = 9

اس طرح راکیش کمار کا مول انک (ہندسہ 9 ہوگا) اسی سے اپنے نام کا مول انک جان سکتے ہیں۔

مول انک (۱) والے شخص

اس ہندسہ کی نمائندگی کرنے والا سورج (آفتاب) ہے۔ یکم ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصول اور وقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں۔ اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی سختی برداشت نہیں کر سکتے ہیں۔ انک یکم والوں کو اتوار، منگلوار، شکروار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔ ۱۹۔ ۲۲۔ ۲۸۔ ۳۱۔ ۴۹۔ ۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں۔ ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور ریت وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم (۲) کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے اس انک والے شخص یکم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت منترت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ۔ آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔ ۳۱۔ ۳۴۔ ۳۷۔ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔ انکو سوموار، منگلوار، اور شکروار مبارک ہوں گے۔

مول انک سوئم (۳) کا پھل

اس انک کا مالک برہسپت ہے اس انک والا شخص دھارمک۔ ایماندار، دیانتدار، دیا اور دھارمک اور اچھے کام کرنے والا ہوگا۔ ان کے لئے ویروار، اتوار اور سوموار مبارک ہوتے ہیں۔ قانون اور قاعدے کے پکے، اعلےٰ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان کے لئے منگلوار، ویروار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۳۰۔ ۳۸۔ ۳۹ اور ۴۵ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم (۴) کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے، اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی، بلند خیالات، تیز سبھاؤ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں۔ دولت زیادہ جمع نہیں کرپاتے۔ ۴۔ ۱۳۔ ۲۲۔ ۴۔ ۵۸۔ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہونگے۔ سنیچر، اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنچم (۵) کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھرتی سے کام کرنے والے جلد باز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں ڈھل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔ ۲۵۔ ۳۴۔ ۴۱۔ ۵۱۔ ۵۷ ہوتے ہیں۔ بدھوار اور شکروار کا دن اور سفید، ہرا رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے۔ پنا پتھر دھارن کرنے سے فائدہ ہوگا۔

مول انک ششم (۶) کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹوگرافی، مصوری اور خوبصورتی کو چاہنے والے اصول پسند اور خیالات میں گم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل۔ جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہفتم (۷) کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بھاؤک ردوبدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں۔ تنتر اور جادو ودیا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوبصورت کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سوموار، اتوار کے دن اور ہرا رنگ مبارک ہے۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۳۴۔ ۴۲۔ ۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہشتم (۸) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بیوہار کرنے میں ہوشیار، دوراندیش بڑے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور ناواجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جدوجہد پسند، دوراندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوموار سنیچروار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متفق رہتے ہیں۔ زندگی کا ۲۶۔ ۳۳۔ ۳۵۔ ۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مول انک نہم (۹) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو، خوددار بڑے محنتی۔ تیز مزاج مگر رحمدل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگلوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال و گلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ گوڑھ تانترک ودیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۲۷۔ ۳۱۔ ۳۶۔ ۴۵ اور ۶۳ ویں سال خاص طور پر زندگی میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

آپ کی زندگی اور رنگ

جس طرح رتنوں میں مبارک اور خوشحال بنانے کی خوبی ہوتی ہے۔اسی طرح کچھ خاص رنگوں کا بھی انسانی زندگی پر ضرور اثر پڑتا ہے۔یہ سارا نظارہ ہی رنگوں کا ایک میلہ اور خوبصورت چمن ہے۔پانی جیسی کچھ گنی چنی ہی چند ایک چیزیں ہوں گی جن کا اپنا اصلی رنگ نہ ہو۔جن جن چیزوں میں ان کو ڈالا یا ملایا جاتا ہے۔ان ان چیزوں کے رنگ اختیار کر لیتی ہے۔

نظارہ میں چھ رنگ اہم ہیں۔

۱۔کالا ۲۔نیلا ۳۔ہرا ۴۔پیلا ۵۔سفید ۶۔لال ان کے علاوہ کتھئی، گیروا، جامنی وغیرہ رنگ بھی دکھائی دیتے ہیں۔لیکن یہ سبھی اوپر بتائے ۶ رنگوں میں سے کسی دو رنگوں کو ملا کر تیار کئے جاتے ہیں۔ہر ایک رنگ کی خوبی کیا ہے اس کے مفصل بیان مندرجہ ذیل ہیں۔

کالا۔جن کا بھاگیہ انک ۹ ہو گا ان کے لئے کالا رنگ فائدہ مند ہے۔ایسے آدمیوں کو کالا رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔مبارک تاریخیں ۹، ۸، ۱۸ اور ۲۷ ہیں۔کم سے کم ان تاریخوں پر تو کالے کپڑے ضرور پہنیں۔کالے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۶ انک والے آدمیوں کے ساتھ کسی طرح کا میل نہ رکھیں۔

نیلا۔جن کا بھاگیہ انک ۳ آتا ہے ان کے لئے نیلا رنگ فائدہ مند ہے نیلا رنگ کا قمیص تو ضرور پہنیں۔انہیں ۳، ۱۲، ۲۱ اور ۳۰ ان مبارک تاریخوں پر تو نیلے رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔ نیلے رنگ کی سیاہی کا استعمال کریں۔نیلے رنگ کی مٹھائی کھائیں دیوتا کو نیلے رنگ کے پھول چڑھائیں۔ ۹ بھاگیہ انک والے آدمیوں سے میل جول نہ رکھیں۔ان کو شنی کے رتن کا استعمال کرنا بھی فائدے مند رہے گا۔

ہرا۔جن کا جنم انک ایک ہے ان کے لئے ہرا رنگ فائدے مند رہے گا۔ان کی مبارک تاریخ ۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ ہے۔ان تاریخوں پر ہرے رنگ کے کپڑے ضرور پہنیں۔ہری تلی بھاجی، ہرے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۷ بھاگیہ انک والے آدمیوں کے ساتھ میل جول نہ رکھیں کامیابی حاصل نہیں ہو گی۔پنا رتن کا استعمال کریں۔دولت ملے گی اور کاروبار میں برکت ہو گی۔

پیلا۔جن کا بھاگیہ انک ۴ آتا ہے ان کے لئے پیلا رنگ فائدہ مند ہے۔پیلے رنگ کے کپڑے پہنیں ۴، ۱۳، ۲۲ ان کی مبارک تاریخیں ہیں۔ان دنوں پیلے کپڑے ضرور پہنیں۔جن کے بھاگیہ انک ا ہے ان کے ساتھ میل جول نہ رکھیں۔پکھراج رتن کا استعمال کریں۔

سفید۔جن کا بھاگیہ انک ۸ ہے ان کے لئے سفید رنگ فائدہ مند ہے ۸، ۱۷، ۲۶ مبارک تاریخ میں سفید کپڑے ضرور پہنیں۔دودھ چاول دہی کھائیں اچھدر موتی کی انگوٹھی پہنیں فائدہ ہو۔جن کا بھاگیہ انک ۵ ہے ان لوگوں سے کسی طرح کا میل ملاپ نہ رکھیں بے عزت ہونا پڑے گا۔انگوٹھی کے استعمال سے بڑا پن اور دھن بھی ملے گا۔

آپ کا بھاگیہ (نصیب) کب طلوع ہو گا؟

۱۔بھاگیہ کا مالک دھن بھاؤ میں خزانے کے گھر کا مالک بھاگیہ کے خانے میں گیا ہو تو ۳۲ ویں سال کے بعد بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۲۔بھاگیہ کا مالک بھاگیہ کے خانہ میں ہو۔اور بدھ پراودچیہ راشی میں گیا ہو تو ۳۶ ویں سال کے بعد بھاگیہ کا طلوع ہو گا۔

۳۔برہسپت بھاگیہ کہ مقام میں گیا ہوا ہے اور اس کا مالک کا کیندر (۱،۴،۷،۱۰) میں ہو تو ۴۰ ویں سال میں بھاگیہ کا طلوع ہو گا۔

۴۔بھاگیہ کا مالک سورج ہو تو ۲۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۵۔بھاگیہ کا مالک چندرماں ہو تو ۲۴ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۶۔بھاگیہ کا مالک منگل ہو تو ۲۸ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۷۔بھاگیہ کا مالک بدھ ہو تو ۳۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۸۔بھاگیہ کا مالک برہسپت ہو تو ۱۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۹۔بھاگیہ کا مالک شکر ہو تو ۲۵ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۱۰۔بھاگیہ کا مالک سنیچر ہو تو ۳۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

۱۱۔بھاگیہ کا مالک راہو ہو تو ۴۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہو گا۔

نوٹ۔اوپر لکھے یوگوں کے علاوہ اپنی دشا۔انتر دشا اور گوچر گرہوں کا خیال بھی کر لینا چاہئے۔

گرہوں کی دوستی و دشمنی کا بیان

کنڈلی میں جو گرہ جن استھان پر ہوتا ہے وہ اُس استھان سے دوسرے تیسرے چوتھے دسویں اور گیارہویں بارہویں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال متر ہوتا ہے اِس کے برعکس دوسرے استھان میں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال شترو کہنا چاہئے اگر کوئی گرہ تت کال متر ہوتا ہے نقشہ ذیل کے مطابق اُس کے گھر میں پایا جائے تو وہ دِلی متر اس کا نہایت دوست کہلاتا ہے۔ اِسی طرح شترو تت کال ہوتا ہے۔ اگر نقشہ میں شترو پایا جائے تو نہایت دشمن کہلاتا ہے۔ اگر متر ہو تو نہایت متر کہلاتا ہے۔

نام گرہ	سورج	چند	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
دوست گرہ	چندرماں منگل	سورج بدھ	سورج چندرماں برہسپت	سورج شکر منگل	سورج چندرماں منگل	سنیچر بدھ راہ	شکر بدھ راہ	سنیچر بدھ شکر	سنیچر بدھ شکر

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
مساوی گرہ	بدھ	شکر منگل برہسپت	شکر سنیچر	برہسپت سنیچر منگل	سنیچر راہ	منگل برہسپت	برہسپت	برہسپت	برہسپت
دشمن گرہ	شکر سنیچر راہ	راہ کیت	بدھ راہ	چندرماں	شکر بدھ	سورج چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں

گرہوں کی نظرات (دریشٹی) کا بیان

کنڈلی کے اندر جس جس گھر میں گرہ پڑے ہوتے ہیں وہاں سے تیسرے دسویں بھاؤ میں اُن کی چوتھائی درشٹی ہوتی ہے۔ پانچویں نانویں بھاؤ میں آدھی ساتویں بھاؤ میں پورن درشٹی بھی جاتی ہے چوتھے آٹھویں تین پاؤ ۳/۴ درشٹی جیوتش شاستر میں کہی ہے۔ برہسپتی جس گھر میں ہوتا ہے اُس گھر سے ترکون بھاؤ پانچویں نانویں خانہ میں اُس

نام گرہ	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ کیت
درشٹی خانہ	-	-	-	-	-	-	-	-
خانہ سوم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن	۱/۴
خانہ چارم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴
خانہ پنجم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	-
خانہ ہفتم	پورن	نظر کامل	کامل	پورن	پورن	پورن	کامل	پورن
خانہ ہشتم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	-
خانہ نہم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	-
خانہ دہم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن

کو پورن درشٹی ہوتی ہے۔ شنی کی اپنے استھان سے تیسرے یا دسویں اور منگل چوتھے اور آٹھویں استھان میں پورن درشٹی کہی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ باقی سب گرہوں کی درشٹی تیز شنی منگل اور برہسپتی کی درشٹی بھی اپنے استھان سے ساتویں استھان پر پورن درشٹی مانی ہے۔

شرف وہبوط سیارگان

شرف یعنی اوچہ اور ہبوط یعنی نیچ سے متصور ہے۔ جرگرہ اپنی راشی یا خانہ شرف میں وقت مطلوب کے ہوتا ہے طاقتور اور بلوان ہوتا ہے اور ثمرہ نیک ظاہر کرتا ہے جو ستارہ خانہ ہبوط نیچ راشی میں واقع ہوتا ہے وہ ناطاقت اور کمزور ہوتا ہے اور اُس کے گھر کے منسوبات سمجھ پریشان کرتا ہے نقصان پہنچاتا ہے۔ گرہوں سے شرف وہبوط کا دو چار رنج ہے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
شرف اوچہ راشی	میکھ	برکھ	مکر	کنیا	کرک	مین	تلا	کنیا	مین
اوچہ درجہ	۱۰ درجہ	۳ درجہ	۲۷ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ
ہبوط نیچ راشی	تلا	برچھک	کرک	مین	مکر	کنیا	میکھ	دھن	متھن
نیچ درجہ	۱۰ درجہ ۱۸	۳ درجہ	۲۸ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۷ درجہ	۲۰ درجہ	۳۰ درجہ	۲۲ درجہ

مکیت اور وبال سیارگان

کنڈلی میں گرہ پڑے ہیں ان کو دیکھنا چاہئے کہ وہ خانہ خود یا خانہ وبال یا اوچہ نیچ راشی میں پڑا ہے۔ پس جو گرہ جس گھر کا مالک ہے۔ اس سے ساتواں گھر اُس کا وبال یعنی ناقص ہوتا ہے۔ جیسے سورج کا سنگھ راس اپنا گھر ہے سنگھ سے شمار میں ساتویں راس کنبھ ہے جو سورج کے لئے وبال راشی ہے۔ اس لئے اس میں ہبوط ستارہ مثل حیران اور بیقرار رہے اور جو برج جس ستارہ کا ہو وہ شرف ہوتا ہے۔ اس سے ساتواں گھر اس کا ہبوط یعنی نیچ ہے۔ جیسے سورج کا میکھ شرف ہے اور میکھ سے شمار میں ساتویں راس تلا ہے جو سورج کی ہبوط یعنی نیچ راشی ہے۔ پس اِس طرح سے ہر ایک ستارہ کا اُوچ نیچ اور خانہ وبال وغیرہ کو دیکھنا چاہے۔

نام گرہ	سورج	چند	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیتو
خانہ عروج	سنگھ	کرک	میکھ برچھک	متھن کنیا	دھن مین	برکھ تلا	مکر کنبھ	متھن کنیا	متھن کنیا
خانہ وبال	کنبھ	مکر	تلا برکھ	دھن مین	متھن کنیا	برچھک میکھ	کرک سنگھ	دھن مین	دھن مین

ذہنی اور جسمانی تندرستی کیلئے یوگ اور پرانایام کی اہمیت

پرانایام کی مشق میں فائدے

پرانایام آجیات کی طرح مفید ہے۔ گھی دُودھ پھل اور دیگر مقوی اغذیہ سے انسان کو اتنا فائدہ نہیں پہنچتا جس قدر پرانایام سے پہنچتا ہے۔ اس میں خرچ ایک پائی کا بھی نہیں ہوتا۔ اس کے کرنے سے فائدے بیشمار ہیں۔ پیٹ کے درد، بدہضمی کی شکایت اور کمی اشتہاء کا یہ دشمن ہے۔ کھانسی دمہ اور تپ دق اس کے نام سے دور بھاگتے ہیں۔ کمزوری بددلی اور سستی پرانایام کرنے والے کے پاس پھٹکتی نہیں ہے۔ پرانایام ریاضت اور روشن ضمیری کی برداست طاقت ہے۔ اس کی روزانہ بلاناغہ مشق کرنے سے شاید امراض دُور ہوجاتے ہیں۔ جسم بالکل تندروست ہوجاتا ہے۔ اگر تندروست آدمی کرے تو۔ اس کی عقل طاقت جلال اور عمر میں ترقی ہوتی ہے۔ یہ کم سبھی کی بات ہے کہ اس کے کرنے سے کبھی بھی بڑا نقصان ہوجاتا ہے۔ پرانایا سے نقصان بھی کسی حالت میں جرا سا بھی نہیں ہوتا۔ شری بھگوت گیتا میں لکھا ہے کہ دولن کی ماں عقل ہے۔ جس کی عقل جتنی ہی تیز اور صاف ہوگی اُسی قدر علم اُسی قدر دولت وہ شخص پیدا کریگا۔ اس عقل کو ظاہر کرنے والا اجلا دینے والا پرانایام کی طرح کا دوسرا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ اس لئے انسان اور کچھ کرے یا نا کرے لیکن پرانایام ہر ایک آدمی کو روزانہ ضرور کرنا چاہئے۔

پرانایایعنی ضبط انفاس کی مشق

علم تنفس کو پرانایام یعنی مشق ضبط انفاس بھی کہتے ہیں۔ شخصی مقاطیس یا بسی کرن کی طاقت حاصل کرنے کا یہ ایک نہایت اعلےٰ اور زبردست طریقہ ہے۔ اس مشق میں اعصاب کی مکمل صفائی ایک ماہ یا اس سے کچھ زیادہ عرصہ میں ہونے لگتی ہے۔ پانچ یا چھ ہفتے کی مشق کے بعد جسم ہلکا معلوم ہونے لگ جاتا ہے۔ سستی اور کاہلی دُور ہوجاتی ہے۔ ہر عضو میں چستی آجاتی ہے۔ بشاشت دل میں مسکن بنالیتی ہے۔ اور جسمانی حالت میں ایک انقلاب عظیم واقع ہوجاتا ہے۔ اس مشق میں بعض مرطبہ ایسا بھی معلوم ہونے لگتا ہے کہ بڑی عمدہ خوشبو کسی طرف سے آرہی ہے۔ حالانکہ خوشبو کا کہیں وجود بھی نہیں ہوتا۔ اسکی مشق سے انسان کو دُوسرے کے دل کا حال معلوم ہوجاتا ہے۔ جس کی خبر خد اس کی جات کو نہیں ہوتی۔ اُس کی بدولت آپ تمام دُنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام میں ضروری باتوں کی پابندی

پرانایام کی مشق میں جس کے لئے گھی دودھ وغیرہ طاقتور چیزوں کے کھانے کا مناسب انتظام نہ ہو۔ اس کو بہت زیادہ پرانایام نہ کرنا چاہئے کیونکہ پرانایام سے آکسیجن نامی ہوا اندر جاتی ہے۔ جو سائنس دانوں کے اصول کے مطابق آگ کا جزو ہے۔ یہی ہوا حرارت کو تیز کرتی ہے۔ یہی ہوا سب امراض کو دُور کردیتی ہے۔ اس عمل میں اگر گھی دُودھ نہیں کھایا جائیگا تو پرانایام سے سر درد وغیرہ خشکی کی خرابیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اس سادھن میں ایک بات اور بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ داہنے نتھنے سے نکلا ہوا سانس گرمی پیدا کرتا ہے۔ اور بائیں طرف سے سردی کی حرارت پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے جس وقت گرمی زیادہ معلوم ہو تو داہنے نتھنے سے سانس کھینچ کر بائیں طرف نکال دینا چاہئے۔ اگر سردی زیادہ ہو تو بائیں سے کھینچ کر داہنے نتھنے سے خارج چاہئے۔ منہ کے ذریعہ سے بھی سانس باہر نکال دینا اچھا ہے۔ لیکن کھینچنا ہمیشہ ناک کے ذریعہ اچھا ہوتا ہے۔ کیونکہ ناک کے چھیدوں میں جھلی ہے۔ جس میں سے ہوا چھن کر اور صاف ہو کر اندر پہنچتی ہے۔ جو ہوا ہمارے اندر بھری رہتی ہے۔ وہ گندہ نا صاف بیماری پیدا کرنے والے اور بالکل نقصان دہ ہوتی ہے۔ اس کو باہر نکال دینا اور صاف ہوا جسم میں جس قدر ممکن ہو بھر دینا ہی پرانایام کا خاص مقصد ہے۔ اسی لئے جنگل تالاب باغ باغیچہ وغیرہ مقامات پر جہاں صاف اور پاک ہوا کسرت سے دستیاب ہوسکے۔ پرانایام کرنا خاص طور پر مفید ہوتا ہے۔

پرنایام کے سلسلے میں چند ضروری مشقیں

پرانایام کے سلسلے میں اب ہم ایسی چند مشقوں کی حدایت کریں گے جن سے قواء جسمانی اور روحانی انکشاف میں طاقت اور توانائی حاصل ہوتا ہے اسی مشق میں دماغ اور پٹھے دونوں چیزوں سے کام لیا جاتا ہے۔ وہ خیالات جو روشن ضمیری اور انکشاف تلب میں پراگندہ اور منتشر کرنے والے ہوتے ہیں۔ دماغ سے خارج ہوجاتے ہیں۔ ان مشقوں میں اور ریاضت پرانایام میں فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں دماغ سے بھی قریب قریب اسی قدر کام لیا جاتا ہے جتنا پٹھوں سے لیا جاتا ہے۔ اسی میں یکسوئی اور قوت ارادی دونوں کی مشق ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ یہ دونوں ایسی چیزیں ہیں جن کے بغیر ہر ایک طریقہ ریاضت بالکل بے سود ہوتا ہے۔ ان مشقوں میں دماغ کو یکسو کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ جب تک دماغی یکسوئی نہ ہوجائے۔ اس وقت تک ان کو عمل میں لانا منع ہے۔ ان ریاضتوں کے کرنے سے کھوئی ہوئی تندرستی واپس ملتی ہے۔ اور ساری دماغی اُلجھن دور ہوجاتی ہے۔

پرانایام کے سلسلے میں پہلی مشق

جن شخصوں کے کمزور معدے ہیں۔ وہ سیدھے کھڑے ہو کر بازوؤں کو اس طرح پھیلا دیویں کہ وہ ایک خط مستقیم میں رہیں۔ اس کے بعد اپنے سارے جسم کو بائیں طرف موڑ کر گھما دیویں۔ پاؤں کی حرکت اس مشق میں ایک ہی جگہ بے جنبش رہے۔ اس کے بعد پھر پہلی مرتبہ کی مانند دائیں طرف کو بدن موڑ لیویں۔ یہ جسم کا دائرہ حرکت کئی مرتبہ عمل میں لانا چاہئے۔ اس مشق میں پاؤں کی حالت میں

فرق نہ واقع ہونے پائیں۔ وہ ایک ہی جگہ پر قایم رہیں۔ اس عمل کے دوران میں تمہیں برابر اس خیال پر طبیعت کو یکسو کرنا چاہیے۔ کہ تمام تو او ہاضمہ میں حرکت ہو رہی ہے۔ اور ان کو نہایت سرعت کے ساتھ فائیدہ پہنچ رہا ہے۔

دوسری مشق

اس مشق سے تمام پٹھوں کی ورزش ہو جاتی ہے۔ یہ مشق بہت آسان ہے اور ساتھ ہی ساتھ نفیس بھی ہے۔ اس مشق سے اپنے دونوں پاؤں ایک ساتھ جوڑ کر اور ہاتھوں کو ران پر رکھ کر سیدھے کھڑے ہو جاؤ۔ اس کے بعد رانوں کو جھکا کر جسم کو رفتہ رفتہ نیچے لے آؤ۔ اس مشق کے ساتھ اپنے دل میں اعصاب کا تصور کرتے رہنا اور تمام طاقت خرچ کر کے اُن پر زور پہنچانا چاہیئے۔ اس کے بعد پھر پہلی سی حالت قایم کرو۔ یہ ہی عمل متواتر جاری رکھو جب تک تھک نہ جاؤ۔ اس مشق سے دل میں یہ تصور کرو کہ ہر ایک پٹھے کے متعلق اس میں حرکت ہو رہی ہے۔

تیسری مشق

اس مشق میں پوری طاقت سے کام لیکر گہری سانس لی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں صاف ہوا بھر جاتی ہے۔ اس کے بعد اتنی ہی طاقت سے سانس کو باہر نکالنے میں جس سے پھیپھڑے بالکل خالی ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح سانس کی اندرونی اور بیرونی کشید متواتر جاری رہنے سے خون میں ایک نہیں حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ خون تمام جسم میں دور جاتا ہے۔ اور جراثیم امراض دُور ہو جاتے ہیں۔ اس میں محض دریا یا کسی اور چیز کی طرف رُخ کر کے جدھر سے صاف ہوا آرہی ہے۔ اسی طرح کھڑے ہوتے ہیں۔ کہ سینہ ابھرا ہوا رہے اس کے بعد نتھنے کے ذریعہ سے آہستہ آہستہ حتےٰ المکان بڑی دیر تک ایک نہایت سانس کھینچی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں ہوا جمع ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد فوراً ہی آہستہ آہستہ حتےٰ المکان پوری ہوا باہر نکال دی جاتی ہے۔ یہ مشق نہایت سادا ہے اور اس میں ذرا بھی وقت نہیں واقع ہوتی۔ اس کو عمل میں لانے سے انسان کی تندروستی میں اضافہ ہوتا ہے۔ عمراض کہنے کے جراثیم مرجاتے ہیں۔ اور قسم قسم کی بیماریاں دُور ہو جاتی ہے۔

چوتھی مشق

جس جانب سے صاف ہوا آرہی ہے۔ اُدھر منہ کر کے سیدھے بیٹھ جاؤ اگر پدم آسن سے بیٹھا جائے تو بہتر ہے۔ اسکے بعد پھر ہونٹوں کو اس طرح آگے نکال دو جیسے سیٹی بجانے میں کیا جاتا ہے۔ دونوں ہونٹوں کے درمیان ذرا سا سوراخ رہنا چاہیئے۔ پھر منہ سے آہستہ آہستہ سانس کو نکال دو۔ اندر کی طرف سانس لینے میں ایک آواز سی پیدا ہوتی ہے۔ اس مشق سے خون غیر معمولی طور پر صاف ہو جاتا ہے۔ تلی کی بیماری اور پرانے بخار کے لئے یہ عمل نہایت ہی فائیدہ مند ہے۔ اگر بھوک کم لگتی ہو یا خون میں زہر دور گیا ہو تو اس عمل کے

کرنے سے شکایت دُور ہو جاوے گی۔ درد قولنج کے دفیعتہ میں یہ ایک نہایت انگیز علاج ہے۔ یہ مشق دن تین چار مرتبہ اگر دل چاہے تو اسے بھی زیادہ مرتبہ کی جا سکتی ہے۔ ایک مشق میں دس یا بارہ منٹ ...... سے ...... زیادہ وقت...... صرف...... نہ...... کرنا چاہیئے۔

پانچویں مشق

جو مشق اُوپر بیان کی گئی ہے۔ اُسکے موافق سیدھے بیٹھ کر ہونٹوں کے ذریعہ سے اندر کی طرف سانس لو۔ جس سے آواز نکلتی ہو۔ اس میں ہونٹ باہر نکالنے کی ضروری نہیں۔ ہونٹ بند کر لینا چاہیئے۔ اس قدر صرف گنجائش ہے۔ کہ سانس صرف اندر کھینچی جائے۔ اس کے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے جس قدر بھی ہو ممکن ہو سانس باہر کی طرف نکالنا چاہیئے۔ جتنے کے معدہ اور پیٹ پیٹھ سے مل جائے۔ روزانہ دو یا تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مختلف امراض کے جراثیم مرجاتے ہیں۔ اور بیماری پاس تک نہیں آسکتی۔ انسان طاقتور خوبصورت اور بشاش نظر آنے لگ جاتا ہے۔ کاہلی غنودگی اور اپاہج پن مٹ جاتا ہے۔ یہ مشقیں جو بتائی گئی ہیں۔ ان کے دوران میں اندر کی طرف سانس لیتے وقت اپنے دماغ کے اندر یہ تصور جما لینا چاہیئے کہ تم آجیات پی رہے ہو۔ تمہارے بدن میں عالمگیر طاقت زندگی ہوا کے ذریعہ سے پہنچ رہی ہے۔ اور جذب ہو کر تمام امراض جسمانی کی بیخ کنی پر مائیل ہے۔ اگر کوئی عارضہ لاحق ہو تو اس عارضیہ کے دفیعہ کا تصور کرنا چاہیئے۔ سانس کی باہر کے کشیدہ کے دوران میں خیال کرنا چاہیئے کہ جسم سے تمام مادا فاسد باہر نکل رہا ہے۔ اور اجزا کے جسم میں پہنچ جانے سے بیماری پیدا ہوگئی تھی۔ وہ قطعاً خارج ہو رہے ہیں۔

چھٹی مشق

دنیاوی ضروریات اور غسل فارغ ہو کر منہ ہاتھ دھونے کے بعد جہاں تاجہ صاف ہوا ہو۔ جہاں جوئی ذیروح آکر اس خاموشی میں خلل انداز نہ ہو سکے۔ مشرق کی طرف رک کر کے پلتھی مار کر بیٹھ جاؤ۔ یا جی چاہے تو کھڑے رہو۔ سر گردن اور جسم ایک سیدھ میں کرلو۔ اگر کھڑے ہو تو منہ تھوڑا آگے کو نکال دو اور دونوں کاندھے کچھ پیچھے کی طرف پھینک دو۔ کھڑے ہوئے کی صورت میں جسم کے کسی حصہ پر کسی قسم کا دباؤ نہ ڈالو اب پہلی مرتبہ زور سے سانس کو زور سے باہر نکال کر آہستہ آہستہ پھر نتھونوں کے ذریعے سے اندر کی طرف کشید کرو۔ جس سے پھیپھڑے بالکل بھر جائیں۔ اس کے بعد پھر آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالتے رہو اور اندر کھینچتے رہو۔ سانس باہر نکالتے وقت یہ دیکھ لو کہ پیٹ بالکل پیٹھ سے لگا گیا ہے۔ اور سانس اندر لیتے وقت ایسا معلوم ہونا چاہیئے کہ تمام جسم میں ہوا بھر رہی ہے بدن پھول رہا ہے اور مضبوط ہو رہا ہے۔ سانس لیتے وقت آہستہ آہستہ اپنے دونوں ہاتھ اُوپر اُٹھاتے جانا چاہیئے۔ جس سے آپکو مشق کا وقت معلوم ہوتا جائے۔ اس کے بعد اپنے اُٹھے ہوئے ہاتھوں کو آہستہ آہستہ

نیچے کھینچتے جانا چاہیئے۔ حتےٰ کہ وہ پاؤں کے انگوٹھوں سے چھو جائے۔ ایسا کرنے میں نہ تو زانو جھکنے پائیں اور نہ ہی سانس باہر نکلنے پائیں۔ اس طرح سے دوبارہ اپنے ہاتھ اُٹھا کر اس طرح سر کی طرف لے جائیں اور سانس آہستہ آہستہ اندر کی طرف کھینچتے جائیں اسکے بعد پھر جب اِن کو نیچے کی طرف اُتاریں تو ساتھ ساتھ پھیپھڑوں سے ہوا بھی خارج کرتے جائیں۔ جب پھیپھڑے ہوا سے بالکل بھر جائیں تو ناک سرے کی طرف ٹکٹکی جما کر دیکھیں اور اپنے دِل میں یہ خیال کو استحکام کے ساتھ داخل ہونے کی جگہ دیں۔ کہ آپ کے اندر ایک نہایت زبردست شخص مقناطیس سرایت کر رہی ہے۔ جس کی کشش کا تمام دُنیا مقابلہ نہی کر سکتی۔ اس مشق کو پرانایام کہتے ہیں۔ اس مشق کے اندر شروع شروع میں پورے عمل میں ایک منٹ سے زیادہ وقت نہ لگنا چاہیئے۔ مہینہ پندرہ دِن کرنے سے عمل کرنے میں بڑی آسانی ہو جاتی ہے۔ کم از کم نصف گھنٹہ صبح اور نصف گھنٹہ شام کے وقت یہ عمل جاری رکھنا چاہیئے۔ جتنی طاقت مشق سے بڑھتی اور عادت پڑتی جائے نہ آپکو اُسکی مدت میں اسی حساب بیسی کرنے کا بھی اختیار ہے۔ اس مشق میں باقاعدگی ہونی چاہیئے۔

پرانایام کی ساتوی مشق

دُنیاوی ضروریات و اسنان سے فارغ ہو کر صبح کے وقت ایک علیحدہ کمرہ میں بیٹھ جائیں۔ اُس وقت آپ یہ خیال دِل میں جمالیوے کہ یہ کمرہ وہ خلوت خانہ ہے۔ جہاں صرف خدا اور انسان کی ملاقات ہو سکتی ہے۔ اسکے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے ۶ مرتبہ گہری سانس باہر اور اندر کی طرف لے جائیں۔ منہ کے ذریعہ سے کبھی سانس نہ لیویں۔ دماغ کو یکسوں بنالیویں ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں۔ پھر اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ اُوپر لے جائیں۔ ایڑیاں دیوار سے لگا دیویں۔ سر ہتھیلیوں پر رہے جسم کا توازن کہنیوں سے تراش کریں۔ اس مشق کی موازلت میں ماہ تک برابر ہونی چاہیئے۔

پرانایام کی آٹھویں مشق

پرانایام کی مشق کے لئے ایک کمرے میں جا کر سب کپڑے اُتار ڈالیں جس سے جسم کی حرکت میں کسی قسم کا ہرج واقع نہ ہونا پائے۔ اسکے بعد ایک گہری سانس لیوے۔ جس سے پھیپھڑے بالکل بھر جائیں۔ پھر سینے کو پھیلاوٹ دیویں۔ اور شکم اندر کی طرف کھینچے۔ اِس کے بعد چند سکنڈ بعد سینا سکوڑ لیویں۔ پھر شکم پھیلا دیں اور سانس کو اندر قائیم رکھیں۔ سانس اس طرح اندر کے رہنے کی حالت میں آپ کو کم از کم پانچ مرتبہ علے متواتر سایہ پھیلانا اور شکم سکڑنا چاہیئے۔ ایک ایک منٹ کا وقفہ دیکر کم از کم نصف گھنٹہ روزانہ اسکی مشق جاری رکھنا چاہیئے۔ اس قسم کی اندرونی مشق سے نابھی کنوں کو بہت تقویت پہنچتی ہے۔ جو ایک زبردست مرکز مقناطیسی کشش کی ہوتی ہے۔ اس مشق میں دوسروں پر اثر کرنے اور دوسروں کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

پرانایام یعنی ضبط الفاس کی مشق

پرانایام کی اِس مشق کے دوران میں مقناطیسی کشش کی نشو نما کی خواہش مظبوطی کے ساتھ آپ کے دِل میں قائم ہونی چاہیئے۔ اس مشق میں باقاعدگی روزانہ بلاناغہ جاری رکھنی واجب ہے۔ جب نابھی کنول میں پران یعنی زندگی کی طاقت اس طرح ترقی کرنے لگتی ہے تو اس سے خیال کی لہریں کشش ہونے لگتی ہیں۔ جن کا آخر کار ماتحت باخبری کی دُنیا میں اثر ہوتا ہے۔ اس سے فوراً مطلوبہ حالت پیدا ہونے لگتی ہے اس مطلوبہ حالت میں اس طرح زیادتی تربیت کے آغاز کے ساتھ نو مہینے تک آپکی مشق کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اگر آپ راستی اعتقاد سے شوق کے ساتھ کام کرنے والے ہیں تو اس ارسہ میں بلا مزاحمت ایک زبردست مقناطیسی شخصیت پیدا ہو سکتی ہے۔ جس کی بدولت آپ تمام دُنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام کی نویں مشق

پرانایم کی یہ مشق کرنے سے جب آپکی شخصیت میں مقناطیسی کشش پیدا ہو جائے تو۔ یہ نہ سمجھ لینا چاہیے کہ یہ کمال یہیں پر ختم ہوا ہے۔ یہ محض ایک قوس کا نقشہ ہے۔ اس کا مکمل دائرہ ابھی بنا ہی نہیں ہے اس دائرے میں مخفی شخصیت کی نشو نماں کرنے کے بعد (اشفراق) کا عمل کرنا پڑتا ہے۔ اس عمل میں تقریباً ۱۵ منٹ تک راہتی اور پورن اعتقاد سے مشق کرنی چاہیئے۔ پرانایام کا اس مشق میں آپ ایک ایسے کشادہ میدان میں یا کبھی ایسے کمرہ میں چلے جائیں، جہاں آپکے بنا دوسرے کی آمدورفت نہ پائی جائے آپ اس مشق کے لئے ایک ایسی جگہ پسند کر لیوں جو شور وشعب سے دُور ہو اور سناٹے کا جہاں عالم ہو جہاں کوئی زیرج آ کر اس خاموشی میں خلل انداز نہ ہو سکے وہاں آپ پدم آسن سے بیٹھ جائیں۔ تو بہتر ہے۔ ورنہ اسی طرح بیٹھے کہ نست میں کسی قسم کی بھی تکلیف معلوم نہ ہوں اسکے بعد پرانایام کیجئے۔ اس مشق میں کم سے کم دس سانس باہر اور اندر کی طرف لینا اپنے۔ یعنی ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ باہر نکال دیویں۔ یہ ایک پرانایام ہوگا۔ اسی طرح دس پرانایام کرنا چاہیئے۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ مقدس گائتری منتر یا اوم منتر کا جاپ کرتے رہنا چاہیئے۔ یہ منتر سانس کے ساتھ ساتھ جاری رہنا چاہیئے۔ اس سے آپ کے دِل و دماغ کو سکون حاصل ہوگا۔ اسکے بعد آپ کو ہوشیاری کے ساتھ پاؤں کے بل کھڑا ہو جانا چاہیئے اور اپنے سامنے ایک آئینہ رکھ کر اُس میں اپنے عکس کے ساتھ بات چیت کرنی چاہیئے۔ جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہو کہیئے۔ خواہ وہ باتیں غیر معمولی۔ خواہ معمولی لفظ لیکن ہر جملے سے پہلے خوب غور کر لینا چاہیئے۔ اس کے بعد اس کو مظبوط مکمل اور اُو پر اعتماد لہجہ میں ادا کرنا چاہیئے۔ ہر ایک رکن لفظی کو بار بار دوہرانا اور اس کو خوب موثر دینا واجب ہے۔ اس مشق میں آپ واقعی موثر حرکات سے ایک دوسرے شخص سے ہم کلام ہو رہے ہیں۔ مقاطیسی شخصیت کی نشونماں اور اس کے قیام وقرار کیلئے یہ مشق شاندار اور مفید ہے۔

ہری بھری سبزیوں سے مختلف مرض کے اعلاج

سبزیاں انسان کی بنیادی غذا نہیں، بلکہ ان کا کام غذا کو پُر لطف اور متوازن بنانا ہے۔ انسان کی فطری خوراک سبزیاں ہیں جو جسمانی مشینری کو درست حالت میں رکھتی ہیں۔ سبزیوں میں موجودہ خصوصیات سے اگر انسان آگاہ ہو جائے تو وہ ادویات اور ڈاکٹر سے چھٹکارہ حاصل کر سکتا ہے اسی موضوع پر ہم کچھ سبزیوں کے بارے میں بتا رہے ہیں کہ کس انداز میں اور کس کس جسمانی نقص کو دور کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

کدو (گھیا)

بے حد مشہور اور پسندید سبزی ہے اس کی دو قسم ہیں۔ لمبا اور گول۔ اسے گھیا بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں نمکیات اور وٹا من اے۔ بی۔ سی موجود ہے۔

خصوصیت وعلاج : کدو دل وجگر اور دماغ کو قوت و فرحت دیتا ہے۔ بلڈ پریشر اور خون کی گرمی کو کدو ختم کرنے میں لاثانی ہے۔ پیشاب کے امراض میں بے حد مفید ہے اور اگر پیشاب جل کر آتا ہے تو یہ اسے جلد ختم کر دیتا ہے۔ کدو کے بیجوں کا تیلا نکالا جاتا ہے۔ جو سر کے بالوں کو بڑھاتا اور طاقتور بناتا ہے۔ دردِ سر دور کرتا ہے۔ سر کو ٹھنڈک دیتا ہے۔ کدو کھانے سے دائمی قبض دور ہو جاتی ہے۔ کدو کے گودے میں مصری ملا کر حاملہ عورت کو کھلانے سے خوبصورت بچہ پیدا ہوتا ہے۔ کدو کا گودہ بچھو کے ڈنک والے مقام پر ملنے اور اسکا رس مریض کو پلانے سے درد بند ہو جاتا ہے۔ اور زہر اپنا اثر نہیں کرتا۔ آنکھوں تلے اندھیرا آتا ہو اور سر چکراتا ہو تو کدو کاٹ کر اس کا ٹکڑا پیشانی پر رکھنے سے دردِ سر کو آرام آجاتا ہے۔ کدو کے چھلکے پاؤں پر ملنے سے گرم کا بخار دُور ہو جاتا ہے۔ اور پاؤں کے جلن کو بے حد آرام ملتا ہے۔

ادرک

ادرک ایک ایسی بے مثال سبزی ہے جو اپنی حیثیت میں تو کھانے کے کام نہیں آتی بلکہ اسے مختلف کھانوں میں لذیذ بنانے اور اسکی تاثیر بدلنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور یہ بہت سے امراض کا شافی علاج ہے۔ وٹامن سی اور بے شمار ضروریات بدنی کے ہمراہ اس کی تاثیر گرم خشک ہوتی ہے۔

خصوصیت وعلاج : ادرک کھانے کو ہضم کرنے میں معاون ہے۔ یہ قبض توڑتا ہے۔ نفخ کو پیٹ سے دور کرنے میں سب سے کامیاب ہے۔ معدے میں رطوبت اور بلغم کو ختم کرنے میں ادر سب سے بہتر سبزی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ جگر کو بھی طاقت دیتا ہے۔ بلغم دور کرنے کے لئے ادرک ادوا اور غذا دونوں صورتوں میں بے حد مفید ہے۔ معدہ رطوبتیں جمع ہو کر جن لوگوں کا پیٹ بڑھا دیتی ہیں۔ اور وہ موٹے ہو جاتے ہیں۔ ان کے لئے ادرک ایک بے حد مفید اور کار آمد سبزی ہے۔ ایسے لوگ ادرک ایک تولہ لیں اور اسے باریک کتر کر ارتوے پر ذرا سا پانی ڈال کر اسے بھون لیں اور جب یہ پانی خشک ہونے لگے تو چچہ بھر گھی ڈال کر اسے بھون لیں اور روٹی کے ہمراہ اسے بطور سالن کھالیں۔ یہ بے حد لذیذ غذا تیار ہو جائے گی۔ جب کہ دوا کی حیثیت میں بھی یہ بے حد فائدہ دے گی۔ اس کا اس طریقے سے مسلسل استعمال پیٹ کی رطوبتیں ختم کر دیتی ہے اور انسان کو موٹاپے سے نجات مل جاتی ہے۔ ادرک کا رس شہد ملا کر چاٹنے سے سردی کی کھانسی کو آرام ملتا ہے۔ ادرک کا مربہّ کھانے اور جائفل چوستے رہنے سے فالج کا مریض شفا حاصل کرتا ہے۔ ادرک کا پانی نکال لیں اور اسے کان میں ڈالتے رہیں۔ کان درد کے لئے بے حد مفید ہے۔ پیٹ درد کے لئے ادرک کا مربہ سبھی دواؤں سے زیادہ فائدہ مند ہے۔

پالک

پالک دنیا بھر میں پایا جانے والا ساگ ہے جو کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ یہ چھوٹے چھوٹے پتوں والی وہ مزے دار سبزی ہے جو سال بھر رہتی ہے۔ اس کے اجزاء میں نمکیات، فولاد، تانبہ اور وٹامن اے۔ بی۔ ایچ۔ سی اور پی ہیں۔ اس کا مزج سرد تر ہے۔

خاصیت وعلاج : سبھی سبزیوں سے زیادہ زود ہضم ہے اور معدہ کی جلن کو دور کرتا ہے۔ پیشاب آور سبزی ہے اور مثانہ میں اگر پتھری موجود ہو تو اسے خارج کرنے میں لاثانی ہے۔ مصفّی خون ہے۔ انتڑیوں کی سستی ختم کر کے ان میں حرکت لانے کا باعث ہے اور قبض اسی سے ختم ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ جو خشکی اور گرمی کا شکار ہوں انہیں پالک کا استعمال بکثرت کرنا مفید ہے۔ پیاس زیادہ لگنے اور پیشاب جل کر آنے کی صورت میں پالک کا استعمال یہ مرض دور کر دیتا ہے۔ دائمی قبض پالک کا کثرت سے استعمال کرنے سے مستقل ختم ہو جاتی ہے۔ زود ہضم ہے اور یہ معدہ و آنتوں کو نرم کرنے کا باعث ہے۔ بخار میں مبتلا لوگ اسے شوق سے اور بلا جھجک استعمال کریں۔ یہ بخار نزلہ۔ زکام۔ درد گردہ اور تبخیر معدہ کے لئے بے حد عمدہ غذا ہے۔ گلے کے درد کیلئے اس کے پتے ابال کر ان سے غرارے کرنا بے حد مفید ہے۔

پیاز

پیاز دنیا بھر میں مشہور عام سبزی ہے جس کے بغیر کوئی سالن پکانا ممکن نہیں۔ اور نہ ہی کوئی سالن اس کے بغیر مزے دار بنتا ہے۔ اسے مصالحہ کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اور بطور سلاد بھی اسے کھایا جاتا ہے۔ چٹنی بھی تیار کی جاتی ہے۔ اس میں نشاستہ۔ پروٹین۔ نمکیات۔ فاسفورس اور وٹامن بی وای جی اسکے اجزاء ہیں۔

خصوصیت و علاج : پیاز وہ نعمت ہے کہ جب قوم بنی اسرائیل من وسلویٰ کھاتے کھاتے اکتا گئی تو اس نے حضرت موسیٰ سے پیاز۔ مسور ار لہسن کی تمنا کی تھی۔ پہلے پہل پیاز کی اہمیت سے کیمیا دان۔ اور علم طب کے موجد آگاہ تھے۔ مگر تحقیق جب اس میں وٹامن جی بھی دریافت کی گئی تو یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ وہ مفید عالم اور کامیاب غذا ہے جس کی کچھ اپنی خصوصیات ہیں اسے اگر کچی حالت سے سبزی کے طور پر پکایا جائے تو اس میں سے کچھ کم نہیں ہو تا بلکہ اس کے حیاتین کی مقدار پکنے کے بعد بڑھ جاتی ہے۔ روم کے مشہور زمانہ حکیم پلائنی نے پیاز کے ستائیس وہ فائدے تحریر کی ہے۔ جو زندہ رہنے کے لئے سنگ میل ہیں۔ روم کا مشہور بادشاہ نیرو علم موسیقی اور گانے کا رسیا بھی تھا۔ وہ اپنی آواز کو سریلی بنانے کے لئے سال کے بارہ ماہ پیاز کا استعمال کرتا تھا۔ پاکستان کی ملکہ ترنم نور جہاں جو اپنی سریلی آواز کے لئے دنیا بھر میں لاثانی ہیں۔ اپنے ایک انٹرویو میں اپنی پسندیدہ سبزی پیاز بتلاتی ہیں اور مشہور عالم لوگوں نے بھی اپنی آواز کو سریلی بنانے کے لئے رنگ کو گورا کرنے کے لئے اور ذہن تیز کرنے کے لئے پیاز کو ذریعہ بنایا انہوں نے ٹوٹی ہوئی ہڈیاں جوڑنے میں بھی پیاز سے مدد لی ہے۔ آئرلینڈ کے لوگ اسے کھانسی، نزلہ و زکام کے لئے بطور دوا استعمال کرتے ہیں۔ مصر والے اسے دیوتا خیال کرتے ہیں۔ اور اس کی پوجا کرتے ہیں۔ زمانہ وسطیٰ کے لوگ مریضوں کے پاس جانے سے پہلے ہاتھوں میں پیاز پکڑ لیا کرتے تھے یا پیاز کا پانی ہاتھوں میں لگا لیا کرتے تھے تاکہ مریض سے چھوت یا جراثیم اثر نہ کریں۔ قدیم اطباء کا قول ہے کہ اگر بچھو یا بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی وہاں لگا دیں۔ دور دور ہو جائے گا اور زہر اپنا اثر نہ کرے گا۔ یہ بات طے شدہ ہے اگر ہاتھ میں پیاز کی گانٹھ ہو تو لو نہیں سکتی۔ کانوں کے امراض کے لئے بے حد مفید ہے اس کا عرق کانوں میں ٹپکانے سے ثقل سامعہ اور دوی وطنین کو فائدہ حاصل ہوتا ہے اور کانوں کی میل کو یہ عرق صاف کر دیتا ہے۔ پیاز کو پیس کر اس کا لیپ بالوں پر کر دینے سے بال سیاہ اُگنے شروع ہو جاتے ہیں۔ بدن پر سیاہ داغ موجود ہوں تو اس پر پیاز کا عرق لگاتے رہنے سے یہ ختم ہو جاتا ہے۔ کچا پیاز کھانے اور پیاز پاس رکھنے سے طاعون اور دوسری وبائی امراض قریب نہیں آسکتیں۔ پیاز آگ میں بھون لیں اور اس کا رس نکال کر گرم گرم پلائیں۔ پیٹ درد کو شفا حاصل ہو گی۔ ایام ہیضہ میں اگر پیاز کاٹ کر گھر میں رکھ لیں تو اس گھر میں ہیضہ کا داخلہ تک نہ ہو۔ پیاز کو آگ پر بھون لیں اور پھر اس کا چھلکا دور کر کے اسے گھی میں بریاں کریں۔ یہ گرم گرم پیاز بواسیر کے مسوں پر باندھ دیں۔ مسے ختم ہو جائیں گے اور درد فوری بند ہو جائے گا۔ نصف چھٹانک پیاز کا پانی صبح سویرے پلاتے رہنے سے گردہ و مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔ یہ پانی نہار منہ پینا شرط ہے۔ پیاز چھیل کر اسے دھو لیں اور اس پر کھانے والا نمک چھڑک لیں۔ جب شدید ہچکی آرہی ہو تو یہ مریض کو دیں ہچکی بند ہو جائے گی۔ کئی روز سے ہچکی آرہی ہو تو چند روز اسے کھانے سے ہمیشہ کے لئے ہچکی بند ہو جائے گی۔ پیاز کا رس ایک دو قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

ٹماٹر

دنیا بھر میں پھلوں اور سبزیوں میں بادشاہت تقسیم کی گئی ہے۔ سیب کو پھلوں کا بادشاہ مانا گیا ہے اور ٹماٹر کو سبزیوں کا بادشاہ تسلیم کیا گیا ہے۔ اسے سلاد کے طور کچا کھانا بے حد سود مند ہے۔ سبزیاں پکاتے وقت اسے ان سبزیوں میں شامل کر کے پکایا جاتا ہے۔ ہر چند اس سے کھانے کے لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ اس کے اجزاء میں فولاد، وٹامن اے۔ ایچ اور سی ہیں۔

خصوصیت و علاج :۔ ٹماٹر خون صاف کرتا ہے اور خشکی کو دُور کرتا ہے۔ وہم اور دہشت کو ختم کرتا ہے۔ دانتوں کے امراض میں یا دانتوں کو مضبوط بنانے اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے ٹماٹر کا استعمال بے حد ضروری اور اہم ہے۔ لاغر اور کمزور بچوں کو ہر صبح دھو کر چوسنے کے لئے ایک ٹماٹر دینا چاہئے۔ کیونکہ بچوں کی پرورش کے لئے اس میں سبھی اجزا موجود ہوتے ہیں۔ بچوں کو ٹماٹر کا جوس دیا جائے تو انہیں دانت نکالنے میں بے حد آسانی ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ان کا معدہ بھی درست کام کرتا رہتا ہے۔ حاملہ خواتین ہر صبح ایک ٹماٹر چوس لیں یا اس کا رس نکال کر پی لیں ان کا معدہ درست کام کرتا رہے گا۔ اور قے متلی کی شکایت نہیں ہو گی۔ ہر دوپہر کھانے کے بعد مولی۔ چقندر۔ سلاد اور ٹماٹر کا استعمال ضرور کریں۔ اس طرح آپ ہمیشہ صحت مند رہیں گے اور آپ کا ہاضمہ درست رہے گا۔ جب کچا ٹماٹر کھایا جائے تو کچھ دیر پانی ہر گز نہ پینا چاہئے کیونکہ پانی پئے بغیر ٹماٹر میں موجود تیزابی معدے جو آپ کے لئے فائدہ بخش ہیں۔ معدے میں بخوبی اپنا کام سر انجام دیں گے۔

احتیاط : ٹماٹر بادی اور بلغم پیدا کرنے کا موجب ہوتا ہے ٹماٹر زکام پیدا کرتا ہے۔ تپ دق کے مریضوں کے لئے ٹماٹر مفید سبزی نہیں۔ ہے۔ جو سینے و گلے کے مرض میں مبتلا ہیں وہ ٹماٹر استعمال نہ کریں۔

کریلا

کریلا ایک مشہور سبزی ہے جو کھانے کے ساتھ ساتھ محاورے میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ ”کریلا اور نیم چڑھا“ تلخ مزاج لوگوں کے لئے یہ مثال عام ہے۔ پکانے سے پہلے اسے نمک لگا کر کاٹ کر دھوپ میں ذرا دیر کھنے کے بعد ہولیں اور پھر پکائیں کڑواہٹ کم ہو جائے گی۔ کریلے میں فولاد۔ کیلشیم، فاسفورس۔ پروٹین اور وٹامن بی و سی اس کے اجزا ہیں۔

خصوصیت وعلاج :۔ درد کو نفع دیتا ہے اور اعصاب کو طاقتور بناتا ہے۔ جوڑوں کے لئے درد اور گنٹھیا کو نفع دیتا ہے۔ بلغم کو ختم کر دیتا ہے اور اسے کھانے سے پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ باہ کو طاقت دیتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرنے میں لاثانی ہے۔ کریلے کا استعمال لقوہ اور فالج میں بے حد مفید ہے۔ کریلا جسم سے گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ کر پیشاب سے خارج کر دیتا ہے۔ دمہ کے مریضوں کے لئے کریلا بے حد فائدہ بخش سبزی اور دوا ہے۔ تین ماشہ کریلے کا پانی ذیابطیس (شوگر) کے مریضوں کو پلانے سے مرض ختم ہو جاتا ہے۔ کریلے کا رس نمک نچوڑ کر ہیضہ کے مریض کو پلانے سے قے اور دست بند ہو جاتے ہیں۔ خونی وبادی بواسیر میں کریلا بے حد مفید ہے۔ نقرس اور جوڑوں کے درد والے اصحاب کریلا بھون کر گھی ملا کر کھائیں شفا ہو گی۔ بچوں کے ہر مرض میں اس کے پتوں کو نچوڑ کر ان کا رس پلانے سے مرض قریب نہیں رہتا ہے۔ معدے سے ریح خارج کرنے میں کریلا لاجواب ہے۔ ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔

لہسن

لہسن وہ مشہور زمانہ سبزی ہے جسے سبز اور خشک دونوں حالتوں میں سال بھر استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے ہر سبزی میں اور سالن میں فائدہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے مسالہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں نمکیات۔ فولاد، تانبہ اور وٹامن اے۔ ایچ۔ سی وغیرہ اس میں شامل ہیں۔ اس کی گرمی بے حد اثر دکھاتی ہے اور اس کا مزاج گرم خشک ہے۔

خصوصیت و علاج :۔ لہسن ملین ہے۔ یہ معدے کی رطوبتوں کو خشک کرتا ہے۔ لہسن کا پانی لگانے سے سر کی جوئیں ہلاک ہو جاتی ہیں۔ ریشہ اور لقوہ والے مریض لہسن کا زیادہ استعمال کریں تو اس مرض سے نجات پا سکتے ہیں۔ یہ سرد مقام والوں کے لئے بے حد مفید ہے۔ پاؤ گولہ۔ ورم اعضاء۔ دمہ۔ کھانسی اور بواسیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ جراثیم اور کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے۔ بچھو اگر ڈنک مارے تو اسے کھانے سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ لہسن کھانے سے بلڈ پریشر کے مریض کو فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اسے کھانے سے آواز صاف ہو جاتی ہے اور گلا صاف ہو جاتا ہے۔ رعشہ۔ لقوہ اور امراض گنٹھیا کے لئے یہ بے حد مفید ہے۔ وہ عورت جس کا حیض بند ہو اسے خوراک کے طور پر لہسن استعمال کرائیں تو حیض کھل جاتا ہے۔ جسم میں گرمی پیدا کرنے کے لئے اسے سردی کے موسم میں استعمال کرنا بہت بہتر ہے۔ پھوڑے پھنسیوں پر لہسن کوٹ کر لیپ کر دینے سے پھوڑے پھنسیوں کو آرام آجاتا ہے۔ ہمارے ہاں یہ دیسی علاج دیہات میں بالخصوص عام ہے یہاں دودھ میں لہسن کا رس ملا کر تپ دِق کے مریضوں کو دیا جاتا ہے۔ دودھ بھینس کا ہونا چاہئے۔

لہسن چھیل کر مغز الگ کر لیں۔ پہلے روز ایک مغز کھائیں۔ دوسرے روز دو مغز کھائیں اور پھر چالیس روز تک ہر روز ایک مغز بڑھاتے رہیں اور چالیس مغز تک لے جائیں اور کے بعد پھر گھٹانا شروع کر دیں اور ایک تک لے جائیں۔ اس اسی روزہ علاج تک فالج۔ گنٹھیا۔ لقوہ و ریح جیسے خوفناک امراض کو شفا ملتی ہے۔ دانت درد کے وقت دانت کی پوتھی کو چھیل کر دانت کے سوراخ میں بھر دیں۔ دانت درد یکدم بند ہو جائے گا اور دانت کا کیڑا مر جائے گا۔ کان میں لہسن کا رس نکال کر قدر گرم کریں اور اس کے چند قطرے کان میں ڈال دیں۔ کان میں سخت سے سخت درد کو شفا نصیب ہو گی اور کان میں موجود پھنسی ختم ہو جائے گی۔

مولی Radish

مولی وہ پسندیدہ سبزی ہے جسے سبھی لوگ ذوق و شوق سے کھاتے ہیں۔ یہ جڑ والی وہ مشہور عام سبزی ہے جو بے شمار عوارض کا شافی علاج ہے۔ اس میں فاسفورس۔ کیلشیم اور وٹامن سی کے علاوہ اس میں فولاد کی خاصی مقدار ہوتی ہے۔ اس کا مزاج گرم تر ہے۔

خصوصیت وعلاج :۔ پتھری کی صورت میں گردہ و مثانہ سے ریت آنے کی حالت میں مولی کا استعمال بے حد مفید اور زود اثر ہوتا ہے اور اگر ان امراض والے اسے مسلسل استعمال کریں تو ان کے جسم سے ریزہ ریزہ ہو کر پتھری خارج ہو جاتی ہے۔ یہ خود دیر ہضم ہے مگر دوسری غذاؤں کو ہضم کرنے میں سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ بواسیر کے مریضوں کے لئے مولی کا رس اور مولی کے پتے بے حد مفید ہیں۔ اگر لوگ اسے بطور سلاد استعمال کریں تو اسے کھانے سے مسوں کی جلن و خارش کم ہو جاتی ہے۔ مولی کھانے سے تلی اور جگر کے امراض ختم ہو جایا کرتے ہیں۔ بند پیشاب مولی کھاتے رہنے سے کھل جاتا ہے۔ پیشاب کا رک رک کر آنا۔ جل کر آنا۔ کم آنا۔ یا قطرہ قطرہ آنا یہ سب شکایات مولی ختم کر دیتی ہے۔

قابل یاد رکھنے کے مفید عالم ٹوٹکے

☆ بکری کے دودھ میں ادرک کا رس ملا کر پینا متلی کے لئے مفید ہوتا ہے۔ ☆ قوت ہاظمہ خراب ہو جائے تو ادرک کا چاٹنا مفید ہوتا ہے۔
☆ عورت کو بوقت تولید تکلیف ہو تو زعفران ایک تولہ ہاتھ میں رکھنے سے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔ ☆ گدھی کے سم کی دھونی حاملہ کو دی جائے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔ ☆ روغن زیتون اور لیموں کا رس برابر وزن ملا کر چہرہ پر لگایا جائے تو چہرہ نہایت صاف اور ملائم ہو جاتا ہے۔

☆ پان کھانے میں چونا سے منہ جل جائے تو سرسوں کا تیل اوپر ملنا جلن کو دور کر دیتا ہے۔ ☆ ہاتھی دانت کی خالص چوڑیاں بچہ کے دونوں ہاتھوں میں ڈال دینے سے بچہ نہایت آسانی کے ساتھ دانت نکال لیتا ہے۔
☆ لیموں کا رس صاف پانی میں ملا کر بالوں کو دھویا جائے تو بال نہایت ملائم اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔ ☆ پیشاب بند ہو تو زعفران کی ایک تار آلہ تناسل کے منہ میں رکھنے سے فوراً پیشاب آ جاتا ہے۔ ☆ صندل سفید اور کافور ملا کر لگانے سے درد شقیقہ کو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

☆ لیموں کی شکنجبین یا ملائی دار دہی کی لسی پینے سے پیاس کم ہو جاتی ہے۔ ☆ کافور یا سرکہ کھانے سے شراب کا خمار بالکل اتر جاتا ہے۔ ☆ نیم کے پتے گھی میں جلا کر زخم پر لگائی جائیں زخم کو بیحد فائدہ ہوتا ہے۔ چونا اور سیاہی ملا کر زخم پر لگائی جائے تو زخم کو بیحد فائدہ پہنچتا ہے۔ ☆ عطر گلاب گرم کر کے کان میں ڈالنے سے کان کا درد دور ہو جاتا ہے۔ ☆ گلے میں درد ہو تو سرد پانی میں نمک اور کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر غرغرے کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ حلوہ کدو کا چھلکہ شالی چاول کے ساتھ جوش دیکر دودھ کے ہمراہ کھانے سے شیر خوارہ والدہ کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔ بدن کسی جگہ سے کچل جائے تو اوپر مکھن دینے سے درد دور ہو جاتا ہے۔

☆ مسوڑھے نازک ہوں اور خون نکلتا ہو تو گرم پانی سڑاین ملا کر کلیاں کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ پیاز کو نمک میں دبا کر مسہ پر مالش کریں تو مسہ جاتا رہتا ہے۔ ☆ مچھر کاٹنے کی جگہ پر صابن کے ٹکڑے کو ذرا سا پانی میں تر کر کے ملا جائے تو خارش بند ہو جاتی ہے۔ ☆ پیاز کو گائے کے گھی میں جلا کر نیمگرم بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔ ☆ مولی کے سبز پتے ایک تولہ آدھ سیر ٹھنڈے پانی میں گھوٹ کر پیئے جائیں شراب کا نشہ اتر جاتا ہے۔

☆ مولی اور دہی ایک ساتھ کھانے سے قولنج کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔
☆ مچھلی یا دودھ یا رس نیشکر یا شہد سے بدام پرجس اور قولنج کا خوف ہوتا ہے۔ ☆ یضون اور سونٹھ پیس کر نمک ملا کر پیشانی پر لگا دیں تو درد سر کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ کالی مشرح گھی ملا کر کھانا۔ ترپھلا کے پان چننے۔ ضعف بصارت کیلئے مفید علاج ہے۔ ☆ عرقی لیموں میں زرد کوڑی کی راکھ ملا کر کان میں ڈالیں یا میٹھے تیل میں ہنس جلا کر کان میں ٹپکا دیں تو کان درد بند ہو جاتا ہے۔

☆ پھٹکری اور نیلا تھوتا ملا کر رال نیچے کو ٹپکایا جائے تو منہ میں چھالوں کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ چونا کا پانی اور دودھ ملا کر پیا جائے تو قے اور بدہضمی کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ شد کی جڑ کی چھال اور مشرح ساہ ادرک کے رس میں گولی باندھ کر استعمال کریں تو ہیضہ کی مرض کو دور کرتا ہے۔ ☆ ترپھلا پھانک کر اوپر سے دودھ پی لیا جائے تو قبض دور ہو جائے۔ ☆ بھیڑ کا دودھ لاف میں بھرنا مرض اسہال کے لئے بہترین علاج ہے۔ پھٹکری کا پلاس لیکر سر میں پانی ڈالنی نکسیر کو بند کرتا ہے۔

☆ کنگھی بار بار کرنے سے یا سر میں دہی ڈال کر نہانے سے درد سر کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ عقرقرحا اور قافور ملنے سے دانت کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔ ☆ سکنجبی میں عرق گلاب ڈال کر پینے سے یا پتاشہ میں جوہر پودینہ رکھ کر کھانے سے پیٹ کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔ ☆ مقام درج پر چوکر اور نمک لاہوری کی ٹکور کرنے سے درد شکم کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ ہیلہ جورات کو پانی یا گرم دودھ سے کھالیں تو بلا تکلیف قبض رفا ہو جاتا ہے۔

☆ جن لوگوں کا مزاج گرم خشک ہو انکو گرم دودھ میں روغن بادام یا روغن گئو ڈال کر پلانے سے قبض رفا ہو جاتا ہے۔ ☆ ہچکی، سانس لمبی بھر کر ایک دو منٹ تک دم بند رکھنے یا ٹھنڈہ پانی گھونٹ گھونٹ پینے یا کسی دوسری طرف مشغول اور متوجہ ہو جانے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ ☆ مردہ سنگھ چھ ماسہ سہاگا ایک تولہ، کاغزی لیموں کا ۲/۱ تولہ روغن چینی تین تولہ سب کو ملا کر جسم پر مالش کریں۔ خشک کھجلی دور ہو جاتی ہے۔ ☆ گوند یا مٹھی چھیل کر منہ میں رکھنے یا رب السوس کا ٹکڑا رکھنے سے کھانسی جاتی رہتی ہے۔ ☆ مونگ یا سنترے کا چھلکہ منہ میں چبانے سے پیاز کی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

☆ ابلا ہوا چاک جو تمام انگریزی دوا فروشوں سے مل سکتا ہے اور تھوڑا عقرقرحا اور کافور ملا کر دانتوں ملا کر دانتوں پر ملا جاوے تو دانتوں کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔ ☆ کوئیلہ میں ذرا سا نمک ملا کر دانتوں پر ملا جائے تو دانتوں کی تکلیف جاتی رہتی ہے۔ ☆ عرق۔ ے۔ گلاب خالص ایک ایک بوند میں آنکھ میں ڈالنا یا آنکھوں کو سرد پانی سے دھوتے رہنا لال مرچ کم کھانا آنکھوں کی حفاظت کے لئے اچھا اور بہترین علاج ہے۔ ☆ پیاز کو گائے کے گھی میں

جلا کر نیم گرم بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔

☆ مولی کے سبز پتے ایک تولہ آدھا سیر ٹھنڈے پانی میں گھوٹ کر تین تولہ مسری ملا کر پلانے سے شراب کا نشہ اُتر جاتا ہے۔

☆ ہفتہ میں ایک دن مکمل فاقہ کرنے سے صحت ہمیشہ عمدہ رہتی ہے۔

☆ تمباکو نوشی آنکھوں کے لئے مضر ناک کیلئے نفرت خیز و دماغ کے لئے نقصان رساں اور پھیپھڑوں کے لئے خطرناک ہے۔ ☆ کپڑوں پر گرم استری پھیرنے سے بیماریوں کے جراثیم مر جاتے ہیں۔ ☆ حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں کے دانت خراب ہو تو بچے کی صحت ضرور خراب ہو جاتی ہے۔ ☆ پانی کھانوں والوں کو نمک اور سرسوں کا تیل ملا کر دانتوں پر ملنا فائیدہ مند ہے۔

☆ آک کی روئی زخم پر رکھنے سے خون بند ہو جاتا ہے۔ ☆ مٹی کے تیل کے دو، تین قطرے بھوری شکر میں ملا کر پسے جاوے تو سمندری بیماری سے ایک ہفیہ والے مریض کے پاس تمبا کو مفید ہے۔ ☆ پیروں کے دونوں انگوٹھے سخت باندھ دینے سے یا مریض کے دونوں بازوؤں اور دونوں ران باندھ دینے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔ ☆ جوڑوں کا درد خواہ کیسا ہی ہو گیدڑ کی چربی جوڑوں پر ملا کرنے سے دور ہو جاتا ہے۔ ☆ اوری کا سالن جس میں پیاز اور دھنیا ڈالا گیا ہو چالیس روز کھانے سے سل کی بیماری دور ہو جاتی ہے۔

☆ دو رتی پھٹکڑی پانی میں گھول کر بجار کے وقت سے پہلے پلاوے تو بجار اور چوتھیا بخار رک جاتا ہے۔ پہلی دوسری مرتبہ بالکل نہیں ہوتا۔ ☆ سونف کا عرق یا لیموں کا رس پینے سے بدہضمی دور ہو جاتی ہے۔ ☆ کوراگنڈل کے گودے میں ذراسی داد ہلد پسی ہوئی چھڑک کر نیمگرم کر کے باندھنے سے ہر قسم کا درد دُور ہو جاتا ہے۔ ☆ رسولی پر پپیتا رگڑ کر لگانے سے رسولی دور ہو جاتی ہے۔ ☆ پاؤ بھر تیل میں ایک تولا کاربا کسائیڈ ملانے سے کاربک تیل بن جاتا ہے۔ یہ زخموں کے نہائیت مفید چیز ہے۔

☆ مسوڑوں کا درد آیوڈین لگانے سے بند ہو جاتا ہے۔ ☆ چھلیاں کی گانٹھ سر پر باندھ دو درد سر کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ پیٹھ کنڈا کی جڑ جس شخص کو بچھو کھائے اُس کو کھلا دو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ سونٹھ کی گانٹھ اگر بجار والے کے گلے میں ڈالا جاوے اُسکو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ سرگین فیل اور سانپ کی کچلی ملا کر سرمہ میں حل کر کے پڑوال کی آنکھ میں لگایا جاوے تو پڑوال دُور ہو جاتے ہیں۔ ریچھ کا خون سلائی سے آنکھ میں لگانے سے پڑوال دُور ہو جاتے ہیں۔ ☆ ہاتھی دانت کی خاک اور رسوت ہم وزن لیکر بکری کے دُودھ میں گھول کر کے بالوں پر لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

☆ خچر کے سم روغن السی میں ملا کر اس کو جوش دیکر اس تیل کو سر سے گنجے پر لگاؤ تو گنج کو آرام ہوتا ہے۔ ☆ گدھے کا دانت رگڑ کر متواتر چالیس روز آنکھ میں ڈالنے سے آنکھ میں کوئی داغ چھٹا وغیرہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔

☆ **کان کے درج کا علاج۔** گلسرین میں تھوڑا افیوں کا ست یا افیون شامل کر کے کان میں ڈال دیں اور ذراسی روئی آگے رکھ دے تو کان کے درد کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ **کھانسی کا مجرب علاج۔** مغز کدو تین ماشہ مغز بہم جلبار دو ماشہ جافران ایک ماشہ گوند تین ماشہ نشاستہ تین ماشہ کیشر ۱۳ ماشہ مغز بادام شرین مقشہ ۴ ماشہ رب السوس ۴ ماشہ منقی ۴ ماشہ خشخش سفید ۴ ماشہ شکر سفید ۷ ماشہ کوٹ چھان کر معاب بیدانہ کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی منہ میں ڈاکر چوستے رہیں خانسی فوراً بند ہو جائے گی۔ گوکھر دمفرح سیاہ ہموزن برابر پیش کر دو چاول تپاسہ میں ڈالکر استعمال کرنا کھانسی کے لئے بہترین علاج ہے۔

☆ ست لیموں اتولہ فلفل سیاہ ۴ تولہ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ ہڑتال ورقیہ ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر سکنجبین کے ہمراہ دانہ سور کے برابر گولیاں باندھیں اور ترکیب بالا کام میں ملا دیں۔ ☆ سرخ مفرح کے بیج سالم پانچ عدد کے کر بقدر مناسب موم سفید میں چھپا کر مریض کو نگلوا دیں۔ خدا چاہے دست اور کے سب موقوف ہو جائیں گے۔ ☆ ست لیموں نمک سونچل کالی مفرح ہر ایک ایک تولہ آک کے پھول ۲ تولہ آک کی جڑ ۲ تولہ مثل سرمہ باریک کر کے سکنجبی کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنا کر بطریق بالا کام میں الویں بہت اکسیر ہے۔ ☆ زبان کی قوت ذائقہ زائل ہو جاوے تو ادرک چائیں۔ ☆ سینگ بریان شہد میں ملا کر رات کو چاٹنا نیند لاتا ہے۔

☆ سفوف پیلا موم وقند سیاہ ملا کر کھانا نیند لاتا ہے۔ ☆ جو کی راکھ میٹھے تیل میں ملا کر جلی ہوئی جگہ پر لگانا مفید ہے۔ ☆ برگ لیموں کا عرق ملنے سے بغل کی بدبو جاتی رہتی ہے۔ ☆ پوست سرسوں کو ہمراہ گھی ایک صد دفعہ دھو کر ملا کر پھوڑے پر لگانا مفید ہے۔

☆ مٹی کے تیل کی مالش بچھو کے کاٹنے کی زہر زائل ہو جاتی ہے۔

☆ ایک گٹھلی ہنس شیر گاؤ میں مل کر کے مارگزیدہ کو پلانا نصف گھنٹہ میں قطعی آرام کرتا ہے۔ ☆ انب کی گٹھلی کا مغز پانیمیں پیس کر مار گزیدہ کو پلانا زہر کو زائل کرتا ہے۔ اُس کو فوراً پلایا جاوے پاخنہ آجائے گا۔ زہر اور ترنے کے بعد مریض کو اسکا ذائقہ میٹھا ہوگا۔ اگر ایک دفعہ سے آرام نہ ہو تو دو تین دفعہ دیویں مگر مارگزیدہ کو پہلی شب سونے نہ دیا جاوے۔ پارچہ کا بند لگانا یعنی اُس جگہ باندھنا بھی مفید ہے۔ ☆ شہد خالص آنکھوں خوب بھر کر لگانے سے ضعف بصارت دور چشم کو مفید ہے اور ہر روز اس کا استعمال تمام جلدی امراض کو مفید ہے۔ ☆ عورت کے دُودھ میں قدرے افیون ملا کر کان ڈالنا درد گوش کو از حد مفید ہے۔

یہ سبھی ٹوٹکے کتاب "سنیاسی ٹوٹکے" سے لئے گئے ہیں۔

مفید اور کار آمد نقش

من چاہا میٹھا پھل پانے والوں کیلئے

بیوی اور خاوند کی سازداری کے واسطے ایک نقش شوہر کو اور دوسرا بیوی کو اپنے بازو پر باندھنا چاہیے نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۱۳	۲	۹	۶
۱۰	۱۵	۳	۱۵

نقش برائے فراخی رزق

اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے ہاتھ میں پہنے۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۴	۵	۴	۱۵

نشق سورہ نور

افلاس دور کرنے کیلئے مجرب ہے۔

۱۶۱۴	۱۶۱۷	۱۶۲۰	۱۶۰۶
۱۶۱۹	۱۶۰۷	۱۶۱۳	۱۶۱۸
۱۶۰۸	۱۶۲۲	۱۶۱۵	۱۶۱۲
۱۶۱۶	۱۶۱۱	۱۶۰۹	۱۶۶۱

نقش سُورہ قُل ھواللہ برائے حُب

نقش سورہ قُل ھو اللہ لکھ کر درخت میں لٹکا دے جب ہوا سے ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہوگا۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۵۸	۲۴۵	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۲	۲۵۷

مُراد پوری ہو

اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے جس کام کے واسطے ارادہ کریگا انشاءاللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

۳۸	۴۲	۴۵	۳۱
۴۴	۳۲	۳۷	۴۳
۳۳	۴۸	۰	۳۶
۴۱	۳۵	۳۴	۴۶

نقش سورہ اعلیٰ

نقش سورہ اعلیٰ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے امن و امان میں رہے۔

۴۴۲۵	۴۴۲۸	۴۴۳۲	۴۴۱۸
۴۴۳۱	۴۴۱۹	۴۴۲۴	۴۴۲۹
۴۴۲۰	۴۴۳۴	۴۴۳۶	۴۴۲۳
۴۷۲۷	۴۴۲۲	۴۴۲۱	۴۴۳۳

نقش سورہ طور

سورہ طور کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تنگی دور اور فراخ معاش ضرور ہو۔

۳۱۱۳	۳۱۱۵	۳۱۱۸	۳۱۰۵
۳۱۱۷	۳۱۰۶	۳۱۱۰	۳۱۱۶
۳۱۰۷	۳۱۴۰	۳۱۱۳	۳۱۱۰
۳۱۱۴	۳۱۰۹	۳۱۰۸	۳۱۱۹

غیب سے رزق پانے کیلئے

جوکوئی شخص سورہ نظر کو اپنے پاس لکھ کر رہے رزق غیب سے پائے بلائے فاقہ کشی دور ہو۔ نقش یہ ہے۔

۲۰۱۸	۲۰۲۱	۲۰۱۴	۲۰۱۱
۲۰۲۳	۲۰۱۲	۱۷۱۷	۲۰۲۲
۲۰۱۳	۲۰۲۶	۲۰۹۰	۲۰۱۶
۲۰۳۰	۲۰۱۵	۲۰۱۴	۲۰۴۰

نقش برائے فراخی رزق

بریت حصول غنا اس نقش کو ہر روز چار مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے ایک چلے تک یہ عمل کرے۔

۵۵۹۱	۵۵۹۳	۵۵۹۷	۵۵۸۴
۵۵۹۶	۵۵۸۵	۵۵۹۰	۵۵۹۵
۵۵۸۶	۵۵۹۹	۵۵۹۲	۵۵۸۹
۵۵۹۳	۵۵۸۸	۵۵۸۷	۵۵۹۸

دشمن کی زبان بندی کیلئے

اس نقش کو لکھکر موم جامہ میں بند کر کے جس مٹکے میں پانی بھرا ہو اس میں نیچے رکھ دے۔

۷۸۶

۱۷	۲۱	۲۴	۲۰
۳۲	۱۱	۱۶	۲۲
۱۲	۰	۱۹	۱ع
۲۸	۱۴	۱۴	۲ع

بھوت پریت بھاگ جائے

اس نقش کو مولی کے عرق سے لکھکر آسیب زدہ کو دھونی دے، بھوت پریت بھاگ جائے گا۔

۷۸۶

۷۴	۸۱	۲	۸
۷	۳	۷۸	۷۷
۸۰	۷۵	۹	۱
۴	۶	۷۶	۷۹

عزت نصیب ہو

اس نقش کو بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھے جہاں جائے عزت حاصل ہو۔

۲۴	۵۱	۲	۷
۶	۳	۴۸	۴۷
۵۰	۴۵	۸	۱
۴۳	۴	۴۶	۴۹

مفید اور کار آمد نقش

امساک کے لئے

یہ تعویز کمر میں باندھے انزال دیر سے ہوگا۔

۵	۲	۴	۲
۶	۶	۵	۹
۸	۵	۲	۴
۴	۱	۱	۵

حاکم مہربان ہو، معشوق بیقرار ہو

